# بارہ تقریریں

مُصنِّف

علامہ مولانا محمد شریف

صاحب علیہ الرحمہ نوری

محرم الحرام

صفر المظفر

ربیع الاول

ربیع الثانی

جمادی الاولیٰ

جمادی الاخریٰ

رجب المرجب

شعبان المعظم

رمضان المبارک

شوال المکرم

ذیقعدہ

ذی الحجہ

فاروقیہ بکڈپو ۴۲۲ مٹیا محل، جامع مسجد دہلی ۶

Scanned by CamScanner

# خوش خبری خوش خبری

علماء اہلسنت والجماعت کی لکھی ہوئی تمام کتابوں کو عوام اہلسنت تک پہونچانے کے لئے برکاتی مشن نیپال کی جانب سے ایک بہت ہی شاندارلائبریری تشکیل دی گئی ہے بنام البرکات لائبریری جس میں آپ علماء اہلسنت کی لکھی ہوئی تمام کتابیں ہر موضوع پر کسی بھی وقت حاصل کر سکتے ہیں ، کتابیں حاصل کرنے کے لئے البرکات لائبریری جوائن کریں اور گھر بیٹھے اپنی ضرورت کی کتابیں مفت حاصل کریں اوراراکین برکاتی مشن نیپال کواپنی دعاؤں میں یاد رکھیں

جوائن کرنےکے لیے اس نمبرپررابطہ کریں

+97477981556+97431418731

شکریہ جزاکم اللہ خیرا فی الدارین

طالب دعا غلام مرتضی رضوی برکاتی

پیش کش برکاتی مشن نیپال جنکپور دھام نیپال

बरकाती मिशन नेपाल

برکاتی

برکاتی

BARKATI MISSION NEPAL

برکاتی مشن نیپال

جملہ حقوق محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | بارہ تقریریں |
| مؤلف | : | علامہ مولانا محمد شریف صاحب علیہ الرحمۃ |
| کمپوزنگ | : | محمد ثاقب رضا برکاتی 9711224193 |
| پروف ریڈنگ | : | محمد ہارون رشید اشرفی |
| تعداد | : | ایک ہزار |
| قیمت | : | 90/- |
| ناشر | : | فاروقیہ بکڈپو 422 مٹیا محل، جامع مسجد دہلی۔٦ |


Scanned by CamScanner

# فہرست

اردو کتاب گھر


| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| خطبات | ۹ |
| ماہ محرم کی تقریر | ۱۷ |
| نکتہ | ۱۹ |
| ایک شبہ اور اس کا جواب | ۲۱ |
| جنت میں لذّت نہیں | ۲۲ |
| شہادت عظمیٰ | ۲۲ |
| سواری کتنی اچھی ہے | ۲۳ |
| امام حسین کے منہ میں حضور نے لعاب دہن ڈالا | ۲۳ |
| تربیت حسین رضی اللہ عنہ | ۲۴ |
| ایک غلام کا وقعہ | ۲۴ |
| علامہ اقبال کا خراج عقیدت | ۲۵ |
| شہادت کی خبر | ۲۵ |
| مدینہ طیبہ سے جدائی | ۲۶ |
| کوفہ والوں کی دعوت | ۲۷ |
| امام مسلم روانگی | ۲۷ |
| خون کی پہلی لکیر | ۲۹ |
| امام مسلم کے معصول بچے | ۳۰ |
| امام عالی مقام کی مکہ سے روانگی | ۳۳ |
| امام مسلم کی اٹھارہ سالہ بیٹی | ۳۴ |
| پہلی تقریر | ۳۵ |
| ابن سعد سے ملاقات | ۳۶ |
| ابن زیاد کا آرڈر | ۳۶ |
| تین باتیں | ۳۶ |
| ایک غلط فہمی اور اس کا ازالہ | ۳۷ |
| نہر فرات پر پہرہ | ۳۷ |
| عاشورہ کی رات | ۳۷ |
| ساتھیوں کا جواب | ۳۸ |
| حضور کی آمد | ۳۹ |
| حضرت زینب کو وصیت | ۳۹ |
| خونی صبح | ۴۰ |
| لشکر اسلام کے نام | ۴۰ |
| کربلا میں امام حسین رضی اللہ عنہ کی کرامتیں | ۴۳ |
| پہلی کرامت | ۴۳ |
| دوسری کرامت | ۴۳ |
| تیسری کرامت | ۴۴ |
| حضرت حر کی جاں نثاری | ۴۴ |
| ایک نوجوان کا واقعہ | ۴۵ |
| علی اکبر کی شہادت | ۴۹ |
| علی اصغر کی شہادت | ۵۰ |
| امام حسین میدان کارزار میں | ۵۱ |
| صغری کا خط | ۵۲ |
| خط کا جواب | ۵۲ |
| واقعۂ خضر و موسیٰ علیہما السلام | ۵۳ |
| آخری خطبہ | ۵۳ |
| آسمان سرخ ہوگیا | ۵۷ |
| کوفیوں کا جشن | ۵۸ |


Scanned by CamScanner

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| کوفہ کو واپسی | ۵۸ |
| مٹی خون بن گئی | ۵۹ |
| ایک راہب | ۶۰ |
| لشکر کوفہ پہنچ گیا | ۶۱ |
| خولی بن یزید کی بیوی | ۶۱ |
| ابن زیاد کا دربار | ۶۲ |
| سر اقدس کوچہ کے بازاروں میں | ۶۲ |
| دمشق کو روانگی | ۶۳ |
| واقعۂ شیریں | ۶۳ |
| یزید پریشان ہوگیا | ۶۴ |
| یزید کا دربار | ۶۴ |
| جامع مسجد دمشق | ۶۶ |
| مدینہ کو واپسی | ۶۷ |
| مدینۃ الرسول | ۶۸ |
| روضۂ رسول پر حاضری | ۶۸ |
| کربلا کا انتقام | ۶۸ |
| **ماہ صفر کی تقریر** | ۷۰ |
| سترہ باتیں | ۷۵ |
| تفصیل | ۷۵ |
| شہنشاہ جیلان اور ایک غوث | ۷۶ |
| سلطان الہند علیہ الرحمۃ کا اعتراف | ۷۸ |
| سبق، عالم اور ولی فیض حاصل کرنا | ۷۹ |
| امام ابوحنیفہ کی قبر اور امام شافعی علیہ الرحمۃ | ۸۰ |
| امام ابوحنیفہ کی قبر اور خضر علیہ السلام | ۸۰ |
| داتا صاحب علیہ الرحمۃ کے مزار شریف پر حاضری | ۸۰ |
| ایک لطیفہ | ۸ |
| حکایت | ۸۱ |
| حکایت | ۸۲ |
| حدیث شریف | ۸۵ |
| علم اور ولایت | ۸۵ |
| ایک واقعہ | ۸۶ |
| امام حسن بصری علیہ الرحمۃ | ۸۶ |
| حدیث شریف | ۸۶ |
| خواجہ شہاب الدین سہروردی کا ارشاد | ۸۷ |
| ایک مذموم تحریک | ۸۷ |
| شہنشاہ بغداد کا ارشاد | ۸۸ |
| آصف بن برخیا | ۸۸ |
| حرف آخر | ۸۸ |
| مرتبۂ علم | ۸۹ |
| مرتبۂ ولایت کی مخالفت | ۸۹ |
| جانور کا مقدمہ | ۸۹ |
| باطنی نظام | ۹۰ |
| شاہ بوعلی قلندر علیہ الرحمۃ | ۹۲ |
| نسبت مجازی | ۹۲ |
| اولیاء کا پانی پر تصرف | ۹۳ |
| فاروق اعظم اور نیل | ۹۴ |
| دریائے دجلہ | ۹۴ |
| نگاہ ولایت | ۹۶ |
| تشریعی اور تکوینی ولی | ۹۶ |
| غوث بہاء الحق زکریا ملتانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۹۶ |
| حضرت موسیٰ آہن گر علیہ الرحمۃ | ۹۷ |
| حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ | ۹۸ |


Scanned by CamScanner

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| قضائے مبرم | ۹۸ |
| ایک ہرک کا واقعہ | ۹۸ |
| میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۹۹ |
| حضرت میاں شیر محمد صاحب شرقپوری | ۱۰۰ |
| ایمان مقدم | ۱۰۰ |
| حضرت بلال رضی اللہ عنہ | ۱۰۰ |
| علم ولی | ۱۰۱ |
| حضرت عبدالعزیز دباغ مغربی | ۱۰۱ |
| بلال ہنستے رہے | ۱۰۱ |
| حضرت خباب رضی اللہ عنہ | ۱۰۱ |
| بعض اولیاء | ۱۰۲ |
| بابا بلھے شاہ علیہ الرحمۃ | ۱۰۲ |
| ایک فقیر کا واقعہ | ۱۰۳ |
| **ماہ ربیع الاول کی تقریر** | |
| حب محمد صلی اللہ علیہ وسلم | ۱۰۵ |
| احسان عظیم | ۱۰۶ |
| تشریح آیت | ۱۰۷ |
| تین مقام | ۱۰۸ |
| صفات الٰہی | ۱۰۹ |
| اوّل و آخر | ۱۰۹ |
| حدیث شریف | ۱۰۹ |
| ایک شبہ | ۱۱۰ |
| من نورہ | ۱۱۰ |
| بشریت | ۱۱۱ |
| عبادت نور | ۱۱۱ |
| امت کے لیے استغفار | ۱۱۱ |
| خاک پاک | ۱۱۲ |
| نور آدم کے پاس | ۱۱۲ |
| انگوٹھوں کا چومنا | ۱۱۳ |
| عجیب درخت اور کاہنہ عورت | ۱۱۵ |
| حضرت عبداللہ کے پاس | ۱۱۶ |
| ستر یہودی | ۱۱۶ |
| ام قتال | ۱۱۷ |
| جانوروں کی مبارکبادیاں | ۱۱۷ |
| نبیوں کی مبارک بادیاں | ۱۱۷ |
| ابرہہ کا حملہ | ۱۱۸ |
| ابرہہ کے ساتھی اور اونٹ | ۱۱۸ |
| ظہور نور | ۱۲۰ |
| سلام بحضور سید الانام صلی اللہ علیہ وسلم | ۱۲۱ |
| اعلان الٰہی | ۱۲۲ |
| فضیلت شب ولادت کی تین وجوہ | ۱۲۲ |
| حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا | ۱۲۳ |
| چاند کا رقص | ۱۲۳ |
| حضور کی تلاش | ۱۲۴ |
| حجر اسود کا نصب کرنا | ۱۲۴ |
| پتھروں کے سجدے | ۱۲۴ |
| حدیث شریف | ۱۲۵ |
| اعلان نبوت | ۱۲۵ |
| ورقہ بن نوفل | ۱۲۶ |
| نزول قرآن | ۱۲۶ |
| غلط خیال | ۱۲۷ |
| دلیل قرآنی | ۱۲۷ |


Scanned by CamScanner

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| دوسری دلیل | ۱۲۷ |
| پہلی محفل میلاد | ۱۲۸ |
| دلیل قرآنی | ۱۲۸ |
| امام قسطلانی کی تصریح | ۱۲۹ |
| آمد سے پہلے اور بعد | ۱۳۰ |
| **ماہ ربیع الثانی کی تقریر** | ۱۳۱ |
| تین بھائی | ۱۳۱ |
| حجاج اور حضرت سعید بن جبیر | ۱۳۵ |
| ایک صحابی | ۱۳۹ |
| مولانا کافی علیہ الرحمۃ | ۱۳۰ |
| حضرت بلال رضی اللہ عنہ | ۱۴۰ |
| عرس | ۱۴۰ |
| گیارھویں شریف | ۱۴۱ |
| شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ | ۱۴۲ |
| بعض لوگ | ۱۴۲ |
| ایک واقعہ | ۱۴۲ |
| بدعت کی قسمیں | ۱۴۳ |
| حدیث شریف | ۱۴۳ |
| **ماہ جمادی الاولیٰ کی تقریر** | ۱۴۵ |
| انگوٹھے چومنا | ۱۴۶ |
| انجیل برناباس | ۱۴۷ |
| اعتراض اور جواب | ۱۴۷ |
| ایک فقیر | ۱۴۸ |
| لطیفہ | ۱۴۸ |
| محمد رسول اللہ | ۱۴۹ |
| نباتات کے رسول | ۱۴۹ |
| جمادات کے رسول | ۱۴۹ |
| حیوانات کے رسول | ۱۵۰ |
| پانچ صفات | ۱۵۱ |
| تفسیر ابن عباس | ۱۵۱ |
| تین چیزیں | ۱۵۱ |
| تلوار اٹھائی | ۱۵۲ |
| غار | ۱۵۲ |
| اشدآء علی الکفار | ۱۵۳ |
| رحمآء بینھم | ۱۵۳ |
| ترھم رکعا سجدا | ۱۵۴ |
| مصلّے پر خون | ۱۵۴ |
| حدیث مبارکہ | ۱۵۴ |
| **ماہ جمادی الاخریٰ کی تقریر** | ۱۵۶ |
| خاتون جنت رضی اللہ عنہا | ۱۵۶ |
| حدیث شریف | ۱۵۶ |
| سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا عبادت فرمانا | ۱۵۷ |
| صحابہ کرام کی عبادت | ۱۵۷ |
| امام محمد غزالی، حامد غزالی رحمۃ اللہ علیہما | ۱۵۸ |
| واقعۂ مجنوں | ۱۵۹ |
| سورج لوٹ آیا | ۱۵۹ |
| امام اعظم رضی اللہ عنہ | ۱۶۰ |
| حضرت بشر حافی علیہ الرحمۃ | ۱۶۱ |
| آٹھ سال کا بچہ | ۱۶۲ |
| شہنشاہ بغداد رضی اللہ عنہ | ۱۶۳ |
| چالیس تابعی | ۱۶۳ |
| سوال وجواب | ۱۶۴ |


Scanned by CamScanner

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| بچہ بول اٹھا | ۱۶۴ |
| ماہ رجب کی تقریر | ۱۶۶ |
| سبحن الذی | ۱۶۶ |
| اسری بعبدہ | ۱۶۶ |
| لیلا | ۱۶۸ |
| من المسجد الحرام الی المسجد الاقصا | ۱۶۸ |
| الذی برکنا حولہ | ۱۶۸ |
| لنریہ من ایتنا | ۱۶۹ |
| انہ ھو السمیع البصیر | ۱۶۹ |
| واقعۂ معراج | ۱۶۹ |
| براق پر سواری | ۱۷۰ |
| غزنی اور مصری شہنشاہ | ۱۷۰ |
| امت کی یاد | ۱۷۱ |
| براق کی رفتار | ۱۷۲ |
| لطیفہ | ۱۷۳ |
| روانگی جلوس | ۱۷۳ |
| مدینہ منورہ، وادیٔ ایمن، سرخ ٹیلہ | ۱۷۴ |
| انبیاء کی امامت | ۱۷۵ |
| نماز کیوں پڑھائی | ۱۷۵ |
| حبیب اور کلیم | ۱۷۶ |
| اجتماع جسمانی | ۱۷۷ |
| عروج، نبیوں سے ملاقات | ۱۷۸ |
| سدرہ پر جبریل کی عرض، ایک یاد | ۱۷۹ |
| اونٹوں کی قطاریں | ۱۸۰ |
| سدرہ سے آگے | ۱۸۱ |
| عرش نے دامن تھاما | ۱۸۲ |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| سلسلۂ حجابات، ادن منی | ۱۸۲ |
| مقامات | ۱۸۲ |
| امت کی یاد | ۱۸۴ |
| امت کے لیے معراج | ۱۸۴ |
| ایک سوال | ۱۸۴ |
| تین طرح کے علوم | ۱۸۵ |
| تین تین تحفے، واپسی | ۱۸۵ |
| تصدیق | ۱۸۶ |
| قافلے | ۱۸۷ |
| ماہ شعبان کی تقریر | ۱۸۸ |
| غلط رسمیں | ۱۹۰ |
| اسوۂ حسنہ | ۱۹۱ |
| اداء اور اقتدا | ۱۹۱ |
| رحمت الٰہی | ۱۹۲ |
| ماہ رمضان المبارک کی تقریر | ۱۹۴ |
| فلسفۂ روزہ | ۱۹۴ |
| روزہ کا انعام | ۱۹۵ |
| محمود و ایاز | ۱۹۵ |
| حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ | ۱۹۵ |
| روزہ کے فرض ہونے کی وجہ | ۱۹۶ |
| پہلی امتوں کے روزے | ۱۹۶ |
| ایمان پر پختگی | ۱۹۶ |
| لیلۃ القدر، تطبیق، دو صیغے | ۱۹۷ |
| کثرت تلاوت | ۱۹۸ |
| ثواب تلاوت | ۱۹۸ |
| تلاوت اور شاہ حبش | ۱۹۹ |


Scanned by CamScanner

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| قرآن اور عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ | ۲۰۰ |
| بدر اور رمضان | ۲۰۱ |
| صحابہ کا جذبہ | ۲۰۲ |
| قوم موسیٰ کا جواب | ۲۰۲ |
| بدر میں امداد الٰہی | ۲۰۳ |
| جبریل کا گھوڑا | ۲۰۳ |
| فلسفۂ جہاد | ۲۰۴ |
| دو بچے | ۲۰۵ |
| رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم | ۲۰۶ |
| حضرت عباس کا ایمان لانا | ۲۰۷ |
| روزہ کی قسمیں | ۲۰۸ |
| دو خوشیاں | ۲۰۸ |
| رحمت، مغفرت، نجات | ۲۰۸ |
| تنبیہ | ۲۰۸ |
| تراویح | ۲۰۹ |
| **ماہ شوال کی تقریر** | ۲۱۰ |
| دوسری قوموں کی عیدیں | ۲۱۰ |
| ایک واقعہ | ۲۱۱ |
| معذور اور مسجد کوفہ | ۲۱۲ |
| فضولیات سے پرہیز | ۲۱۲ |
| لطیفہ | ۲۱۳ |
| حضرت حذیفہ اور حضور کا حکم | ۲۱۴ |
| خصائل نبوی | ۲۱۶ |
| **ماہ ذوالقعدہ کی تقریر** | ۲۱۷ |
| حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ | ۲۱۷ |
| حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ | ۲۱۸ |
| حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ | ۲۱۹ |
| حضرت ابوطلحہ انصاری | ۲۱۹ |
| حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ | ۲۱۹ |
| حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما | ۲۱۹ |
| کربلا کی قربانیاں | ۲۲۰ |
| ایک انصاری عورت | ۲۲۱ |
| حضرت عمارہ بن زیاد رضی اللہ عنہ | ۲۲۱ |
| واقعہ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ | ۲۲۲ |
| دو آدمی | ۲۲۴ |
| **ماہ ذوالحج کی تقریر** | ۲۲۶ |
| دو چیزیں | ۲۲۶ |
| اولاد | ۲۲۷ |
| دعا | ۲۲۸ |
| واقعہ ملا طاہر لاہوری | ۲۲۸ |
| توشہ ختم ہوگیا | ۲۲۹ |
| قافلہ | ۲۳۰ |
| قربانی | ۲۳۱ |
| جبریل علیہ السلام | ۲۳۳ |
| ایک نکتہ | ۲۳۴ |
| عظیم یادگار | ۲۳۴ |
| خطبۂ وداع | ۲۳۶ |
| سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا طواف | ۲۳۶ |
| مقام ابراہیم علیہ السلام | ۲۳۷ |
| سعی | ۲۳۸ |
| منیٰ کو روانگی | ۲۳۸ |


Scanned by CamScanner

# خطبات

## جمعہ، عیدالفطر، عیدالاضحیٰ

### جمعہ کا پہلا خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فَضَّلَ سَیِّدَنَا وَ مَوْلٰینا مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ جَمِیْعًا وَّ اَقَامَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لِلْمُذْنِبِیْنَ شَفِیْعًا فَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی وَسَلَّمَ وَ بَارَکَ عَلَیْہِ وَعَلٰی کُلِّ مَنْ ھُوَ مَحْبُوْبٌ وَّ مَرْضِیٌّ لَّدَیْہِ صَلٰوۃً تَبْقٰی وَ تَدُوْمُ بِدَوَامِ الْمَلِکِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَ نَا وَ مَوْلٰینا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ بِالْھُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ اَرْسَلَہٗ ط صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ

اَمَّا بَعْدُ

فَیٰۤاَیُّھَا الْمُؤْمِنُوْنَ رَحِمَنَا وَ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی اُوْصِیْکُمْ وَ نَفْسِیْ بِتَقْوَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ فِی السِّرِّ وَالْاِعْلَانِ فَاِنَّ التَّقْوٰی سَنَامُ ذُرَی الْاِیْمَانِ وَاذْکُرُوا اللّٰہَ عِنْدَ کُلِّ شَجَرٍ وَّ حَجَرٍ وَّ اعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ o وَ اَنَّ اللّٰہَ لَیْسَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ o فَاِنَّ السُّنَنَ ھِیَ الْاَنْوَارُ وَ زَیِّنُوْا قُلُوْبَکُمْ بِحُبِّ ھٰذَا النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ اَفْضَلُ الصَّلٰوۃِ وَ التَّسْلِیْمِ فَاِنَّ الْحُبَّ ھُوَالْاِیْمَانُ کُلُّہٗ اَلَآ لَآ اِیْمَانَ لِمَنْ لَا مَحَبَّۃَ لَہٗ اَلَآ لَآ اِیْمَانَ لِمَنْ لَّا مَحَبَّۃَ لَہٗ اَلَا لَآ اِیْمَانَ لِمَنْ لَّا مَحَبَّۃَ لَہٗ رَزَقَنَا اللّٰہُ تَعَالٰی وَ اِیَّاکُمْ حُبَّ حَبِیْبِہٖ ھٰذَا النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ اَکْرَمُ الصَّلٰوۃِ وَالتَّسْلِیْمِ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ ط وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ ط بَارَکَ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَ نَفَعَنَا وَاِیَّاکُمْ بِالْاٰیٰتِ وَالذِّکْرِ الْحَکِیْمِ ط اِنَّہٗ تَعَالٰی مَلِکٌ کَرِیْمٌ جَوَادٌ بَرٌّ رَؤُوْفٌ رَّحِیْمٌ ط اَقُوْلُ قَوْلِیْ ھٰذَا وَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِیْ وَلَکُمْ وَلِسَآئِرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ o

یہ خطبہ پڑھ کر قرآن مجید کی تین آیات کا اندازہ بیٹھے پھر اٹھ کر دوسرا خطبۂ جمعہ شروع کرے۔

Scanned by CamScanner

# جمعہ کا دوسرا خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَ نَسْتَعِيْنُهٗ وَ نَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ ط وَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ط وَ نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ط بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ اَرْسَلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَ بَارَكَ وَسَلَّمَ اَبَدًا ط لَا سِيَّمَا عَلٰى اَوَّلِهِمْ بِالتَّصْدِيْقِ وَاَفْضَلِهِمْ بِالتَّحْقِيْقِ الْمَوْلَى الْاِمَامِ الصِّدِّيْقِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا الْاِمَامِ اَبِيْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى اَعْدَلِ الْاَصْحَابِ مُزَيِّنِ الْمِنْبَرِ وَ الْمِحْرَابِ الْمُوَافِقِ رَاْيُهٗ بِالْوَحْيِ وَالْكِتَابِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا الْاِمَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَغَيْظِ الْمُنَافِقِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَبِيْ حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى جَامِعِ الْقُرْاٰنِ كَامِلِ الْحَيَآءِ وَالْاِيْمَانِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا الْاِمَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَصَدِّقِيْنَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَبِيْ عَمْرٍو عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى اَسَدِ اللّٰهِ الْغَالِبِ اِمَامِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا الْاِمَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِمَامِ الْوَاصِلِيْنَ اِلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجْهَهُ الْكَرِيْمِ وَعَلَى ابْنَيْهِ الْكَرِيْمَيْنِ السَّعِيْدَيْنِ الشَّهِيْدَيْنِ الْقَمَرَيْنِ الْمُنِيْرَيْنِ الطَّاهِرَيْنِ الطَّيِّبَيْنِ الطَّاهِرَيْنِ سَيِّدَيْنَا اَبِيْ مُحَمَّدِ نِ الْحَسَنِ وَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ وَعَلٰى اُمِّهِمَا سَيِّدَةِ النِّسَآءِ الْبَتُوْلِ الزَّهْرَآءِ فِلْذَةِ كَبِدِ خَيْرِ الْاَنْبِيَآءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهَا وَاَبْنَيْهَا وَعَلٰى عَمَّيْهِ الشَّرِيْفَيْنِ الْمُطَهَّرَيْنِ مِنَ الْاَدْنَاسِ سَيِّدَيْنَآ اَبِيْ عُمَارَةَ حَمْزَةَ وَ اَبِي الْفَضْلِ الْعَبَّاسِ وَعَلٰى سَآئِرِ فِرَقِ الْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ يَآ اَهْلَ التَّقْوٰى وَ اَهْلَ الْمَغْفِرَةِ اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَّصَرَ دِيْنَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَ بَارَكَ وَسَلَّمَ رَبَّنَا يَا مَوْلٰنَا وَ اجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ بَارَكَ

Scanned by CamScanner

وَسَلِّمْ رَبَّنَا يَا مَوْلٰينَا وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِى الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَ اَوْلٰى وَ اَجَلُّ وَ اَعَزُّ وَ اَعْظَمُ وَاَكْبَرُ ؕ

# خطبۂ عید الفطر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدَ الشَّاكِرِيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا نَقُوْلُ وَ خَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مَعَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا يَنْبَغِيْ بِجَلَالِ وَجْهِهِ الْكَرِيْمِ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا حَمِدَهُ الْاَنْبِيَآءُ وَالْمُرْسَلُوْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ وَعِبَادُ اللّٰهِ الصّٰلِحُوْنَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ؕ وَاَفْضَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَزْكٰى تَحِيَّاتِ اللّٰهِ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ وَ سِرَاجِ اُفُقِ اللّٰهِ وَقَاسِمِ رِزْقِ اللّٰهِ وَاِمَامِ حَضْرَةِ اللّٰهِ وَزِيْنَةِ عَرْشِ اللّٰهِ وَعَرُوْسِ مَمْلِكَةِ اللّٰهِ ؕ نَبِيِّ الْاَنْبِيَآءِ عَظِيْمِ الرَّجَآءِ عَمِيْمِ الْجُوْدِ وَالْعَطَآءِ مَاحِي الذُّنُوْبِ وَالْخَطَآءِ حَبِيْبِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ اَلَّذِيْ كَانَ نَبِيًّا وَّ اٰدَمُ بَيْنَ الطِّيْنِ وَالْمَآءِ ؕ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ سَيِّدِ الْكَوْنَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ الْمُزَيَّنِ بِكُلِّ زَيْنٍ الْمُنَزَّهِ مِنْ كُلِّ عَيْبٍ وَّ شَيْنٍ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ دُرِّ اللّٰهِ الْمَكْنُوْنِ سِرِّ اللّٰهِ الْمَخْزُوْنِ نُوْرِ الْاَفْئِدَةِ وَالْعُيُوْنِ سُرُوْرِ الْقَلْبِ الْمَحْزُوْنِ عَالِمِ مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ اَكْرَمِ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ قَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ مَعْدِنِ اَنْوَارِ اللّٰهِ وَ مَخْزَنِ اَسْرَارِ اللّٰهِ وَ خَزَآئِنِ رَحْمَةِ اللّٰهِ نَبِيِّنَا وَ حَبِيْبِنَا وَ شَفِيْعِنَا وَ غَيْثِنَا وَغِيَاثِنَا وَ مُغِيْثِنَا وَ عَوْنِنَا وَ مُعِيْنِنَا وَ وَكِيْلِنَا وَ كَفِيْلِنَا سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰينَا وَ مَلْجَاءِنَا وَ مَاْوٰنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ وَاَصْحَابِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَ اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ الْمُعَظَّمِيْنَ وَ اَوْلِيَآءِ مِلَّتِهِ الْكَامِلِيْنَ الْعَارِفِيْنَ وَ عُلَمَآءِ اُمَّتِهِ الرَّاشِدِيْنَ الْمُرْشِدِيْنَ عَلَيْنَا مَعَهُمْ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ اَللّٰهُ

Scanned by CamScanner

اَکْبَرُ ۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ۔ وَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اِلٰھًا وَّ اَحَدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا قَیُّوْمًا مَّلِکًا جَبَّارًا لِّلذُّنُوْبِ غَفَّارًا وَّ لِلْعُیُوْبِ سَتَّارًا وَّ اَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ اَرْسَلَہٗ بِالْھُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیْدًا ٥ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ۔

## اَمَّا بَعْدُ

فَیٰٓاَیُّھَا الْمُؤْمِنُوْنَ رَحِمَنَا وَ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ یَوْمَکُمْ ھٰذَا یَوْمٌ عَظِیْمٌ ۔ اَلَا وَ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَۃٌ عِنْدَ الْاِفْطَارِ فَرْحَۃٌ عِنْدَ لِقَآءِ الرَّحْمٰنِ اَلَا وَ اِنَّ فِی الْجَنَّۃِ بَابًا یُّقَالُ لَہُ الرَّیَّانُ لَا یَدْخُلُہٗٓ اِلَّا الصَّآئِمُوْنَ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ۔ بَارَکَ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَ نَفَعَنَا وَاِیَّاکُمْ بِالْاٰیٰتِ وَالذِّکْرِ الْحَکِیْمِ ۔ اِنَّہٗ تَعَالٰی مَلِکٌ کَرِیْمٌ جَوَادٌ بَرٌّ رَّؤُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔ اَقُوْلُ قَوْلِیْ ھٰذَا وَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِیْ وَلَکُمْ وَلِسَآئِرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ۔

دوسرا خطبہ شروع کرنے سے پہلے امام منبر پر کھڑے کھڑے سات بار اَللّٰہُ اَکْبَر آہستہ کہے یہی سنّت ہے۔

# عیدالفطر کا دوسرا خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَ نَسْتَغْفِرُہٗ وَ نُؤْمِنُ بِہٖ وَ نَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ ۔ وَ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ ۔ وَ نَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ۔ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ بِالْھُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ اَرْسَلَہٗ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ اَبَدًا اَلَا سِیَّمَا عَلٰی اَوَّلِھِمْ بِالتَّصْدِیْقِ وَاَفْضَلِھِمْ بِالتَّحْقِیْقِ الْمَوْلَی الْاِمَامِ الصِّدِّیْقِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ اِمَامِ الْمُشَاھِدِیْنَ

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰينا الْاِ مَامِ اَبِیْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ۔
وَعَلٰی اَعْدَلِ الْاَ صْحَابِ مُزَيِّنِ الْمِنْبَرِ وَالْمِحْرَابِ الْمُوَافِقِ رَأْيُهٗ بِالْوَحْیِ وَالْكِتَابِ
سَيِّدِنَا وَمَوْلٰينا الْاِ مَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ غَيْظِ الْمُنَافِقِيْنَ اِمَامِ الْمُجَاهِدِيْنَ فِیْ رَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ اَبِیْ حَفْصٍ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ وَعَلٰی جَامِعِ الْقُرْاٰنِ
كَامِلِ الْحَيَآءِ وَالْاِيْمَانِ مُجَهِّزِ جَيْشِ الْعُسْرَةِ فِیْ رِضَی الرَّحْمٰنِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰينا
الْاِمَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِمَامِ الْمُتَصَدِّقِيْنَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَبِیْ عَمْرٍو وَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ
رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ وَعَلٰی اَسَدِ اللّٰهِ الْغَالِبِ اِمَامِ الْمَشَارِقِ وَ الْمَغَارِبِ حَلَّالِ
الْمُشْكِلَاتِ وَالنَّوَائِبِ دَفَّاعِ الْمُعْضِلَاتِ وَالْمَصَائِبِ اَخِ الرَّسُوْلِ وَزَوْجِ الْبَتُوْلِ
سَيِّدِنَا وَمَوْلٰينا الْاِ مَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِمَامِ الْوَاصِلِيْنَ اِلٰی رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَبِی
الْحَسَنِ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ ۔ وَعَلٰی اِبْنَيْهِ الْكَرِيْمَيْنِ
السَّعِيْدَيْنِ الشَّهِيْدَيْنِ الْقَمَرَيْنِ الْمُنِيْرَيْنِ النَّيِّرَيْنِ الزَّاهِرَيْنِ الْبَاهِرَيْنِ اطَّيِّبَيْنِ
الطَّاهِرَيْنِ سَيِّدَيْنَا اَبِیْ مُحَمَّدِ نِ الْحَسَنِ وَ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی
عَنْهُمَا وَعَلٰی اُمِّهِمَا سَيِّدَةِ النِّسَآءِ الْبَتُوْلِ الزَّهْرَاءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالٰی وَسَلَامُهٗ عَلٰی
اَبِيْهَا الْكَرِيْمِ وَ عَلَيْهَا وَعَلٰی بَعْلِهَا وَابْنَيْهَا وَعَلٰی عَمَّيْهِ الشَّرِيْفَيْنِ الْمُطَهَّرَيْنِ مِنَ
الْاَدْنَاسِ سَيِّدَيْنَا اَبِیْ عُمَارَةَ حَمْزَةَ وَ اَبِی الْفَضْلِ الْعَبَّاسِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا
وَعَلٰی سَآئِرِفِرَقِ الْاَ نْصَارِ وَ الْمُهَاجِرَةِ وَ عَلَيْنَا مَعَهُمْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۔ اَللّٰهُمَّ انْصُرْمَنْ نَّصَرَدِيْنَ سَيِّدِنَا وَ
مَوْلٰينا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۔ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ رَبَّنَا يَا
مَوْلٰينا وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَ اخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ سَيِّدِ نَا وَمَوْلٰينا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ رَبَّنَا يَا مَوْلٰينا وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ اَللّٰهُ
اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ و اللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۔ اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ
بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَاءِ ذِی الْقُرْبٰی وَيَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْیِ
يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۔ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰی اَعْلٰی وَ اَوْلٰی وَ اَجَلُّ وَ اَعَزُّ وَ اَهَمُّ وَ
اَتَمُّ وَ اَعْظَمُ وَ اَكْبَرُ ۔

Scanned by CamScanner

# خطبۂ عید الاضحیٰ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدَ الشَّاكِرِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا نَقُوْلُ وَخَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مَعَ كُلِّ شَيْءٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَبْقٰى رَبُّنَا وَيَفْنٰى كُلُّ شَيْءٍ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا يَنْبَغِيْ لِجَلَالِ وَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَعَظِيْمِ سُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا حَمِدَهُ الْاَنْبِيَآءُ وَالْمُرْسَلُوْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ وَعِبَادُ اللّٰهِ الصّٰلِحُوْنَ وَخَيْرًا مِّنْ كُلِّ ذٰلِكَ كَمَا حَمِدَ نَفْسَهٗ فِيْ كِتَابِهِ الْمَكْنُوْنِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ، وَاَفْضَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ، وَاَكْمَلُ تَسْلِيْمَاتِ اللّٰهِ، وَاَزْكٰى تَحِيَّاتِ اللّٰهِ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ وَسِرَاجِ اُفُقِ اللّٰهِ وَقَاسِمِ رِزْقِ اللّٰهِ، وَ اِمَامِ حَضْرَةِ اللّٰهِ وَزِيْنَةِ عَرْشِ اللّٰهِ وَعُرُوْسِ مَمْلَكَةِ اللّٰهِ، نَبِيِّ الْاَنْبِيَآءِ عَظِيْمِ الرَّجَآءِ عَمِيْمِ الْجُوْدِ وَالْعَطَآءِ مَاحِي الذُّنُوْبِ وَالْخَطَاءِ حَبِيْبِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ الَّذِيْ كَانَ نَبِيًّا وَّ اٰدَمُ بَيْنَ الطِّيْنِ وَالْمَآءِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ سَيِّدِ الْكَوْنَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ الْمُزَيَّنِ بِكُلِّ زَيْنٍ نِ الْمُنَزَّهِ مِنْ كُلِّ عَيْبٍ وَّ شَيْنٍ، جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ دُرِّ اللّٰهِ الْمَكْنُوْنِ سِرِّ اللّٰهِ الْمَخْزُوْنِ نُوْرِ الْاَفْئِدَةِ وَالْعُيُوْنِ سُرُوْرِ الْقَلْبِ الْمَحْزُوْنِ عَالِمِ مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ اَكْرَمِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ قَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ مَعْدَنِ اَنْوَارِ اللّٰهِ، مَخْزَنِ اَسْرَارِ اللّٰهِ وَخَزَآئِنِ رَحْمَةِ اللّٰهِ وَمَوَائِدِ نِعْمَةِ اللّٰهِ نَبِيِّنَا وَ حَبِيْبِنَا وَ شَفِيْعِنَا وَ مَلِيْكِنَا وَ غَوْثِنَا وَغَيْثِنَا وَ غِيَاثِنَا وَ مُغِيْثِنَا وَعَوْنِنَا وَمُعِيْنِنَا وَ وَ كِيْلِنَا وَكَفِيْلِنَا سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا وَ مَلْجَانَا وَمَاْوَانَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ وَ اَصْحَابِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَ اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَعِتْرَتِهِ الْمُكَرَّمِيْنَ الْمُعَظَّمِيْنَ وَ اَوْلِيَآءِ مِلَّتِهِ الْكَامِلِيْنَ الْعَارِفِيْنَ وَ عُلَمَآءِ اُمَّتِهِ الرَّاشِدِيْنَ الْمُرْشِدِيْنَ وَ عَلَيْنَا مَعَهُمْ وَلَهُمْ وَفِيْهِمْ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ، وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ

Scanned by CamScanner

اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا وِتْرًا حَيًّا قَيُّوْمًا مَلِكًا جَبَّارًا لِلذُّنُوْبِ غَفَّارًا وَّلِلْعُيُوْبِ سَتَّارًا شَهَادَةً يُّرْضٰى بِهَا وَجْهُ الرَّحْمٰنِ وَ اَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۔

اَمَّا بَعْدُ

فَيٰاَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ رَحِمَنَا وَ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِعْلَمُوْا اَنَّ يَوْمَكُمْ هٰذَا يَوْمٌ عَظِيْمٌ ۔ قَالَ شَفِيْعُ الْمُذْنِبِيْنَ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَيَّامٍ نِ الْعَمَلُ الصَّالِحُ فِيْهِنَّ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ الْعَشْرِ وَ قَالَ مَا عَمِلَ ابْنُ اٰدَمَ مِنْ عَمَلٍ يَوْمَ النَّحْرِ اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ اِهْرَاقِ الدَّمِ وَاِنَّهٗ لَيَاْتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِقُرُوْنِهَا وَاَشْعَارِ هَا وَ اَظْلَافِهَا وَ اِنَّ الدَّمَ لَيَقَعُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى بِمَكَانٍ قَبْلَ اَنْ يَّقَعَ بِالْاَرْضِ فَطِيْبُوْا بِهَا نَفْسًا ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۔ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۔ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ۔ وَنَفَعَنَا وَ اِيَّاكُمْ بِالْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۔ اِنَّهٗ تَعَالٰى مَلِكٌ كَرِيْمٌ جَوَادٌ بَرٌّ رَّؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۔

یہ پہلا خطبہ پڑھ کر تین آیات کا اندازہ بیٹھے پھر اٹھ کر دوسرا خطبہ شروع کرے۔

# عید الاضحیٰ کا دوسرا خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَ نَسْتَعِيْنُهٗ وَ نَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ ۔ وَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ۔ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ۔ بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ اَرْسَلَهٗ ۔ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَ بَارَكَ وَسَلَّمَ اَبَدًا اَلَا سِيَّمَا عَلٰى اَوَّلِهِمْ بِالتَّصْدِيْقِ

Scanned by CamScanner

وَ اَفْضَلِهِمْ بِالتَّحْقِيْقِ الْمَوْلَى الْاِمَامِ الصِّدِّيْقِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُشَاهِدِيْنَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا الْاِمَامِ اَبِىْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى اَعْدَلِ الْاَصْحَابِ مُزَيِّنِ الْمِنْبَرِ وَالْمِحْرَابِ الْمُوَافِقِ رَأْيُهٗ بِالْوَحْيِ وَالْكِتَابِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا الْاِمَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَغَيْظِ الْمُنَافِقِيْنَ اِمَامِ الْمُجَاهِدِيْنَ فِىْ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَبِىْ حَفْصٍ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى جَامِعِ الْقُرْاٰنِ كَامِلِ الْحَيَاءِ وَالْاِيْمَانِ مُجَهِّزِ جَيْشِ الْعُسْرَةِ فِىْ رِضَى الرَّحْمٰنِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا الْاِمَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَصَدِّقِيْنَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَبِىْ عَمْرٍو وَ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى اَسَدِ اللّٰهِ الْغَالِبِ اِمَامِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ حَلَّالِ الْمُشْكِلَاتِ وَالنَّوَائِبِ دَفَّاعِ الْمُعْضَلَاتِ وَالْمَصَائِبِ اَخِ الرَّسُوْلِ وَ زَوْجِ الْبَتُوْلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا الْاِمَامِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِمَامِ الْوَاصِلِيْنَ اِلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَبِى الْحَسَنِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِىْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجْهَهُ الْكَرِيْمِ ۔ وَعَلٰى اِبْنَيْهِ الْكَرِيْمَيْنِ السَّعِيْدَيْنِ الشَّهِيْدَيْنِ الْقَمَرَيْنِ الْمُنِيْرَيْنِ النَّيِّرَيْنِ الزَّاهِرَيْنِ الْبَاهِرَيْنِ الطَّيِّبَيْنِ الطَّاهِرَيْنِ سَيِّدَيْنَا اَبِىْ مُحَمَّدِ نِ الْحَسَنِ وَ اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا ۔ وَعَلٰى اُمِّهِمَا سَيِّدَةِ النِّسَاءِ الْبَتُوْلِ الزَّهْرَاءِ فَلْذَةِ كَبِدِ خَيْرِ الْاَنْبِيَاءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَسَلَامُهٗ عَلٰى اَبِيْهَا الْكَرِيْمِ وَعَلَيْهَا وَعَلٰى بَعْلِهَا وَابْنَيْهَا وَعَلٰى عَمَّيْهِ الشَّرِيْفَيْنِ الْمُطَهَّرَيْنِ مِنَ الْاَدْنَاسِ سَيِّدَيْنَا اَبِىْ عُمَارَةَ حَمْزَةَ وَ اَبِى الْفَضْلِ الْعَبَّاسِ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَ عَلٰى سَائِرِ فِرَقِ الْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ يَاۤ اَهْلَ التَّقْوٰى وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۔ اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَّصَرَ دِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ رَبَّنَا يَا مَوْلَانَا وَ اجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَ اخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ رَبَّنَا يَا مَوْلَانَا وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۔ عِبَادَ اللّٰهِ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ ۔ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَاءِ ذِى الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَ الْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَاَوْلٰى وَاَجَلُّ وَاَعَزُّ وَاَتَمُّ وَاَهَمُّ وَاَعْظَمُ وَاَكْبَرُ ۔

Scanned by CamScanner

# ماہ محرم کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ ۔ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلاَ مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلاَ ھَادِیَ لَہٗ، وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لاَضِدَّ لَہٗ و لاند لہ لاَمِثْلَ لَہٗ وَلاَ مُمَاثِلَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلانا طَبِیْبَنَا وَطَبِیْبَ قُلُوْبِنَو شَفِیْعَنَا وَشِفَاءَ صُدُوْرِنَو قُرَّتَنَا وَقُرَّۃَ عُیُوْنِنَا مَطْلُوْبَنَا مَحْبُوْبَنَا مَوْجُوْدَنَا وَمَقْصُوْدَنَا وَاَعْلٰنَا وَاَوْلٰنَا وَمَوْلانا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ،

اَمَّابَعْدُ

فَقَدْ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی فِی الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ وَالْفُرْقَانِ الْحَمِیْدِ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

وَلاَ تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ، بَلْ اَحْیَاءٌ وَّلٰکِنْ لَّاتَشْعُرُوْنَ، (پ۲، رکوع۳)

اللہ تبارک وتعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اپنے خاص فضل وکرم سے ہمیں اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں پیدا فرما کر ہر طرح کی نعمتوں سے نوازا۔ اس مقدس آیہ کریمہ میں، جو تلاوت کی گئی ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے ان محبوب بندوں کا ذکر فرمایا ہے جنھوں نے اپنی عزیز ترین جانوں کو اس کی راہ میں قربان کر دیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

''وہ لوگ جو میرے راستے میں قتل کیے جائیں انھیں مردہ مت کہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم ان کی زندگی کو سمجھ نہیں سکتے۔''

اس آیہ کریمہ میں فرمایا: ''مردہ مت کہو۔'' اور دوسری آیہ کریمہ میں ارشاد ہوتا ہے:

وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ○ (پ۴، رکوع۸)

''وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے ہیں انھیں مردہ گمان بھی نہ کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اور

Scanned by CamScanner

اپنے رب کے پاس انھیں رزق ملتا ہے۔''

وہ شہید ہیں، انھوں نے اپنی فانی جانوں کو قربان کیا تو حیات ابدی مل گئی، فانی دی اور جاودانی زندگی حاصل کی۔ کتنا اچھا سودا ہے۔ فانی دو، اور باقی لو، ناقص دو، اور کامل لو، ادنیٰ دو، اور اعلیٰ لو۔ یہ سودا صرف اللہ تعالیٰ ہی کر سکتا ہے اور پھر فانی جان بھی تو اسی کی دی ہوئی ہے۔ اپنی دی ہوئی چیز کو واپس لے کر پھر اسی پر شاندار بدلہ دیتا ہے۔

جان دی دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

یہ ماہ محرم الحرام ہے اور اس ماہ کی دسویں تاریخ کو جو جانیں اللہ کی راہ میں کرب و بلا کے تپتے ہوئے صحرا میں قربان کی گئیں' تاریخ عالم ان کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ جوان علی اکبر کا لاشہ سامنے تڑپ رہا ہے عون و محمد خاک و خون میں غلطاں ہیں، زہرا کا لعل، مصطفیٰ کا نور نظر، شہزادہ گلگوں قبا، راکب دوش مصطفیٰ ننھے معصوم علی اصغر کو گود میں اٹھائے لیے آرہے ہیں۔ ظلم کا تیر علی اصغر کے پیاسے حلق کو چیرتا ہوا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے بازو کو چھوتا ہوا پار گزر جاتا ہے گرتا ہوا خون امام عالی مقام چلو میں اٹھاتے ہیں اور آسمان کی طرف پھینک کر عرض کرتے ہیں:

''یا اللہ! یہ تو ایک علی اصغر ہے اگر ہزار علی اصغر ہوں تو ایک ایک کر کے تیرے نام پر قربان کرتا چلا جاؤں، اگر تیری رضا اسی میں ہے تو حسین بھی یونہی راضی ہے۔''

جفا جو عشق میں ہوتی ہے وہ جفا ہی نہیں
ستم نہ ہو تو محبت میں کچھ مزہ ہی نہیں

ماہ محرم کی بہت بڑی فضیلت ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ تشریف لائے تو یہود کو دیکھا کہ عاشورہ کے دن روزہ رکھتے ہیں آپ نے ان سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ تو انھوں نے کہا یہ اچھا دن ہے، اسی دن اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو ان کے دشمنوں سے نجات دی' اور انہوں نے روزہ رکھا۔ اس وقت حضور علیہ السلام نے فرمایا: ''تم سے زیادہ ہم موسیٰ علیہ السلام کو ماننے والے ہیں۔'' پس آپ نے روزہ رکھا اور رکھنے کا حکم فرمایا۔

حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ'' فرضیت رمضان سے قبل

Scanned by CamScanner

عاشورے کے دن روزہ رکھا جاتا تھا جب رمضان نازل ہوا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا: اب جو چاہے عاشورے کا روزہ رکھے اور جو نہ چاہے نہ رکھے۔''

حضرت ابن عباس اور ام المومنین رضی اللہ عنہم کی ان دو روایتوں کے بعد ایک روایت امیر المومنین حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے بھی سماعت فرمایئے۔ آپ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اگر تم ماہ رمضان کے علاوہ روزہ رکھنا چاہتے ہو تو عاشورے کا روزہ رکھو۔ کیونکہ یہ اللہ تعالٰی کا مہینہ ہے، اس میں ایک دن ایسا ہے جس میں ایک قوم کی توبہ اللہ تعالٰی نے قبول فرمائی اور دوسری قوم کی توبہ قبول فرمائے گا۔ (اور حضور علیہ السلام نے لوگوں کو رغبت دلائی کہ) عاشورہ کے دن توبۃ النصوح کی تجدید کریں اور قبول توبہ کے خواستگار ہوں۔ پس جس نے اس دن اللہ عزوجل سے اپنے گناہوں کی مغفرت چاہی تو اللہ تعالٰی اس کی توبہ ویسے ہی قبول فرمائے گا جس طرح ان سے پہلوں کی توبہ قبول کی۔''

حضرت شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ماثبت بالسنۃ میں لکھا ہے کہ ابن جوزی نے ابن عباس سے ذکر کیا کہ محرم کی دسویں تاریخ وہ تاریخ ہے جس میں اللہ تعالٰی نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی۔ حضرت ادریس کو بلند مرتبہ پر فائز کیا۔ اسی دن حضرت ابراہیم علیہ السلام پر آگ کو ٹھنڈا کیا۔ اسی دن حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی سے اتارا، اور اسی دن حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل فرمائی۔ حضرت یوسف علیہ السلام اسی دن قید خانے سے باہر آئے اور یعقوب علیہ السلام کی بینائی واپس آئی اور اسی دن حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے نکالا گیا۔ بنی اسرائیل کے لیے دریا بھی اسی دن پھاڑا گیا۔ جو شخص اس دن کا روزہ رکھے چالیس سال کا کفارہ ہوگا۔ جس نے شب عاشورہ کو عبادت کی گویا اس نے ساتوں آسمان والوں کے برابر عبادت کی۔

ان روایات سے معلوم ہوا کہ محرم الحرام کی شان بہت بلند ہے۔

**نکتہ**: یہ اسلامی سال کا پہلا مہینہ ہے، اس کی دسویں تاریخ کو قربانی ہے اور ذوالحج اسلامی سال کا آخری مہینہ ہے اس کی دسویں تاریخ کو بھی قربانی ہے، ہم مسلمانوں کا سال شروع بھی قربانی سے ہوتا ہے اور ختم بھی قربانی پر، آغاز بھی قربانی اور انتہا بھی قربانی، علامہ اقبال فرماتے ہیں: ؎

Scanned by CamScanner

غریب و سادہ و رنگین ہے داستانِ حرم
نہایت اس کی حسین ابتدا ہے اسمٰعیل

o

اللہ اللہ بائے بسم اللہ پدر
معنیٔ ذبحِ عظیم آید پسر

ڈاکٹر اقبال نے ذبحِ عظیم سے اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ.

"اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے فدیہ میں دے کر اسے بچالیا۔"

چشمِ فلک یہ منظر کبھی نہیں بھول سکتا۔ باپ نے بیٹے کے گلے پر چھری رکھ دی، زمین کانپ اٹھی، پہاڑوں کے دل دہل گئے، بیٹا بھی کتنا سعادت مند ہے عرض کرتا ہے: ابا جان! آنکھوں پر پٹی باندھ لیجئے کہیں ایسا نہ ہو کہ ہاتھ رک جائیں اور میں اس سعادت سے محروم ہو جاؤں۔

یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسمٰعیل کو آدابِ فرزندی

ابا جی! دیر نہ کیجئے سَتَجِدُنِیۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ خدا نے چاہا تو قریب ہے کہ آپ مجھے صابر پائیں گے۔

آپ اس عاجز کو صابر پاؤ گے سرخرو پیشِ خدا تم جاؤ گے

خلیل اللہ بیٹے کے گلے پر چھری چلاتے ہیں پروردگارِ عالم نے دونوں کا یہ منظر دیکھ کر فرمایا: یٰۤاِبْرٰهِیْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْیَا اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ o وَفَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ o "اے ابراہیم! بے شک تو نے خواب سچا کر دکھایا ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیکوں کو اور ہم نے ایک بہت بڑا ذبیحہ فدیہ میں دے کر اسے بچالیا۔"

ادھر حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے اسمٰعیل کو اپنے ہاتھ سے ذبح کر رہے ہیں ادھر حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اپنے بیٹوں، بھانجوں، بھتیجوں کو ساتھ لئے میدان کرب و بلا میں پہنچ چکے ہیں اور ایک ایک کو اپنے دست مبارک سے تیار فرما کر میدان کربلا میں روانہ فرما رہے ہیں۔ قبل اس کے کہ میں شہادت بیان کروں دو باتیں قابل غور ہیں انھیں سماعت فرمائیے۔

پہلی بات یہ ہے کہ جب شہید کے خون کا پہلا قطرہ زمین پر گرتا ہے تو اسے دیدار الٰہی نصیب ہو جاتا ہے۔
اور دوسری بات یہ ہے کہ شہید کے جسم پر کسی قسم کا بھی زخم آئے تو اسے قطعاً کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

## ایک شبہ اور اس کا جواب

ایک شخص نے علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا عقل تسلیم نہیں کرتی کہ جسم کٹ جائے اور تکلیف نہ ہو۔ جب بھی جسم کاٹا جائے گا درد اور تکلیف ضرور ہوگی۔ آپ نے اس کو قرآن کریم سے سورۂ یوسف کا بیان سنایا۔ مصر کی عورتیں زلیخا کے گھر مہمان ہیں اور کھانا کھانے کے بعد زلیخا کو طعنے دے رہی ہیں تو شہزادی اور یوسف بردہ ہے، غلام ہے، اس پر عاشق ہوگئی ہے۔ زلیخا نے کہا اگر تم میرے یوسف کو ایک نظر دیکھ لو تو پھر کبھی طعن میں زبان نہ کھول سکو گی۔ عورتوں نے کہا آج ہم یوسف کو دیکھنا چاہتی ہیں۔ زلیخا نے یوسف علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا۔ حضرت یوسف علیہ السلام تشریف لائے۔ جب ان کی نگاہیں یوسف علیہ السلام کے چہرے پر پڑیں قرآن کریم فرماتا ہے:

**فَلَمَّا رَ أَيْنَاهُ اَكْبَرْ نَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَا اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ۔** (پ۱۲، ع۱۴)

''جب عورتوں نے یوسف کو دیکھا اس کی بڑائی بولنے لگیں اور اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور بولیں اللہ کو پاکی ہے یہ تو جنس بشر سے نہیں، یہ تو نہیں، مگر کوئی معزز فرشتہ۔''

مصر کی عورتوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور انھیں قطعاً کوئی تکلیف نہ ہوئی حالانکہ ہاتھ کٹ رہے ہیں۔ وجہ یہ تھی کہ سامنے یوسف علیہ السلام موجود تھے اور یوسف علیہ السلام کے جمال میں اس قدر محو تھیں کہ جسم کٹ گیا اور کوئی تکلیف نہ ہوئی۔ آپ اندازہ فرمائیں یوسف سامنے ہو تو تکلیف نہ ہو اور اگر خالق یوسف سامنے ہو تو درد کیسے ہو سکتا ہے جب شہید کے جسم پر دشمن کی تلوار چلتی ہے تو دیدار الٰہی نصیب ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ شہید کو زخموں کا درد نہیں ہوتا۔ یہاں ایک بات ضمناً عرض کرتا ہوں۔ مصر کی عورتوں نے یوسف علیہ السلام کو دیکھا تو ہاتھ کاٹ لئے۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

**لَوْ امِیْ زَلَيْخَا لَوْرَ اَيْنَ جَبِيْنَهٗ لَاٰثَرْنَ بِالْقَطْعِ الْقُلُوْبَ عَلَى الْاَيْدِىْ۔** (زرقانی)

Scanned by CamScanner

''اگر مصر کی عورتیں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ لیتیں تو ہاتھ کاٹنے کی بجائے اپنے دل کاٹ کر رکھ دیتیں۔

اعلیٰ حضرت امام اہل سنت و جماعت مولانا شاہ احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

حسن یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشت زناں    سر کٹاتے ہیں ترے نام پہ مردان عرب

مصر کی عورتیں ہیں، عرب کے مرد ہیں۔ ادھر انگلیاں ہیں ادھر سر ہیں۔ ادھر انگلیاں کٹ رہی ہیں ادھر سر کٹائے جا رہے ہیں۔ کٹنا بغیر الاختیار ہے اور کٹانا بالاختیار ہے۔ کٹ جانا کوئی بڑی بات نہیں مگر کٹانا مشکل ہوتا ہے۔

ہاں تو میں عرض کر رہا تھا کہ شہید کو شہادت کے وقت چونکہ زیارت خداوندی نصیب ہوتی ہے اور وہ اس میں اتنا محو و مستغرق ہوتا ہے کہ چاہے گھوڑے، ٹینک اس کے جسم کو روندتے چلے جائیں مگر اسے کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

## جنت میں لذّت نہیں

شہید جب جنت میں جائے گا تو عرض کرے گا: ''اے رب کریم! میں نے تیری جنت دیکھ لی ہے، اس کے میوے کھالئے، نہروں سے دودھ، شہد وغیرہ پی لیا۔ مگر یا اللہ! مجھے تیری جنت میں لذت نہیں آئی۔ پروردگار عالم فرمائے گا: ''اے میری راہ میں جان قربان کرنے والے! میری جنت میں کس چیز کی کمی ہے وَ لَکُمْ فِیْهَا مَا تَشْتَهِیْٓ اَنْفُسُكُمْ اور جو تم خواہش کرو اس میں موجود ہے''۔ شہید عرض کرے گا یا اللہ! مجھے وہ لذّت جو میدان جہاد میں دشمن کی تلوار کی دھار کے نیچے آئی تھی یہاں نہیں ملتی۔ میری خواہش ہے کہ مجھے پھر دنیا میں واپس بھیج دیا جائے، پھر میدان جہاد ہو، دشمن کی تلوار ہو اور میری گردن، میرا جسم ہو اور دشمن کے گھوڑے۔ پھر تیری راہ میں اُقْتَلُ قتل کیا جاؤں ثُمَّ اُحْیٰ پھر زندہ کیا جاؤں ثُمَّ اُقْتَلُ پھر قتل کیا جاؤں، یہ عمل مجھے تیری جنت سے پیارا ہے۔

شہید کے خون کے ایک ایک قطرے کے عوض حضور علیہ السلام کی امت کے ستر ستر ہزار گناہ گار بخش دیئے جائیں گے۔ دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی راہ میں شہادت نصیب فرمائے۔ آمین

## شہادت عظمیٰ

جب محرم کا مہینہ آتا ہے تو دلوں کے اندر جذبہ شہادت موجزن ہوتا ہے اور اس شہادت عظمیٰ

Scanned by CamScanner

کی یاد تازہ ہو جاتی ہے اور وہ قربانیاں سامنے آجاتی ہیں جن کی گواہی آج بھی کربلا کی تپتی ہوئی ریت کے ذرّے دے رہے ہیں۔ مختصر سا قافلہ ہے اور اس قافلے کا رہنما وہ ہے جسے دیکھ کر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ مجھے حسین سے جنت کی خوشبو آتی ہے

## سواری کتنی اچھی ہے

ایک دن سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ دربار رسالت میں حاضر ہوئے، دیکھا کہ شہزادہ حسین حضور علیہ السلام کے مبارک کاندھوں پر سوار ہیں۔ فاروق اعظم نے کہا: ''نِعْمَ الْمَرْكَبُ کتنی اچھی سواری ہے''۔ یہ سن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نِعْمَ الرَّاكِبُ سوار بھی کتنا اچھا ہے۔

## امام حسین کے منہ میں حضور نے لعاب دہن ڈالا

کربلا کے اس عظیم شہید کی فضیلت میں ایک اور حدیث سنیئے۔ امام ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے اس حدیث کو اپنی کتاب ''الاصابہ'' میں نقل فرمایا ہے:

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَبْصُرَتْ عَيْنَایَ هَاتَانِ وَسَمِعَتْ اُذُنَایَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمِ وَهُوَ اٰخِذٌ بِكَفَّي حُسَيْنٍ وَقَدَ مَاهُ عَلٰى قَدَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَهُوَ يَقُوْلُ تَرَقَّ تَرَقَّ قَالَ فَرَقَى الْغُلَامُ حَتّٰى وَضَعَ قَدَمَيْهِ عَلٰى صَدْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِفْتَحْ فَاكَ ثُمَّ تَفَلَ ثُمَّ قَبَّلَهٗ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَحِبَّهٗ فَاِنِّیْ اُحِبُّهٗ

''ابو ہریرہ فرماتے ہیں میری ان آنکھوں نے دیکھا اور کانوں نے سنا کہ حضور علیہ السلام حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں کو پکڑے ہوئے تھے اور حسین۔ نے پاؤں حضور کے پاؤں پر رکھے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے اے ننھے قدموں والے! چڑھ آ، چڑھ آ۔ چنانچہ شہزادہ حسین جسم اطہر پر چڑھنے لگے یہاں تک کہ اپنے قدم حضور کے سینے پر رکھ دیئے۔ پس حضور نے فرمایا منہ کھول پھر آپ نے لعاب دہن ڈالا اور منہ چوم لیا۔ پھر کہا اے اللہ! اسے محبوب رکھ کیونکہ میں اسے محبوب رکھتا ہوں''۔

Scanned by CamScanner

آپ اندازہ فرمائیں جس کی تربیت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی گود مبارک میں ہو، جس کے منہ میں مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کا لعاب دہن ہو اس کی شان کا اندازہ کون کرسکتا ہے۔

## تربیت حسین رضی اللہ عنہ

تربیت کا یہ عالم تھا کہ ایک مرتبہ زکوٰۃ کی کھجوروں کا ٹوکرا رکھا تھا شہزادہ حسین کے بچپن کا زمانہ تھا ایک کھجور اٹھا کر منہ میں رکھ لی تو حضور علیہ السلام نے فوراً انگلی ڈال کر کھجور نکال دی اور فرمایا کَخْ کَخْ چھی چھی (یعنی ناپاک ہے مت کھا) کیونکہ زکوٰۃ کا مال سادات پر حرام ہے۔

حضرت امام حسین سات سال، سات ماہ اور سات دن تک حضور علیہ السلام کے سایہ شفقت میں رہے۔ اس تربیت نے آپ کو علم وفضل، شجاعت، سخاوت، ہمت ورافت، تقویٰ وطہارت اور زہد وورع کی مکمل تصویر بنادیا۔ یہاں میں صرف آپ کی شفقت ومہربانی کا ایک واقعہ بیان کرتا ہوں۔

## ایک غلام کا وقعہ

ایک دن آپ کے یہاں چند معزز مہمانوں کی دعوت تھی ایک غلام نے ایک کھانے کا قیمتی برتن لاپرواہی میں توڑ دیا آپ نے اس کی طرف غصہ سے دیکھا۔ وہ غلام قرآن کریم کا عالم تھا اس نے فوراً یہ آیت پڑھی" وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ مومن غصہ کو پی جانے والے ہیں"۔ یہ سن کر امام حسین نے فرمایا: کَظَمْتُ غَیْظِی میں نے غصہ کو پی لیا۔ پھر اس غلام نے آیت کا اگلا حصہ تلاوت کیا" وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ اور لوگوں کو معاف کرنے والے"۔ آپ نے فرمایا" عَفَوْتُ عَنْکَ میں نے تجھے معاف کردیا"۔ غلام نے آیت پوری کرتے ہوئے پڑھا" وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ اور اللہ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔ آپ نے فرمایا" میں نے تجھے اللہ کے لیے آزاد کردیا"۔

امام حسین نے آنکھیں کھولیں تو رسول خدا کی نمازیں، علی المرتضیٰ کے سجدے اور فاطمۃ الزہرا کی تلاوتیں سامنے تھیں۔ پھر ساری عمر اسی ذوق میں کٹی، حتیٰ کہ تیروں کی بارشیں، نیزوں کی انیاں اور تلواروں کی دھاریں بھی اس سر کو بارگاہ ایزدی میں جھکنے سے باز نہ رکھ سکیں۔

لگا دی ہے مرے محبوب نے ایسی لگن، مجھ کو
گزاروں گا اسی لذت میں باقی کی عمر اپنی

Scanned by CamScanner

## علامہ اقبال کا خراج عقیدت

شہزادہ حسین رضی اللہ عنہ کی شان میں علامہ اقبال کے چند اشعار سنیے:

آں امام عاشقاں پور بتول    سرو آزادی زبستان رسول
بہر آں شہزادۂ خیر الملل    دوش ختم المرسلیں نعم الجمل
موسیٰ و فرعون و شبیر ویزید    ایں دو قوت ازحیات آید پدید
زندہ حق از قوت شبیری است    باطل آخر داغ حسرت میری است
بر زمین کربلا با رید و رفت    لالہ در ویرانہ ہا کا رید و رفت
تا قیامت قطع استبداد کرد    موج خون او چمن ایجاد کرو
بہر حق در خاک وخوں غلطیدہ ست    پس بنائے لا الـــہ گردیدہ است
سر ابراہیم و اسمٰعیل بود    یعنی آں اجمال راتفصیل بود
ماسو اللہ را مسلماں بندہ نیست    پیش فرعو نے سرش افگندہ نیست
خون او تفسیر ایں اسرار کرد    ملت خوابیدہ را بیدار کرد
نقش الا اللہ بر صحرا نوشت    سطر عنوان نجات ما نوشت
رمز قرآں از حسین آموختیم    ز آتش او شعلہ ہا اندو ختیم
در نوائے زندگی سوزاز حسین    اہل حق حریت آموز از حسین

تار ماز زخمہ اش لرزاں ہنوز
زندہ از تکبیر او ایماں ہنوز

## شہادت کی خبر

امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی پیدائش کے ساتھ ہی ان کی شہادت کی خبر مشہور ہو چکی تھی۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل نے مجھے اطلاع دی ہے کہ میرا فرزند سرزمین فرات میں شہید کیا جائے گا میں نے جبریل سے کہا ان کے مقتل کی مٹی لا کر دکھاؤ۔ پس یہ مٹی وہاں سے لائے۔ پھر وہ مٹی حضور علیہ السلام نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو دے دی اور فرمایا جب یہ مٹی خون بن جائے گی تو وہ میرے بیٹے کے قتل کا دن ہوگا۔ ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اس مٹی کو شیشی میں ڈال لیا جب امام عالی مقام ارض

Scanned by CamScanner

کربلا میں شہید ہوئے تو وہ مٹی مدینہ پاک میں خون بن گئی۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم باخبر ہوتے ہوئے ایک بار بھی یہ دعا نہیں کرتے کہ یااللہ! میرے بیٹے حسین سے یہ امتحان دور فرما، بلکہ دعا کرتے ہیں کہ الٰہی! حسین کو اس امتحان میں ثابت قدم رکھ۔ یہی دعا حضرت فاطمۃ الزہرا اور حضرت مولاعلی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں۔ وقت گزرتا گیا اور کربلا کی مہیب وادیاں قریب آتی گئیں۔

## مدینہ طیبہ سے جدائی

آخر وقت آیا جب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور نظر حضرت زہرا کا لخت جگر شہزادہ گلگوں قبا رضی اللہ عنہ مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہونے کی تیاری کررہا تھا۔ روضۂ پاک سے جدائی کون وہ پتھر دل ہے جو برداشت کرسکے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ مدینہ پاک سے رخصت ہوئے اور زائرین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

قافلہ تو اے رضا اول گیا آخر گیا ٹھوکریں کھاتے پھروگے ان کے در پر پڑ رہو

شہزادۂ عالی مقام مدینہ پاک سے رخصت ہونے سے قبل رات کو نانا جان کے روضہ انور پر حاضر ہوتے ہیں اور روضہ انور سے لپٹ کر زار زار روتے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ نانا جان! میں وہی حسین ہوں جس کے لیے ہرنی اپنا بچہ لے کر آئی تھی، میں وہی دلبند فاطمہ ہوں جس کا گہوارہ فرشتے جھولاتے تھے، میں وہی شہزادہ ہوں جس کو آپ کندھوں پر سوار فرمایا کرتے تھے۔ یونہی عرض کرتے کرتے آنکھ لگ گئی دیکھا کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں اور آپ کے سر مبارک کو گود میں لے کر فرمارہے ہیں ”اے لخت جگر! بہت جلد تو ہم سے آملے گا میں دیکھ رہا ہوں کہ تو میرے پاس بھوکا پیاسا جگر لے کر آرہا ہے، یہ جسم نوری خاک کربلا سے آلودہ ہوگا، یہ عارض خون حلقوم سے رنگین ہوں گے، بیٹا حسین صبر کرنا۔“ تھوڑی دیر بعد آنکھ کھل گئی اور نالہ کناں تربت زہرا پر حاضر ہوئے اور عرض کیا ”اے اماں جان! آپ کا پیارا حسین حلقوم کٹوانے جارہا ہے اور آپ سے رخصت ہونے آیا ہے۔“ تربت زہرا سے آواز آئی مشیت الٰہیہ میں مجال دم زدن نہیں ہے میں تمہارا انتظار کررہی ہوں والدہ سے اجازت لے کر آپ واپس تشریف لائے اور مکہ مکرمہ کی طرف کوچ کرنے کی تیاری کرنے لگے۔

Scanned by CamScanner

فرزند پیغمبر کا مدینے سے سفر ہے — سادات کی بستی کے اجڑنے کی خبر ہے
گلر وصفت چمن دہر سے جانے کو چلے ہیں — گھر چھوڑ کے جنگل کو بسانے کو چلے ہیں

رات کی تاریکی چھا چکی تھی، ہر طرف خاموشی ہی خاموشی تھی، یہ وہی مدینہ ہے جہاں نانا جان کے کندھوں پر کھیلا کرتے تھے۔ نیرنگی تقدیر ہے، رجب ۶۰ھ ہے۔ اسی رات کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم معراج پر تشریف لے گئے، اور یہی تاریخ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سفر کی ہے اور یہ کربلا کی معراج شہادت عظمیٰ کی معراج ہے۔

مکہ پہنچ کر آپ نے شعب ابو طالب میں قیام فرمایا۔ یہ وہی مقام ہے جہاں سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مقیم رہے جب قریش مکہ نے آپ سے بائیکاٹ کیا تھا۔ تمام صحابہ خوش ہیں کہ نواسۂ رسول ہم میں تشریف لائے ہیں مگر قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔

## کوفہ والوں کی دعوت

کوفہ والوں نے مسلسل خطوط لکھے، ان خطوط کا مضمون ابن خلدون نے ان الفاظ میں لکھا ہے۔

"اب ہم پر کوئی امام نہیں آپ آیئے، تاکہ آپ کے ذریعے اللہ تعالیٰ ہمیں حق پر جمع کر دے۔ اگر چہ نعمان (گورنر کوفہ) شاہی محل میں ہے مگر اس کے ساتھ نہ تو ہم شریک جمعہ ہوتے ہیں اور نہ شریک عید۔ اگر ہم کو یہ معلوم ہو جائے کہ آپ تشریف لائیں گے تو ہم اس کو اس طرح نکال دیں کہ وہ شام میں ہی جا کر دم لے گا۔"

سینکڑوں چٹھیاں آپ کے پاس پہنچ رہی تھیں ادھر مکہ مکرمہ کے اکابر صحابہ عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن زبیر، عبداللہ بن عمر اور عمرو بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہم عرض کر رہے تھے ہم نے سنا ہے آپ عراق جا رہے ہیں ہمیں یقین ہے کہ جن لوگوں نے آپ کو خطوط لکھے ہیں وہی آپ سے لڑیں گے۔ بلکہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے آپ کو گلے لگا کر نہایت دردمندانہ مشورہ عرض کیا: "اگر آپ حجاز میں رہ کر حصول خلافت کی کوشش کریں تو ہم سب بیعت کریں گے اور آپ کی مدد کریں گے اور آپ کے خیر خواہ رہیں گے۔"

## امام مسلم کی روانگی

اسی اثناء میں کوفہ والوں کے اور پیغام آئے تو آپ نے صحابہ سے مشورہ کیا یہ بات طے ہوئی

Scanned by CamScanner

کہ پہلے حضرت مسلم بن عقیل کو کوفہ بھیجا جائے وہ جا کر وہاں کے حالات لکھیں۔ جاتی دفعہ حضرت مسلم بن عقیل اپنے دو معصوم بچوں محمد اور ابراہیم کو بھی ساتھ لے گئے۔

جب امام مسلم نے کوفہ کی سرزمین پر قدم رکھا تو اہل کوفہ نے شاندار استقبال کیا اور صرف ایک ہی دن میں چالیس ہزار آدمی بیعت میں داخل ہو گئے کوفہ کے گورنر نعمان بن بشیر نے بھی کوئی تعرض نہ کیا۔ کوفہ والوں کی یہ محبت دیکھ کر امام مسلم نے حضرت امام حسین کو لکھا کہ آپ فوراً تشریف لائیں حالات بالکل ٹھیک ہیں۔

ادھر جب یزید کو اس صورت حال کا علم ہوا کہ تمام اہل کوفہ نے امام حسین کی بیعت قبول کر لی ہے اور ان کے نمائندے مسلم بن عقیل ایک طرح سے کوفہ کے والی ہو گئے ہیں اور گورنر نے ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی تو اس نے بصرہ کے گورنر ابن زیاد کو فوراً کوفہ روانہ کیا اور کوفہ کے گورنر نعمان بن بشیر کو معزول کر دیا۔ ابن زیاد بڑا مکار اور چالاک آدمی تھا وہ سمجھتا تھا جب میں کوفہ پہنچوں گا تو اہالیان کوفہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتظار میں ہونگے۔ اس لیے وہ ایک قافلہ کی شکل میں اسی راستہ سے آیا جو مکہ مکرمہ سے آتا تھا۔ ابن زیاد شام کے وقت شہر میں داخل ہوا، اس نے اپنا منہ چھپا رکھا تھا۔ لوگوں نے سمجھا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لے آئے ہیں اور بلا تامل خوشی سے نعرے لگاتے ہوئے ابن زیاد کے ساتھ ہو لیے۔ خوشی میں کسی نے یہ نہ دیکھا کہ ہم کس کے نعرے لگا رہے ہیں۔ ابن زیاد تیزی سے قلعہ کے دروازے پر پہنچا اور فوراً اندر داخل ہو گیا اور قلعے کی دیوار پر کھڑے ہو کر چہرے سے نقاب الٹ دیا۔ کوفہ والوں کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ ابن زیاد نے فوراً اعلان کیا کہ اے کوفہ والو! تم نے مسلم بن عقیل کی بیعت کر کے ہمارے غضب کو دعوت دی ہے۔ صبح سورج طلوع ہوتے ہی تمہارے مکانات جلا دیئے جائیں گے تمہاری گردنوں پر ہماری تلواریں لہراتی نظر آئیں گی بہتر یہی ہے کہ طلوع فجر سے پہلے پہلے مسلم بن عقیل کی بیعت توڑ دو، ورنہ تمہاری جان، مال اور اولاد کوئی چیز بھی مجھ سے بچ نہ سکے گی۔

کوفہ والے ابن زیاد کی ان دھمکیوں میں آ گئے ان کے جسم تھر تھر کانپنے لگے۔ سینکڑوں کوفیوں نے اسی وقت بیعت توڑ دینے کا اعلان کر دیا اور باقی تقریباً تمام ہی متذبذب ہو گئے۔ رات گزر گئی، حضرت امام مسلم ہانی بن عروہ کے گھر پہنچے اور اس کو کہا کہ اہل کوفہ نے میرے ساتھ بدعہدی کی ہے اور دھڑا دھڑ بیعت توڑ رہے ہیں۔

Scanned by CamScanner

ادھر ابن زیاد نے چالیس معززین کو قلعہ میں بلا کر گرفتار کرلیا۔ جب ابن زیاد کو علم ہوا کہ امام مسلم ہانی کے گھر موجود ہیں تو اس نے ہانی کو بلا کر کہا کہ تم نے میرے دشمن کو پناہ دی ہے، اگر مجھے تیری دیرینہ دوستی کا پاس نہ ہوتا تو ابھی تمھاری گردن اڑا دیتا۔ حضرت ہانی نے کہا دوستی کا پاس کرتا ہے اور رسول کریم کی نسبت کا کوئی احساس نہیں! آخر اس ظالم نے ہانی کو شہید کرادیا۔

حضرت مسلم بن عقیل کو علم ہوا تو آپ ہانی کے گھر سے باہر نکلے۔ دیکھا تو ابن زیاد کی فوج نے مکان کو گھیرے میں لے رکھا تھا۔ آپ اپنے دونوں بچوں کو قاضی شریح کے سپرد کر آئے تھے محمدی کچھار کے شیر نے ایک ہی حملہ سے تمام فوج کو بھگا دیا ابن زیاد سر پٹک کر رہ گیا۔ فوجوں کے دستے امام مسلم کو گرفتار نہ کر سکے۔ اس نے فوراً مزید فوج بھیج دی۔ مگر اتنی دیر میں کچھ کوفی بھی حضرت امام مسلم کے ساتھ مل چکے تھے آپ کے جوہر تلوار دیکھ کر کوفہ والوں کی ڈھارس بندھ گئی۔ لوگ ایک بار پھر حضرت مسلم کے ساتھ مل چکے تھے۔ بڑھتے بڑھتے یہ تعداد پچاس ہزار تک پہنچ گئی۔ آپ نے اس لشکر کو ساتھ لے کر قلعہ کا محاصرہ کرلیا۔ ابن زیاد گھبرا گیا۔ اب اس نے یہ چال چلی کہ وہ چالیس معززین جن کو اس نے دھوکے سے بلا کر گرفتار کیا ہوا تھا ان کو کہا کہ تم قلعہ کی دیوار پر کھڑے ہو کر اپنے اپنے قبیلے اور رشتہ داروں کو کہو کہ واپس چلے جائیں ورنہ قلعہ پر حملہ سے پہلے ہمارے سر جسموں سے الگ کر دیئے جائیں گے۔ اس کی یہ تجویز کارگر ثابت ہوئی ان چالیس آدمیوں نے قلعہ پر چڑھ کر گڑگڑا کر منتیں کیں کہ اگر تم واپس نہ گئے تو ہم قتل کر دیئے جائینگے۔ بد عہد کوفیوں نے واپس جانا شروع کر دیا اور مغرب تک ایک آدمی بھی ساتھ نہ تھا۔

امام مسلم نے طوعہ نامی عورت کے ہاں پناہ حاصل کی۔ ادھر ابن زیاد نے اعلان کیا کہ مسلم کو پناہ دینے والا بھی قتل کر دیا جائے گا کوئی شخص مسلم کو پناہ نہ دے۔ آج ہر کوفی اپنا دروازہ بند کر رہا تھا کہیں مسلم میرے گھر نہ آجائیں۔ کل یہی کوفی گھر لے جانا سعادت سمجھتے تھے وہی کوفی جو کل تک ہاتھ پاؤں چوم رہے تھے آج خون کے پیاسے نظر آرہے ہیں۔

## خون کی پہلی لکیر

طوعہ کے بیٹے نے فوراً ابن زیاد کو خبر دی کہ مسلم ہمارے گھر میں پناہ گزین ہیں۔ اب زیاد کے سپاہیوں نے طوعہ کے گھر کا محاصرہ کرلیا۔ امام مسلم کو سب سے زیادہ اس بات کی فکر تھی کہ میں نے امام حسین رضی اللہ عنہ کو لکھا ہے کہ آپ تشریف لے آئیں۔ آپ یقیناً کوفہ کی طرف کوچ فرما چکے ہوں گے۔ یہ خیال رہ رہ کر ستا رہا تھا کہ اگر امام حسین تشریف لے آئے تو کیا ہوگا۔ اسی خیال میں

Scanned by CamScanner

ڈوبے ہوئے آپ باہر نکلے ابھی دروازے سے باہر قدم رکھا ہی تھا کہ دروازے کے پیچھے دو سپاہی جو چھپے بیٹھے تھے اچانک حملہ آور ہوئے ظلم کی تلواریں آپ کے سر پر گریں آپ چکرا کر زمین پر گر گئے۔ گرفتار کر کے آپ کو ابن زیاد کے دربار میں پیش کیا گیا۔

ابن زیاد: تم لوگوں میں تفرقہ ڈالنے آئے ہو؟

امام مسلم: نہیں، ہم عدل وانصاف قائم کرنے اور کتاب وسنت کی دعوت دینے کے لیے آئے ہیں۔

ابن زیاد: کہاں تم اور کہاں کتاب وسنت!

امام مسلم: کتاب وسنت ہمارے گھر سے لوگوں کو ملی ہے۔

ابن زیاد: میں تمھیں اس طرح قتل کروں گا کہ زمانۂ اسلام میں آج تک کسی کو اس طرح قتل نہ کیا گیا ہوگا۔

امام مسلم: بے شک خباثت اور کمینگی میں تمھارا کوئی مقابل نہیں۔

آپ کا جرأت مندانہ جواب سن کر ابن زیاد نے حکم دیا کہ ان کی گردن اڑا دی جائے۔ آپ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔

بہر حق در خاک وخوں غلطیدہ است
پس جائے لا الہ گر ویدہ است

جن کو دھوکے سے کوفے بلایا گیا  جن کو بیٹھے بٹھائے ستایا گیا
جن کی گردن پہ خنجر چلایا گیا  جن کے بچوں کو پیاسے رلایا گیا
اس محمد کے اختر پہ لاکھوں سلام

سوانح کربلا میں خون کی یہ پہلی لکیر تھی جو کوفہ میں امام مسلم کے خون سے کھینچی گئی۔

## امام مسلم کے معصوم بچے

محمد اور ابراہیم رضی اللہ عنہما دونوں معصوم بچے قاضی شریح کے گھر ان تمام واقعات سے بے خبر موجود تھے۔ جب ابن زیاد قتل امام سے فارغ ہو چکا تو اعلان کرایا کہ جو مسلم کے معصوم بچوں کو جو کوفہ میں روپوش ہیں، پکڑ کر پیش کرے گا بے پناہ انعام پائے گا۔'' قاضی شریح یہ اعلان سن کر سخت پریشان ہوا، اس کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ بچے یہ حالت دیکھ کر گھبرا گئے اور قاضی شریح سے کہا آپ کیوں رو رہے ہیں ہم کہیں یتیم تو نہیں ہو گئے؟ کیا کوفہ میں ہمارا کوئی نہیں رہا؟ کیا والد ہمیں بے سہارا چھوڑ کر چلے گئے؟

Scanned by CamScanner

قاضی نے دونوں بچوں کو سینے سے لگایا اور کہا: صاحبزادو! یہ وقت آہ وفغاں کا نہیں ابن زیاد کے سپاہی تمہاری تلاش کر رہے ہیں، کہیں تمہاری آواز سن کر ادھر نہ آنکلیں، صبح ایک قافلہ دروازہ عراقیین سے مدینہ منورہ جارہا ہے اس کے ساتھ تمہیں کردیتا ہوں اللہ کو منظور ہوا تو مدینہ طیبہ پہنچ جاؤ گے۔

قاضی شریح نے اپنے بیٹے اسد کو بلا کر کہا جاؤ ان دونوں صاحبزادوں کو بہ حفاظت قافلہ کے ساتھ ملا آؤ۔ اسد دروازہ عراقیین پر آیا تو دیکھا کہ قافلہ جاچکا تھا دور گرد نظر آرہی تھی اسد نے کہا جلدی کرو، دوڑ کر قافلے سے مل جاؤ۔ دونوں بچے دوڑے مگر قافلہ دور نکل گیا نوکیلے پتھروں نے پاؤں زخمی کر دیئے۔ بھوکے پیاسے بھاگے چلے جارہے ہیں۔ پھول سی نازک تلیاں رنگین ہوگئیں۔ تمام دن دوڑتے رہے۔ رات ہوگئی۔ بڑے نے چھوٹے بھائی سے کہا: رات کہیں سو جائیں۔ مگر چھوٹا بولا: بھائی جان! کہیں سپاہی گرفتار نہ کرلیں ابھی ہم کوفہ سے زیادہ دور نہیں آئے ہیں، ہمیں رات میں بھی سفر جاری رکھنا چاہیے۔

رات کی سیاہی گہری ہوتی چلی گئی۔ پتہ ہلتا ہے تو ڈر جاتے ہیں۔ جنگل بیابانوں کو طے کرتے چلے گئے۔ صبح ہونے کو تھی تو کہنے لگے کہ ہم یقیناً کوفہ سے کہیں دور نکل آئے ہونگے مگر پو پھٹی تو دیکھا کہ کوفہ کے مکانات سامنے تھے۔ چھوٹے بھائی نے کہا بھیا! راستہ بھول گئے ہیں۔

بھوک اور پیاس کی شدت سے نڈھال ہوگئے تھے چمنستان نبوی کے مہکتے پھول مرجھا رہے تھے کہیں چھپنے کا ارادہ کرہی رہے تھے کہ ایک ظالم سپاہی نے پکڑلیا۔ دونوں لال ابن زیاد کے دربار میں سہمے کھڑے ہیں۔ ابن زیاد نے حکم دیا کہ انھیں جیل خانے بھجوادیا جائے اور کھانے پینے کو کچھ نہ دیا جائے۔ جیل کا داروغہ مشکور نہایت نیک طینت انسان تھا۔ اسی رات کو کھانا کھلا کر قادسیہ کی راہ کی طرف لے گیا اور اپنی انگوٹھی دے کر کہا سیدھے قادسیہ چلے جاؤ وہاں میرا بھائی کوتوال ہے اسے یہ انگوٹھی دے کر سارا ماجرا کہہ سنانا وہ تمہیں کسی طریقہ سے مدینہ پاک پہنچادے گا یہاں مجھ پر جو گزرے گی میں سہہ لوں گا مگر ناخن تدبیر گرہ تقدیر کے کھولنے سے عاجز ہے۔ قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔

بچے تمام رات دوڑتے رہے صبح ہوئی تو پھر کوفہ کے بازار نظر آرہے تھے۔ پاؤں میں چھالے پڑگئے۔ مظلومیت کی انتہا ہے، دشمن کا ملک ہے، ذرّہ ذرّہ خون کا پیاسا ہے کوئی سہارا نہیں۔

آسماں راحق بود گر خوں ببارد بر زمین

پیاس بجھانے کے لیے ایک تالاب کے کنارے گئے تو ایک عورت پانی لینے کے لیے آرہی

Scanned by CamScanner

تھی اس عورت نے دونوں بچوں کو دیکھ کر پوچھا کہ تم کون ہو؟ بچوں نے کہا کہ ہم مسلم بن عقیل کے بیٹے ہیں یہاں ہمارا کوئی نہیں ہم ہاتھ باندھ کر عرض کرتے ہیں کہ ہمیں مت مارنا ہم بے قصور ہیں۔

اس عورت کی آنکھوں میں آنسو آ گئے، بولی: صاحبزادو! مت گھبراؤ میں جس کی کنیز ہوں وہ ایک محبّ اہل بیت عورت ہے چلو میں تمھیں ساتھ لے چلتی ہوں وہ تمہاری خدمت کرے گی۔ وہ عورت دونوں کو ساتھ لے کر مالکہ کے پاس آئی اور کہا جنت کے دو پھول لائی ہوں، یہ امام مسلم کے نور نظر ہیں۔ اس عورت نے دونوں بچوں کو گود میں لے کر پیار کیا، کھانا کھلایا اور مکان کے پچھلے حصے میں سلا دیا اور کنیز کو تاکید کر دی کہ یہ راز میرے خاوند سے پوشیدہ رکھنا وہ تو انہی کی تلاش کر رہا ہے دنیا کی دولت کے لالچ نے اس کی آنکھوں میں دھول جھونک دی ہے وہ اندھا ہوا جاتا ہے۔

ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ اس عورت کا خاوند گھوڑے سے اترا اور اپنی بیوی سے کہا کہ جلدی کر اور کھانا لا۔ میں چاہتا ہوں کہ مسلم کے بچوں کو جلدی گرفتار کر سکوں۔ ہم انعامات سے مالا مال کر دیئے جائیں گے، اتنی دولت ملے گی کہ تم سنبھال نہ سکو گی۔ عورت نے کہا میں ایسی دولت پر لعنت بھیجتی ہوں، نفرین ہے تیرے ارادے پر ظالم! ان بچوں کو قتل کر کے کیا لو گے؟ حشر میں خدا کی بارگاہ میں کون سا منہ لے کر جاؤ گے؟

حارث نے کہا: میں ایسی نصیحت نہیں سننا چاہتا اگر کھانا تیار ہے تو لاؤ ورنہ جا رہا ہوں۔ مکان کے اندر دونوں بچے خواب میں اپنے والد کو دیکھتے ہیں اور چیخیں مار کر اپنے والد سے چمٹ جاتے ہیں۔ ان کی آواز حارث کے کان میں پہونچتی ہے اپنی عورت سے پوچھتا ہے کہ یہ کون رو رہا ہے ہمارے گھر میں کون ہے؟ عورت نے کہا کہ کہیں پڑوس سے آواز آ رہی ہوگی۔ ظالم نے بڑھ کر دروازہ کھولا تو دونوں بچے ایک دوسرے سے لپٹ کر رو رہے تھے۔ ظالم نے دونوں کو سر کے بالوں سے پکڑا اور کھینچتا ہوا باہر لے آیا۔ نازک رخساروں پر طمانچے مارے۔ عورت نے چھڑانے کی کوشش کی مگر اس نے تلوار مار کر بیوی کو زخمی کر دیا اور کہا: خبردار! اپنی جان کی خیر چاہتی ہو تو خاموش رہو۔ بیوی نے خاوند کے قدموں پر سر رکھ کر کہا کہ اے ظالم! ان بچوں کو کیوں قتل کرنا چاہتے ہو ہم قیامت کے دن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا منہ دکھائیں گے۔

کیوں فاطمہ زہرا کو رلاتا ہے کفن میں
دو پھول تو رہنے دے محمد کے چمن میں

Scanned by CamScanner

ظالم نے اپنی بیوی کی اس آہ وزاری کی کوئی پرواہ نہ کی اور دونوں بچوں کو زمین پر گرا کر بے تحاشا مارنا شروع کیا۔ بیوی نے کہا:

ارے سید ہیں یہ سید ہیں طمانچے نہ لگا — ارے قرآن کے ورقوں کو زمین پر نہ گرا
بس ارے بس زمیں اب تو ہلی جاتی ہے — لے اب تو مجھے فاطمہ غمگین نظر آتی ہے

حارث دونوں بچوں کو مارتا ہوا دریا کے کنارے لے گیا۔ دریا کے کنارے پہنچ کر دونوں بچوں نے کہا تجھے اگر مال کی ضرورت ہے تو ہمیں بیچ دے کوئی نہ کوئی خرید ہی لے گا اور اگر یہ منظور نہیں تو ابن زیاد کے پاس لے چل جو وہ چاہے سو کرے گا۔ حارث نے کہا اگر میں تمہیں بیچ دوں تو مجھے اتنی رقم وصول نہیں ہوگی جتنی ابن زیاد مجھے انعام میں دے گا لہذا میں تمہیں یہیں قتل کروں گا، ہوسکتا ہے دربار میں تمہیں کوئی چھڑا لے۔

ظالم نے ظلم کی تلوار اٹھائی تو چھوٹا بچہ آگے بڑھا اور کہا پہلے مجھے قتل کر۔ بڑے نے کہا: نہیں نہیں میں اپنے چھوٹے بھائی کا تڑپتا ہوا لاشہ نہیں دیکھ سکتا، پہلے مجھے قتل کر۔ حارث نے کہا کیا تمہیں قتل ہونے کا شوق ہے؟ دونوں بچوں نے کہا: تو لذت شہادت سے آشنا ہی نہیں۔ پھر دونوں بچے سجدے میں گر گئے۔ حارث نے کہا کیا تمھارا سجدہ تمہیں میری تلوار سے بچالے گا۔

وہ بولے کہ یہ شیوہ ہے مشہور ہمارا
سر دینا عبادت میں ہے دستور ہمارا

آخر دونوں بچے کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے شہید ہوگئے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ظالم نے دونوں بچوں کے جسموں کو دریا میں پھینک دیا۔ دونوں جسم آپس میں مل گئے۔

حارث سروں کو لے کر ابن زیاد کے دربار میں پہنچا۔ ابن زیاد نے کہا: انعام مانگتا ہے، تو نے بہت برا کیا۔ اگر یزید نے بچے طلب کر لیے تو کیا ہوگا، میں نے تو اسے یہ لکھ دیا ہے۔ پھر ابن زیاد نے کہا: کون ہے جو حارث کو اسی جگہ لے جا کر قتل کرے جہاں اس نے ان بچوں کو قتل کیا ہے۔ چنانچہ اسے وہاں لے جا کر قتل کر دیا گیا۔ خون شہیداں رنگ لایا۔

## امام عالی مقام کی مکہ سے روانگی

امام مسلم رضی اللہ عنہ کا خط کوفہ سے مکہ مکرمہ پہنچ چکا تھا۔ امام حسین رضی اللہ عنہ صحابہ کرام سے مشورہ فرما رہے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبداللہ بن زبیر، جابر، عمرو بن العاص اور

Scanned by CamScanner

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کے علاوہ کئی اجلہ صحابہ کوفہ جانے سے روک رہے تھے اور عرض کر رہے تھے کہ کوفہ والوں کی بدعہدی مشہور ہے وہ آپ سے کبھی وفا نہیں کریں گے۔ آپ نے فرمایا میں سب جانتا ہوں مگر اس سفر میں ایک زبردست راز ہے اور وہ یہ ہے کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے آپ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بکری مکہ میں ذبح ہوگی اور اس کے ذبح ہونے سے کعبۃ اللہ کی بے حرمتی ہوگی، اس دن سے ڈر رہا ہوں کہ وہ میں ہی نہ بن جاؤں، نیز اب کوفہ سے امام مسلم رضی اللہ عنہ نے بھی لکھ دیا ہے کہ جلدی تشریف لائیں حالات ٹھیک ہیں۔

چنانچہ آپ نے رخت سفر باندھا، منزلیں طے ہوتی گئیں۔ یہ مختصر سا قافلہ کوفہ کی طرف رواں دواں تھا۔ مقام شقوق پر آپ کو امام مسلم کی شہادت کی خبر ملی تو آپ نے فرمایا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ.

## امام مسلم کی اٹھارہ سالہ بیٹی

اس سفر میں امام حسین کے ساتھ حضرت امام مسلم کی ایک صاحبزادی بھی تھی جس کی عمر اٹھارہ سال تھی۔ آج آپ دیر تک اس کا منہ تکتے رہے اور نہایت پیار فرماتے رہے۔ بار بار اپنا دست اقدس اس کے سر پر رکھتے۔ صاحبزادی نے عرض کیا: حضور! آج آپ مجھے اس طرح پیار فرما رہے ہیں جیسے یتیموں سے کیا جاتا ہے، کیا ابا جان شہید ہو گئے ہیں؟ یہ جملہ سن کر امام حسین رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں بے اختیار آنسو آ گئے اور فرمایا: بیٹی! صبر کرو اور تم مجھے اپنا باپ سمجھو۔

امام مسلم کی شہادت کی خبر ملنے پر آپ نے فرمایا: جو جانا چاہے جا سکتا ہے۔ مگر امام مسلم کے بھائیوں نے کہا: ''ہم ضرور بدلہ لیں گے، ہم یزید کی فوجوں کا مقابلہ کریں گے۔ بھائی کے قتل کی خبر سن کر واپس جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا''۔

المختصر آپ سفر فرماتے ہوئے ایک مقام پر پہنچے تو آپ کا گھوڑا رک گیا۔ آپ نے ہر چند کوشش کی مگر گھوڑا آگے جانے کا نام ہی نہیں لیتا تھا۔ آپ نے دریافت فرمایا: یہ کون سی جگہ ہے؟ عرض کیا گیا کہ اس کو ماریہ کہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: کوئی اور نام بھی ہے؟ عرض کیا گیا اسے کربلا بھی کہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اللہ اکبر! ارض کرب وبلاء، یہی وہ مقام ہے جس کی بشارت دی گئی تھی۔

Scanned by CamScanner

## پہلی تقریر

اس میدان میں پہنچنے سے پہلے جب راستے میں حر بن یزید ریاحی لشکر لے کر آپ کے سامنے آیا تو نماز ظہر کے بعد امام حسین رضی اللہ عنہ نے اس سفر کی پہلی تقریر فرمائی:

''لوگو! میں خود نہیں آیا مجھے تمہارے خطوط اور قاصد لائے ہیں۔ تم نے کہا تھا کہ ہمارا کوئی امام نہیں آپ آیئے کہ آپ کے ذریعہ خدا ہمیں سیدھی راہ پر لگادے۔ لوگو! اگر تم خدا سے ڈرو اور حقدار کا حق پہچانو تو یہ خدا کی رضا کا موجب ہوگا۔ رسول خدا نے فرمایا ہے کہ جس نے محرمات الٰہیہ کو حلال کرنے والے، خدا کے عہد کو توڑنے والے، سنت رسول کے مخالف اور خدا کے بندوں پر زیادتی کرنے والے بادشاہ کو دیکھا اور اس کو قولاً یا عملاً غیرت نہ آئی تو خدا کو حق ہے کہ وہ اس کو دوزخ میں داخل کرے۔ لوگو! خبردار ہو جاؤ اس نے شیطان کی اطاعت اختیار کی ہے اور رحمٰن کی اطاعت چھوڑ دی ہے۔ ملک میں فساد پھیلایا ہے۔ حدود الٰہیہ کو معطل کر دیا ہے۔ خدا کے حرام کو حلال اور حلال کو حرام کر رکھا ہے۔ اس لیے مجھے غیرت آنے کا زیادہ حق ہے۔ میں علی اور بنت رسول کا بیٹا حسین ہوں۔ میری ذات تم لوگوں کے لیے نمونہ ہے۔ اگر تم عہد توڑ کر میری بیعت کا حلقہ اپنی گردن سے نکال ڈالو گے تو مجھے اپنی جان کی قسم یہ بھی تم سے بعید نہیں جو عہد شکنی کرتا ہے وہ گویا اپنے آپ کو دھوکہ دیتا ہے عنقریب خدا مجھ کو تمہاری امداد سے بے نیاز کر دے گا''۔

(ابن اثیر جلد ۴)

حُر نے کہا: اگر آپ ہمارے ساتھ جنگ کریں گے تو قتل ہو جائیں گے۔ آپ نے فرمایا:

سَاَمْضِیْ وَمَا بِالْمَوْتِ عَارٌ عَلَی الْفَتٰی
اِذَا مَا نَوٰی خَیْرًا وَّ جَاهَدَ مُسْلِمًا

**ترجمہ**: میں بڑھتا جاؤں گا کیونکہ ایک جوان کے لیے موت کوئی عار نہیں جب اس کا ارادہ نیک ہو اور وہ سچا مسلمان ہو۔

جب آپ کا گھوڑا ارض نینوا کے میدان کربلا میں رک گیا تو خیمے لگا دیئے گئے۔ یہ ۲ محرم الحرام کا واقعہ ہے۔ ۳ محرم کو ابن سعد فوج لے کر کربلا میں کربلا برپا کرنے کے لیے آ گیا۔

Scanned by CamScanner

## ابن سعد سے ملاقات

امام عالی مقام نے اس کو بلا کر آخرت کے عذاب سے ڈرایا اور دنیا کی بے ثباتی یاد دلائی۔ وہ دیر تک آپ کی باتیں سنتا رہا۔ مگر رے کی حکومت کے لالچ نے آنکھوں پر پردے ڈال رکھے تھے۔ انعام واکرام کی ہوس نے دل سیاہ کر دیئے تھے۔ کہنے لگا کہ یہ سب ٹھیک ہے مگر کوفہ میں میری بڑی جائداد ہے اگر میں آپ کے خلاف اقدام نہ کروں تو ابن زیاد سب ضبط کر لے گا۔ آپ نے فرمایا: یہ دنیا چندروزہ ہے دنیا کی دولت کے لیے حق سے کیوں ٹکراتا ہے۔ مگر اس کے دل پر کوئی اثر نہ ہوا۔

## ابن زیاد کا آرڈر

شمر ذی الجوشن نے ابن زیاد کو لکھا کہ ابن سعد بلا وجہ گفتگو کو طول دے کر وقت ضائع کر رہا ہے اور ہر روز حسین سے ملاقات کر رہا ہے۔ ابن زیاد نے عمرو بن سعد کو لکھا کہ میں نے تجھے اس لیے نہیں بھیجا کہ ڈھیل دیتے جاؤ اور حسین کی طرف سے وکیل بن کر اس کی سلامتی چاہو۔ تم حسین اور اس کے ساتھیوں کو میرا حکم ماننے کے لیے کہو، اگر مان جائیں تو ہمارے پاس بھیج دو ورنہ فوراً حملہ کر دو۔ اگر یہ کام تم سے نہ ہو سکے تو فوج شمر کو دے دو وہ خود میرے آرڈر کی تعمیل کرے گا۔ (طبری جلد ۷)

ابن اثیر جلد ۴ میں ہے کہ اس حکم کے بعد ابن سعد ہاشمی مسافروں پر آخری وار کرنے کے لیے تیار ہو گیا۔ شمر خیموں کے پاس آیا، عباس اور ان کے بھائیوں سے کہا چونکہ میں تمہارا ماموں ہوں اس لیے از راہ قرابت میں تمہیں امان دیتا ہوں۔ انھوں نے جواب میں کہا کہ ہم تجھ پر اور تیری امان پر لعنت بھیجتے ہیں۔ اگر تجھے حق قرابت ملحوظ ہوتا تو ہمیں امان دیتا اور ابن رسول کو نہ دیتا؟

## تین باتیں

امام حسین رضی اللہ عنہ نے ابن سعد کے سامنے تین باتیں پیش فرمائیں:

(۱) مجھے سرحدات پر جانے دو۔

(۲) یزید کے پاس پہنچنے دو تا کہ اس سے براہ راست بات چیت کر سکوں۔

(۳) مجھے واپس حجاز جانے دو۔

ان تینوں باتوں میں سے کوئی بات بھی انھوں نے قبول نہ کی اور برابر یزید کی بیعت کا مطالبہ

کرتے رہے

Scanned by CamScanner

## ایک غلط فہمی اور اس کا ازالہ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ میدان کربلا میں امام حسین رضی اللہ عنہ نے یزید کے ہاتھ پر بیعت کرنے کا وعدہ کرلیا تھا۔اگر یہ بات سچی ہے کہ امام حسین نے بیعت کرنے کا وعدہ کرلیا تھا تو پھر معرکہ کرب وبلا کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا کیونکہ ان کا تو مطالبہ ہی یہی تھا کہ بیعت کرلو اگر بیعت کرلی تو پھر جنگ کی نوبت کیوں آئی؟ عتبہ بن سمعان ۔کہتے ہیں کہ میں مدینہ سے مکہ اور مکہ سے عراق تک برابر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا اور شہادت تک ان سے جدا نہ ہوا مگر آپ نے مکہ میں، مدینہ میں، عراق میں، لشکر گاہ میں، غرضیکہ تا دم شہادت کہیں نہیں فرمایا کہ مجھے یزید کے ہاتھ میں ہاتھ دینے دو۔

## نہر فرات پر پہرہ

وقت گزرتا گیا ابن زیاد کوفہ سے سخت سے سخت آرڈر بھیجتا رہا۔ایک وقت آیا جب فرات کی لہروں پر بھی پہرے بٹھا دیئے گئے۔نہر سے ہر چیز پانی پی سکتی ہے مگر زہرا کا لال، مصطفیٰ کا نور نظر ایک چلو بھر پانی نہیں لے سکتا۔مولانا حسن رضا علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں:

خاک ہو جا خشک ہو کر خاک میں مل جا فرات ✽ خاک تجھ پر دیکھ تو سوکھی زبان اہل بیت

بے اجازت جن کے گھر میں جبرائیل آتے نہیں ✽ قدر والے جانتے ہیں قدر و شان اہل بیت

## عاشوہ کی رات

۹ رمحرم کو ابن سعد جنگ کی وارننگ دے چکا تھا۔آپ نے فرمایا یہ رات گزر جانے دو کل دیکھا جائے گا۔رات کی تاریکی چھا رہی تھی امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے رفقاء اور اعزہ کو جمع کرکے فرمایا:

''میں تم لوگوں کو بخوشی اجازت دیتا ہوں میری طرف سے کوئی ملامت نہ ہوگی رات ہو چکی ہے ایک ایک اونٹ لو، خدا تم سب کو جزائے خیر دے، تم لوگ اپنے اپنے شہروں اور دیہاتوں میں چلے جاؤ یہاں تک کہ خدا یہ مصیبت آسان کردے۔یہ اس لیے کہہ رہا ہوں کہ یہ لوگ مجھے ہی تلاش کریں گے میرے بعد کسی کی تلاش نہ ہوگی''۔

Scanned by CamScanner

## ساتھیوں کا جواب

مسلم بن عقیل کے بھائیوں نے کہا خدا کی قسم ہم ہرگز ایسا نہیں کر سکتے، ہم جان و مال اور اہل وعیال سب کچھ آپ پر قربان کر دیں گے، آپ کی قیادت میں لڑیں گے، جو انجام آپ کا ہوگا۔ وہی ہمارا ہوگا۔ آپ کے بعد جینا بے کار ہے۔

سعد بن عبداللہ حنفی نے کہا کہ ''اگر مجھ کو یہ بھی یقین ہو کہ میں ستر مرتبہ قتل کیا جاؤں گا اور ہر مرتبہ زندہ کر کے میری خاک ہوا میں اڑا دی جائے گی تو بھی آپ کا ساتھ نہ چھوڑوں گا۔

حضرت مسلم بن عوسجہ نے عرض کیا'' خدا کی قسم! اگر میرے پاس کوئی ہتھیار بھی نہ ہوتا تو دشمن سے پتھر مار مار کر لڑتا یہاں تک کہ آپ پر فدا ہو جاتا''۔

جاں نثاروں کے یہ ولولہ انگیز جوابات سن کر آپ کو یقین ہو گیا کہ سب میری طرح حق پر نثار ہونے کا بے پناہ جذبہ رکھتے ہیں۔ آپ نے تلوار اٹھائی اور اسے صاف کرنا شروع کیا اور یہ اشعار پڑھے۔

يَـا دَهْـرُ اُفٍ لَّکَ مِـنْ خَـلِيْـلٖ　　كَـمْ لَکَ بِـالْاِ شْـرَاقِ وَالْاَ صِيْـلٖ
مِنْ صَـاحِـبٍ اَوْ طَـالِـبٍ قَـتِيْـلٖ　　وَالـدَّ هْـرُ لَا يَقْـنَـعُ بِـالْـبَـدِيْـلٖ
وَ اِنَّـمَـا الْاَ مْـرُ اِلَـى الْـجَـلِيْـلٖ　　وَكُـلُّ حَـيٍّ سَـالِـکُ الـسَّبِيْـلٖ

(ابن اثیر ۳۰)

ترجمہ: اے زمانہ تو کیسا بے وفا دوست ہے ہر صبح اور ہر شام تیرے ہاتھوں کتنے مارے جاتے ہیں اور یہ زمانہ کسی سے عوض قبول نہیں کرتا۔ دراصل سارا معاملہ تو خدائے جلیل کے ہاتھ میں ہے اور ہر زندہ شخص موت کی راہ پر چل رہا ہے۔

یہ تمام رات آپ نے یاد الٰہی میں گزاری اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کی۔

ترے دین کی خیر ہو یا الٰہی!　　میں آؤں گا کشتی کنارے لگا کے
یہ قاسم یہ عباس بھانجے بھتیجے　　ترے پاس پہنچیں گے گردن کٹا کے
مصائب جہاں بھر کے گھیرے ہوئے ہیں　　تو اضع یہ کی کوفیوں نے بلا کے

یا الٰہی! نتیجہ مجھ کو معلوم ہے مگر میرے ساتھی میرے اصرار پر بھی میرا پیچھا نہیں چھوڑتے میرے بہن بھائی، بچے سب تجھ پر قربان۔ یا اللہ! میرے حوصلے بلند کر، میری زبان پر صبر و شکر کے [illegible]

## حضور کی آمد

تھوڑی دیر کے لیے نیند نے غلبہ کیا تو سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور شہزادہ حسین کو اپنی گود میں بٹھا کر فرمایا: ''اے میرے نورِ نظر! اے میرے لختِ جگر! دیکھ یہ تمام ارواحِ مقدسہ تیرے خیر مقدم کو حاضر ہیں۔ بیٹا! کل شب کا کھانا ہمارے ساتھ کھانا جنت تیری منتظر ہے۔ جنت کی حوریں تیرا راستہ دیکھ رہی ہیں۔

امام عالی مقام نے بیدار ہو کر اپنا خواب سنایا تمام اہل حرم یہ خواب سن کر پریشان ہوئے۔ امام عالی مقام کی غمگسار بہن زینب بنت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے رہا نہ گیا۔ رو کر عرض کیا: کاش! آج موت میری زندگی کا خاتمہ کر دیتی آج میری ماں فاطمہ و باپ علی اور بھائی حسن میں سے کوئی بھی موجود نہیں۔ بھائی! ان گزرے ہوئے جانشینوں کا سہارا تم ہی ہو۔

امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''بہن! حلم و وقار کا ساتھ نہ چھوڑو۔'' حضرت زینب نے عرض کیا: ''میں آپ کے بدلے اپنی جان دینا چاہتی ہوں۔'' پھر آپ شدت گریہ سے بے ہوش ہو گئیں۔

## حضرت زینب کو وصیت

امام عالی مقام نے سہارا دیا۔ ہوش آیا تو تلقین فرمائی: ''بہن! خدا سے تسکین حاصل کرو۔ ایک نہ ایک دن روئے زمین کے تمام باشندے مر جائیں گے' آسمان و زمین میں کوئی بھی باقی نہ رہے گا صرف ایک خدا کی ذات ہوگی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہر مسلمان کے لیے نمونہ ہے تم اسی نمونہ سے صبر و تسلی حاصل کرو۔ بہن! میں تم کو قسم دلاتا ہوں کہ میں شہید ہو جاؤں تو میری موت پر گریبان نہ پھاڑنا، منہ نہ نوچنا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے:

لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُيُوْبَ وَ دَعٰى بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ۔ (مسلم شریف)

''جس نے رخسارے پیٹے اور گریبان چاک کیا اور جہالت کے جملے زبان سے نکالے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔''

سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث پاک سے صاف صاف ثابت ہوا کہ شریعت مطہرہ میں بال نوچنے، منہ پر طمانچے مارنے ماتم کرنا منع ہے۔

جعفر بن سلیمان کہتے ہیں کہ میں محرم کی دسویں تاریخ کو آلِ حیدر کے خیموں میں گیا۔ ایک

Scanned by CamScanner

خیمے میں مدھم شعاعیں نظر آ رہی تھیں۔ میں نے جھانک کر دیکھا کہ قرآن کریم کھلا ہوا ہے اور امام حسین نہایت سوز سے تلاوت فرما رہے ہیں اور آنکھوں سے آنسو بہہ رہے ہیں۔

## خونی صبح

دسویں محرم کا آفتاب طلوع ہوتا ہے امام عالی مقام اور ان کے تمام ساتھی اور اہلبیت تین دن کے بھوکے پیاسے ہیں، پانی کا ایک قطرہ بھی میسر نہیں آیا، کھانے کا ایک لقمہ بھی حلق سے نیچے نہیں اترا۔ بے وطنی ہے، دھوپ کی تمازت، گرم ریت اور گرم ہوائیں۔ ان سب چیزوں نے نڈھال کر دیا ہوگا۔ ان بھوکے پیاسے شیروں کے مختصر ترین لشکر کو امام عالی مقام ترتیب دے رہے تھے۔ یہ لشکر اکانوے افراد پر مشتمل تھا جس میں انیس اہلبیت کرام اور بہتر باقی جاں نثار تھے جن کے اسماء مبارک یہ ہیں:

# لشکر اسلام کے نام

### خاندان نبوت

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔عبداللہ بن عقیل | ۲۔عبدالرحمٰن بن عقیل | ۳۔جعفر بن عقیل |
| ۴۔محمد بن عبداللہ پسر زینب | ۵۔عون بن عبداللہ پسر زینب | ۶۔ابوبکر بن حسن |
| ۷۔عمر بن حسن | ۸۔عبداللہ بن حسن | ۹۔قاسم بن حسن |
| ۱۰۔محمد بن علی | ۱۱۔عثمان بن علی | ۱۲۔عبداللہ بن علی |
| ۱۳۔جعفر بن علی | ۱۴۔عباس بن علی | ۱۵۔علی اکبر بن حسین |
| ۱۶۔علی اصغر بن حسین | ۱۷۔زین العابدین بن حسین | ۱۸۔عبداللہ بن حسین |

۱۹۔حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

### بہتر جاں نثار

بہتر جاں نثاروں کے نام یہ ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔زہیر بن حسان محمدی | ۲۔وہب بن عبداللہ کلبی | ۳۔خالد بن عمرو مکی |
| ۴۔عمرو بن حسان صیدادی | ۵۔عبداللہ بن عمرو کلبی | ۶۔بریر بن حضیر ہمدانی |

Scanned by CamScanner

۷۔ محمد بن حنظلہ تمیمی
۸۔ عمرو بن عبداللہ صائدی
۹۔ حماد بن انس محمدی
۱۰۔ شریح بن عبید مکی
۱۱۔ بلال بن نافع بجلی
۱۲۔ قیس بن مینہ مدنی
۱۳۔ بشیر بن عمر حضرمی
۱۴۔ زہیر بن قیس بجلی
۱۵۔ حبیب بن مظاہر اسدی
۱۶۔ عبداللہ بن عروہ غفاری
۱۷۔ حریر آزاد غلام ابوذر غفاری
۱۸۔ فاسطہ بن زہیر تغلبی
۱۹۔ وقاص بن مالک احمری
۲۰۔ مسلم بن عوسجہ اسدی
۲۱۔ مرہ بن ابی مرہ غفاری
۲۲۔ ہاشم بن عتبہ مکی
۲۳۔ نعیم بن عجلان انصاری
۲۴۔ انس بن کابد اسدی
۲۵۔ قیس بن ربیع انصاری
۲۶۔ عبدالرحمٰن بن عروہ غفاری
۲۷۔ شیث بن عبداللہ بہشتی
۲۸۔ کردوس بن زہیر تغلبی
۲۹۔ کنانہ بن عتیق انصاری
۳۰۔ جریر بن مالک انصاری
۳۱۔ یزید بن ثبت قیسی
۳۲۔ عبیداللہ بن ثبت قیسی
۳۳۔ عامر بن مسلم
۳۴۔ ضرنامہ بن مالک انصاری
۳۵۔ عمرو بن حنیفہ صنعی
۳۶۔ عامر بن مسلم انصاری
۳۷۔ کعب بن صرعہ نمری
۳۸۔ سالم غلام آزاد
۳۹۔ صف بن مالک انصاری
۴۰۔ زہیر بن بشیر جعفی
۴۱۔ بدر بن مغفل جعفی
۴۲۔ سعود بن حجاج انصاری
۴۳۔ عمار بن حسان مدنی
۴۴۔ مجاہد بن مروق
۴۵۔ مجمع بن عبداللہ
۴۶۔ حسان بن حارث
۴۷۔ جندب بن حجر خولانی
۴۸۔ یزید بن زیاد بن مظاہر کندی
۴۹۔ طاہر غلام آزاد ابن الحق خزاعی
۵۰۔ جبلہ بن علی شیبانی
۵۱۔ اسلم بن کثیر اعرج ازدی
۵۲۔ زہیر بن سلیم ازدی
۵۳۔ قاسم بن حبیب ازدی
۵۴۔ عمر بن جندب حضرمی
۵۵۔ ابوثمامہ انصاری
۵۶۔ عمرو بن عبد صائدی
۵۷۔ حظلہ بن اسعد شیبانی
۵۸۔ عبداللہ بن عبداللہ کندن اوجی
۵۹۔ عمار بن ابی سلام انصاری
۶۰۔ عابس بن ابی حبیب شاکری
۶۱۔ شوذب غلام آزاد شاکری انصاری
۶۲۔ شیث بن حارث بن سریع انصاری
۶۳۔ مالک بن سریع انصاری
۶۴۔ محمد بن انس انصاری
۶۵۔ مقداد انصاری
۶۶۔ سلمان غلام آزاد امام عالی مقام
۶۷۔ قارب غلام آزاد امام عالی مقام
۶۸۔ عروہ بن غلام آزاد حر بن یزید ریاحی
۶۹۔ مصعب برادر حر بن یزید ریاحی
۷۰۔ علی بن جریر بن ریاحی
۷۱۔ حر بن یزید ریاحی
۷۲۔ سعد بن عبداللہ اطبقی

رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

Scanned by CamScanner

تمنائے شہادت کھینچ لائی ہے جو مقتل میں
کوئی دم میں لگی دل کی بجھے گی آب خنجر سے

امام عالی مقام کے یہ ایک سو سے بھی کم جاں نثار میدان جہاد کی تیاری کر رہے تھے۔ ادھر ابن سعد کے لشکر کی تعداد بیس ہزار سے کسی صورت بھی کم نہ تھی۔ امام حسین رضی اللہ عنہ دل سے یہ چاہتے تھے کہ یہ خون خرابہ نہ ہو مگر دشمن اس پر کسی طرح تیار نہ تھا۔ جب آپ نے دیکھا کہ یہ لوگ کسی طرح بھی ٹلنے والے نہیں ہیں تو آپ اتمام حجت کے لیے ابن سعد کے لشکر کے قریب تشریف لے گئے اور خطبہ دیا:

اے عراق والو! تم خوب جانتے ہو کہ میں نواسۂ رسول ہوں، فرزند بتول ہوں، دلبند علی المرتضیٰ ہوں، خون ناحق حرام ہے۔ میں تمہیں آگاہ کرتا ہوں کہ تم اس گناہ میں مبتلا نہ ہو۔ میں نے کسی کو قتل نہیں کیا ہے۔ کسی کا گھر نہیں جلایا ہے۔ کسی پر حملہ آور نہیں ہوا۔ اگر تم اپنے شہر میں میرا آنا نہیں چاہتے ہو تو مجھے واپس جانے دو۔ تم سے کسی چیز کا طالب نہیں۔ تمہارے درپۂ آزار نہیں، تم کیوں میری جان کے درپے ہو، اور تم کس طرح میرے خون کے جرم سے بری ہو سکتے ہو۔ روز محشر میرے خون کا تمھارے پاس کیا جواب ہوگا، اپنا انجام سوچو اور اپنی عاقبت پر نظر ڈالو۔ پھر یہ بھی سمجھو کہ میں کون ہوں اور کس کا منظور نظر ہوں۔ میرے والد کون ہیں اور میری والدہ کس کی لخت جگر ہیں۔ میں بتول زہرا کا نور دیدہ ہوں، جن کے لئے پلصراط سے گزرتے وقت ندا کی جائے گی۔ اے اہل محشر! اپنا سر جھکاؤ اور آنکھیں بند کر لو کہ خاتون جنت پلصراط سے ستر ہزار حوروں کے ساتھ گزرنے والی ہیں میں وہی ہوں جس کی محبت کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی محبت فرمایا۔ میرے فضائل تمہیں معلوم ہیں۔ میرے حق میں جو احادیث ہیں ان سے تم بے خبر نہیں ہو۔ تم نے خود مجھ کو یہاں بلایا اور اب یہ میری مہمان نوازی کر رہے ہو! اے کوفے والو! تمھیں میرا حسب ونسب معلوم ہے، جس کی مثل آج روئے زمین پر نہیں ہے۔ پھر سوچ لو کہ تم نے خود ہی مجھے خطوط لکھ کر بلایا ہے پھر اب میرے خون کے پیاسے کیوں ہو گئے۔ دیکھو یہ تمھارے خطوط ہیں، (آپ نے خطوط کا تھیلا الٹتے ہوئے فرمایا)۔

اپنے لکھے ہوئے خطوط دیکھ کر بھی کوفے والوں نے انکار کر دیا اور کہا ہم نے آپ کی طرف کوئی خط نہیں لکھا یہ خود ہی کہیں سے جعلی بنا لائے ہو گے۔ امام عالی مقام ان کی کذب بیانی پر حیران ہوئے۔ آپ نے فرمایا: حجت تمام ہوگئی ہے۔

Scanned by CamScanner

# کربلا میں امام حسین رضی اللہ عنہ کی کرامتیں

## پہلی کرامت

آپ اتمام حجت فرما کر واپس خیمے کی طرف آئے تو مالک بن عروہ اپنا گھوڑا لے کر سامنے آیا اور یہ دیکھ کر کہ لشکر امام کے گرد آگ جل رہی ہے، کہا اے حسین! تم نے دوزخ کی آگ سے پہلے یہیں آگ لگالی (نعوذ باللّٰہ)۔ اس کا یہ گستاخانہ جملہ سن کر آپ نے فرمایا:

كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ.

''اے دشمن خدا! تو جھوٹا ہے۔''

مسلم بن عوسجہ نے اس کے منہ پر تیر مارنا چاہا مگر پیکر صبر و تحمل نے روک کر فرمایا: خبردار! میری طرح سے کوئی بھی جنگ کی ابتدا نہ کرے۔

یہ کہہ کر آپ نے اپنے ہاتھ بارگاہ خداوندی میں اٹھا دیئے اور عرض کیا: ''یا اللہ! عذاب دوزخ سے قبل اس گستاخ کو دنیا کی آتش میں مبتلا کر''۔ ابھی امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہاتھ نیچے نہیں آئے تھے کہ اس کے گھوڑے کا پاؤں ایک سوراخ میں پڑا اور وہ گھوڑے سے گرا اور اس کا پاؤں رکاب میں الجھا۔ گھوڑا اسے لے کر بھاگا اور آگ کی خندق میں ڈال دیا۔ اہل بیت کے گستاخ کو اللہ تعالیٰ نے فوراً ہی سزا دے دی۔

## دوسری کرامت

ایک شخص نے امام کے سامنے آکر کہا: اے حسین! دیکھ دریائے فرات کیسے موجیں مار رہا ہے، خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تمہیں ایک قطرہ بھی نہ ملے گا اور تم پیاسے ہی ہلاک ہو جاؤ گے۔ آپ نے اس کے حق میں یہ دعا کی:

اَللّٰهُمَّ اَمِتْهُ عَطْشَانًا. ''یا اللہ! اس کو پیاسا مار۔''

آپ کا یہ فرمانا تھا کہ اس کا گھوڑا بھاگا اور وہ شخص اس کو پکڑنے کے لیے دوڑ اور پیاس کی شدت اس پر غالب آئی اور اَلْعَطَش اَلْعَطَش پکارتا تھا۔ جب پانی اس کے منہ کو لگاتے تھے تو ایک قطرہ بھی نہ پی سکتا تھا حتی کہ اسی طرح پانی پانی پکارتا مر گیا۔

Scanned by CamScanner

## تیسری کرامت

جب ابن سعد کے لشکر کے سامنے خطبہ دیتے ہوئے امام حسین نے فرمایا کہ میں وہ ہوں جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کاندھوں پر اٹھایا کرتے تھے تو اعداء میں سے ایک بیباک نے کہا کہ آپ کو پیغمبر خدا سے کیا نسبت! یہ کلمہ تو حضرت امام کے لیے بہت تکلیف دہ تھا۔ آپ نے اس کے لیے بھی دعا فرمائی اور عرض کیا کہ یارب! اس بدزبان کو فوری طور پر ذلت میں گرفتار کر۔

امام نے یہ دعا فرمائی اور اس کو رفع حاجت کی ضرورت پیش آئی، گھوڑے سے اترا اور ایک طرف بھاگا اور کسی جگہ قضائے حاجت کے لیے بیٹھا ایک سیاہ بچھو نے ڈنک مارا تو نجاست آلودہ تڑپتا پھرتا تھا۔ اس رسوائی کے ساتھ تمام لشکر کے سامنے اس ناپاک کی جان نکلی مگر سخت دلان کوفہ کو پھر بھی عبرت نہ ہو سکی۔

## حضرت حُر کی جاں نثاری

امام حسین رضی اللہ عنہ نے کوفی لشکر کے سامنے زندگی کی آخری تقریر کرتے ہوئے فرمایا:

''کیا تمھیں فرمان رسول یاد نہیں کہ ہم جوانان جنت کے سردار ہیں؟ کیا میں تمہارے نبی کی بیٹی کا بیٹا نہیں ہوں، جاؤ جابر بن عبداللہ سے پوچھ لو، ابوسعید خدری، زید بن ارقم اور انس بن مالک سے پوچھ لو۔''

قیس بن اشعث نے کہا: تم اپنے بنی عم کا کہنا کیوں نہیں مان لیتے''؟ آپ نے جواب دیا:

''خدا کی قسم میں ذلیلوں کی طرح اس کے ہاتھ میں ہاتھ نہیں دوں گا، اور غلاموں کی طرح اس کا اقرار نہیں کروں گا۔

اس وقت حضرت حر بہت پریشان تھے وہ ابن سعد سے جا کر کہتے کہ تم امام کے ساتھ جنگ کرو گے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا جواب دو گے؟ ابن سعد کو اس کا جواب بن نہ آتا تھا۔

حضرت حر دونوں خیموں کے درمیان کھڑے کچھ سوچ رہے تھے کہ ان کے بھائی مصعب نے کہا: تم جیسا بہادر اور یہ حالت! کیا سوچ رہے ہو؟ حضرت حر نے کہا: میں جنت اور دوزخ کے درمیان کھڑا ہوں، ایک طرف جنت کے خوش رنگ پھول کھل رہے ہیں اور ایک طرف جہنم شعلہ زن ہے۔ یہ کہا اور گھوڑے کو ایڑ لگا کر اہل بیت کے لشکر میں آ گئے اور امام عالی مقام کی خدمت میں عرض کیا: اگر میں آپ پر قربان ہو جاؤں تو کیا پہلی لغزش معاف ہو جائے گی۔

Scanned by CamScanner

آپ نے فرمایا: تم دنیا و آخرت میں حر (آزاد) ہو۔

ابن سعد اس صورت حال سے گھبرا گیا اور صفوان کو کہا کہ جا اور حر کو سمجھا کر واپس لے آ۔ صفوان نے آ کر حضرت حر سے کہا کہ تم مرد دانا ہو، عاقل ہو، امیر شام! یزید کی رفاقت چھوڑ کر حسین کی طرف کیوں آ گئے ہو؟ واپس چلو اور حسین کو بھی چاہیے کہ وہ ہمارے امیر کی بیعت کر لیں۔

حضرت حُر نے کہا:

تو کیا ہے اور کیا ہے تیرا وہ امیرا شام — کرتے ہیں بادشاہ کہیں بیعت غلام
تو بھی نمک حرام ہے وہ بھی نمک حرام — او بے ادب یزید کجا اور کجا امام
دوزخ سے دور رہتے ہیں ساکن بہشت کے — کعبہ کبھی جھکا نہیں آگے کنشت کے

O

کیوں چھوڑ کے دین فوج میں گمراہ کے آؤں — حاکم کو ہنساؤں میں محمد کو رلاؤں
کیا حاکم دنیا کا تو احساس کروں میں — اور زہرا کے رونے کا نہ کچھ پاس کروں میں

صفوان کو یہ جواب دے کر حضرت امام عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں یہ عرض کیا:

میرے اعمال میں ہر چند سراسر ہے بدی — ہوں گنہ گار خدائے ازلی ابدی
آپ ہیں مالک سرکار احدی — اے خداوند جہاں خُذْ بِیَدِیْ خُذْ بِیَدِیْ
جو بھی دست ہیں تکتے ہیں شہنشاہ کا ہاتھ — آپ کا ہاتھ زمانے میں ہے اللہ کا ہاتھ

آپ نے حُر کو سینے سے لگایا۔ حر نے میدان جہاد کی اجازت چاہی اور شاندار جہاد کا مظاہرہ فرما کر جان جان آفریں کے سپرد کر کے حیات ابدی سے سرشار ہو گئے۔

## ایک نوجوان کا واقعہ

پہلے ان بہتر جاں نثاروں نے داد شجاعت دیتے ہوئے اپنی جانیں راہ حق میں قربان کر دیں۔ ان میں سے ایک نوجوان تھے جن کا نام وہب بن عبداللہ کلبی تھا، اٹھارہ سال کی عمر تھی۔ اٹھتی ہوئی جوانی اور شادی کو ابھی سترہ دن ہوئے تھے۔ والدہ نے کہا: جاؤ بیٹا! شہزادہ حسین پر قربان ہو جاؤ۔ دنیا میں کوئی والدہ اپنا اکلوتا بیٹا اور وہ بھی جس کی شادی کی خوشیاں ابھی پرانی نہ ہوئی ہوں، جدا ہوتے دیکھ کر کیسے زندہ رہ سکتی ہے۔ والدہ نے کہا: میری زندگی کی کمائی تم ہو اور میری آرزوئیں

Scanned by CamScanner

اورامیدوں کی تمنائیں تمھیں سے وابستہ ہیں مگر اے میرے سعادت مند بیٹے! یہ سب امیدیں زہرا کے لال سے مقدم نہیں ہوسکتیں۔ جاؤ اور جام شہادت پی کر اللہ کی راہ میں سرخروئی حاصل کرو۔

سعادت مند بیٹے نے جواب دیا: اماں جی! میں ایک لمحہ بھی دیر کرنے کے لیے تیار نہیں مگر میرے ساتھ امیدیں وابستہ کرنے والی کا کیا ہوگا؟ والدہ! اگر آپ اجازت دیں تو میں جاتے وقت اسے تسلّی دیتا جاؤں۔ والدہ نے کہا: بیٹا! عورتیں ناقص العقل ہوتی ہیں کہیں اس سعادت ابدی سے محروم نہ ہوجانا۔ بیٹا! شہادت وہ نعمت ہے جو قسمت والوں کو ہی حاصل ہوتی ہے۔ دیکھنا کہیں بیوی کی محبت اس راہ میں حائل نہ ہوجائے۔ اچھا جاؤ اور اسے تسلی دے کر آؤ۔ دیکھنا جلدی سے آنا ہوگا۔

وہب نے اپنی بیوی کے پاس جا کر کہا: ''اے میری ہمسفر! میں میدان جہاد میں جارہا ہوں۔ آج سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نور نظر، علی کے لال اور زہرا کے لاڈلے پر امتحان کا وقت آگیا ہے۔ میں تجھے تسلّی دینے کے لیے آیا ہوں کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھنا اور صبر وشکر کے ساتھ وقت گزارنا۔

خاوند کا یہ ارادہ دیکھ کر نیک دل بیوی نے کہا کہ میں تمہارے مرتبۂ شہادت حاصل کرنے میں کسی طرح کی رکاوٹ نہیں بن سکتی، میں تمھیں بخوشی اجازت دینے کے لیے تیار ہوں، مگر تمھیں میرے ساتھ ایک وعدہ کرنا ہوگا، کہ جب تمھیں مرتبۂ شہادت نصیب ہو، اور جنتی حوریں تمھیں لینے آئیں، تو اس وقت میرے بغیر جنّت میں داخل نہ ہونا۔ مگر میں یہ وعدہ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روبرو لینا چاہتی ہوں۔

وہب نے کہا: مجھے یہ شرط منظور ہے۔

وہب اپنی والدہ اور بیوی کو ساتھ لیے امام عالی مقام کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہیں وہب کی والدہ نے امام عالی مقام کی خدمت میں عرض کیا: اے امام المسلمین! میری زندگی کی کمائی میرا صرف ایک یہی بیٹا ہے۔ مدت ہوئی اس کا باپ اس دار فانی سے کوچ کر گیا میں نے اس کو بڑی محنتوں اور مشقتوں سے پال کر جوان کیا ہے ابھی اس کی شادی کو صرف سترہ دن ہوئے ہیں۔ حضور میدان جہاد میں جانے کی اجازت دیں تا کہ یہ اپنی عزیز ترین جان کو آپ کے قدموں پر قربان کر سکے۔

آپ نے بخوشی قبول فرما کر وہب کی بیوی کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے فرمایا: ''تیرا شوہر ابھی ابھی دیدار الٰہی سے مشرف ہونے والا ہے۔ حوض کوثر کے جام پلانے کے لیے جنت کی حوریں

Scanned by CamScanner

تیار کھڑی ہیں۔ بیٹی! آج تیری قسمت پر جنت کی حوریں رشک کر رہی ہیں۔ تم ایک مجاہد اور غازی کی بیوی ہو۔

حضرت امام کے یہ تسلی بخش الفاظ سن کر نیک دل خاتون کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اس نے بھرّائی ہوئی آواز میں عرض کیا: ''حضور! مجھے ان سب باتوں پر ناز ہے مگر میں انہیں اس شرط کے ساتھ میدان جنگ میں جانے کی اجازت دے سکتی ہوں کہ میرے بغیر جنت میں داخل نہ ہوں۔ میں یہ وعدہ حضور کے روبرو لینا چاہتی ہوں، اور اس کے بعد حضور مجھے موقعہ دیں کہ میں باقی زندگی اہل بیت کی خدمت میں گزار دوں۔

امام عالی مقام کے روبرو وہب نے دست بستہ عرض کیا: ''اے ابن رسول! مجھے اپنی بیوی کی یہ شرط منظور ہے کہ میں اس کے بغیر جنت میں داخل نہیں ہوں گا، اور میرے بعد حضور اسے اپنی خادماؤں میں منظور فرمائیں۔

وہب سر پر خود پہنے جسم پر زرہ زیب کیے ایک ہاتھ میں نیزہ اور دوسرے میں ڈھال لے کر دشمنوں کے سامنے آئے اور گرج کر کہا:

اَمِیْرٌ حُسَیْنٌ وَّنِعْمَ الْاَمِیْر
لَہٗ لُمْعَۃٌ کَالسِّرَاجِ الْمُنِیْر

یہ رجز پڑھنے کے بعد کہا:

ھَلْ مِنْ مُّبَارِزٍ

ہے کوئی مقابلے میں آنے والا۔

اس نوجوان کی ہیبت کو دیکھ کر دشمنوں کے دل دہل گئے۔ آپ دیر تک مقابل طلب کرتے رہے مگر لشکر اعداء میں سے کسی کو سامنے آنے کی جرأت نہ ہوئی۔ آخر ابن سعد نے اپنی فوج سے کہا کیا اس چھوٹے سے بچے کا مقابلہ کرنے کے لیے میری فوج میں کوئی بہادر نہیں ہے؟ غیرت سے ڈوب کر مرتے کیوں نہیں! ایک معمولی سا لڑکا مقابل طلب کرتا ہے کوئی سامنے جانے کا نام نہیں لیتا، کیا سب بزدل ہو گئے ہو؟

ابن سعد کا یہ طعنہ محکم بن طفیل برداشت نہ کر سکا اور گھوڑا دوڑاتا ہوا مقابلہ میں آ گیا اس نے آتے ہی وہب پر نیزے کا وار کیا۔ وہب نے اس کا نیزہ پکڑ کر اس زور سے کھینچا کہ وہ گھوڑے سے گر گیا۔ وہب کی تلوار بجلی کی طرح اٹھی اور ایک ہی وار میں اسے واصل جہنم کر دیا۔ وہب تلوار

Scanned by CamScanner

کے کچھ ایسے جوہر دکھا رہے تھے کہ جو بھی سامنے آتا ایک ہی وار میں ٹکڑے کر دیا جاتا بیس کو قتل کر کے وہب نے اپنے گھوڑے کی باگ خیمے کی طرف موڑ دی۔ بیوی ٹکٹکی باندھ کر دیکھ رہی تھی، والدہ کامیابیوں کے لیے دعائیں مانگ رہی تھی۔

وہب نے گھوڑے سے اتر کر اپنی والدہ سے کہا: امی جان! اب تو مجھ سے راضی ہوگئی ہو؟ والدہ نے کہا: بیٹا! میں تجھ سے حشر تک راضی ہوں۔ پھر آپ اپنی دلہن کی طرف آئے جو اپنی آنکھوں کے سامنے اپنے سہاگ کو قربان ہوتا دیکھ رہی تھی۔ دیکھا کہ اس کی آنکھوں میں زار زار آنسو ہیں۔ وہب نے فرمایا: کیوں روتی ہو؟ کیا تم نے مجھے بخوشی اجازت نہ دی تھی؟

ابھی آپ اسے تسلی ہی دے رہے تھے کہ میدان جنگ سے آواز آئی هَلْ مِنْ مُبَارِزٍ۔ (ہے کوئی مقابلہ کرنے والا) وہب یہ آواز سنتے ہی گھوڑے پر چڑھے اور الوداع کہتے ہوئے میدان جنگ کا رخ فرمایا۔ بیوی کی آنکھوں میں آنسوؤں کا ایک دریا تھا جو بہہ نکلا۔

جاں زغم فرسودہ دارم چوں نہ نالم آہ آہ
دل بہ درد آلودہ دارم چوں نگیرم زار زار

وہب گھوڑا دوڑاتا ہوا میدان میں آگیا اور آتے ہی ایک ہی وار میں دشمن کا کام تمام کر دیا۔ ابن سعد نے کہا اگر یہی حال رہا تو یہ ایک ہی جوان میری فوج کا خاتمہ کر دے گا۔ اس نے حکم دیا کہ اس نوجوان پر یکبارگی حملہ کر دیا جائے۔

حضرت وہب بن عبداللہ کلبی پر تیروں کی بارش ہوگئی۔ جسم پر تقریباً پندرہ سو تیر لگے اور وہب زمین پر گر گئے۔ دشمنوں نے سر قلم کر کے خیمے میں پھینک دیا۔ ماں نے خون میں نہائے ہوئے سر کو سینے سے لگایا اور پڑھا:

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

بیوی نے اپنے شہید شوہر کا سر گود میں رکھا۔ سر کے دوپٹے سے چہرے کی گرد صاف کرتی ہے اور کہتی ہے:

لے او یار حوالے رب دے لگی پئی اے جدائی — رب ملایا تے آن ملاں گے ہور امید نہ کائی
لے او یار حوالے رب دے میلے چار دناں دے — اس دن عید مبارک ہوسی جس دن پھیر ملاں دے

یہ کہا اور اس نیک دل بی بی کا سر بھی خاوند کی پیشانی پر جھک گیا، دیکھا تو اس کی روح بھی قفس عنصری سے پرواز کر چکی تھی۔

Scanned by CamScanner

سر کے دینے میں ذرا تو نے تامل نہ کیا

## علی اکبر کی شہادت

جب تمام جاں نثار ایک ایک کر کے جانیں قربان کر چکے تو اہل بیت کی باری آئی۔ سب سے پہلے علی اکبر میدان میں جانے کی تیاری کرنے لگے ابا جی سے اجازت لینے کے لیے حاضر ہوئے۔ آپ کی عمر سترہ سال تھی اور حسن و جمال اور خدّ و خال میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ تھے بلکہ اہل مدینہ حضور علیہ السلام کے دیدار کے لیے بیتاب ہوتے تو علی اکبر کی زیارت کر کے دل کو تسلی دے لیا کرتے۔

جب آپ میدان میں جانے لگے تو آپ کے روئے مبارک پر چار گیسو تھے، دو آگے اور دو پیچھے۔ آپ نے یہ رجز پڑھی:

اَنَا عَلِیُّ اِبْنُ حُسَیْنِ اِبْنِ عَلِیٍّ     وَرَبِّ الْبَیْتِ نَحْنُ اَوْلٰی بِالنَّبِیِّ

میں حسین بن علی کا بیٹا ہوں، بخدا ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قریبی ہیں۔

ابن سعد نے آپ کو آتا ہوا دیکھ کر حیران ہو کر شمر سے پوچھا: یہ کس کا ماہ پارا ہے اس کا چہرہ تو چاند سے بھی بڑھ کر روشن ہے۔

شمر نے کہا: یہ حسین بن علی کا بیٹا ہے۔

بخشی ہے خدا نے اسے تو قیر محمد     گیسو ہیں کہ ہر زلف گرہ گیر محمد
چہرہ ہے کہ آئینہ تصویر محمد     باتوں میں ہے رنگینئ تقریر محمد
شوکت وہی صولت وہی دستور وہی ہے     نقشہ وہی، انداز وہی، نور وہی ہے

دیر تک دشمنوں کا کوئی آدمی آپ کے مقابلے میں نہ آیا۔ آخر آپ نے خود ہی ٹڈی دل لشکر پر حملہ کر دیا۔ آپ کی تلوار دشمنان حق کے جسموں کو گاجر اور مولی کی طرح کاٹتی جا رہی تھی۔ پانچسو کے قریب سر قلم کیے جا چکے تھے۔ جب شدّت پیاس نے ستایا تو خیموں کی طرف آ کر عرض کیا:

یَا اَبَتَاہُ غَارَتْ عَیْنَایَ مِنَ الْعَطْشِ.

ابا جان! پیاس کی شدت سے میری آنکھیں ختم ہو رہی ہیں۔

امام عالی مقام نے فرمایا: بیٹا! تمہارے جد امجد سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم حوض کوثر کا جام لیے منتظر ہیں۔

Scanned by CamScanner

گھوڑا دوڑا کر پھر واپس میدان میں گئے اور پھر آپ کی تلوار دشمنوں کے سروں پر برق صاعقہ بن کر چمکی۔ آپ کا جسم زخموں سے چور چور ہو چکا تھا۔ تھوڑی دیر ستانے کے لیے کھڑے ہوئے تو مرہ بن منقذ نے پیچھے سے نیزے کا وار کیا اور آپ زمین پر گر گئے۔ امام عالی مقام گھوڑا دوڑا کر آئے، دیکھا تو دشمنوں نے لاش کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے تھے آپ نے اپنے نور نظر کے جسم کے ٹکڑوں کو جوڑا اور اٹھا کر خیمے میں لے آئے۔

جوان علی اکبر کا لاشہ دیکھ کر خیمے میں کہرام مچ گیا۔ والدہ لاشے سے چمٹ گئیں اور کہا:

جنگل بسا دیا مری بستی اجاڑ کے — واری گئے! نہ قبر میں اماں کو گاڑ کے
بیٹا! جواب دو مرے دلبر جواب دو — آؤں کدھر کو اے علی اکبر جواب دو
ہم نے ہے کھویا لعل وہ جنگل میں آن کے — پایا تھا مدتوں میں جسے خاک چھان کے

امام عالی مقام نے تمام اہل خیمہ کو صبر کی تلقین فرمائی اور کہا کہ امتحان دینے والے رویا نہیں کرتے۔ پھر آپ نے شہزادے کو دفن کرتے ہوئے زمین کو خطاب فرمایا:

رکھیو بہ احتیاط اسے دامن میں اے زمیں — تیغوں سے پاش پاش ہے سب جسم نازنیں
اب ہے ترے سپرد امانت حسین کی — اٹھارہ سال کی ہے یہ دولت حسین کی

بعد ازاں عبداللہ بن مسلم، عبدالرحمن بن عقیل، محمد بن عقیل، قاسم بن حسن، حضرت زینب کے دونوں صاحبزادے عون اور محمد اور حضرت عباس باری باری ساغر شہادت نوش فرماتے گئے۔ امام عالی مقام ان کی شجاعت و شہادت کے مناظر دیکھ ہی رہے تھے کہ خیمے سے رونے کی آواز آئی، آپ اندر گئے تو دیکھا کہ ننھا علی اصغر پیاس سے تڑپ رہا ہے۔

## علی اصغر کی شہادت

علی اصغر کی عمر صرف چھ ماہ کی تھی۔ حضرت زینب نے عرض کیا: بھائی جان! اور تمام مصیبتیں منظور ہیں مگر اس شیر خوار اصغر کی حالت نہیں دیکھی جاتی۔ آپ نے فرمایا: لاؤ اسے مجھے دو، شاید اس بچے پر کسی کو ترس آ جائے۔ آپ اسے ہاتھوں پر اٹھا کر لے گئے اور فرمایا: اے قوم جفا کار! اس دودھ پیتے بچے نے تمہارا کچھ نہیں بگاڑا ہے کم از کم اسے تو ایک گھونٹ پانی دے دو۔

اشقیا کے دل پتھر ہو چکے تھے۔ پانی کے ایک گھونٹ کے بجائے حرملہ کا تیر آیا اور علی اصغر کے گلے کو چیرتا ہوا امام عالی مقام کے بازو میں پیوست ہو گیا۔ آپ نے ایک حسرت بھری نگاہ سے

Scanned by CamScanner

آسمان کی طرف دیکھا اور تیر نکال کر پھینک دیا۔ خون کا فوارہ معصوم گلے سے ابل رہا تھا۔ امام عالی مقام نے اس خون سے ایک چلو بھر کر آسمان کی طرف پھینکا اور کہا: یااللہ: یہ تو ایک علی اصغر ہے ایسے ہزاروں علی اصغر ہوں تو ایک ایک کر کے تیری راہ میں قربان کرتا چلا جاؤں۔ اگر تیری رضا اسی طرح ہے تو حسین بھی اسی طرح راضی ہے۔

پھرے وہاں سے جو لاشہ لیے ہوئے شبیر کھڑی تھیں ڈیوڑھی میں رو رہی تھیں سب دلگیر
قریب آکے یہ بولے وہ شاہ عرش سریر سدھارے اصغر بے شیر کھا کے حلق پہ تیر
تمہارا مہ لقا خون میں بھر گیا بانو تڑپ کے گود میں معصوم مر گیا بانو

## امام حسین میدان کارزار میں

اب صرف شہزادہ زین العابدین اور امام حسین ہی باقی رہ گئے تھے۔ ان کے علاوہ بوستان نبوی کی ساری کلیاں مسلی جا چکی تھیں۔ بیمار زین العابدین نے عرض کیا: ابا جان! میں بے شک بیمار ہوں مگر پھر بھی میرے ہوتے ہوئے آپ میدان جنگ میں نہ جائیں مجھے اجازت دیجئے۔ مگر آپ نے فرمایا: بیٹا! تم بیمار ہو تم کیسے جا سکتے ہو۔

آہ! کتنا استقلال اور حوصلہ ہے۔ بھائی، بھتیجے، بیٹے، بھانجے سب خون کی چادریں اوڑھ کر سو چکے تھے، لاشوں کے ٹکڑے ٹکڑے ہوئے پڑے تھے، سہارے ٹوٹ چکے تھے، امیدیں ختم ہو چکی تھیں۔ مگر قربان جاؤں زہرا کے لال پر کہ ماتھے پر ذرہ بھر بھی شکن نہیں تھی، خیمے میں آئے اور ہتھیار لگا کر میدان میں جانے کی تیاری کرنے لگے۔ اتنے نازک اور امتحان کے وقت بھی آپ صبر کی تلقین فرما رہے تھے۔ تمام بیبیوں کو اکٹھا کر کے فرمایا: میری وفات پر بال نہ نوچنا، کپڑے نہ پھاڑنا۔ آہ و بکا، نالہ و شیون مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان کو زیب نہیں دیتا۔

لو الوداع لاش پہ اب آکے روئیو لیکن نہ خاک اڑا کے نہ چلا کے روئیو
زانو پہ سر کو رکھ کے نیہوڑا کے روئیو قبر رسول پاک پہ ہاں جا کے روئیو
لٹنے میں صبر شکر تباہی میں چاہیے رونا بشر کو خوف الٰہی میں چاہیے

آپ ایک ایک کو تسلیاں دے رہے ہیں۔ جب آپ گھوڑے پر سوار ہونے لگے تو دیکھا کہ گھوڑا کانپ رہا ہے۔ آپ نے دیکھا گھوڑے کے ساتھ معصوم سکینہ کھڑی ہے اور رو رہی ہے "ابا جی! مجھے یتیم کر کے جا رہے ہو۔ اب ابا جان کسے کہہ کر پکاروں گی۔ امام عالی مقام نے گھوڑے سے اتر کر بچی کو سینے سے لگایا اور تسلی دی۔ اس بچی کو تسلی دے رہے تھے کہ دوسری بیٹی کا خط پہنچا۔ اس خط کا

Scanned by CamScanner

مضمون بعض روایتوں میں اس طرح آتا ہے، پنجابی کے ایک شاعر نے اس کو یوں نظم کیا ہے۔

## صغری کا خط

حال زار دے رب رسول شاہد اشکبار نے ارض و سما بابا
تساں جدوں مدینوں کوچ کیتا دساں کیہہ ورتی میرے بھا بابا
پھوپھی جی زینب، اماں شہر بانو ملسن کدوں کلیجڑے لا بابا
پچھی کے بیمار دی سار نا ہیں گیاں مدتاں ڈھیر وہا بابا
اصغر بال بن تے گلاں ہوگ کر دا ہسن وچ کلیجڑے گھا بابا
ننھے لال دا روندی ہاں رات پچھلی جھولا نال خیال جھلا بابا
کدی فاطمہ بی بی دی قبر اتے کدی روضے تے روندی ہاں جا بابا
آہیں میریاں تھیں ڈردی اڈ جاندی ٹھنڈی صبح دی باد صبا بابا
نام رب دے سد لو کول اپنے کر ساں خدمتاں ادب بجا بابا
بھیا اصغرنوں لوریاں دیوساں گی نالے لو اں گی کول سلا بابا
ایسا صغرئ غریب نوں بھل گئے ہو بخشو چاہجے کوئی خطا بابا
کرتہ اصغر لئی اک تیار کیتا ہتھیں دیوساں آپ پہنا بابا
ملن واسطے بہت اداس ہاں میں کرو کرم بنام خدا بابا
پانی بھراں گی کپڑے دھو وساں گی کھانا لو اں گی خوب پکا بابا

---

ایہ خط امام عالی مقام کی صاحبزادی صغریٰ کا تھا جو مدینہ طیبہ ہی میں رہ گئی تھیں اس لیے کہ ان کے خاوند حضرت امام حسین کے بڑے بھائی محمد بن حنیفہ کے پاس ہی رہ گئے تھے۔

امام عالی مقام اس درد بھرے خط کو لے کر خیمے میں گئے خط سنتے ہی ایک دم کہرام برپا ہوگیا۔ خط سنانے کے بعد آپ خیمے سے باہر آئے اور قاصد سے کہا کہ اس امتحان کرب و بلا میں آنیوالے واپس مدینہ پاک جا کر میری بیٹی کو میرا ابھی ایک پیغام پہنچا دے۔ آپ نے فرمایا:

## خط کا جواب

آکھیں صغریٰ نوں جا کے باپ تیرا کربل وسدی جھوک لٹا بیٹھا

Scanned by CamScanner

بچے عون و محمد تے اکبر اصغر قاسم اتے عباس کہا بیٹھا
اپنے وچ مقصد کامیاب ہو کے سید رب داشکر بجا بیٹھا
باقی دم دا دم مہمان ہاں میں لگی پریت نوں توڑ نبھا بیٹھا
آکھیں قاصدا خط نوں چم کے تے بابا رو رو نیر وہا بیٹھا
میرا باغباں باغ اجاڑیا اے کر کے صبر میں تن تنہا بیٹھا
میری یاد ستائے تے صبر کرنا صبر نال مقصود میں پا بیٹھا
ساقی پوریا جام شہادتاں دامنہ شوق دے نال میں لا بیٹھا

اب امام عالی مقام رضی اللہ عنہ ابن سعد کے لشکر کے سامنے جلوہ افروز ہیں۔کوفی فوج علی کے شیر کا رعب و دبدبہ دیکھ کر لرز گئی۔

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے رن ایک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے

آپ نے لشکر کے سامنے تشریف لا کر ان سنگ دل ظالموں کو آخری بار قرابت رسول اور اپنی عزت وحشمت یاد دلائی۔

کہنے لگے حسین ہوں ابن رسول ہوں سردار اہل خلد ہوں جنت کا پھول ہوں

## آخری خطبہ

آپ نے کوفی لشکر کے سامنے زندگی کا آخری خطبہ دیا، جسے ابن خلدون نے ان الفاظ میں نقل کیا ہے۔

''اے قوم! خدا سے ڈرو جو سب کا مالک ہے۔جان دینا، جان لینا سب اس کی قدرت، اس کے اختیار میں ہے۔اگر تم خداوند عالم جل جلالہ پر یقین رکھتے ہو اور میرے جدّ امجد سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے ہو تو ڈرو کہ قیامت کے دن میزان عدل قائم ہوگی اعمال کا حساب کیا جائے گا۔میرے والدین محترمین اپنی آل کے بے گناہ خونوں کا مطالبہ کریں گے۔حضور سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم جن کی شفاعت گنہگاروں کی بخشش کا ذریعہ ہے اور تمام مسلمان جن کی شفاعت کے امیدوار ہیں وہ تم سے میرے جاں نثاروں کے خون ناحق کا بدلہ طلب کریں گے۔تم میرے اہل وعیال، اعزہ واطفال و جانثاروں میں سے ستر سے زیادہ کو شہید کر چکے اور اب میرے قتل کا ارادہ رکھتے ہو۔خبردار ہو جاؤ کہ عیش دنیا میں پائیداری وقیام نہیں اگر سلطنت

Scanned by CamScanner

کے طمع میں میرے درپۂ آزار ہو تو مجھے موقع دو کہ میں عرب چھوڑ کر دنیا کے کسی اور حصہ میں چلا جاؤں۔ اگر یہ کچھ منظور نہ ہو اور اپنی حرکات سے باز نہ آؤ تو ہم اللہ کے حکم اور اس کی مرضی پر صابر و شاکر ہیں۔''

امام عالی مقام کی زبان پاک سے یہ کلمات سن کر بہت سے کوفیوں کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ وہ جانتے تھے کہ ہم برسر ظلم و جفا ہیں اور امام مظلوم حق پر۔ ابن سعد یہ صورت دیکھ کر گھبرا گیا، کہنے لگا آپ قصہ مختصر کیجئے اور ابن زیاد کے پاس چل کر یزید کی بیعت قبول کر لیجئے ورنہ جنگ کے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے۔

اس بات سے حضرت امام بخوبی واقف تھے مگر آپ نے یہ خطبہ اتمام حجت کے لیے فرمایا تھا۔ باطل کے ہاتھ پر حق پرست کیسے بیعت کر سکتے ہیں۔ آخر شمر کی بھڑکائی ہوئی قوم تن تنہا اور مظلوم شہزادہ پر تلواریں چلانے کے لیے تیار ہو گئی۔ جب امام عالی مقام نے دیکھا کہ یہ لوگ جنگ کے بغیر ٹلنے والے نہیں ہیں تو آپ یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں آگئے۔

| | |
|---|---|
| اَنَا ابْنُ عِلِیِّ الْخَیْرِ مِنْ اٰلِ ھَاشِم | کَـنَـا فِیْ بِھٰذَا مَـفْـخَرًا حِیْنَ اَفْخَرُ |
| وَجَدِّیْ رَسُوْلُ اللّٰـهِ اَکْرَمُ مِنْ مَنیٰ | وَنَـحْـنُ سِـرَاجُ اللّٰهِ فِی النَّاسِ اَزْھَرُ |
| وَفَـاطِـمَۃُ اُمِّیْ سُلَا لَۃُ اَحْـمَـد | وَعَـمِّـیْ یُدْعٰی ذَالْـجَنَا حَیْنِ جَعْفَرُ |
| وَفِیْـنَـا کِتَـابُ اللّٰـهِ اَنْزِلَ صَادِقًا | وَفِیْـنَـا الْهُـدٰی وَالْوَحْیُ وَالْخَیْرُ یُذْکَرُ |

میں اس علی کا فرزند ہوں جو بہترین بنو ہاشم تھے۔ نسبی فخر کے وقت یہ بات میرے لیے کافی باعث افتخار ہے اور میرے نانا رسول خدا تھے جو ساری خلق سے افضل ہیں اور ہم لوگ انسانیت کے لیے اللہ کا روشن چراغ ہیں اور میری والدہ فاطمہ ہیں جو رسول اللہ کا جگر پارہ تھیں اور میرے چچا حضرت جعفر طیار ذوالجناحین ہیں ہم پر اللہ کی سچی کتاب نازل ہوئی اور ہمارے گھرانے میں ہدایت وحی اور نیکی کا چرچا ہے۔

چشم فلک میں یہ منظر کبھی نہ آیا ہوگا بیس ہزار عراقی سورما ایک طرف، مدینہ کا مظلوم مجاہد ایک طرف، انعام و اکرام کی لالچی مسلح فوج ایک طرف، اور راہ حق میں بھانجے، بھتیجے بیٹے قربان کرنے والا تنہا مسافر ایک طرف، شکستہ دل ہے، خستہ جاں ہے، غم زدہ و غم خوردہ ہے اور پھر گرمی کی شدت، پیاس لمحہ بہ لمحہ بڑھتی جا رہی ہے۔ ایک بے حیا ابن شیر خدا کے مقابل آیا، اپنی بہادری کی ڈینگیں مار رہا ہے، غرور و تکبر میں سرشار ہے، اپنے لشکر اور تنہائی امام پر نازاں ہے۔ ظالم نے تلوار کھینچی ابھی

Scanned by CamScanner

وار کرنا ہی چاہتا ہے، ہاتھ اٹھایا ہی تھا کہ فاتح خیبر کے لال نے ایک ہی ضرب میں سر کاٹ کر دور پھینک دیا غرور وشجاعت خاک میں مل گئی۔ دوسرا بڑھا اور چاہا کہ امام کے مقابلہ میں اپنی ہنرمندی کا مظاہرہ کر کے سیاہ دلوں میں سرخروئی حاصل کر لے، کہنے لگا کہ بہادران کوہ شکن میری بہادری کا لوہا مانتے ہیں۔ مصر وشام اور عراق میں میری شجاعت کے غلغلے ہیں۔ حسین! آج تم بھی میرے داؤ پیچ دیکھو گے۔

کوفہ کی فوج اس کی تعلّیوں سے بہت خوش ہوئی۔ ابن سعد کے لشکریوں کو یقین تھا کہ حضرت امام پر بھوک و پیاس کی تکلیف حد سے گزر چکی ہے صدموں نے کمزور کر دیا ہے، ایسے وقت میں امام پر غالب آجانا کچھ مشکل نہیں ہے۔ سیاہ شام کا یہ سرکش گستاخ جب امام عالی مقام کے سامنے آیا تو آپ نے فرمایا: تو مجھے جانتا نہیں جو میرے مقابل اس دلیری سے آتا ہے سمجھتا ہے کہ بیکس و بے کس ہوں یاد رکھ کہ تمہاری فوج کے ایک ایک بہادر کی بہادری وسرکشی خاک میں ملا دوں گا، میری نظر میں تمہاری کوئی حقیقت نہیں۔ یہ سن کر شامی جوان کو اور زیادہ طیش آیا اس نے بڑھ کر حضرت امام پر وار کیا۔ آپ نے وار بچا کر اس کی کمر پر تلوار ماری معلوم ہوتا تھا کھیرا ہے جو کٹ گیا ہے۔

ابن سعد کے لشکر کو اطمینان تھا کہ امام حسین کے علاوہ اب باقی تو رہا ہی کوئی نہیں کب تک نہ تھکیں گے ایک ایک کے مقابلے میں ہمارا کوئی بہادر تو کامیاب ہوگا۔ اسی طرح یکے بعد دیگرے ایک ایک سورما آتا رہا۔ ابن زہرا نے کسی کے سر پر تلوار ماری تو زین تک کاٹ ڈالی، گردن پر ماری تو خزاں کے پتوں کی طرح اڑنے لگے۔ کسی کے حمائلی ہاتھ مارا تو قلم تراش دیا۔ خود کاٹے، مغفر اڑائے، جوشن و آئینے قطع کر دیے۔ نیزہ پر اٹھا کر پٹکا، پسلی پسلی چور کر دی، کسی کے سینے میں نیزہ مارا تو پار کر دیا۔ معلوم ہوتا تھا کہ زمین کربلا میں لاشوں کے کھیت بو دیئے گئے ہیں۔ بڑے بڑے فخر روزگار ختم ہو گئے۔ بہادران کوفہ کی نعشوں کے انبار لگا دیے۔ دشمن کے لشکر میں شور برپا ہو گیا کہ جنگ کا یہ انداز رہا تو حیدر کا شیر کوفہ کے زن و اطفال کو بیوہ اور یتیم بنا دے گا۔ اس کی تیغ خون آشام سے کوئی بچ کر نہ نکل سکے گا۔ موقع مت دو، چاروں طرف سے گھیر کر یکبارگی حملہ کر دو۔

ماہ چرخ حقانیت پر جور و جفا کی تاریک گھٹا چھا گئی۔ ہزاروں کوفی تنہا امام پر اپنی بہادری کے جوہر دکھانے کے لیے دوڑ پڑے اور تلواروں سے حملہ کر دیا۔ حیدار کرار کے شہزادے نے انھیں بڑھ کر روکا اور ایسا جوابی حملہ کیا معلوم ہوتا تھا بکریوں کا ریوڑ ہے کہ شیر سے جان بچاتا پھر رہا ہے۔ امام حسین نے جس طرف گھوڑا بڑھایا پرے کے پرے کاٹ ڈالے۔ دشمن ہیبت زدہ ہو گیا فوج

Scanned by CamScanner

کے پاؤں اکھڑ گئے۔ شدت قتال سے آپ پر تشنگی غالب آنے لگی۔ آپ قطاروں کو کاٹتے ہوئے فرات کے کنارے پہنچ گئے۔ شمر چلایا کہ حسین کو پانی نہ پینے دینا ورنہ یہ ہمارا ایک آدمی بھی زندہ نہ چھوڑے گا۔ آپ نے پانی کا چلو اٹھایا ہی تھا کہ حصین بن نمیر نے دندان مبارک پر تیر امارا۔ دہن اطہر سے خون کا فوارہ چھوٹا اور پانی کا چلو خون کے چلو میں تبدیل ہو گیا۔ آپ نے اس کو آسمان کی طرف اچھال دیا۔

یہ حوصلہ اہل رضا تو بھی دیکھ لے
او بے نیاز خون وفا تو بھی دیکھ لے

ابن سعد اور اس کے مشیر بہت گھبرائے کہ کوفیوں کی عزت خاک میں مل گئی۔ تمام ناموران کوفہ کی جماعتیں ایک حجازی جوان سے شکست کھا گئیں۔ تاریخ عالم میں ہماری نامردی کا یہ واقعہ ہمیں ہمیشہ رسوا کرتا رہے گا۔ کوئی تدبیر ہو کہ اس شیر سے اپنی بھیڑیں بچا سکیں یا اسے کسی دھوکہ سے جال میں پھنسا سکیں۔ تجویز ہوئی کہ تلواروں کی جنگ ہم جیت نہیں سکتے۔ حسین کی ایک تلوار ہزاروں پر حاوی ہے۔ اس کے بغیر اور کوئی صورت نظر نہیں آتی کہ چاروں طرف سے امام پر تیروں کی بارش کی جائے۔ چنانچہ ہر طرف سے تیر برسنے لگے۔ گھوڑا زخموں سے چور چور ہو گیا، جسم نازنین ہزاروں تیروں سے چھلنی ہو گیا۔

آج شبیر پہ کیا عالم تنہائی ہے
ظلم کی چاند پہ زہرا کے گھٹا چھائی ہے
اس طرف لشکر اعداء میں صف آرائی ہے
یاں نہ بیٹا نہ بھتیجا نہ کوئی بھائی ہے
برچھیاں کھاتے چلے جاتے ہیں تلواروں میں
مار لو پیاسے کو ہے شور ستمگاروں میں
خون میں تر پیچ عمامے کے ہیں سر زخمی ہے
ہے جبیں چاند سی پر نور مگر زخمی ہے
سینہ سب برچھیوں سے تا بہ کمر زخمی ہے
تیر بیداد سے دل زخمی جگر زخمی ہے
شدت ضعف سے جس جا پہ ٹھہر جاتے ہیں
سینکڑوں تیر ستم تن سے گزر جاتے ہیں

یہاں تک کہ گھوڑے میں سکت باقی نہ رہی۔ امام ایک مقام پر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ ہر طرف سے تیر آ رہے ہیں۔ نورانی جسم لہولہان ہو رہا ہے۔ ایک تیر آپ کی پیشانی اقدس پر لگا۔ یہ پیشانی مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بوسہ گاہ تھی۔ ایک اور تیر گردن میں پیوست ہو گیا۔ ابھی آپ اسے نکال ہی رہے تھے کہ زرعہ بن شریک نے تلوار کے کئی وار کیے اور سنان نے نیزہ مارا جس سے جسم نڈھال ہو گیا، اور آپ زمین پر گر گئے۔ جسم نازنین پر ۳۳ زخم نیزے کے ۴۴ تلوار کے اور تیروں کا

Scanned by CamScanner

تو شمار ہی نہیں، ضعف کے سبب زمین سے اٹھا نہیں جاتا۔ سنان بن انس نخعی نے خولی بن یزید کو حکم دیا کہ سر کاٹ لے۔ وہ آگے بڑھا مگر ہمت نہ ہوئی۔ سنان نے کہا تیرا ہاتھ کیوں شل ہوگیا۔ پھر خود گھوڑے سے اترا اور تاجورِ امامت کا سرِ اقدس جسم اطہر سے جدا کر دیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ.

محرم کی دس تاریخ ۶۱ ھ مطابق ۱۰ / اکتوبر ۶۸۰ء بروز جمعہ ۵۶ سال ۵ ماہ اور ۵ دن کی عمر میں آپ نے رفیق اعلیٰ کی طرف سفر فرمایا۔

اس میں ہوئی ہیں موت کو پیہم ہزیمتیں
کرب و بلا کی خاک ہے میدان زندگی

☆☆☆

جس نے حق کربلا میں ادا کر دیا ۔۔۔ اپنے نانا کا وعدہ وفا کر دیا
گھر کا گھر سب سپرد خدا کر دیا ۔۔۔ کر لیا نوش جس نے شہادت کا جام
اس حسین ابن حیدر پہ لاکھوں سلام

ظالم کوفیوں نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ خیموں میں گھس گئے۔ سامان لوٹ لیا اور آگ لگادی۔ لاشوں پر گھوڑے دوڑا کر وحشت و بربریت کا پورا پورا ثبوت دیا۔ اس طرح ۲ محرم کو اترنے والا قافلہ اپنے میزبانوں کے ہاتھوں بالکل اجڑ چکا تھا۔

سلیمان بن قتیبہ خدری کہتا ہے:

مَرَرْتُ عَلیٰ اَبْیَاتِ اٰلِ مُحَمَّدٍ ۔۔۔ فَلَمْ اَرَ اَنْشَاکُھَا یَوْمَ جَلَّتِ
وَکَانُوْا غِیَاثَاثُمَّ اضحی ارَزِیْنَۃ ۔۔۔ اِلَّا عُظُتْ تِلْکَ الرَّزَ ایَاوَ جِلَّتِ

میں اولاد رسول کے خیموں کے پاس سے گزرا تو مجھے وہ رونق نظر نہ آئی جو ان کے ہاں اترنے کے وقت تھی۔ یہ تو لوگوں کے حامی و ناصر تھے اور اب خود مظلوم بن کر رہ گئے ہیں، ہائے یہ کتنے عظیم مصائب ہیں۔

## آسمان سرخ ہوگیا

امام عالی مقام کی شہادت کے فوراً بعد آسمان کے کناروں سے سرخ غبار اٹھا اور دیکھتے ہی دیکھتے تمام جہان تاریک ہوگیا اور اس قدر اندھیرا چھا گیا کہ پاس کھڑے ہوئے آدمی کی صورت تک نظر نہ آتی تھی تھوڑی دیر بعد وہ اندھیرا دور ہوگیا اور آسمان سے خون ٹپکنے لگا یہاں تک کہ جس

Scanned by CamScanner

چیز کو دیکھتے تھے اس میں خون ہی خون نظر آتا تھا۔ جس پتھر کو اٹھایا جاتا اس کے نیچے تازہ خون موجود ہوتا۔ تھوڑی دیر بعد غائبانہ آوازیں آنا شروع ہوئیں۔ یہ آوازیں جنات کی تھیں وہ یہ اشعار پڑھ رہے تھے۔

مَسَحَ النَّبِیُّ جَبِیْنَہٗ فَلَہٗ بَرِیْقٌ فِی الْخُدُوْد
اَبَوَاہُ مِنْ عُلْیَا قُرَیْشٍ وَّجَدُّہٗ خَیْرُ الْجُدُوْد
نبی نے ان کی پیشانی ہے چومی کہ روشن جس کا چہرہ چاند سا تھا
علی تھے باپ گر اعلیٰ قریشی تو نانا اس کا تھا سرور جہاں کا

## کوفیوں کا جشن

سنگدل کوفی فوجوں نے اپنی نام نہاد فتحمندی کی خوشی میں ایک جشن ترتیب دیا۔ اس جشن میں امام عالی مقام کے ساتھیوں کے سروں کو تقسیم کیا گیا۔ بائیس سر قبیلہ بنی ہوازن کو دیئے گئے تیرہ ابن اشعث کو، چھ بنی اسد کو، چودہ بنی تمیم کو، پانچ بنی کندہ کو اور تیس متعدد اہل شہر کے حوالے کیے گئے۔

امام عالی مقام کا سر انور خولی بن یزید کے پاس تھا۔ آپ کا عمامہ عمر بن یزید نے لیا، چادر یزید بن سعد نے، زرہ اور انگوٹھی سنان بن نخعی نے ذوالفقار مالک بن شبیر نے، قمیص یحییٰ بن کنب نے اور بقیہ لباس مع نعلین مبارک مالک بن کندی کے ہاتھ آیا تقسیم کے بعد اعلان ہوا کہ تمام سروں کو نیزوں پر چڑھایا جائے۔

## کوفہ کو واپسی

کاروان نبوت کے ان صابر کاروانیوں کو راہ میں ابھی کچھ اور منزلیں بھی طے کرنا باقی تھیں۔ ابن سعد کے سپاہی فاطمی خواتین بچیوں اور عابد بیمار کو ساتھ لے کر کوفے کی طرف روانہ ہوئے۔ بیبیوں نے اپنے شہداء کی لاشیں زمین پر بے گوروکفن دیکھیں۔ خاندان نبوت سے یہ منظر نہ دیکھا گیا۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کی ہمشیرہ حضرت زینب دوڑ کر اپنے بھائی کے لاشے سے چمٹ گئی، رورو کر عرض کیا۔

دس میرے سر کچھ نہ دیویں آج بھکن تیری مجبور اے
کتھوں لیانواں کفن تیرا ئیں ایتھوں شہر مدینہ دور اے

Scanned by CamScanner

ایک شاعر نے کہا ہے۔

کون شبیر وہ جس کا نانا نبی
جس کی ماں فاطمہ جس کا بابا علی
خاک پر پائے گھوڑوں سے کچلا ہوا
------------------اس کا لاشہ پڑا آج کی رات ہے
کس کا سر لے چلے تن سے کر کے جدا
جسم اطہر تڑپتا ہوا رہ گیا
لب پہ شبیر کے نیزۂ شام پر
------------------الوداع الوداع آج کی رات ہے

شہداء کے سروں کو اٹھائے ہوئے یہ لشکر خوشیاں مناتا ہوا واپس کوفہ آ رہا تھا۔ ابھی زیادہ دور نہیں جا سکے تھے کہ سامنے ہوا میں ایک ہاتھ نظر آیا جس پر یہ لکھا تھا۔

اَتَرْجُوْ اُمَّۃٌ قَتَلَتْ حُسَیْنًا شَفَاعَۃَ جَدِّہٖ یَوْمَ الْحِسَابِ

جس قوم نے حسین کو قتل کیا، کیا اس کے نانا کی شفاعت کی امید رکھ سکتی ہے؟

## مٹی خون بن گئی

ترمذی شریف جلد ثانی میں ہے ایک عورت کہتی ہے میں محرم کی دس تاریخ کو مدینہ طیبہ میں ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی، دیکھا کہ آپ رو رہی ہیں۔ میں نے رونے کی وجہ دریافت کی تو ام المومنین نے فرمایا میں نے ابھی ابھی خواب دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر انور اور ریش مبارک پر گرد و غبار ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ کیا بات ہے؟ تو آپ نے فرمایا: میں ابھی کربلا سے آ رہا ہوں آج میرے حسین کو قتل کر دیا گیا ہے۔

ام المومنین فرماتی ہیں کہ مجھے وہ مٹی یاد آ گئی جو شہزادہ حسین کی پیدائش کے وقت جبریل نے میدان کربلا سے لا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دی تھی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ مٹی مجھے دے کر فرمایا: اے ام سلمہ! اس مٹی کو اپنے پاس رکھو، جس دن میرا حسین قتل ہوگا یہ مٹی خون ہو جائے گی۔ حضرت ام سلمہ فرماتی ہیں کہ آج میں نے وہ مٹی دیکھی تو وہ خون بن چکی تھی۔ اس مٹی کو میں نے ایک شیشی میں سنبھال کر رکھا ہوا تھا۔

Scanned by CamScanner

## ایک راہب

خولی بن یزید لشکر سے کافی آگے نکل چکا تھا۔ راستے میں ایک راہب کا عبادت خانہ نظر آیا۔ خولی ذرا ستانے بیٹھ گیا۔ راہب نے باہر نکل کر پوچھا۔

یہ سر کس کا ہے؟

**خولی:** حسین کا ہے۔

**راہب:** حسین کون؟

**خولی:** علی شیر خدا کا بیٹا۔

**راہب:** وہی علی جو تمہارے نبی کے داماد تھے؟

**خولی:** ہاں۔

**راہب:** پھر یوں کیوں نہیں کہتے کہ ہمارے نبی کے نواسے کا سر ہے، فاطمۃ الزہراء کے نور نظر اور لخت جگر کا سر ہے۔

راہب نے خولی سے کہا کہ دس ہزار درہم تمہیں دے دوں گا یہ سرِ اقدس ایک رات میرے پاس رہنے دو صبح جاتے وقت لے لینا۔ خولی جس نے درہم کے بدلے ایمان بیچا تھا کب انکار کرتا فوراً دے دیا۔ اس راہب نے خوشبو لگا کر ایک بلند چوٹی پر رکھا اور ساری رات اس کے آگے ہاتھ باندھ کر کھڑا رہا۔ جب نصف رات گزر گئی تو سر اقدس کی پیشانی سے ایک نور نکلا جس سے عبادت خانہ روشن ہو گیا۔ راہب نے کہا: یا حسین! بیشک آپ زندہ ہیں میں آپ کو گواہ کر کے کہتا ہوں اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ.

حسن ز بصرہ بلال ز حبش صہیب از روم ز خاک مکہ بوجہل ایں بو العجبی ست

راہب نے صبح سر اقدس کو واپس کیا تو اس نعمت کی واپسی پر اس کا دل پسیج رہا تھا آنکھیں رو رہی تھیں۔ خولی بن یزید نے جب راستے میں حاصل کیے ہوئے درہم کھولے تو وہ ٹھیکریاں بن چکے تھے اور ان کے ایک طرف لکھا تھا:

وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ. ”خدا کو ظالموں کے کردار سے غافل نہ جانو“

اور دوسری طرف یہ آیت مکتوب تھی:

وَ سَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ.

Scanned by CamScanner

اور ظلم کرنے والے عنقریب جان لیں گے۔

## لشکر کوفہ پہنچ گیا

ابن سعد کا لشکر خوشیاں مناتا جب واپس کوفہ پہنچا تو ابن زیاد نے تمام شہر میں اعلان کرایا کہ کوئی آدمی ہتھیار لے کر باہر نہ نکلے۔

عوام خاندان نبوت کے لئے ہوئے قافلے کی بے کسی پر زار زار رونے لگے۔ شہزادہ زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''تم روتے ہو بتاؤ ہمیں قتل کس نے کیا ہے؟''

## خولی بن یزید کی بیوی

خولی سر اقدس کو لے کر کوفہ پہنچا، گھر گیا اور سر مبارک کو تنور میں رکھ دیا اور سو گیا۔ اس کی بیوی بڑی نیک تھی۔ رات کو نماز تہجد کے لیے اٹھی دیکھا کہ تنور میں روشنی تھی۔ اس نے کہا میں تو آگ بجھا کر سوئی تھی یہ روشنی کیسی! قریب گئی تو عجیب منظر دیکھا، تنور میں ایک سر موجود ہے اور اس سے نور نکل رہا ہے اور اس کے گرد چار عورتیں بیٹھی ہیں، ان میں سے ایک کہہ رہی تھی۔

''اے میرے لال! اے میرے شہید! اے میرے آنکھوں کے نور! اللہ روز جزا تیرا انصاف فرمائے گا، جبتک تیرا خون بہا نہ لے لوں گی عرش الٰہی کا کنگرہ نہ چھوڑوں گی۔

خولی کی بیوی یہ منظر دیکھ کر بیہوش ہوگئی۔ غیب سے آواز آئی کہ تم پریشان نہ ہو خاوند کے گناہ میں تم ماخوذ نہ ہوگی۔ یہ بیبیاں جو تو دیکھ رہی ہے یہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ، حضرت فاطمۃ الزہراء حضرت مریم اور حضرت آسیہ رضی اللہ عنھن ہیں۔ اس نے سر اقدس کو تنور سے نکال کر نہایت تعظیم و تکریم سے بلند مقام پر رکھا اور خولی کو جگا کر کہا:

او مردود! تو نے کہا تھا کہ ایک باغی کو قتل کرنے گیا تھا اور یہ نبی کے نواسے کا سر! ظالم! یہ دیکھ آسمان تجھ پر لعنت بھیج رہا ہے، اور دیکھ اس سر کی زیارت کے لیے ملائکہ آ رہے ہیں۔ بس میرا تیرے ساتھ کوئی تعلق نہیں، لے سنبھال اپنے گھر کو میں جاتی ہوں۔

خولی نے کہا کہ تیرے جانے سے میرا گھر تباہ و برباد ہو جائے گا عورت نے کہا خدا کرے تیرا گھر برباد ہو جائے، تیرے سب بچے تباہ ہو جائیں تو نے خاتون جنت کا گھر اجاڑا ہے خدا تیرا گھر اجاڑے۔ یہ کہہ کر اس نے چادر اوڑھی اور جنگل کو نکل گئی۔ پھر کسی نے اس کا نشان نہ پایا۔

Scanned by CamScanner

## ابن زیاد کا دربار

رات گزر گئی صبح ابن زیاد نے دربار لگایا۔ مجلس لوگوں سے بھر گئی۔ ابن زیاد کے ہاتھ میں چھڑی تھی، حضرت امام عالی مقام کے لب پر مارنے لگا۔ دربار میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ایک صحابی زید بن ارقم موجود تھے۔ ابن زیاد کی یہ حرکت برداشت نہ کر سکے، بولے:

''او ظالم! تجھ پر خدا کی مار، چھڑی ہٹالے، خدا کی قسم یہ وہ مبارک لب ہیں جن کو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ حضور علیہ السلام بار بار چوما کرتے تھے خدا تیرے ہاتھ توڑ دے، اللہ تجھ فنا کرے۔''

ابن زیاد نے کہا: ''اگر تو بوڑھا ہو کر سٹھیا نہ گیا ہوتا تو میں ابھی تیری گردن اڑا دیتا۔''

حضرت زید بن ارقم یہ کہتے ہوئے مجلس سے اٹھ کر چلے گئے کہ:

''اے کوفہ والو! آج کے بعد تم غلام ہو، تم نے زہرا کے لال کو قتل کر دیا اور ابن مرجانہ ابن زیاد کو حاکم بنایا۔ تمہارے نیکوں کو قتل کرتا ہے اور شریروں کو زندہ رکھتا ہے۔ تم نے ذلت پسند کی، خدا تمہیں غارت کرے۔

ابن زیاد کی نظر حضرت امام زین العابدین پر پڑی تو اس نے ان کے قتل کا بھی حکم دے دیا مگر حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی شدید لپٹگی نے ابن زیاد کے اس ارادہ کو بدل دیا۔ ابن زیاد نے کہا اچھا میں زین العابدین کو قتل نہیں کرتا، مگر دیکھا تمہارے اہل بیت کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کیا سلوک کیا۔''

حضرت زینب نے جواب دیا:

''بے شک ان کی شہادت مقدر ہو چکی تھی، وہ مقتل میں تشریف لائے، مگر عنقریب داور محشر کے حضور وہ تم سے ضرور انصاف طلب کریں گے۔''

## سر اقدس کوفہ کے بازاروں میں

ابن زیاد نے حکم دیا کہ تمام سروں کو کوفہ کے بازاروں میں پھرایا جائے۔ ابن عسا کر نے منہال بن عمرو سے روایت کی ہے وہ کہتے ہیں خدا کی قسم میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ جب امام حسین کا سر اقدس ایک مکان کے قریب پہنچا تو اس مکان کا مالک قرآن کریم کی یہ آیت تلاوت کر رہا تھا:

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝

کیا تمھیں معلوم نہیں کہ پہاڑ کی کھوہ اور جنگل کے کنارے والے ہماری ایک عجیب نشانی تھے" تو سر مبارک سے آواز آئی:

اِنَّ قَتْلَ الْحُسَیْنِ کَانَ مِنْہُ اَعْجَباً ۔ "حسین کا قتل اس سے بھی عجیب ہے۔"

اَعْجَب مِنْ اَصْحٰبِ الْکَھْفِ قَتْلِیْ وَحَمْلِیْ.

میرا قتل اور نیزہ پر سوار ہونا ان سے بھی زیادہ عجیب ہے۔

## دمشق کو روانگی

کوفہ میں خوب تشہیر کے بعد ابن زیاد نے شمر کو کہا کہ سر حسین اور تمام اہلبیت کو دمشق میں یزید کے دربار میں لے جاؤ۔ شمر پانچ ہزار کے لشکر سمیت دمشق کو روانہ ہوا۔ دمشق کے سفر میں امام عالی مقام کے سر اقدس سے بے پناہ کرامتیں ظاہر ہوئیں مگر سیاہ و بد باطن جن کی آنکھوں پر زر و جواہرات کے پردے پڑے ہوئے تھے۔ یہ چیزیں کب دیکھ سکتے تھے۔ یہ کارواں جب شہر معمورہ کے پاس پہنچا تو ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔

## واقعۂ شیریں

معمورہ شہر کا حاکم ایک یہودی عزیز بن ہارون تھا وہ رات کو سویا تو خواب میں اسے حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت نصیب ہوئی۔ دیکھا کہ موسیٰ علیہ السلام مغموم ہیں۔ عزیز نے عرض کیا: حضور کی طبیعت مغموم کیوں ہے؟ آپ نے فرمایا: عزیز! محبوب خدا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے شہید کر دیئے گئے ہیں۔ ان کا سر مبارک صبح تیرے شہر معمورہ کے قریب سے گزر رہا ہے۔ حسین کی آزاد کردہ لونڈی شیریں تیرے دروازے پر آئے گی، تجھے چاہیئے کہ ان کی خدمت کرے اور سر حسین کو میرا سلام پہنچا دے۔ عزیز نے عرض کیا: "کیا محمد سچے رسول ہیں؟" حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: وہ تو انبیاء کے بھی رسول ہیں۔ ان پر ایمان لانے کا اللہ تعالیٰ نے ہم سے وعدہ لیا ہے جو ان کو تسلیم نہیں کرتا وہ جہنم میں جائیگا۔

ادھر جب قافلہ معمورہ کے قریب ایک پہاڑی کے دامن میں رکا تو شیریں (جو امام حسین کی آزاد کردہ لونڈی تھی) نے اہل بیت کی خدمت میں عرض کیا کہ "میرے پاس کچھ زیور ہے اگر آپ اجازت دیں تو انھیں شہر میں بیچ کر آپ کے لیے کپڑے لے آؤں۔" اہل حرم نے اس کے اصرار

Scanned by CamScanner

پراسے اجازت دے دی۔ جب شیریں شہر کے دروازے پر پہنچی تو دروازہ بند تھا، دستک دی۔ اس وقت تک عزیز بن ہارون دروازے پر پہنچ چکا تھا۔ اس نے کہا شیریں! ٹھہرو، دروازہ کھولتا ہوں۔"

یہ سن کر شیریں حیران رہ گئی کہ یہ آدمی میرا نام کیسے جانتا ہے۔ سوال کرنے پر عزیز نے خواب کا سارا واقعہ سنایا اور کافی سامان اور کپڑے امام زین العابدین کی خدمت میں پیش کیے اور سرِ اقدس کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سلام پہنچایا۔ سر مبارک سے سلام کا جواب آیا تو وہ فوراً مسلمان ہوگیا۔ امام زین العابدین نے چاہا کہ شیریں کا نکاح عزیز سے کر دیا جائے۔ مگر شیریں نے عرض کی کہ میں اہل حرم سے جدائی پسند نہیں کرتی۔ مجھے ان مصائب و مشکلات میں بھی راحت ہے۔" حضرت شہر بانو رضی اللہ عنہا (جو اس لونڈی کو ایران سے لے آئی تھیں) اصرار فرمایا تو شیریں نے تسلیم کر لیا اور اس کا نکاح عزیز سے کر دیا گیا۔

## یزید پریشان ہوگیا

زحر بن قیس لشکر سے پہلے یزید کے دربار میں پہنچا اور بڑے فخر سے حالات سنانے لگا۔ غاز بن ربیعہ کہتے ہیں اس وقت میں یزید کے پاس بیٹھا تھا، یزید نے پوچھا: کیا خبر ہے؟ زحر بن قیس نے کہا: فتح و نصرت کی بشارت لایا ہوں، حسین بن علی اپنے انیس اہل بیت اور بہتر ساتھیوں سمیت ہمارے پاس پہنچے، ہم نے انھیں بڑھ کر روکا اور مطالبہ کیا کہ ہمارے امیر المومنین یزید کی بیعت قبول کرلو مگر انھوں نے اطاعت کے بجائے لڑائی کو پسند کیا۔ چنانچہ ہم نے طلوع آفتاب کے ساتھ ہی ان پر ہلہ بول دیا اور آن کی آن میں سب کا خاتمہ کر دیا۔ اس وقت ان کے لاشے برہنہ پڑے ہیں، ان کے کپڑے خون میں تر ہیں، ان کے رخسار غبار سے اٹے پڑے ہیں، ان کے جسم دھوپ کی شدت سے خشک ہو رہے ہیں۔"

یہ سن کر یزید بخت پریشان ہوگیا اور اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ زحر بن قیس کو کوئی انعام نہیں دیا اور کہا: لعنت ہو ابن زیاد پر۔ اگر میں وہاں ہوتا تو حسین سے درگزر کرتا۔ خداوند کریم حسین کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے۔

دراصل اس کا یہ گریہ بھی وقتی تھا کیونکہ وہ دیکھ رہا تھا کہ کلنک کا ٹیکہ کبھی دھویا نہ جاسکے گا۔

## یزید کا دربار

یہ لٹا ہوا قافلہ جب یزید کے دربار میں پہنچا تو امام عالی مقام کا سرِ اقدس ایک طشت میں رکھ

Scanned by CamScanner

کر یزید کے دربار میں پیش کیا گیا۔ یزید کہنے لگا: اس کا چہرہ اب بھی کتنا خوب صورت ہے۔'' یزید کے دربار میں قیصر روم کا ایک نصرانی قاصد بیٹھا ہوا تھا اس نے پوچھا: ''یہ کیا ماجرا ہے؟'' یزید نے کہا: ''یہ حسین ابن علی کا سر ہے۔ انہوں نے میرے خلاف بغاوت کی تھی۔''

قاصد روم نے کہا: ''ہم جہاں عیسیٰ علیہ السلام کی سواری کے پاؤں کے نشان پاتے ہیں آج تک ان کی حرمت کرتے چلے آتے ہیں اور زر و جواہرات قربان کرتے چلے آتے ہیں۔ مگر حیف ہے تم پر کہ تم نے اپنے نبی کے نواسے کو مار ڈالا۔ کیا یہی تمہاری مسلمانی ہے؟ تم لوگ بدترین ظالم ہو۔''

یہ بات سن کر یزید سخت خفا ہوا اور کہا: ''اگر تو سلطان روم کا قاصد نہ ہوتا تو ابھی تیری گردن اڑا دیتا۔''

قاصد نے کہا: ''افسوس ہے کہ روم کے قاصد کا اتنا پاس ہے اور اپنے نبی کے فرزند کے قتل میں کچھ بھی وسواس نہیں ہے یہ کہہ کر قاصد روم دربار سے چلا گیا۔

یزید سر پیٹ کر رہ گیا۔ ہائے اب کیا ہوگا ساری دنیا میں بدنام ہو جاؤں گا، خلق خدا مجھے کیا کہے گی!

یزید نے اہل حرم کو اپنے گھر بھیج دیا اور اپنے گھر والوں کو حکم دیا:

اَقِمْنَ عَلَیْهِنَّ الْمَاتَمَ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ۔ (اخبار ماتم ص ۹۶۷)

''ان پر تین دن تک ماتم کرو۔'' ۔(جلاءُ العیون ص ۵۰۰)

یہ دیکھ کر حضرت امام عالی مقام کی ہمشیرہ حضرت زینب نے فرمایا:

یَا اَهْلَ الْکُوْفَةِ اَتَبْکُوْنَ وَ تَنُوْحُوْنَ اِیْ وَ اللّٰهِ فَابْکُوْا کثیرا وَّ اضْحَکُوْ اقَلِیْلًا۔ (اخبار ماتم ص ۸۰۵)

''اے کوفیو! امام کو خود قتل کر کے اب خود ہی روتے اور پیٹتے ہو۔ اللہ کرے ہمیشہ روتے رہو۔''

پھر یزید نے امام زین العابدین کو بلا کر کہا:

جو کچھ ہونا تھا ہو گیا، وہ وقت اب واپس نہیں آ سکتا۔ اب آپ مجھ سے کچھ خواہش کریں تا کہ اسے پورا کروں۔

**زین العابدین:** مجھے تجھ سے کچھ امید نہیں۔ **یزید:** آپ حکم فرمائیں۔

**زین العابدین:** چار باتیں ہیں اگر پوری کر دے۔ **یزید:** ضرور کروں گا، فرمایئے۔

**زین العابدین:** (۱) پہلی بات یہ ہے کہ میرے باپ کے قاتل کو میرے سپرد کر دو۔

Scanned by CamScanner

(۲) سرہائے شہداء مجھے دے دوتا کہ ان کے جسموں کے ساتھ دفن کرسکوں۔
(۳) آج جمعہ کا دن ہے مجھے اجازت دے کہ منبر پر خطبہ پڑھوں۔
(۴) ہمارے لٹے ہوئے قافلے کو واپس مدینہ پاک بھیج دے۔
**یزید:** (درباریوں سے متوجہ ہوکر) بتاؤ قاتل کون ہے؟

لوگوں نے کہا خولی ہے۔ خولی نے انکار کر دیا اور کہا سنان بن انس قاتل ہے۔ سنان سے پوچھا، اس نے کہا میں تو قاتل امام پر لعنت بھیجتا ہوں، یزید نے غصہ میں آ کر کہا:

"آخر کسی نے قتل بھی کیا ہے یا نہیں؟"

**سنان نے کہا:** یہ فعل شمر کا ہے۔ مگر شمر بگڑ گیا۔ اس نے کہا: میں کیوں قاتل ہونے لگا! میری کون سی سلطنت حسین نے دبا رکھی تھی۔ قاتل وہ ہے جس کو حسین سے خوف تھا، جس نے زر و جواہرات کے بدلے لوگوں کے ایمان خراب کیے، عہدوں اور حکومتوں کا لالچ دے کر حسین کو قتل کرایا۔" غرضیکہ بڑا شور ہوا۔

**یزید:** (امام زین العابدین سے) حضرت! قاتل والا معاملہ تو مشکل ہے کوئی مانتا ہی نہیں یہ جانے دیجئے، باقی تینوں خواہشات پوری کر دیتا ہوں۔

**زین العابدین:** مجھے پہلے ہی تجھ سے امید نہیں تھی۔

## جامع مسجد دمشق

یزید نے خطبۂ جمعہ پڑھنے کی اجازت بھی با دل ناخواستہ ہی دی۔ مسجد نمازیوں سے کھچا کھچ بھر چکی تھی۔ امام حسین کا شہزادہ منبر پر جلوہ افروز ہوا۔ آپ نے حمد و ثنا کے بعد کچھ اس انداز سے تقریر فرمائی کہ حاضرین زار زار رونے لگے۔ یزید نے دیکھا کہ تمام لوگ زین العابدین رضی اللہ عنہ سے شدید طور سے متاثر ہو چکے ہیں تو اس کو فکر ہوئی کہ سارا کھیل بگڑ نہ جائے۔ اس نے مؤذن کو اشارہ کیا کہ جلدی سے اذان پڑھ دے۔ مؤذن نے فوراً اذان شروع کر دی۔

**مؤذن:** اَللّٰہُ اکبر، اَللّٰہُ اکبر، اَللّٰہُ اکبر، اَللّٰہُ اکبر۔

**زین العابدین:** نَعَمْ لَا شَیْءَ اَکْبَرُ مِنْہُ. "ہاں اس سے بڑی کوئی چیز نہیں۔"

**مؤذن:** اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**زین العابدین:** نَعَمْ شَھِدَ بِھَا لَحْمِیْ وَشَعْرِیْ وَ دَمِیْ
"ہاں میرے جسم کی ایک ایک چیز نے اس کی گواہی دی۔"

Scanned by CamScanner

مؤذن: اشھد ان محمدا رسول اللہ ۔

زین العابدین: تجھے اسی نام کا واسطہ ہے ذرا خاموش ہو جاؤ۔

مؤذن خاموش ہوگیا آپ نے یزید کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

"اے یزید! محمد تیرے دادا ہیں یا میرے؟ اگر اپنے دادا کہے گا تو دنیا جھوٹا کہے گی۔ اور اگر حقیقت بیان کرے گا تو بتا کہ میرے باپ کو کیوں شہید کیا؟ مجھے یتیم کیا اہلبیت کو شہر بہ شہر پھرایا، قید کرایا اور میرے دادا کے دین میں رخنہ ڈالا، حالانکہ تو ان کا کلمہ پڑھتا ہے پھر بھی شرم نہیں کرتا۔"

آپ نے لوگوں سے فرمایا کیا تم میں کوئی ایسا ہے جس کا دادا رسول خدا ہو؟

شہزادہ زین العابدین کی اس درد بھری تقریر سے عوام میں یزید سے شدید نفرت پیدا ہوگئی۔ یزید نے مؤذن کو ڈانٹا کہ جمعہ کی نماز کو دیر ہو رہی ہے۔ نماز سے فراغت کے بعد اس نے ایک اجلاس عام بلایا۔ شہر کے تمام رؤسا، اور معززین کو کہا کہ تم حسین کے لیے روتے ہو میں تم پر تب راضی ہوتا کہ تم حسین کو میرے پاس زندہ لے آتے، میں ان سے کسی شرط پر صلح کر لیتا لعنت ہو۔ ابن زیاد پر جس نے اہل بیت پر زیادتی کی۔"

اس کے بعد یزید لگاتار امام زین العابدین کو اپنے ساتھ کھانا کھلاتا رہا اور عزت و احترام کرتا رہا اور بہت سی نقدی حضرت زینب کی خدمت میں پیش کر کے کہا کہ اپنے بھائی کے قتل کے بدلے میں قبول کر لیجئے۔ آپ نے فرمایا: ظالم! یہ دنیا کی دولت شہزادہ گلگوں قبا راکب دوش مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا بدلہ بنتا ہے؟ میں ایسی دولت کو ٹھوکر مارتی ہوں۔

## مدینہ کو واپسی

آخر یزید نے نعمان بن بشیر کو پانچ ہزار سوار دے کر قافلہ کو واپس کر دیا۔ لٹا ہوا کاروان محمدی جب واپس کربلا کے میدان کے قریب پہنچا تو عجیب منظر تھا۔ ابھی تک مبارک جسم بے گور و کفن پڑے تھے۔

تھم ذرا بے تابی دل ٹھہر جانے دے مجھے
اور اس بستی پہ چار آنسو بہانے دے مجھے

یہاں قافلہ ٹھہرا تو امام زین العابدین نے تمام شہداء کے جسموں کے ٹکڑوں کو جوڑ کر دفن کر دیا۔ ابھی تک جسموں سے تازہ خون رس رہا تھا۔ کرب و بلا کے میدان سے واپسی بھی کیا درد انگیز ہے۔ کس شان سے بلائے گئے اور اب کس حال میں واپس کیے جا رہے ہیں۔

Scanned by CamScanner

جن کو خیموں سے باہر نکالا گیا
جن کو زنداں میں لیجا کے ڈالا گیا
جن کی تشہیر کوفے کی گلیوں میں کی
ان پہ قرباں حیا آج کی رات ہے
چپہ چپہ زمیں کا ہے مبہوت غم
ذرّہ ذرّہ فلک کا ہے محو الم
شرق سے غرب تک عرش سے فرش تک
حشر کا دن ہے یا آج کی رات ہے

## مدینۃ الرسول

جب یہ لٹا ہوا کارواں مدینۃ الرسول پہنچا تو مدینہ طیبہ میں ایک کہرام مچ گیا کتنا دردانگیز منظر ہوگا۔ جب یہ قافلہ گلیوں سے گزرا ہوگا تو مدینہ کے ذرّوں اور دیواروں نے پوچھا ہوگا:

قافلے والو! ابن رسول کہاں ہیں؟ پارۂ قلب بتول کہاں ہیں؟

## روضۂ رسول پر حاضری

مدینے کا ذرّہ ذرّہ رو رہا ہے۔ یہ منظر کسی سے دیکھا نہیں جاتا تھا اہل حرم اسی حالت میں روضۂ رسول کریم پر حاضر ہوتے ہیں اور رو رو کر عرض کرتے ہیں:

یا رسول اللہ ! ذرا دیکھو ہمارا حال زار
دشمنوں کے ہاتھ سے کیسے ہوئے ہم دلفگار
جو مصیبت ہم پہ گزری کیا کریں اس کا بیان
کوئی دنیا میں نہ ہوگا اس طرح زار و نزار

☆

یا رسول اللہ برآر از روضہ سرتا بنگری
اہل بیت خویشتن رازار و بیمار و حزیں
در بلائے دشمنان دیں گرفتار آمدہ
کس مبادا در جہاں ہرگز گرفتار ایں چنیں

برادران اسلام! کربلا کا واقعہ بہت طویل اور دردناک ہے۔ یہاں میں نے مختصراً عرض کیا ہے آپ یقین فرمائیں کہ کرب و بلا کے میدان میں قربانی دینے والے اپنی جانیں راہ خدا میں پیش کرنے والے زندہ ہیں، ان کی یاد گھر گھر میں تازہ ہے۔

## کربلا کا انتقام

حضرت امام حسین کے قاتلین کے متعلق تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ ان میں سے کوئی بھی عذاب الٰہی کی گرفت سے نہ بچ سکا۔ بعض کو ایسے دردناک مصائب کا سامنا کرنا پڑا کہ موت ان مصائب کے مقابلہ میں کہیں زیادہ آسان تھی۔

Scanned by CamScanner

عبدالملک بن مروان کے زمانے میں جب مختار بن ابوعبید ثقفی کوفہ کا حاکم مقرر ہوا، تو اس نے چن چن کر ایسے لوگوں کو قتل کرنا شروع کیا جنھوں نے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت میں حصّہ لیا تھا اور اس فوج میں شامل تھے جو آپ سے لڑنے کے لیے بھیجی گئی تھی۔

مؤرخین نے لکھا ہے کہ اس نے ایک دن میں دو سو چالیس قاتلان حسین کو قتل کیا، شمر نے بھاگنے کی کوشش کی مگر اسے مختار کے آدمیوں نے پکڑ کر قتل کر ڈالا اور اس کی لاش کو کتوں سے نچوا دیا۔ خولی بن یزید مختار کے پاس لایا گیا مختار نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا۔ اس کے بعد اس کی لاش جلا دی گئی۔

ابن زیاد کے لشکر کے قائد عمرو بن سعد کا بھی یہی حشر ہوا اور اسے بھی اس کے بیٹے کے ساتھ قتل کر دیا گیا۔

کوفہ میں قاتلین کا کام تمام کرنے کے بعد مختار نے ابراہیم بن اشتر کو عبیداللہ بن زیاد کے ساتھ لڑنے کے لیے بھیجا۔ ابن اشتر کے ساتھ بہترین آزمودہ کار افسر تھے۔ ابن زیاد بھی شام سے ایک عظیم الشان لشکر لے کر اس کے مقابلے کے لیے نکلا۔ نہر خاور پر دونوں لشکروں میں زبردست مقابلہ ہوا جس میں ابن زیاد کو شکست فاش ہوئی اور وہ میدان جنگ میں ابن اشتر کے ہاتھ سے مارا گیا۔ ابن زیاد کے علاوہ دوسرے شامی سردار حصین بن نمیر اور شرجیل بن ذی الکلاع وغیرہ بھی مارے گئے۔ ابن اشتر نے ابن زیاد اور دوسرے شامی سرداروں کے سر کاٹ کر فتح کی خوشخبری کے ساتھ مختار کے پاس بھیج دیئے جو اسی قصر الامارہ میں رکھے گئے جہاں امام حسین اور آپ کے ساتھیوں کے سر رکھے گئے تھے۔ مختار نے ابن زیاد اور عمرو بن سعد کے سر امام زین العابدین کی خدمت میں بھیج دیئے۔ امام زین العابدین سجدے میں گر گئے اور کہا اللہ کا شکر ہے جس نے دشمنوں سے انتقام لے لیا۔

یزیدی ہمیشہ کے لیے ختم ہو گئے اور راہ حق میں جان دینے والوں کے لیے یہ اعلان و انعام کافی ہے:

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ۔

''وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے انھیں مردہ گمان بھی نہ کرو وہ زندہ ہیں انھیں اپنے رب کے پاس سے رزق ملتا ہے۔''

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ۔

Scanned by CamScanner

# ماہ صفر کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ ۔ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ الْاَمِیْنِ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَ اَصْحَابِہِ الْھَادِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ الرَّاشِدِیْنَ الْمُسْتَرْشِدِیْنَ ○

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ○

برادران ملت! یہ ماہ صفر ہے۔ چونکہ اس مہینے میں متعدد اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے اعراس کی تقریبات منائی جاتی ہیں اس لیے یہی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ مبارک میں شان ولایت اور اولیاء اللہ کا ذکر کیا جائے۔ کوشش کروں گا کہ اس محفل میں حضرت داتا گنج بخش مخدوم ہجویری، حضرت مجدد الف ثانی، غوث بہاء الحق زکریا ملتانی اور حضرت سید پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی علیہم الرحمۃ کے مختصر حالات زندگی بھی عرض کرتا چلا جاؤں کیونکہ ان اولیاء امت کے عرس بھی اسی ماہ میں منائے جا رہے ہیں۔

جس آیۂ کریمہ کو میں نے عنوان تقریر بنایا ہے اس کا ترجمہ سماعت فرمایئے۔ ارشاد ہوتا ہے اَلَآ ''خبردار'' اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ ''بیشک اللہ تعالیٰ کے ولی'' لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ ''ان پر کوئی خوف نہیں'' وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ''اور نہ انھیں کوئی غم ہوگا۔''

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے ولی حشر کے دن بے خوف وخطر ہوں گے انھیں کسی قسم کا کوئی خوف نہ ہوگا۔ اس آیۂ کریمہ کی تشریح سب سے پہلے سید الکونین سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان فیض ترجمان سے سنیے۔

## حدیث شریف

اس کے راوی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ہیں۔ آپ فرماتے ہیں:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰہِ لَاُنَاسًا مَّاھُمْ بِاَنْبِیَآءَ وَلَا شُھَدَآءَ یَغْبِطُھُمُ الْاَنْبِیَاءُ وَالشُّھَدَآءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بِمَکَانِھِمْ مِنَ اللّٰہِ قَالُوْا یَا

Scanned by CamScanner

رَسُوْلَ اللّٰہِ تُخْبِرُنَا مِنْهُمْ قَالَ هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا اِلَى اللّٰہِ مِنْ غَيْرِ اَرْحَامٍ بَيْنَهُمْ وَ اَمْوَالٍ يَتَعَاطَوْنَهَا فَوَ اللّٰہِ اِنَّ وُجُوْهَهُمْ لَنُوْرٌ وَّ اِنَّهُمْ لَعَلٰى نُوْرٍ لَا يَخَافُوْنَهُمْ اِذَا خَافَ النَّاسُ وَلَا يَحْزَنُوْنَ اِذَا حَزِنَ النَّاسُ وَ قَرَءَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ اَلَا اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ (ابوداؤد)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے بندوں میں بعض وہ لوگ ہیں جو انبیاء اور شہداء تو نہیں لیکن انبیاء اور شہداء ان کے مرتبوں پر رشک کریں گے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ کون ہوں گے؟ حضور علیہ السلام نے فرمایا وہ وہی لوگ ہوں گے جو بغیر کسی قرابت داری اور دنیاوی تعلقات کے اللہ کی رحمت سے لوگوں میں محبوب ہو گئے۔ پس خدا کی قسم ان کے چہرے منور ہوں گے اور انھیں کوئی خوف اور غم نہیں ہوگا۔ اور آپ نے اس آیت کو تلاوت فرمایا: (ترجمہ) خبردار! اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

اولیاء اللہ کی شان میں قرآن کریم کی متعدد آیات موجود ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہما السلام کے واقعہ کو بڑی تفصیل سے بیان فرمایا ہے۔ حضرت خضر علیہ السلام کے متعلق اختلاف ہے کہ وہ نبی ہیں یا ولی۔ مگر زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ آپ ولی ہیں۔ اللہ کریم جل جلالہٗ نے ان کو جو فرائض سونپے ہیں ان کی ایک جھلک آپ کو اس واقعہ سے ملے گی۔

## واقعۂ خضر و موسیٰ علیہما السلام

ایک دن حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پروردگار عالم کی بارگاہ اقدس میں عرض کی یا اللہ! میں چاہتا ہوں کہ تیرے کسی مقبول ولی کی زیارت کروں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''میرا بندہ تمھیں اس جگہ ملے گا جہاں دو سمندر اکٹھے ہوتے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے ایک خادم یوشع بن نون کو ساتھ لیا اور سفر فرمایا۔ نبی اللہ ولی اللہ سے ملنے جارہے ہیں۔ بات یہ ہے کہ نبی کا ہر فعل امت کی تعلیم کے لیے ہوا کرتا ہے۔ معلوم ہوا کہ ولی اللہ کی زیارت کے لیے سفر کرنا حضرت کلیم اللہ علیہ السلام کی سنت ہے۔

آپ چلتے چلتے وہاں پہنچ گئے جہاں پانی کے دو دہانے تھے۔ ایک پتھر کے قریب سو گئے۔ کھانے کے لیے مچھلی ساتھ لائے تھے جو ایک تھیلے میں بندھی اور یوشع بن نون نے اسے اٹھا رکھا تھا۔ علامت یہ تھی کہ جس جگہ وہ مچھلی زندہ ہو جائے گی وہاں میرے مقبول بندے کی ملاقات ہوگی۔

موسیٰ علیہ السلام آرام فرما رہے تھے اور یوشع بن نون نے دیکھا کہ وہ مچھلی تڑپی اور تھیلے سے

Scanned by CamScanner

باہر آ کر دریا میں چھلانگ لگا گئی۔ مگر عجیب صورت تھی کہ جس جگہ سے گزرتی گئی وہاں پانی نہیں ملتا تھا اور پانی میں ایک غار سی بن کر رہ گئی۔ حضرت یوشع بن نون حیران ہو گئے۔ سوچا کہ کلیم اللہ بیدار ہوں گے تو یہ واقعہ عرض کر دوں گا مگر صبح ہوئی تو یوشع بھول گئے۔ اور پھر آگے سفر شروع فرما دیا۔

دوپہر کے کھانے کا وقت ہوا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کھانا طلب فرمایا تو یوشع نے عرض کیا: ''حضور! مجھ سے سخت غلطی ہوئی میں بات عرض کرنا بھول گیا۔ جہاں ہم نے رات گزاری تھی مچھلی تو اسی جگہ حیرت انگیز طور پر زندہ ہو کر سمندر میں چلی گئی تھی۔'' موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: ''وہی تو ہماری منزل تھی چلو واپس چلیں۔''

جب واپس پھر وہاں پہنچے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

**فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَا اٰتَيْنَاهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ عَلَّمْنَاهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا.**

''تو انھوں نے میرے مقبول بندے کو پالیا جسے ہم نے رحمت اور علم لدنی سے نوازا تھا۔''

اللہ تعالیٰ کے یہ خاص بندے حضرت خضر علیہ السلام تھے۔ ''خضر'' ان کا لقب ہے۔ ان کا نام بعض لوگوں میں احمد اور بعض کتابوں میں بلیا بن ملکان آیا ہے۔ ان کا لقب ''خضر'' اس وجہ سے ہے کہ وہ جس خشک زمین پر قدم رکھتے ہیں وہاں سبزہ اگ آتا ہے۔ جس خشک درخت کے پاس سے گزر جاتے ہیں فوراً سرسبز ہو جاتا ہے۔ لفظ ''خضر'' تین طرح سے پڑھا جاتا ہے: خِضَرْ، خَضِرْ، خَضَرْ۔

موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کی گفتگو یوں شروع ہوئی:

**موسیٰ:** ہم آپ کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تاکہ دیکھیں کہ اپنے فرائض جو اللہ کریم نے آپ کے ذمے لگائے ہیں کس طرح ادا کرتے ہیں، ہم یہی علم حاصل کرنے یہاں آئے ہیں۔

**خضر:** حضور! مجھے کوئی انکار نہیں مگر اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۔ آپ میرا کام دیکھ کر صبر نہیں کر سکیں گے اور آپ صبر بھی کیسے فرما سکتے ہیں؟ جبکہ آپ ان کاموں سے متعلق ہی نہیں۔

**موسیٰ:** آپ ان شاء اللہ مجھے صبر کرنے والا پائیں گے میں آپ کے کسی فعل پر اعتراض نہیں کرونگا۔

**خضر:** اچھا اگر آپ مجبور ہی فرماتے ہیں تو نہایت خاموشی سے میرے کام دیکھتے جانا، اعتراض بالکل نہ کرنا: میں خود ہی اس کی تشریح کروں گا۔

**موسیٰ:** مجھے منظور ہے میں نہایت خاموشی سے دیکھتا جاؤں گا۔

قرآن کریم فرماتا ہے پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام دونوں چلے یوشع واپس ہو گئے۔ یا وہیں ٹھہر گئے یا ساتھ ہی رہے۔ آگے قرآن کریم نے فرمایا: ایک دریا کے کنارے

Scanned by CamScanner

پہنچے ملاح نے آپ سے پیسے وصول نہیں کیے۔ جب کشتی دریا کے درمیان گئی تو خضر علیہ السلام نے کشتی کے نیچے سے دو پھٹے اکھاڑ دیئے۔

موسیٰ: اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا آپ نے کشتی اس لیے پھاڑ دی کہ یہ سب لوگ غرق ہو جائیں۔ خضر! تو نے اچھا نہیں کیا، ملاحوں نے ہمارا احترام کیا اور پیسے نہیں لیے اور تو نے کشتی ہی خراب کر دی۔

خضر: کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ''آپ صبر نہیں فرماسکیں گے۔''

موسیٰ: اس کے بعد اب کوئی اعتراض نہیں کروں گا۔

خضر علیہ السلام نے کشتی کو پھاڑا مگر پانی کا ایک قطرہ بھی کشتی میں نہیں آیا۔ یہ شان ولایت ہے۔ پھر دونوں چل دیئے۔ چلتے چلتے ایک میدان میں آئے، بچے کھیل رہے تھے۔ ایک نہایت ہی خوب صورت اور حسین وجمیل بچہ ان میں موجود تھا۔ خضر علیہ السلام نے اس کو پکڑا اور گردن مروڑ دی۔ قتل اور وہ بھی ایک معصوم بچے کا۔ کلیم اللہ کیسے برداشت کر سکتے تھے فوراً بولے۔

موسیٰ: خضر! تو نے بہت ظلم کیا۔ ایک بے گناہ، معصوم بچے کو قتل کر ڈالا۔ تو نے بہت برا کیا ہے۔ اس بچے نے کیا قصور کیا تھا؟

خضر: میں نے کہا نہیں تھا اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ''آپ صبر نہیں کرسکیں گے۔'' آپ میرے ساتھ نہیں رہ سکتے۔

موسیٰ: ایک اور موقع دیجئے۔ اس کے بعد اگر میں نے اعتراض کیا تو پھر مجھے بے شک اپنے ساتھ نہ رکھنا۔

پھر دونوں نے سفر کیا ایک بستی کے پاس سے گزرے، بھوک لگ رہی تھی۔ بستی والوں سے کہا کہ ہم تمہارے مہمان ہیں۔ بستی والوں نے کہا یہاں مہمانوں کے لیے کوئی جگہ نہیں کسی اور بستی میں چلے جایئے۔ اس بستی سے نکلنے لگے تو دیکھا کہ ایک دیوار گرنے کے قریب تھی خضر علیہ السلام نے اس کو ہاتھ سے سیدھا کر دیا۔

موسیٰ: اعتراض تو نہیں کرتا، مگر ان بستی والوں نے ہمیں کھانا بھی نہیں کھلایا اور آپ ہیں کہ دیوار سیدھی کرتے پھر رہے ہیں۔ لَوْ شِئْتَ لَا تَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا۔ ''اگر تم چاہتے تو اجرت لے سکتے تھے'' تاکہ ہم ان پیسوں سے کم از کم کھانا ہی حاصل کر لیتے۔

خضر: میں نے پہلے ہی کہہ دیا تھا اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ''آپ میرے کام پر صبر نہیں کرسکیں گے'' هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِىْ وَبَيْنِکَ ''بس میری اور آپ کی جدائی۔''

موسیٰ: اب میں کیا کہہ سکتا ہوں۔

Scanned by CamScanner

حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا آپ کے تشریف لے جانے سے پہلے میں چاہتا ہوں کہ ان کاموں کا باطن بھی آپ پر واضح کردوں جن کے ظاہر پر آپ نے اعتراض فرمایا تھا۔

موسیٰ: فرمایئے۔

خضر: وہ کشتی جو میں نے پھاڑ دی تھی وہ غریب لوگوں کی تھی اور وہ اسے چلا کر اپنے بال بچوں کا گزر کرتے تھے۔ اس دن جس وقت ہم اس پر سوار ہوئے، دریا کے دوسرے کنارے ایک ظالم بادشاہ بیٹھا ہوا تھا، جو کشتی بھی اچھی اور ٹھیک ہوتی اسے فوراً چھین لیتا۔ میں نے سوچا کہ کشتی کو عیب لگا دوں تاکہ ان مسکین لوگوں کی کشتی بچ جائے۔ اس طرح وہ کشتی ظالم بادشاہ نہیں لے گا اور دو پھٹے جو میں نے اکھاڑ پھینکے تھے۔ یہ اس کی مرمت کرالیں گے۔ میری نگاہ دریا کے دونوں کناروں پر تھی۔

اور وہ بچہ جو میں نے قتل کیا تھا، میں سمجھتا ہوں کہ ایک معصوم بچے کا قتل کتنا جرم ہے، مگر یہاں بات اور تھی۔ اس لڑکے کے والدین مومن ہیں اور اس لڑکے کی پیشانی پر لکھا ہوا ہے کہ یہ کافر ہے۔ والدین کو اس سے بہت پیار تھا۔ ہم نے سوچا کہیں ایسا نہ ہو کہ لڑکے کی محبت والدین کو بے ایمان کر دے۔ لہٰذا والدین کے ایمان کی حفاظت کے لیے لڑکے کو قتل کر دیا گیا اور ہم نے خیال کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے والدین کو اس سے بہتر بچہ عطا فرمائے گا۔

اور جس بستی والوں نے ہماری دعوت سے انکار کر دیا تھا اور میں نے ان کی گرتی ہوئی دیوار کو ٹھیک کر دیا تھا اس کا معاملہ یہ ہے کہ اس دیوار کے مالک یتیم بچے تھے ان کا والد نیک انسان تھا اس نے اپنے بچوں کے لیے اس دیوار کے نیچے خزانہ دفن کر دیا تھا۔ اگر آج دیوار گر جاتی تو خزانہ لوگ لوٹ کر لے جاتے اور بچے ابھی چھوٹے ہیں اس لیے میں نے اس دیوار کو سیدھا کر دیا تاکہ ان یتیموں کا خزانہ ضائع نہ ہو جائے۔ جب یہ بچے جوان ہوں گے تو ہم انھیں بتا دیں گے کہ تمہارے والد نے تمہارے لیے اس دیوار کے نیچے خزانہ رکھا ہوا ہے۔

ہاں تو یہ سب کام مَافَعَلْتُهُ عَنْ اَمْرِیْ میں اپنی مرضی سے نہیں کرتا بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے میرا ان کاموں کے کرنے پر تقرر ہے۔

حاضرین کرام! یہ واقعہ جو قرآن کریم نے نہایت مفصل طریقے سے بیان فرمایا ہے اس سے شان اولیاء اللہ پر بے پناہ دلائل واضح ہو رہے ہیں چند باتیں جو بالکل بادی النظر میں سامنے آجاتی ہیں یہ ہیں:

Scanned by CamScanner

## سترہ باتیں

(۱)اولیاء اللہ کی خدمت میں حاضری کے لیے سفر کرنا۔
(۲)ان سے روحانی و باطنی فیض حاصل کرنا۔
(۳)اولیاء اللہ کے دربار میں مردہ مچھلی زندہ ہوگئی۔
(۴)پھر اس مچھلی کا پانی پر تصرف ہوگیا اور وہ جہاں سے گزرتی گئی راستہ بنتا گیا۔
(۵)اولیاء اللہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص رحمت اور علم لدنی عطا ہوتا ہے۔
(۶)اللہ تعالیٰ نے ایک باطنی نظام بھی مقرر فرما رکھا ہے جسے اللہ کے مقبول بندے چلاتے ہیں۔
(۷)اولیاء اللہ کا پانی پر پورا پورا تصرف ہوتا ہے۔
(۸)اولیاء اللہ کی نگاہ دونوں کناروں پر ہوتی ہے۔ دنیا و آخرت ان کے سامنے ہوتے ہیں۔
(۹)اللہ کے مقبول بندے پیشانی پر نگاہ سے ہی تمام احوال معلوم کر لیتے ہیں۔
(۱۰)لوح محفوظ اولیاء کے پیش نظر ہوتی ہے۔
(۱۱)وہ تقدیریں بدل دیتے ہیں۔ (۱۲)ایمان جان سے زیادہ عزیز ہوتا ہے۔
(۱۳)اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے علم سے وہ لوگوں کے حالات سے واقف ہوتے ہیں۔
(۱۴)ان کی نگاہ زمین کے نیچے دفن چیزوں کو دیکھ سکتی ہے۔
(۱۵)اولیاء گرتی ہوئی اشیاء کو روک دیتے ہیں۔
(۱۶)ان کے کاموں پر اعتراض نہیں کرنا چاہیئے۔
(۱۷)ہر چیز کے صرف ظاہر پر ہی نظر نہیں رکھنی چاہیئے۔

مندرجہ سترہ باتوں کے علاوہ بھی اس سے بے شمار موتی نکلتے ہیں۔ آج کی تقریر میں ہم ان سترہ چیزوں کے متعلق عرض کریں گے اس لیے کہ ان کا اصل قرآن کریم سے ثابت ہوگیا۔ اور قرآن سے بڑھ کر کون سی کتاب ہے۔ جو بات قرآن حکیم سے ثابت ہو جائے اس میں شک و شبہ مومن کی شان سے بعید ہے۔

## تفصیل

اب آپ حضرات ان سترہ باتوں کی تفصیل سماعت فرمائیں۔

Scanned by CamScanner

اولیاء اللہ کی خدمت میں حاضری کے لیے سفر تو قرآن کریم کی اس آیت پاک سے ثابت ہوگیا کہ اولیاء سے ملاقات کے لیے حاضری انبیاء کی سنت ہے اولیاء اللہ کی حاضری کے متعلق یہاں صرف ایک واقعہ عرض کرتا ہوں جس سے یہ بھی واضح ہو جائے گا کہ مقبولان خدا کی بارگاہ میں حاضری کے آداب کیا ہیں۔

## شہنشاہ جیلان اور ایک غوث

بہجۃ الاسرار شریف میں ہے حضرت عبداللہ تمیمی فرماتے ہیں کہ میرا طالب علمی کا زمانہ تھا اور میں بغداد کے مدرسہ نظامیہ میں تعلیم حاصل کرتا تھا ایک دن ہمیں علم ہوا کہ شہر سے کچھ دور ایک مقبول خدا ہیں جنہیں غوث کہا جاتا ہے ہمیں ان کی زیارت کا شوق ہوا میں اور میرے دو ساتھی طالب علم ساتھ تھے ابن سقا نے کہا کہ میں اس غوث سے ایسا سوال کروں گا کہ وہ چکرا جائے گا اور میرے سوال کا جواب نہیں دے سکے گا۔

میں نے کہا میں سوال تو بڑا سخت کروں گا، دیکھوں اس کا کیا جواب دیتا ہے۔

شیخ عبدالقادر جیلانی نے کہا تمہارے الفاظ ٹھیک نہیں ہیں، یہ کلمات بے ادبی سے بھرے ہوئے ہیں، میں تو ان کی خدمت میں حاضر ہو کر صرف یہ دیکھوں گا کہ مجھے کتنا فیض ملتا ہے۔

تینوں جب وہاں پہنچے تو وہ بزرگ ان کے دیکھتے ہی دیکھتے غائب ہو گئے۔ پھر اچانک ظاہر ہوئے اور ابن سقا کی طرف غضب کی نگاہ کر کے فرمایا:

اے ابن سقا! خدا تیرا بھلا نہ کرے، تو مجھ سے ایسا مسئلہ پوچھتا ہے جس کا جواب مجھے نہ آتا ہو۔ سن! تیرا سوال یہ ہے اور یہ اس کا جواب ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ تیرے جسم میں کفر کی آگ کے شعلے نکل رہے ہیں۔"

عبداللہ بن علی تمیمی فرماتے ہیں پھر وہ بزرگ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا:

"اے عبداللہ! تیرا خیال ہے کہ میں تیرے سوال کا جواب نہ دے سکوں گا؟ تیرا سوال یہ ہے اور اس کا جواب یہ ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ دنیا تیرے کانوں کی لو تک پہنچ چکی ہے۔"

پھر شیخ عبدالقادر جیلانی کی طرف متوجہ ہوئے اور ان کو سینے سے لگا لیا۔ فرمایا: اے عبدالقادر! تم نے ادب کی وجہ سے اللہ اور اس کے رسول کو راضی کر لیا ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ تو بغداد کے منبر پر بیٹھا ہوا وعظ کہہ رہا ہے اور لاکھوں انسان تیرے بیان سے فیض یاب ہو رہے ہیں اور تو کہہ رہا ہے:

Scanned by CamScanner

قَدَمِیْ ھٰذَا عَلٰی رَقَبَۃِ کُلِّ وَلِیِّ اللّٰہِ ۔

''میرا یہ قدم تمام اولیاء اللہ کی گردن پر ہے۔''

اور مجھے یہ بھی نظر آ رہا ہے کہ تمام اولیاء اللہ نے تیری بزرگی کے سامنے اپنی گردنوں کو جھکا دیا ہے۔ یہ کہہ کر وہ بزرگ ہم سے پھر غائب ہو گئے اور پھر ان کا کسی کو پتہ نہ چل سکا۔ حضرت عبداللہ کہتے ہیں کہ جس طرح اس غوث نے کہا تھا اللہ تعالیٰ نے اسی طرح کر دیا۔

ابن سقا نے ہر علم میں شاندار کامیابی حاصل کی۔ ساری دنیا میں اس کے علم کا چرچا ہونے لگا۔ بڑے بڑے عالم اس سے مناظرہ میں شکست کھا گئے۔ روم کے عیسائی بادشاہ نے اپنے تمام پادریوں کو جمع کیا اور ابن سقا کو مناظرہ کی دعوت دی۔ ابن سقا نے تمام پادریوں کو شکست فاش دی اور لاجواب کر دیا۔ بادشاہ اس صورت حال سے سخت پریشان ہوا اچانک اس کی جوان بیٹی پر ابن سقا کی نظر پڑ گئی اور وہ اس پر عاشق ہو گیا۔ بادشاہ کو کہا کہ اپنی اس لڑکی کا نکاح میرے ساتھ کر دے۔ بادشاہ نے کہا اس شرط پر نکاح کر سکتا ہوں کہ تو اسلام کو چھوڑ کر عیسائیت قبول کر لے۔ ابن سقا نے فوراً اسلام کو خیر باد کہہ دیا اور مرتد ہو گیا۔

بادشاہ نے اپنی لڑکی کا نکاح اس سے کر دیا۔ نکاح کے ساتھ ہی اس کے جسم میں کوڑھ کی بیماری پھیل گئی بادشاہ نے اس کو اٹھوا کر شہر سے باہر پھینک دیا۔ جو آدمی اس کے پاس سے گزرتا تھا اس پر لعنت بھیجتا تھا۔ لوگ کہتے یہ وہ آدمی ہے جس نے ایک ولی اللہ کی بے ادبی کی ہے آخر وہ اسی حالت میں ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر گیا۔

مولانا جلال الدین رومی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے:

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد    میلش اندر طعنۂ پاکاں زند

جب اللہ تعالیٰ کسی کو ذلیل کرنا چاہتا ہے تو وہ پاک لوگوں پر طعن شروع کر دیتا ہے۔ دعا کیجئے اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کا ادب کرنے کی توفیق دے۔ ماں باپ کا بے ادب، استاد کا بے ادب، پیر کا بے ادب کبھی منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکتا۔ میاں محمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

بے ادباں مقصود نہ حاصل نہ درگاہ ہے ڈھوئی

تے منزل مقصود نہیں پہنچا باجھ ادب دے کوئی

اولیاء اللہ کے بارے میں اور ان کی شان میں گستاخیاں کرنے والے لوگوں کو ابن سقا کا واقعہ سن کر اللہ تعالیٰ سے خوف کرنا چاہئے۔ حدیث قدسی میں ہے۔ حدیث قدسی وہ ہوتی ہے جو

Scanned by CamScanner

کلام اللہ تعالیٰ کا ہو اور راوی مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

مَنْ عَادىٰ لِيْ وَلِيًّا فَقَدْ اٰذَنْتُهٗ لِلْحَرْبِ.

''جس نے میرے ولی سے دشمنی کی میں اسے جنگ کا چیلنج دیتا ہوں۔'' بھلا اللہ سے کون جنگ کر سکتا ہے۔ عبداللہ تمیمی فرماتے ہیں کہ جس طرح اس غوث نے فرمایا تھا، میں نے دیکھا ابن سقا پر اسی طرح گزری۔

معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کے منہ سے جو بات نکلتی ہے اسی طرح ہو کر رہتی ہے۔ راوی کہتے ہیں مجھے تحصیل علم کے بعد سلطان نورالدین شہید نے دمشق میں بلایا اور روزیر اوقاف بنایا میں نے دیکھا دنیا میرے کانوں کی لو تک پہنچ گئی ہے۔ میرے معاملہ میں بھی غوث کا کہنا صحیح ہوا مگر ایمان سلامت رہا کیونکہ میری بے ادبی اس سے کم تھی۔ اور شیخ عبدالقادر کو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ بغداد کی جامع مسجد میں منبر پر کھڑے ہو کر فرما رہے ہیں:

قَدَمِيْ هٰذَا عَلٰى رَقَبَةِ كُلِّ وَلِيِّ اللّٰهِ ''میرا یہ قدم تمام اولیاء اللہ کی گردنوں پر ہے۔''

جن کی منبر بنی گردن اولیاء
اس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام

شیخ علی بن ہیتی رحمۃ اللہ علیہ نے مجلس سے اٹھ کر غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا قدم پکڑ کر اپنی گردن پر رکھ لیا۔ دو ہزار اولیاء آپ کی محفل میں حاضر تھے سب نے اپنی گردنیں جھکا دیں۔

## سلطان الہند علیہ الرحمۃ کا اعتراف

اس وقت سلطان الہند خواجہ معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ غزنی کے پہاڑوں میں عبادت فرما رہے تھے شہنشاہ بغداد کا اعلان سنتے ہی سر جھکا دیا اور کہا:

لَا بَلْ عَلٰى عَيْنِيْ وَرَاْسِيْ.

''نہیں بلکہ میری آنکھوں پر اور میرے سر پر۔''

واہ کیا مرتبہ اے غوث ہے بالا تیرا
اونچے اونچوں کے سروں سے ہے قدم اعلیٰ تیرا
سر بھلا کوئی کیا جانے کہ ہے کیسا تیرا
اولیاء ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا
کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا
شیر کو خطرے میں لاتا نہیں کتا تیرا

Scanned by CamScanner

## سبق

ثابت ہوا کہ مقبولان بارگاہ الٰہی کی خدمت میں حاضر ہونا چاہیے مگر نہایت ادب واحترام کے ساتھ۔

## عالم اور ولی

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ علماء کی محفل میں زبان سنبھال کر اور اولیاء کی محفل میں دل سنبھال کر بیٹھنا چاہیے۔

## فیض حاصل کرنا

اولیاء اللہ سے ظاہری زندگی اور وصال کے بعد برابر فیض حاصل ہوتا ہے اس کے لیے بے پناہ دلائل موجود ہیں۔ مشکوٰۃ شریف میں ہے حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں۔

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْاَ بْدَالُ بِالشَّامِ وَ هُمْ اَرْبَعُوْنَ رَجُلاً كُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ اَبْدَلَ اللّٰهُ مَكَانَهٗ رَجُلًا يُسْقٰى بِهِمُ الْغَيْثُ وَيُنْتَصَرُ بِهِمْ عَلَى الْاَعْدَآءِ وَيُصْرَفُ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ بِهِمُ الْعَذَابُ ۔**

"میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے ہیں کہ شام میں ابدال ہوں گے جن کی تعداد چالیس ہوگی جب ان سے ایک فوت ہو جائیگا تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرا مقرر فرما دے گا۔ ان کے وسیلہ سے بارش ہوگی اور انہی کے طفیل دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی اور انہی کی برکت سے اہل شام سے عذاب دور کیا جائے گا۔"

اس حدیث مبارکہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کے ذریعہ بارش ہوتی ہے دشمنوں پر فتح ملتی ہے اور عذاب دور کیا جاتا ہے۔ اولیاء اللہ سے ظاہری زندگی میں تو فیض ملنے کا کوئی بھی منکر نہیں۔ لیکن بعض لوگوں کا عقیدہ ہے کہ اولیاء اللہ سے وصال کے بعد فیض نہیں ملتا مگر یہ عقیدہ اور خیال بالکل غلط ہے اور فاسد ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی اپنی کتاب اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ شریف میں فرماتے ہیں کہ اولیاء اللہ وصال کے بعد ظاہری زندگی سے زیادہ امداد فرماتے ہیں اس لیے کہ اب وہ صرف اللہ تعالیٰ ہی کی ذات کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

## امام ابوحنیفہ کی قبر اور خضر علیہ السلام

مشارق الانوار صفحہ ٦٩ میں ہے ابن جوزی کہتے ہیں کہ شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم سیکھنے کے لیے حضرت خضر علیہ السلام ہر روز صبح کے وقت امام ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ کی مجلس میں آیا کرتے تھے جب آپ کا وصال ہو گیا تو حضرت خضر علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ امام ابوحنیفہ کی روح کو ان کے جسم میں لوٹا دے تاکہ میں علم فقہ ان سے مکمل کر سکوں۔ چنانچہ حضرت خضر علیہ السلام اپنی عادت کے مطابق ہر روز صبح کے وقت امام ابوحنیفہ کی قبر پر آ کر ان سے فقہ اور شریعت کے مسائل سنا کرتے تھے۔

## امام ابوحنیفہ کی قبر اور امام شافعی علیہ الرحمۃ

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ہر سال فلسطین سے بغداد شریف حضرت امام ابوحنیفہ کی قبر پر حاضر ہوا کرتے تھے اور اس مسجد میں جو حضرت امام اعظم کے مزار کے قریب ہے نماز ادا فرماتے تھے اور رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ ایک مرتبہ شاگردوں نے عرض کیا ہم دیکھتے ہیں کہ آپ یہاں اپنے اجتہاد پر عمل کی بجائے اس اجتہاد پر عمل فرماتے ہیں جو امام ابوحنیفہ نے فرمایا ہے۔

امام شافعی نے جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ مجھے یہاں پہنچ کر اتنے بڑے امام کے سامنے اپنے اجتہاد پر عمل کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔

حضرات! اولیاء کرام کے مزارات پر حاضر ہونا اور ان سے فیوضات حاصل کرنا اہل اسلام کا شروع سے طریقہ چلا آ رہا ہے۔ اس کے ثبوت کے لیے کثیر التعداد واقعات کتابوں میں موجود ہیں۔

## داتا صاحب علیہ الرحمۃ کے مزار شریف پر حاضری

سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ حضور داتا گنج بخش رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مزار شریف پر حاضر ہوئے اور چلّہ کاٹا۔ فراغت کے بعد آپ نے داتا صاحب کی شان میں یہ شعر فرمایا جو زبان زدعام ہے:

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا
ناقصاں را پیر کامل کاملاں را رہنما

اس شعر میں دو لفظ خاص طور پر قابل غور ہیں۔ ایک ''گنج بخش'' اور دوسرا ''فیض عالم'' معلوم

Scanned by CamScanner

ہوا کہ خواجہ اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ یہ تھا کہ اللہ کا ولی قبر میں لیٹا ہوا بھی خزانے بخشنے والا اور فیض دینے والا ہوتا ہے۔ اسی مزار پاک پر خواجہ اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ اور کئی بزرگوں نے چلے کاٹے ہیں۔ علامہ اقبال نے فرمایا ہے۔

سیّد ہجویر مخدوم امم مرقد او پیر سنجر را حرم
خاک پنجاب از دم او زندہ گشت صبح ما از مہر او تابندہ گشت

## ایک لطیفہ

ایک فقیر حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کے سامنے بیٹھ کر کہہ رہا تھا داتا دس روپے دے دو، داتا دس روپے دے دو۔ ایک بدعقیدہ شخص کا ادھر سے گزر ہوا اس نے کہا: او فقیر! کیا کر رہا ہے؟ اس نے کہا: اپنے داتا سے دس روپے مانگ رہا ہوں۔ اس نے کہا: یہ شرک ہے، خدا سے مانگ، وہ داتا ہے، اس قبر سے تمھیں کچھ نہیں ملے گا۔ فقیر نے کہا: تیرے لیے شرک ہوگا میرے لیے نہیں۔ اس شخص نے کہا: تجھے کچھ نہیں ملے گا، تیری جھولی خالی رہے گی، یہ کچھ نہیں دے سکتے، تم دس روپے مجھ سے لے لو۔

فقیر نے دس روپے لے کر جیب میں ڈال لیے اور مزار کی طرف متوجہ ہو کر کہا: اے داتا! مجھے یقین ہوگیا ہے کہ تو واقعی داتا ہے، دلایا بھی تو اس سے جو تیرے داتا ہونے کا ہی منکر ہے، واہ دلایا بھی کیسے موذی سے دلایا۔

در فیض حق بند جب تھا نہ اب کچھ فقیروں کی جھولی میں اب بھی ہے سب کچھ
یہ اللہ والے ہیں دیتے ہیں سب کچھ مگر ان سے چاہیے لینے کا ڈھب کچھ

حضرت خضر علیہ السلام کے پاس پہنچ کر وہ مچھلی یوشع بن نون اپنے ساتھ لائے تھے زندہ ہوگئی اور چھلانگ لگا کر پانی میں عجیب راستہ بناتی ہوئی چلی گئی۔

معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کی بارگاہ میں آ کر مردہ چیزیں زندہ ہو جاتی ہیں۔ یونہی مردہ قلوب ان کی نگاہ سے زندہ ہو جاتے ہیں۔

## حکایت

ایک شخص جس نے بے پناہ قتل کیے تھے اپنے علاقے کا مشہور ڈاکو اور رہزن تھا کوئی جرم ایسا

Scanned by CamScanner

نہیں تھا جو اس نے نہ کیا ہو۔ رفتہ رفتہ اس کے دل پر ایسی سیاہی پھیل گئی کہ اس کے نزدیک گناہ گناہ نہ رہا۔ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب آدمی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر سیاہی کا ایک نقطہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر وہ توبہ کر لے تو وہ نقطہ مٹا دیا جاتا ہے ورنہ وہ پھیل کر سارے دل کو گھیر لیتا ہے پھر مجرم کی نظر میں جرم جرم نہیں رہتا۔ یہی حال اس چور اور ڈاکو کا تھا اس کا دل بالکل مردہ ہو چکا تھا۔ ایک دن اس نے ایک مکان پر ڈاکہ ڈالا تو صاحب مکان نے اس کو کہا ہم غریب آدمی ہیں ہمارے گھر سے تمہیں کیا ملے گا، گولڑہ شریف جاؤ وہاں پیر مہر علی ہیں ان کے گھر سے تمہیں بڑی دولت ملے گی۔ ڈاکو واپس آ گیا اور گولڑہ شریف پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کرنے لگا۔

''رحمت حق بہانمی جوید بہانہ می جوید''

ڈاکو اپنے ساتھیوں کو لے کر رات کی تاریکی میں گولڑہ شریف کی طرف روانہ ہوا قطب وقت حضرت پیر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس وقت عبادت الٰہی میں مشغول تھے۔ ان لوگوں کے دن صیام اور راتیں قیام میں گزرا کرتی ہیں۔

وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ قِيَامًا ٥

''یہ لوگ سجدے اور قیام کی حالت میں راتیں گزارتے ہیں۔''

میاں محمد صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

ایہہ راتیں کر کر زاری روندے نیندا اکھیں تھیں دھوندے
فجریں اوہ گنہگار سداون سب تھیں نیویں ہوندے

اور سرکار گولڑہ وہ ذات ہیں جن کی سنتیں قضا ہو جائیں تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرمائیں ''مہر علی! میری سنتیں قضا کر دی ہیں۔''

سبحان اللہ ما اجملک ما احسنک ما اکملک
کتھے مہر علی کتھے تیری ثنا گستاخ اکھیاں کتھے جا لڑیاں
اج سک متراں دی ودھیری اے کیوں دلڑی اداس گھنیری اے
لوں لوں وچ شوق چنگیری اے اج نیناں نے لائیاں کیوں جھڑیاں

Scanned by CamScanner

اس صورت نوں میں جان آکھاں جاناں کہ جان جہان آکھاں
سچ آکھاں تے رب دی شان آکھاں جس شان تھیں شاناں سب نبیاں
لاہو مکھ تھیں مخطط برد یمن من بھانوری شکل دکھاؤ سجن
اوہا مٹھیاں گالیں اولاؤ مٹھن جیہڑیاں حمرا وادی سن کریاں

الغرض وہ ڈاکو جب گولڑہ شریف کی حدود میں داخل ہوا، قدم رکھا ہی تھا کہ دل کی حرکت تیز ہوگئی۔ وہ حیران تھا کہ میں نے بڑے بڑے امراء کے گھروں پر ڈالے مگر میرا دل کبھی نہیں دھڑکا، آج پتہ نہیں کہ دل کیوں بے قابو ہوا جا رہا ہے۔ وہ اور آگے بڑھا مگر حرکت اور تیز ہوتی گئی۔ آخر ایک ایسا نور ظاہر ہوا کہ اس کی آنکھیں چندھیا گئیں اور دل سے بے اختیار نکل گیا معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی چھری سے دل کی سیاہی کھرچ کھرچ کر اتار رہا ہے۔ تھوڑی دیر بعد ڈاکو بیہوش ہوگیا۔ ہوش آیا تو دیکھا کہ سر پر وقت کے غوث پیر سیّد مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کھڑے ہوئے کہہ رہے ہیں۔

دل مردہ دل نہیں ہے اسے زندہ کر دوبارہ
کہ یہی ہے امتوں کی مرض کہن کا چارہ

ڈاکو آپ کے قدموں پر گر گیا اور اس قدر عبادت و ذکر الٰہی میں مشغول ہوا کہ مقبول بارگاہ قدس ہوگیا۔

## حکایت

یہ واقعہ بہت مشہور ہے کہ ایک چور نے شہنشاہ بغداد رضی اللہ عنہ کے جسم پر ایک قیمتی قبا دیکھی۔ آپ بازار میں جا رہے تھے، چور بھی پیچھے ہولیا کہ کسی صورت یہ قبا چھین سکوں۔ جب آپ اپنے حجرے میں داخل ہوئے تو چور بھی کسی طرح خاموشی سے اندر داخل ہوگیا۔ آپ نے کرتہ اتار کر رکھا اور عبادت الٰہی میں مشغول ہوئے۔ وہ چور چپکے سے اٹھا اور کرتہ بغل میں دبالیا۔ جب دروازے پر پہنچا تو اسے دروازہ نظر نہ آیا۔ ناچار دیواروں پر ہاتھ مارتا رہا مگر دروازہ نہ ملا۔ اتنے میں دروازے پر کسی نے دستک دی حضور غوث پاک نے دو رکعت نفل پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد فرمایا: دروازہ پر کون ہے؟ آواز آئی اَنَا بلیا بن ملکان (میں بلیا بن ملکان ہوں) یہ حضرت خضر علیہ السلام کا نام ہے۔ بعض کتابوں میں ان کا نام احمد بھی لکھا ہے۔ مگر علماء فرماتے ہیں کہ یہ غلط ہے۔ اس لیے کہ حضور علیہ السلام سے پہلے اور کسی کا نام احمد نہیں رکھا گیا۔ اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت

Scanned by CamScanner

مولانا احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہے:

پیر پیراں میر میراں یا شہہ جیلاں توئی انس جان قدسیان وغوث انس وجاں توئی
سر توئی سرور توئی سر را سر و ساماں توئی جاں توئی جاناں توئی جاں را قرار جاں توئی

حضور غوث پاک نے فرمایا: آپ کیسے تشریف لائے؟ خضر علیہ السلام نے کہا: فلاں علاقے کا ابدال انتقال کر گیا ہے اس علاقے کے لیے ابدال لینے آیا ہوں۔ وہ چور اندر ایک صف میں چھپا بیٹھا تھا۔ خضر علیہ السلام نے فرمایا: اس علاقے کے لیے ابدال کی ابھی ضرورت ہے۔ شہنشاہ بغداد نے فرمایا کہ صبح کسی کو مقرر کیا جائے گا۔ خضر علیہ السلام نے کہا: اگر صبح تک وہ علاقہ غرق ہو گیا تو ذمہ دار کون ہوگا؟ حضور غوث پاک نے فرمایا: اچھا ایک ابدال اندر ہماری صف میں لپٹا پڑا ہے اسے لے جایئے۔

خضر علیہ السلام نے جا کر فرمایا: اے ابدال چور نے کہا: میں ابدال نہیں چور ہوں۔ خضر علیہ السلام نے فرمایا: نہیں ابدال ہے ٹھیک ہے تو چور تھا، ڈاکو تھا، رہزن تھا غوث کی نگاہ سے ابدال ہو گیا ہے۔

علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کی بارگاہ میں مردہ دل مردہ نہیں رہتے بلکہ زندہ ہو جاتے ہیں۔ کئی کتابوں میں آیا ہے اولیاء اللہ نے مردے بھی زندہ کئے ہیں۔ یہ بات بعید نہیں اس لیے کہ یہ مسئلہ مسلمہ ہے کہ جو چیز نبی سے بطور معجزہ صادر ہو سکتی ہے ولی اللہ سے اس کا ظہور بطور کرامت ہو سکتا ہے۔

علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اِنَّ کُلَّ مُعْجِزَةٍ وُجِدَتْ لِنَبِیٍّ یَجُوْزُ اَنْ تَقَعَ کَرَامَةً لِوَلِیٍّ.

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اٰتَیْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ عَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا.

علم لدنی اس علم کو کہتے ہیں جو اللہ کریم اپنے خاص فضل و کرم سے اپنے خاص بندوں کو اپنی طرف سے سکھا دے۔

عوارف المعارف میں شیخ عمر بن محمد شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیخ قرشی نے فرمایا:

Scanned by CamScanner

علم لدنی اللہ کے اسرار ہیں جنھیں وہ اپنے اکابرین اولیاء کرام اور خاص بندوں کو سماع اور تعلیم کے بغیر عطا فرماتا ہے۔ یہ وہ اسرار ہیں جن سے صرف خواص ہی آشنا ہوتے ہیں۔

شیخ ابوسعید الخراز کا قول ہے:

عارفین کے پاس ایسے خزانے ہیں جن کے اندر انہوں نے عجیب غریب علوم وفنون کو محفوظ رکھا ہوا ہے۔ ان کا اظہار وہ ابدیت کی زبان سے کرتے ہیں اور انھیں ازلیت کی عبارت میں بیان کرتے ہیں۔ یہ وہ علم ہے جس سے عام لوگ بے بہرہ ہیں۔

اس قول میں ابدیت کی زبان ازلیت کی عبارت سے مراد یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ گفتگو کرتے ہیں۔ یہی وہ علم لدنی ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے حضرت خضر کے واقعہ میں بیان فرمایا ہے۔

## حدیث شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے، علم ایک پوشیدہ خزانہ کی مانند ہے جس سے علماء ربانی ہی واقف ہوتے ہیں۔ جب وہ علم کی باتیں بیان کرتے ہیں تو مغرور انسان کے سوا کوئی انکار نہیں کرتا۔

## علم اور ولایت

ولایت کے لیے علم ضروری ولا بدی ہے۔ علم کے بغیر ولایت نہیں مل سکتی۔ علم چاہے کسی انسان سے حاصل کرے یا اللہ تعالیٰ اسے علم لدنی عطا فرما دے۔ پہلے علم حاصل ہوتا ہے پھر علم ولایت کا حصول ہوتا ہے، جاہل ولی نہیں ہوتا۔ سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

مَنْ تَزَهَّدَ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَقَدْ مَاتَ فِي الْكُفْرِ.

جو علم کے بغیر زہد کرتا ہے اس کا خاتمہ کفر پر ہوا۔

حضرت سلطان العارفین سلطان باہو صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اسی کلام کا ترجمہ یوں فرمایا ہے:

باجھ علموں جو کرے فقیری کافر مرے دیوانہ ہو۔

علم کے بغیر حصول ولایت محال ہے کیونکہ قدم قدم پر شیطانی حملوں کا خطرہ ہے اور شیطان کے حملوں سے بچنے کے لیے بڑی جدوجہد کی ضرورت ہے۔

Scanned by CamScanner

## ایک واقعہ

بہجۃ الاسرار میں ہے کہ ایک مرتبہ شہنشاہ بغداد رضی اللہ عنہ کہیں جنگل میں تشریف لے جا رہے تھے اچانک آسمان پر بادل کا ٹکڑا نظر آیا۔ وہ بادل سر کے قریب آتا گیا۔ جب وہ کافی قریب آ گیا تو اس سے آواز آئی۔ ''اے عبدالقادر! میں تیرا خدا ہوں، میں نے تجھے قبول کر لیا ہے۔ لہٰذا اب تجھے عبادت و ریاضت کی کوئی ضرورت نہیں میں نے تیری سب عبادتیں قبول کر لی ہیں۔''

یہ لفظ سن کر حضور غوث پاک نے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم پڑھا بادل پھٹ گیا اور آواز آئی:

''اے عبدالقادر! میں ابلیس ہوں تجھے تیرے علم نے بچا لیا ہے ورنہ میں اس مرتبہ پر پہنچے ہوئے ستر غوثوں کو اسی حربے سے گمراہ کر چکا ہوں عبدالقادر! تجھے تیرے علم نے بچا لیا ہے۔''

حضور غوث پاک نے فرمایا:

''ظالم! اب بھی دھوکہ دینا چاہتا ہے کہ میں علم پر فخر کروں، غلط ہے۔ مجھے میرے علم کے علاوہ اللہ کے فضل نے بچایا ہے۔''

## امام حسن بصری علیہ الرحمۃ

عوارف المعارف میں ہے امام حسن بصری فرماتے ہیں کہ فقیہہ وہ زاہد ہے جو دنیا سے رغبت نہ رکھے۔ صوفیاء کرام جب ظاہری علم حاصل کرتے ہیں تو یہ علم انھیں عمل کی تلقین کرتا ہے اور جب وہ اپنے علم کے مطابق عمل کرتے ہیں تو انھیں علم وراثت عطا ہوتا ہے۔ لہٰذا وہ دوسرے علماء کے علوم میں مساوی درجہ رکھتے ہیں مگر کچھ زائد عمل کی وجہ سے ممتاز ہوتے ہیں۔ وہ زائد علم علم وراثت ہے اور یہی ولایت ہے۔

## حدیث شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْهٌ وَّاحِدٌ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطٰنِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک عالم دین شیطان پر ہزار (بے علم) زاہد سے

Scanned by CamScanner

زیادہ سخت ہے۔'' ہر چیز کا ایک ستون ہوتا ہے اور اس مذہب کا ستون علم ہے۔ حضرت شیخ ابوالنجیب سہروردی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''جب علم قلب تک پہنچتا ہے تو دل کی آنکھیں کھل جاتی ہیں اور وہ حق و باطل کو دیکھنے لگتا ہے اور ہدایت و گمراہی کا فرق معلوم کر لیتا ہے۔''

## خواجہ شہاب الدین سہروردی کا ارشاد

جب وہ علم کے مطابق عمل شروع کر دیتے ہیں تو انھیں معرفت حاصل ہوتی ہے معرفت کے بعد انھیں ہدایت حاصل ہوتی ہے لہٰذا علم قلوب کے لیے خداداد نعمت ہے جسے معرفت امتیاز بخشتی ہے اور ہدایت دلی وجدان کا دوسرا نام ہے۔ اکابرین اولیاء کرام کے ان ارشادات سے صاف صاف واضح ہوتا ہے کہ ولایت کے لیے علم نہایت ضروری ہے۔

## ایک مذموم تحریک

اکثر جاہل لوگ آج کل اعلان کرتے پھرتے ہیں کہ علم اور چیز ہے اور ولایت اور، اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ کثرت ایسے جاہلوں کی ہوگئی ہے جنہوں نے پیری مریدی کا سلسلہ جاری کر رکھا ہے وہ خود تو علم حاصل نہیں کرتے اب وہ اپنی جہالت پر نادم ہونے کے بجائے اپنے مریدین کو یہ تاثر دیتے ہیں کہ علم کوئی چیز نہیں ہے ولایت علم پر منحصر نہیں۔ ان کی اس کوشش سے جاہل پیروں کا ایک جال ہے جو پھیلتا چلا گیا ہے۔ بات یہاں تک ختم نہیں ہوتی بلکہ اب تو عبادت سے بھی انکار کیا جا رہا ہے اور علی الاعلان کہا جاتا ہے کہ عبادت کی کوئی ضرورت نہیں۔

نماز عاشقاں کلی وجود ست

مولانا جلال الدین رومی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

اے بسا ابلیس آدم روئے ہست
پس بہر دستے نباید داد دست

بہت سے ابلیس شیطانوں کی شکل میں پھرتے ہیں ہر ایک ہاتھ میں ہاتھ نہیں دینا چاہیے۔ دعا کیجئے اللہ تعالیٰ ایسے جاہل بے دین پیروں سے بچائے۔ یہ ظالم لوگ ہیں، ایمان کے ڈاکو ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ.

ایسے لوگوں کے پاس نہیں بیٹھنا چاہیے۔

Scanned by CamScanner

## شہنشاہ بغداد کا ارشاد

ایک شخص نے حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ حضور! آپ کو یہ عظیم مرتبہ کیسے حاصل ہوا؟ آپ نے فرمایا:

دَرَسْتُ الْعِلْمَ حَتّٰی صِرْتُ قُطْبًا.

''میں علم (ظاہری و باطنی) پڑھتے پڑھتے قطب بن گیا ہوں۔''

آپ کا یہ ارشاد کہ میں مسلسل علم پڑھ کر قطب کے درجہ پر فائز ہو گیا ہوں۔ کتنا واضح اور صاف اعلان ہے کہ بغیر علم کے مقام ولایت وقطبیت کا حصول محال ہے۔ پھر علم چاہے بالواسطہ ہو یا بلاواسطہ اس علم کا نام علم لدنی ہے۔

## آصف بن برخیا

حضرت سلیمان علیہ السلام کی امت کے ایک ولی آپ کے وزیر آصف بن برخیا جو ایک آن میں سینکڑوں میلوں سے شہزادی بلقیس کا تخت لے آئے تھے، ان کے متعلق قرآن کریم کا یہ ارشاد ہے:

وَ قَالَ الَّذِیْ عِنْدَہٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتٰبِ. ''کتاب کے عالم نے کہا۔''

آپ غور فرمائیں کہ اللہ کریم نے ان کی تعریف صفت علم سے فرمائی ہے۔ قرآن کریم کی دوسری آیت میں فرمایا:

اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا.

''اللہ تعالیٰ کے بندوں میں اللہ سے ڈرنے والے علماء ہی ہیں۔

## حرف آخر

نتیجہ یوں سمجھ لیجئے کہ عالم اور ولی میں عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے۔ یعنی ہر عالم ولی نہیں ہوتا اور ہر ولی عالم ضرور ہوتا ہے۔ علم منزل اوّل ہے اور ولایت منزل ثانی۔ جو مرتبہ ولایت کے لیے کوشاں ہو اور راہ پر چل رہا ہو اس کی مخالفت گویا مرتبۂ ولایت کی مخالفت ہے۔ راہ کی تردید منزل کی تردید ہوا کرتی ہے اس لیے میں اپیل کروں گا کہ وہ حضرات جو مرتبۂ ولایت کی آڑ میں مرتبۂ علم کی مخالفت کرتے ہیں اس مذموم تحریک سے دست بردار ہو جائیں کیونکہ یہ فی الحقیقت اسی درخت کی بنیاد پر کلہاڑا ہے جس کے سائے میں آرام کیا جا رہا ہے۔

Scanned by CamScanner

## مرتبۂ علم

علم بذات خود ایک عظیم مرتبہ ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

اَلْاَنْبِیَآءُ لَمْ یُوَرِّثُوْا دِیْنَارًا وَّلَا دِرْھَمًا بَلْ وَرَّثُوا الْعِلْمَ فَاِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ.

''انبیاء دینار اور درہم کا وارث نہیں بناتے بلکہ وہ علم کا وارث بناتے ہیں اور علماء ان کے وارث ہیں۔''

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے:

قُلْ ھَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ.

''کیا عالم اور جاہل برابر ہو سکتے ہیں۔''

## مرتبۂ ولایت کی مخالفت

جس طرح مرتبۂ علم کے خلاف ایک تحریک چل رہی ہے بعینہٖ اسی طرح مرتبۂ ولایت کے متعلق بھی ایک تحریک زوروں پر ہے۔ اس تحریک میں حصہ لینے والے دو طبقوں پر منقسم ہوتے ہیں، ایک وہ جو مرتبۂ ولایت کو تسلیم کرتے ہوئے بھی مخالفت میں سرگرداں ہیں۔ دوسرے وہ جو مرتبۂ ولایت کے سرے سے ہی منکر ہیں۔ گروہ ثانی کا تو کوئی علاج نہیں اور گروہ اوّل کی مخالفت بھی ایک چیستان ہے۔ پیری مریدی میں بھی مشغول ہیں۔ حنفی، نقشبندی کہلاتے ہیں اور ساتھ ساتھ تردید بھی کیے جا رہے ہیں۔ ایسے لوگوں کی پاکستان اور ہندوستان میں کثرت ہے۔ ان لوگوں سے اپنا ایمان اور عقیدہ محفوظ رکھنا بڑا مشکل ہوتا ہے اس لیے کہ یہ لوگ روپ دھار کر آتے ہیں۔ اصل میں یہ بھی گروہ ثانی کا ہی ایک حصہ ہیں۔ عیسائی گرجا میں جاتا ہے، مرزائی اپنے مرزا کی نبوت کا اعلان کرتا ہے، وہابی تقلید کا انکار کرتا ہے، شیعہ علی الاعلان ماتم کرتا ہے۔ غرضیکہ ہر عقیدے والا اپنا عقیدہ ظاہر کرتا ہے مگر یہ لوگ چھپ کر آتے ہیں۔ یہ لوگ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان میں ذِئَابٌ فِیْ ثِیَابٍ ''انسانی لباس میں بھیڑیے'' ہیں۔

## جانور کا مقدمہ

حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں ایک مقدمہ پیش ہوا۔ واقعہ یہ تھا کہ ایک شکاری نے بھیس بدل کر ایک جانور کا شکار کیا۔ اس جانور کی والدہ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی بارگاہ

Scanned by CamScanner

میں مقدمہ دائر کر دیا۔ شکاری پیش کیا گیا۔ سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ تم نے اس کے بیٹے کو کیوں شکار کیا؟ شکاری نے عرض کی: حضور! حلال جانور تھا اور حلال جانور کا شکار جناب کی شریعت میں جائز ہے۔ جانور کی والدہ نے یہ موقف اختیار کیا کہ حلال جانور کے شکار پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اعتراض یہ ہے کہ شکاری کا لباس پہن کر کیوں نہیں آیا۔ اگر یہ لباس شکاری میں آتا تو ہم اپنا بچاؤ کر لیتے۔ اس نے دھوکے سے شکار کیا ہے اور دھوکہ کرنا آپ کی شریعت میں نا جائز ہے۔ دونوں کے دلائل سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے یہ فیصلہ دیا کہ جانور کی والدہ کا موقف ٹھیک ہے اور شکاری کو سزا دی جائے گی۔

## یہ لوگ

ان لوگوں کا بھی یہی حال ہے کہ یہ لوگ اہلسنّت کے لباس میں آتے ہیں مدتوں سلام، قیام، ختم، فاتحہ، عرس، میلاد وغیرہ کے قائل رہتے ہیں بلکہ اگر ان کی کسی حرکت سے عوام کو شبہ ہو جائے تو منبر پر کھڑے ہو کر قرآن کریم کی ہزار ہزار قسمیں اٹھا کر اہل سنت ہونے کا یقین دلاتے ہیں۔ سادہ لوح انسان ان کے اس جھرّے میں آجاتے ہیں۔ آخر ایک وقت ایسا آتا ہے کہ اپنا ایمان وعقیدہ ضائع کر بیٹھتے ہیں۔

## باطنی نظام

حضرت موسیٰ و خضر علیہما السلام کا واقعہ اس باب کی بہت بڑی دلیل ہے۔ کہ پروردگار عالم جل جلالہٗ نے ایک مکمل باطنی نظام مقرر فرمایا ہوا ہے یہ نظام مقبولان بارگاہ الٰہی چلاتے ہیں۔ اس نظام کی پوری تفصیل کے لیے کافی ورق درکار ہیں۔ یہ مختصر کتاب اس کی متحمل نہیں ہو سکتی، یہاں صرف دو حدیثیں سماعت فرمائیے۔

## حدیث شریف

علامہ شیخ محمد عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب زرقانی شرح مواہب لدنیہ میں یہ حدیث نقل فرمائی ہے:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ تَبَارَکَ وَ تَعَالٰی فِی الْاَرْضِ ثَلٰثَ مِائَۃَ رَجُلٍ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ

Scanned by CamScanner

اٰدَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَلَہٗ اَرْبَعُوْنَ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَلَہٗ سَبْعَۃٌ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَلَہٗ خَمْسَۃٌ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ جِبْرِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَلَہٗ ثَلَاثَۃٌ قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ مِیْکَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَلَہٗ وَاحِدٌ قَلْبُہٗ عَلٰی قَلْبِ اِسْرَافِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَاِذَا مَاتَ الْوَاحِدُ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ الثَّلَاثَۃِ وَاِذَا مَاتَ مِنَ الثَّلَاثَۃِ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ الْخَمْسَۃِ وَاِذَا مَاتَ مِنَ الْخَمْسَۃِ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ السَّبْعَۃِ وَاِذَا مَاتَ مِنَ السَّبْعَۃِ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ الْاَرْبَعِیْنَ وَاِذَ امَاتَ مِنَ الْاَرْبَعِیْنَ اَبْدَلَ اللّٰہُ مِنْ ثَلٰثِ مِائَۃٍ وَاِذَا مَاتَ مِنْ ثَلٰثِ مِائَۃٍ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ مِنَ الْعَامَّۃِ فَبِھِمْ یُحْیِ وَیُمِیْتُ وَیُمْطِرُ وَ یُنْبِتُ وَیَرْفَعُ اللّٰہُ بِھِم الْبَلَاءَ مِنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ ط

”عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں بے شک اللہ تعالیٰ کے لیے مخلوق میں تین سو اولیاء ہیں ان کے دل آدم علیہ السلام کے دل پر ہیں اور چالیس کے دل موسیٰ علیہ السلام کے دل پر اور سات کے دل ابراہیم علیہ السلام کے دل پر اور پانچ کے دل جبریل علیہ السلام پر اور تین کے دل میکائیل علیہ السلام پر اور ایک کا اسرافیل علیہ السلام پر ہے۔ جب ان سے ایک فوت ہو جاتا ہے تو تین میں سے کوئی اس کا قائم مقام ہوتا ہے اور جب ان میں سے کوئی فوت ہوتا ہے تو پانچ میں سے کوئی اس کا قائم مقام ہوتا ہے اور جب ان سے کوئی انتقال کر جاتا ہے تو سات میں سے اس کے قائم مقام کر دیا جاتا ہے اور جب سات میں سے کسی کا انتقال ہوتا ہے تو چالیس میں سے کوئی اس کے قائم مقام کر دیا جاتا ہے اور جب چالیس میں سے کوئی مرتا ہے تو تین سو میں سے اس کے قائم مقام کر دیا جاتا ہے اور جب تین سو میں سے کوئی فوت ہو جائے تو عوام سے لیا جاتا ہے انھیں سے حیات و موت، مینہ کا برسنا، نباتات کا اگنا، بلاؤں کا دفع ہونا اس امت کا ہوا کرتا ہے۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ تین سو چھپن اولیاء اللہ ہیں جو اس نظام کو چلاتے ہیں نیز مصیبتوں کا دور ہونا، بارش کا برسانا، موت و حیات انہی اولیاء اللہ کی وساطت سے ہوا کرتی ہے۔

روض الریاحین مصری صفحہ ۱۰ میں حضرت خضر علیہ السلام سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں:

ثَلٰثُ مِائَۃٍ ھُمُ الْاَوْلِیَاءُ وَسَبْعُوْنَ ھُمُ النُّجَبَاءُ وَ اَرْبَعُوْنَ ھُمْ اَوْتَادُ الْاَرْضِ وَ عَشَرَۃٌ ھُمُ النُّقَبَاءُ وَسَبْعَۃٌ ھُمُ الْعُرَفَاءُ وَثَلٰثَۃٌ ھُمُ الْمُخْتَارُ وَ وَاحِدٌ مِنْھُمُ الْغَوْثُ۔

Scanned by CamScanner

تین سو اولیاء ہیں اور ستر نجباء ہیں اور چالیس اوتاد ہیں اور دس نقباء ہیں اور سات عرفاء ہیں اور تین مختار ہیں، اور ان میں سے ایک غوث ہے۔

زرقانی شرح مواہب اللدنیہ صفحہ ۳۹۶ میں ہے کہ اولیاء کرام سے چار اوتاد ہوتے ہیں زمین پر۔ ایک مشرق، دوسرے مغرب، تیسرے شمال اور چوتھے جنوب کا انتظام فرماتے ہیں۔

## شاہ بوعلی قلندر علیہ الرحمۃ

ڈاکٹر اقبال فرماتے ہیں کہ شاہ بوعلی قلندر رحمۃ اللہ علیہ کے ایک مرید کو شہر کے گورنر نے بلاوجہ سزا دی۔ اس مرید نے حضرت شاہ بوعلی قلندر رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں شکایت کی۔ آپ نے ہندوستان کے شہنشاہ کو خط لکھا، اس کے مضمون کا ترجمہ علامہ اقبال یوں بیان کرتے ہیں۔

باز گیر ایں عامل بد گوہرے
ورنہ بخشم ملک تو با دیگرے

اس گورنر کو قرار واقعی سزا دی جائے اس نے میرے مرید کو بلاوجہ مارا ہے۔ اگر تو نے سزا نہ دی تو تیرا ملک کسی اور کو بخش دوں گا۔

وَ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِ عُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ.

جس کو چاہے ملک بخش دے اور جس سے چاہے چھین لے۔

اولیاء کرام اللہ تعالیٰ کے مظہر ہوتے ہیں ان کا ہر فعل درحقیقت اللہ تعالیٰ کا ہی ہے مگر وہ اولیاء جن کے سپرد یہ انتظام کیا جاتا ہے کبھی کبھی ان کی طرف بھی نسبت کردی جاتی ہے اس نسبت کو نسبت مجازیہ کہتے ہیں۔ اس کا ثبوت قرآن کی سورۂ مریم میں ہے۔

## نسبت مجازی

حضرت مریم کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور فرمایا:

اِنَّمَا اَنَا رَسُوْلُ رَبِّکِ لِاَهَبَ لَکِ غُلاَ مًا زَکِیًّا

میں تیرے رب کا قاصد ہوں تا کہ تجھے ایک ستھرا بیٹا بخش دوں۔

یہاں بیٹا بخشنے کی نسبت حضرت جبریل علیہ السلام کی طرف ہے حالانکہ اولاد بخشنا فی الحقیقت اللہ تعالیٰ کا فعل ہے مگر حضرت جبریل علیہ السلام اپنی طرف نسبت فرمارہے ہیں۔ یہ نسبت مجازی ہے۔ نسبت مجازی کی لاتعداد مثالیں موجود ہیں۔

Scanned by CamScanner

## اولیاء کا پانی پر تصرف

اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی طاقت سے اولیاء اللہ ہر چیز پر حکومت فرماتے ہیں۔ سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی رضی اللہ عنہ کا وطیرہ تھا کہ دریائے دجلہ پر مصلی بچھاتے اور مصلی تیرتا ہوا پار گزر جاتا۔ کبھی کبھی آپ دیر تک دریا کے درمیان مصلّے پر کھڑے رہتے تھے۔

ایک دن دور سے ایک آدمی نے دیکھا اور سمجھا کہ کوئی ملاح کشتی لیے جا رہا ہے۔ اس نے آواز دی کہ اے ملاّح! مجھے بھی پار لے جانا۔ آپ نے جواباً فرمایا: جلدی آؤ ہم اس کائنات میں اسی لیے آئے ہیں۔ اس آدمی نے قریب آ کر دیکھا کہ مصلّے پر کھڑے ہیں اور مصلّی پانی پر تیر رہا ہے۔ اس نے عرض کیا: حضور! میں نے سمجھا تھا کہ شاید ملاّح ہوگا۔ آپ نے فرمایا: تجھے دریا کے اس پار گزر جانے سے غرض ہے تجھے کشتی اور ملاّح سے کیا واسطہ؟ اس نے عرض کیا: حضور! یہ کیسے ہوسکتا ہے! آپ نے فرمایا: میرے مصلّے پر کھڑے ہو جاؤ اور "یا جنید یا جنید" کہتے چلو۔ اس نے مصلّے پر قدم رکھا اور ڈر رہا تھا کہ کہیں ڈوب نہ جائے۔ آپ نے فرمایا: خوف مت کھاؤ اور اپنا ہاتھ میرے ہاتھ میں دے دو۔

لج پال پریتاں نوں توڑ دے نہیں جہیڑی بانہہ پھڑ دے پھر چھوڑ دے نہیں

اس نے اپنا ہاتھ آپ کے ہاتھ میں دے دیا اور مصلّے پر کھڑا ہوگیا۔ مصلّی پانی پر تیرنے لگا وہ "یا جنید" کہتا ہوا چلا جا رہا تھا اور مصلّی پانی پر تیرتا جا رہا تھا۔ جب دریا کے درمیان پہنچے تو اس نے "یا جنید" چھوڑ کر "یا اللہ" کہنا شروع کر دیا۔ جونہی اس نے وسیلہ ترک کیا تو ڈوبنے لگا۔ آپ نے پکڑ کر باہر نکالا اور فرمایا کہ تم ابھی جنید تک بھی نہیں پہنچ پائے اللہ تعالیٰ تک کیسے پہنچ سکتے ہو!

معلوم ہوا کہ وسیلہ کے بغیر اللہ تعالیٰ تک پہنچنا مشکل ہے۔ مولانا جلال الدین رومی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

پیرا بگزیں کہ بے پیر ایں سفر
ہست پر از آفت و خوف و خطر

دلیل: قرآن کریم کا ارشاد ہے:

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا.

Scanned by CamScanner

وہ لوگ جو اپنی جانوں پر ظلم کر چکے ہیں (اے محبوب!) آپ کے پاس آجائیں پس استغفار کریں اللہ تعالیٰ سے اور استغفار کرے ان کے لیے یہ رسول تو ضرور پائیں گے اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا اور مہربان۔

اس آیت پاک سے واضح طور پر معلوم ہو گیا گناہوں کی توبہ کرنے کے لیے بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ ضروری ہے۔

## فاروق اعظم اور نیل

متعدد کتابوں میں آیا ہے کہ حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دریائے نیل کی طرف خط لکھا، وہ ہر سال ایک بھینٹ لے کر جاری ہوا کرتا تھا۔ عملداری اسلام میں آنے کے بعد حضرت امیر المومنین کی بارگاہ میں یہ واقعہ پیش کیا گیا۔ آپ نے فرمایا: یہ بدعت ہم قبول نہیں کر سکتے۔ آپ نے اسی وقت دریائے نیل کی طرف ایک رقعہ لکھا جس کا مضمون یہ تھا۔

اگر اللہ کی مرضی سے بہتا ہے تو تجھے یہ بدعت فوراً چھوڑ دینی چاہیے اور اگر اللہ کے حکم کے تحت نہیں چلتا تو ہمیں تیرے پانی کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

یہ خط گورنر مصر نے جب دریائے نیل کے درمیان رکھا تو ابھی وہ باہر کنارے تک بھی نہیں پہنچے تھے کہ پانی اس زور سے آیا کہ کناروں سے اچھل گیا اور پھر آج تک برابر بہہ رہا ہے۔

## دریائے دجلہ

فتوح الشام میں ہے کہ دریائے دجلہ کی وادی میں کفر و اسلام کی جنگ ہو رہی تھی یہودی لشکر تعداد کے لحاظ سے لشکر اسلام سے کئی گنا زیادہ تھا۔ سامان حرب بھی ان کے پاس بکثرت موجود تھا اور سب سے بڑی بات یہ تھی کہ اگر انھیں شکست بھی ہو جائے تو دریائے دجلہ پار کرنے کے لیے ان کے پاس کشتیوں اور جہازوں کا وافر انتظام تھا اور دریا کے دوسرے کنارے مدائن کا قلعہ ایک مضبوط قلعہ تھا جو یہودی لشکر کو پورے طریقے پر پناہ دے سکتا تھا۔

جنگ زوروں پر تھی، زخمیوں کی چیخوں اور گھوڑوں کی ہنہناہٹ نے آسمان سر پر اٹھا رکھا تھا، کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی۔ ایک دفعہ تو ایسا ہوا کہ قریب تھا کہ لشکر اسلام شکست سے دوچار ہو جائے۔ مگر لشکر کے سپہ سالار اعظم حضرت سعد بن ابی وقاص کی ولولہ انگیز تقریر نے مجاہدین کے حوصلے بڑھا دیے اور پھر لشکر اسلام نے تعاقب کیا۔ یہودیوں کے پاس دریائے دجلہ پار کرنے کا

Scanned by CamScanner

مکمل انتظام تھا۔ چنانچہ وہ دیکھتے ہی دیکھتے دریا سے پار گزر گئے۔

اتنے میں لشکر اسلام دریا کے اس کنارے پر پہنچ چکا تھا۔ ساٹھ ہزار گھوڑے کنارۂ دریا پر کھڑے اپنے سپہ سالار کے حکم کے منتظر تھے۔ دریا اپنی طغیانی موجوں سے بہہ رہا تھا کسی نے کہا ہے کہ:

دریا کو اپنی موج کی طغیانیوں سے کام　　کشتی کسی کی پار ہو یا درمیاں رہے

تھوڑی دیر میں حضرت سعد آ گئے، فرمایا: سپاہیو! کیوں کھڑے ہو گئے ہو؟ کیا دریائے دجلہ کی لہروں سے ڈر گئے ہو؟ مجاہدین نے کہا: صرف اور صرف آپ کے حکم کا انتظار ہے۔ آپ حکم دیں تو ہم اپنے گھوڑے دریا میں ڈالنے کے لیے تیار ہیں۔ آپ نے فرمایا: سب سے پہلے میرا گھوڑا جائے گا۔ آپ نے اپنے گھوڑے کو دریا میں ڈالتے ہوئے فرمایا۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ط

سپردم بہ تو مایۂ خویش را　　تو دانی حساب کم وبیش را

حضرت سعد کا گھوڑا پانی کی سطح پر سوار ہو گیا تو تمام لشکر اسلام نے اپنے گھوڑے دریا کی سطح پر ڈال دیے، سب کی زبان پر جاری تھا:

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا وَ مُرْسٰھَا.

آ نے دو یا ڈبو دو اب تو تمھاری جانب　　کشتی تمھیں پہ چھوڑی لنگر اٹھا دیے ہیں

لشکر اسلام کے گھوڑے دریا کی سطح پر دوڑتے جا رہے تھے اور دریا سے چھینٹوں کی بجائے گرد اڑتی نظر آتی تھی۔ لشکر اسلام دریائے دجلہ پار کر گیا مگر کسی کے گھوڑے کی زین تک بھی نہیں بھیگی تھی۔ علامہ اقبال ارشاد فرماتے ہیں:

دشت تو دشت ہیں دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے

معلوم ہوا کہ مقبولان بارگاہ الٰہی کا پانی پر پورا پورا تصرف ہے، پانی بھی ان کا احترام کرتا ہے، اصل بات یہ کہ:

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں　　یہ جہاں چیز ہے کیا لوح وقلم تیرے ہیں

لشکر اسلام دریا کو پار کر گیا تو سپہ سالار نے کہا: اگر کسی سپاہی کی کوئی چیز دریا میں گر گئی ہو تو بتائے، میں دریا سے واپس لے کر دوں۔ ایک سپاہی نے کہا: اگر کوئی چیز گر گئی ہو تو دریا کا بہاؤ اسے

Scanned by CamScanner

بہا کر لے گیا ہوگا، اب واپس کیسے مل سکتی ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر تمہاری کوئی چیز گر گئی ہے تو بتاؤ۔ اس نے عرض کیا: حضور! میرا لکڑی کا پیالہ گر گیا ہے۔

آپ نے دریا کو حکم دیا کہ میرے سپاہی کا پیالہ واپس کردے۔ پیالہ پانی سے بہہ کر دور نکل چکا ہے، دریا کے پانی میں ایک چکر سا بنتا ہے، وہ بنتا گیا اور پیالہ دریا کی اوپر کی سطح پر آتا گیا، آخر دریا نے پیالہ اچھال کر باہر پھینک دیا۔

## نگاہ ولایت

پروردگار عالم کی عطا کی ہوئی طاقت سے اولیاء اللہ سب کچھ دیتے ہیں۔ ان کی نگاہ سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہوتی۔ عارف رومی قدس سرہٗ لکھتے ہیں:

لوح محفوظ است پیش اولیاء ہرچہ محفوظ است محفوظ از خطاء

## تشریعی اور تکوینی ولی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے ولی دو طرح کے ہوتے ہیں ایک تشریعی اور دوسرے تکوینی۔ تشریعی اس ولی کو کہتے ہیں جو سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل پیروی سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرے۔ اور تکوینی ولی وہ ہوتے ہیں جن کو عالم کے سیاہ وسفید کے اختیارات عطا کئے جاتے ہیں۔ ان کی نگاہ کا یہ عالم ہوتا ہے کہ دنیا کی کوئی چیز ان سے پوشیدہ نہیں ہوتی۔ وہ عالم میں اللہ کے حکم سے پورا پورا تصرف کرتے ہیں۔

حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

**نظرت الیٰ بلاد الله جمعا**

**کخردلة علی حکم اتصال**

میں اللہ تعالیٰ کے تمام شہروں کو اس طرح دیکھتا ہوں جس طرح ہتھیلی پر رائی کا دانہ ہو۔

## غوث بہاء الحق زکریا ملتانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ایک عورت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ حضور! دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اولاد نصیب فرمائے۔ آپ نے تھوڑی دیر کے لیے آنکھیں بند کرلیں تاکہ دیکھ سکیں کہ لوح محفوظ پر اس عورت کی قسمت میں اللہ تعالیٰ نے کوئی بچہ لکھا ہے یا نہیں! سبحان اللہ! مقبولان خدا

Scanned by CamScanner

دیکھتے ہیں تو آنکھوں کو بند کر کے دیکھتے ہیں۔

الٹی ہی چال چلتے ہیں دیوانگان عشق
آنکھوں کو بند کرتے ہیں دیدار کے لیے

بہر حال آپ نے فرمایا کہ تیری قسمت میں لوح محفوظ پر کوئی اولاد نہیں ہے۔ عورت مایوس ہو کر واپس آرہی تھی کہ راستہ میں غوث بہاء الحق زکریا کے پوتے شاہ رکن عالم صاحب نوری رحمۃ اللہ علیہ بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ بچپن کا زمانہ تھا انہوں نے عورت کو روتے دیکھ کر فرمایا: کیوں روتی ہے؟ عورت نے کہا: شہزادے! تمہارے دادا جان کے پاس گئی تھی تا کہ اولاد کی دعا کرا سکوں۔ مگر انہوں نے فرمایا ہے کہ تیری قسمت میں اللہ تعالیٰ نے اولاد نہیں لکھی ہے۔ شاہ رکن عالم نے فرمایا: پھر تو نے کیا کہا؟ عورت نے کہا: شہزادے! میں کیا کہہ سکتی تھی۔ آپ نے فرمایا: جواب تجھے میں سکھاتا ہوں، مگر دادا جان کے سامنے میرا نام مت لینا۔ آپ نے فرمایا: جا کر یہ کہو کہ اگر قسمت میں لکھا ہوتا تو آپ کی خدمت میں حاضر ہوتی یا نہ، مجھے مل ہی جاتا۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کا کیا فائدہ ہوا! وہ عورت پھر واپس آئی اور جو کچھ شہزادے نے سکھایا تھا عرض کیا۔ آپ نے مسکرا کر فرمایا: ابھی عمر چھوٹی ہے اور باتیں اونچی کرتا ہے۔ آپ نے عورت کو فرمایا کہ "کل آنا" آج رات میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کروں گا۔ چنانچہ صبح عورت آئی تو آپ نے فرمایا:

میں نے تجھے ایک بیٹا دیا، دو دیئے، تین دیئے، چار دیئے، پانچ دیئے، چھ دیئے، سات دیئے۔

اس عورت کو اللہ کریم نے سات بیٹے دیئے۔

نگاہ ولی میں وہ تاثیر دیکھی بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

## حضرت موسیٰ آہن گر علیہ الرحمۃ

لاہور شہر میں میکلوڈ روڈ نزد قلعہ گوجر سنگھ ایک مزار ہے۔ صاحب مزار کا نام حضرت موسیٰ آہن گر ہے۔ یہ بہت بڑے اولیاء سے ہیں۔ ان کی بے شمار کرامتیں ہیں۔ آپ کی خدمت میں بھی ایک عورت آئی تو آپ نے فرمایا: 'جا' میں نے تجھے سات بیٹے دیئے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے سات ہی لڑکے عطا فرمائے۔

Scanned by CamScanner

## حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرّہٗ

تفسیر مظہری میں قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ حضرت مجدّد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے دو صاجزادے ملاّ طاہر لاہوری سے علم شریعت حاصل کرتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت مجدّد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: بچو! تمہارا استاد شقی ہے میں اس کی پیشانی پر لکھا دیکھ رہا ہوں۔ صاجزادوں نے عرض کیا: حضور! آپ مجدّد ہیں، آپ ہمارے استاد کی شقاوت سعادت سے بدل دیجئے۔ چنانچہ آپ کی دعا سے شقی کی بجائے سعید لکھ دیا گیا۔

## قضائے مبرم

مکتوبات شریف میں حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضور غوث پاک شہنشاہ کا یہ فرمانا کہ میں قضائے مبرم کو ٹال سکتا ہوں، میری دسترس قضائے مبرم میں بھی ہے، مجھے دیر تک پریشان کرتا رہا۔ میں بڑی دیر تک اس کو سوچتا رہا حتی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی یہ مرتبہ عطا فرمادیا تو مجھے تسلی ہوگئی۔ حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا بہت بلند مقام ہے۔ آپ کی زندگی کا ایک ایک لمحہ تبلیغ دین کے لے وقف تھا۔

ڈاکٹر اقبال فرماتے ہیں:

حاضر ہوا میں شیخ مجدّد کی لحد پر　　وہ خاک جو ہے زیر فلک مطلع انوار
گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے　　اللہ نے بر وقت کیا جس کو خبردار

## ایک ہرن کا واقعہ

حضرت محمد بن حنیف شیرازی قدس سرّہٗ فرماتے ہیں کہ میں بغداد میں پہنچا اور چالیس روز تک نہ کچھ کھایا نہ پیا۔ پھر ایک دن پیاس لگی تو ایک ڈول اور رسی پکڑی اور ایک کنویں پر جا پہنچا۔ دیکھا تو ایک ہرن پانی پی رہا تھا اور کنویں کا پانی کناروں تک پہنچا ہوا تھا۔ میں جب قریب گیا تو ہرن واپس چلا گیا۔ میں نے پانی پینے کا ارادہ کیا تو پانی تہہ میں چلا گیا۔ میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کی: یا اللہ! کیا میں اس ہرن سے بھی کم مرتبہ رکھتا ہوں؟ ہرن آیا تو پانی کناروں تک آگیا اور جب میں پہنچا تو پانی نیچے تہہ تک پہنچ چکا تھا۔

Scanned by CamScanner

آواز آئی: ہرن ڈول اور رسی کے بغیر آیا تھا اور تو نے ڈول اور رسی پر بھروسہ کیا۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے ڈول اور رسی فوراً پھینک دی اور توبہ کی۔ پھر دیکھا تو پانی اوپر آ گیا۔ میں نے پیٹ بھر کر پیا۔ واپس آ کر حضرت جنید رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تا کہ یہ واقعہ سناؤں مگر آپ نے میرے عرض کرنے سے پہلے ہی فرما دیا شیرازی! اگر تو تھوڑی دیر اور ٹھہرتا تو پانی تیرے قدموں کے نیچے جوش مارتا، تو چلتا تو تیرے پیچھے چلتا۔ معلوم ہوا کہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی نظر سے کنویں کا واقعہ پوشیدہ نہیں تھا۔

## میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حضور داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ کو ان کے پیر و مرشد نے حکم دیا کہ اے علی! لاہور جا اور تبلیغ اسلام کا فریضہ انجام دے۔ آپ یقین فرمائیں، جس کو ہندوستان کی تاریخ سے تھوڑی سی بھی واقفیت ہے جانتا ہے کہ یہاں اسلام محمود غزنوی اور محمد بن قاسم کی تلوار سے نہیں بلکہ اولیاء اللہ کی کوششوں سے پھیلا ہے۔ محمد بن قاسم اور محمود غزنوی کی تلواروں نے سر تو جھکا دیئے مگر دلوں کو جھکانے والے اولیاء اللہ ہی تھے جنہوں نے منزلوں سفر کیے جو مشکلات و مصائب کی پرواہ کیے بغیر طویل اور دشوار گزار راستے طے کر کے محض تبلیغ اسلام کے لیے تشریف لائے۔ آج ہندوستان ہی نہیں دنیا کے ہر کونے میں ان کی تبلیغ کے زندہ اثرات موجود ہیں۔ جس پر نگاہ اٹھ گئی تقدیر بدل کر رکھ دی۔ توحید کی مے پلاتے گئے کفر کے قلعے گراتے گئے، اسلام کے ڈنکے بجاتے گئے۔ یہ مے وہ شراب نہیں جو بوتلوں میں آئے اور گلاسوں میں تقسیم ہو۔ بلکہ یہ تو

طیبہ سے منگائی جاتی ہے سینوں میں چھپائی جاتی ہے ... توحید کی مے پیالوں سے نہیں نظروں سے پلائی جاتی ہے

میں عرض کر رہا تھا کہ داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو حکم ہوا کہ لاہور جایئے۔ آپ نے عرض کیا: حضور! وہاں میرے پیر بھائی حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پہلے سے ہی موجود ہیں۔ پیر و مرشد نے فرمایا: تجھے وہاں ضرور جانا ہے۔ چنانچہ آپ حکم کے مطابق سفر فرماتے لاہور تشریف لائے۔ رات ہو چکی تھی، دروازے بند تھے۔ تمام رات دروازے پر عبادت الٰہی میں مصروف رہے۔ صبح ہوئی تو دروازہ کھلا، دیکھا تو ایک جنازہ آ رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: یہ کس کا جنازہ ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ ایک ولی کامل میراں حسین زنجانی کا ہے وہ وصال فرما گئے ہیں اور آپ نے انتقال کے وقت فرمایا تھا کہ میرا جنازہ صبح کے وقت فلاں دروازے سے گزرے اور جو شخص سب سے پہلے نظر آئے وہی میرا جنازہ پڑھائے اور وہ لاہور کا غوث ہوگا۔

Scanned by CamScanner

آپ اندازہ فرمائیں کہ ولی اللہ کی نگاہ کہاں تک دیکھتی ہے۔

## حضرت میاں شیر محمد صاحب شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت میاں شیر محمد صاحب شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں گاؤں کا ایک چودھری اپنے کمّیں (پنجابی میں کمّیں نوکر، غلام، چھوٹی قوم والے کو کہتے ہیں) کو ساتھ لے کر حاضر ہوا۔ راستے میں چودھری نے کہا اگر آج حضرت صاحب مجھے پلاؤ کھلائیں تو مانوں۔ اس نے کہا مقبولان خدا کا امتحان نہیں لینا چاہیے۔ جب وہ شرقپور شریف پہنچے تو میاں صاحب نے گھر میں آواز دی کہ چودھری صاحب کے لیے ایک پلیٹ پلاؤ کی بھیج دو۔

آپ نے پلیٹ چودھری صاحب کے سامنے رکھتے ہوئے فرمایا: لو اپنا پسندیدہ کھانا کھاؤ۔ اور آپ نے اس کمّیں کو فرمایا: تو نے پلاؤ نہیں مانگا آؤ میں اور تم مل کر کھانا کھائیں، تو چودھری صاحب کا کمّیں اور میں حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا کمّیں، آؤ میرے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاؤ۔ اس واقعہ سے چودھری صاحب پسینہ پسینہ ہو گئے۔ انہوں نے معافی مانگی اور اولیاء کے امتحان سے توبہ کی اور آپ کا مرید ہو گیا۔ اس طرح کے بے شمار واقعات اور حکایات کتابوں میں موجود ہیں، جن کے لیے ایک طویل دفتر درکار ہے۔

## ایمان مقدّم

ایمان جان سے مقدم ہے اگر چہ شریعت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام نے اجازت دی ہے کہ کبھی ایسا شدید خطرناک وقت آ جائے جب جان کا خطرہ ہو تو دل ایمان سے پر اور اسلام پر مضبوط ہو تو زبانی انکار وقتی سے ایمان کو نقصان نہیں پہنچ سکتا مگر عمل صحابہ اور اسلاف کا یہ بتاتا ہے کہ ان حضرات نے جانیں قربان کر دیں مگر ایمان باللہ اور بالرسول کا اعلان کرتے رہے۔

## حضرت بلال رضی اللہ عنہ

آپ کے حالات سے کون واقف نہیں آپ کو ہر قسم کی اذیتیں دی گئیں۔ مصائب کے پہاڑ گرائے گئے، مگر بلال اپنے ایمان پر چٹان سے بھی زیادہ مضبوط تھے۔ ایک دفعہ زمین پر گرا کر جلاد سینے پر بیٹھ گیا، گردن پر تلوار رکھ کر پوچھا: کیا اب بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دامن نہیں چھوڑو گے؟ مگر بلال نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور کر کے کہا:

Scanned by CamScanner

حلق پہ تیغ رہے سینے پہ جلاّد رہے　　لب پہ تیرا کلمہ، دل میں تری یاد رہے

## بلال ہنستے رہے

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ بلال کو سخت سزا دی جارہی ہے۔ بلال کوڑے کھائے جارہے ہیں اور رونے کی بجائے ہنستے ہیں۔ حضرت صدیق اکبر نے فرمایا: یہ ہنسنے کا وقت تو نہیں۔ بلال نے کہا: ٹھیک ہے، مگر آپ یہ فرمائیں کہ جب کسی نے کوئی چیز خریدنی ہو، مثلاً اگر کسی نے ایک مٹی کا پیالہ خرید کرنا ہو تو

پہلے تو ٹھونکے بجائے گا اسے وہ بالیقین　　کہ یہ کچا اور پکا تو نہیں
میں بھی ہوں مٹی کا پیالہ عشق کے بازار میں　　آگیا ہوں میں پسند اس دم نگاہ یار میں

صدیق! اللہ تعالیٰ میرے عشق کا امتحان لینا چاہتا ہے کہ میں اس کے محبوب کے عشق میں کچا تو نہیں ہوں۔ صدیق اکبر! میں کیوں خوش نہ ہوں محبوب مجھے خریدنا چاہتا ہے۔

## حضرت خباب رضی اللہ عنہ

حضور علیہ السلام کے ایک صحابی خباب بن الارت ہیں۔ انھیں کفار اس جرم میں کہ اسلام کیوں قبول کرلیا ہے دہکتے ہوئے انگاروں پر ننگے جسم لٹا دیا کرتے تھے ان کے جسم کی چربی پگھل کر باہر آجاتی۔ گوشت کے لوتھڑے سے بھی یہی آواز آتی تھی: جان تو دی جاسکتی ہے مگر ایمان نہیں چھوڑا جا سکتا، جسے ایمان عزیز ہو وہ جان کی پرواہ نہیں کرتا۔

حضرت خضر علیہ السلام نے اس بچے کو صرف اس لیے قتل کیا تھا کہ اس کے والدین کا ایمان محفوظ رہے۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے تحت کیا گیا تھا۔

## علم ولی

ولایت علم کے بغیر نہیں مل سکتی، بسا اوقات انھیں علم لدنی حاصل ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان پر حالات منکشف ہوتے ہیں، ساری کائنات ان کے صرف دو قدم ہوتی ہے۔ طی الارض اور طی الزماں کا مسئلہ مسلمہ ہے۔

## حضرت عبدالعزیز دباغ مغربی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کے متعلق مشہور ہے کہ ایک دفعہ آپ مکان کے اندر کھڑے تھے، قدم اٹھاتے مگر زمین

Scanned by CamScanner

پر رکھنے سے پہلے واپس کر لیتے۔ دیر تک یہ عمل جاری رہا۔ کسی نے عرض کیا: حضور! یہ کیا عمل ہے، آپ قدم اٹھاتے ہیں مگر زمین پر رکھتے نہیں۔ آپ نے فرمایا: گفتہ اند کہ زمین اولیاء را دو قدم است و مرا ایک قدم میسر نمی شود کہتے ہیں کہ زمین اولیاء اللہ کے لیے دو قدم ہوتی ہے مگر مجھے تو ایک قدم بھی میسر نہیں آتا (اٹھاتا ہوں تو زمین سے پار چلا جاتا ہے)۔

## بعض اولیاء

کئی اولیاء کی ظاہری حالت دگرگوں ہوتی ہے۔ کپڑے پھٹے پرانے ہوتے ہیں۔ سر کے بال بکھرے ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے متعلق حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

رُبَّ اَشْعَثَ مَدْفُوْعٍ بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ.

بہت سے ایسے لوگ ہوتے ہیں کہ ان کے بال بکھرے ہوتے ہیں اور دروازوں سے دور کیے جاتے ہیں مگر شان یہ ہوتی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ پر قسم کر دیں تو اسی طرح ہو جاتا ہے جس طرح ان کی زبان سے نکل جاتا ہے۔ محدثین کرام نے اس حدیث شریف کے دو مطالب بیان فرمائے ہیں، ایک تو یہ کہ وہ کہہ دے خدا کی قسم یہ کام اس طرح ہو جائے گا یا یوں کہے یا اللہ! تجھے تیری ذات کی قسم یہ کام اس طرح کر دے۔

علامہ اقبال فرماتے ہیں:

خاکساران جہاں را بحقارت منگر  تو چہ دانی کہ دریں گرد سوارے باشد

دوسرے مقام پر فرمایا:

نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ ان کو
ید بیضا لیے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

## بابا بلھے شاہ علیہ الرحمۃ

آپ ایک دن اپنی گودڑی بچھا کر بیٹھے ہوئے تھے اچ شریف کے ایک بزرگ سید تشریف لائے۔ انہوں نے دیکھا کہ کپڑے تو پھٹے پرانے ہیں مگر پیشانی سے نور کی شعاعیں نکل رہی ہیں۔ اچ شریف کے سید صاحب نے کہا کہ آپ کون ہیں؟ بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا پہلے آپ فرمائیں کہ آپ کون ہیں؟ انھوں نے کہا کہ آپ فرمائیں۔ آپ نے فرمایا میں تو قصور میں بیٹھا ہوں پہلے آپ فرمائیں سید صاحب نے فرمایا:

Scanned by CamScanner

اسیں اچے ساڈی ذات وی اچی اسیں وچ اچاں دے رہنے ہاں
عقل ہو وی تے رمز پچھانیں اسیں مڑ مڑ تینوں کہتے ہاں

بابا بلّھے شاہ صاحب نے فرمایا: میں نے پہچان لیا ہے آپ سید ہیں، آل پاک ہیں، واقعی آپ اونچے ہیں اور آپ کی ذات بھی اونچی ہے۔ اب انھوں نے فرمایا کہ آپ بتائیں سید محمد عبد اللہ شاہ المعروف بابا بلھے شاہ صاحب آپ بھی سید ہیں مگر اپنا تعارف کرانے کے ساتھ مسئلہ بھی حل فرمادیا۔ آپ نے فرمایا: شاہ صاحب آپ اونچے ہیں مگر

اسیں آپ قصوری ساڈی ذات قصوری اسیں وچ قصور دے رہنے ہاں
عقل ہو وی تے رمز پچھانیں اسیں مڑمڑ تینوں کہنے ہاں

مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ. جو اللہ کے لیے جھکے اللہ اسے بلند فرمادیتا ہے۔

نہد شاخ پر میوہ سر بر زمین
شاخ میوہ سے بھری ہوئی اپنا سر زمین پر رکھ دیتی ہے۔

## ایک فقیر کا واقعہ

بارش ہوچکی تھی مگر تیز نہ ہونے کی وجہ سے بازاروں میں کیچڑ بھر چکا تھا ایک فقیر ٹوٹا ہوا جوتا پہنے بازار سے گزر رہا تھا۔ اس کے ٹوٹے ہوئے جوتے سے اڑ اڑ کر کیچڑ راہگیروں کے کپڑوں پر گر رہی تھی، سردی ہو رہی تھی، اس کے کپڑے پھٹے پرانے تھے، تھوڑی دور گیا تو ایک حلوائی نے دودھ کا ایک گرم گرم پیالہ اس فقیر کو دیا۔ اس نے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہتے ہوئے تین سانس میں پی لیا، اور الحمد للہ کہتا ہوا آگے گزر گیا، یہاں تک کہ ایک مکان کے پاس پہنچا ایک بدمعاش عورت اپنے ایک دوست کے پاس بیٹھی تھی اس فقیر کے پاؤں سے کیچڑ اڑا اور اس عورت کے کپڑوں پر پڑ گیا اس کے بدمعاش دوست کو غصہ آیا، اس نے فقیر کو تھپڑ رسید کیا۔ فقیر نے مار کھا کر کہا: یا اللہ! تو بھی بڑا بے نیاز ہے، کہیں دودھ پلاتا ہے اور کہیں تھپڑ رسید کراتا ہے، اچھا ہم تو تیری رضا پر راضی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنا بھی ایک بہت بڑا مقام ہے۔ جو لوگ مقام رضا پر فائز ہوتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا بھی جرم سمجھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ جس حال میں وہ رکھے اس حال پر راضی رہنا ہی اس تک پہنچنے کا صحیح راستہ ہے۔ یہ کہہ کر فقیر آگے گزر گیا۔ اس بدمعاش عورت کا دوست مکان کے اوپر چڑھا، پاؤں پھسلا، سر کے بل گرا اور ختم ہوگیا۔ کسی نے فقیر کو پکڑ لیا اور کہا کہ تو نے اس کے لیے بددعا کی۔ کیا تو نہیں جانتا کہ ہم اس رسول کی امت ہیں جنھیں لوگ

Scanned by CamScanner

پتھر مارا کرتے تھے اور وہ اس کے جواب میں دعائیں دیا کرتے تھے۔ فقیر نے کہا کہ مجھ سے قسم لے لیجئے جو میں نے بد دعا کی ہو۔ اس نے کہا: پھر وہ کیوں مرا؟ فقیر نے کہا: بات یہ ہے کہ دوستوں کی دوستوں سے لڑائی ہوئی ہے، عورت کے دوست کو غصہ آیا اس نے مجھے مارا اور میرے دوست کو غصہ آیا اس نے اس کا کام تمام کر دیا، اس میں میرا کیا قصور ہے! "ولی" اللہ کا دوست ہوتا ہے۔ ولی کا معنی دوست ہے اور دوست کا دوست کو پاس ہوتا ہے۔

## حدیث شریف

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے، حدیث قدسی ہے: مَنْ عَادىٰ لِيْ وَلِيًّا فَقَدْ اٰذَنته للحرب.

جس نے میرے ولی سے دشمنی کی اسے میں جنگ کا چیلنج دیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے کون جنگ کر سکتا ہے۔ پروردگار عالم نے فرمایا: اَلَاَ خبردار! کوئی میرے اولیاء کی شان میں گستاخی کا کلمہ نہ کہے لاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ انھیں نہ کوئی خوف اور نہ کوئی غم ہوگا۔

کتنی بڑی بشارت ہے ان حضرات کے لیے جنہوں نے اپنی زندگی کے لمحات اللہ تعالیٰ کی یاد میں گزار دیے، جنھوں نے ذکر الٰہی کو سرمایۂ حیات بنا لیا، ان کے لیے دنیا میں بھی اطمینان ہے اور آخرت میں بھی۔ دنیا میں ذکر الٰہی کے بغیر دل کبھی مطمئن نہیں ہو سکتا۔

قرآن کریم کا ارشاد ہے:

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ. اللہ کے ذکر کے ساتھ ہی دلوں کو اطمینان ہوتا ہے۔

اس کے ساتھ یہ بشارت بھی فرمائی۔

فَاذْكُرُوْنِيْ اَذْكُرْكُمْ.

اس آیۂ کریمہ کے تحت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ارشاد الٰہی کا مطلب یہ ہے کہ تم مجھے زمین کی پستیوں میں یاد کرو میں تمھیں عرش کی بلندیوں پر یاد کروں گا۔

ہم نماز میں یہی دعا کرتے ہیں:

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ.

ہمیں سیدھے راستے پر قائم رکھ، ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا۔ وہ منعم علیہم کون لوگ ہیں، انبیاء، صدیقین، شہداء، اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ دعا کیجئے اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے۔ آمین

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْن

Scanned by CamScanner

# ماہ ربیع الاوّل کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَزَلْ عَالِمًا قَدِیْراً حَیًّا قَیُّوْمًا سَمِیْعًا بَصِیْراً ط وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ اَرْسَلَهٗ اِلَی النَّاسِ کَآفَّةً بَشِیْراً وَّ نَذِیْراً ط وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ کَثِیْراً کَثِیْراً ط

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ٥ (پ۱۱، رکوع ۵)

حضرات! ربیع الاوّل کی بہت بڑی فضیلت ہے۔ علماء اسلام نے تصریح فرمائی ہے کہ ماہ ربیع الاوّل کا مرتبہ باقی تمام مہینوں سے بلند ہے حتیٰ کہ رمضان المبارک کی شان بھی اس مہینے کی شان سے کم ہے۔ وجہ یہ ہے کہ رمضان المبارک میں قرآن کریم اترا، اعلان باری تعالیٰ ہے:

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ.

رمضان کا وہ مہینہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا۔

اور ربیع الاوّل میں صاحب قرآن تشریف لایا، اس میں قرآن آیا تو اس میں قرآن والا تشریف لایا۔ ہماری حقیقی عید تو اسی ماہ مبارک میں ہے کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ نے اپنا پیارا محبوب صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں عطا فرمایا۔ اگر وہ محبوب تشریف نہ لاتا تو رمضان، قرآن، ایمان غرضیکہ کوئی چیز بھی ہمیں نہ ملتی، یہ سب انہیں کا صدقہ ہے۔ بلکہ اگر وہ پیدا نہ کئے جاتے تو ہم کیا، کائنات کا کوئی ذرّہ بھی معرض وجود میں نہ آتا۔

## حب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اس آیۂ کریمہ کے تحت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ جب حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو کوہ طور پر نوازا گیا تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا: الٰہی! تو نے مجھے ایسی نعمت سے سرفراز فرمایا ہے کہ مجھ سے پہلے کسی کو ایسا مقام عطا نہیں ہوا۔

Scanned by CamScanner

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اے موسیٰ! ہم نے تیرے دل کو متواضع پایا تو اس مقام سے نواز دیا۔

فَخُذْ مَا اٰتَیْتُکَ وَ کُنْ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَمُتْ عَلٰی تَوْحِیْدٍ وَّ حُبِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

جو آپ کو دیا گیا اس پر شکر کرو اور زندگی کے آخری لمحات تک توحید اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پر رہو۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا:

یا اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت تیری توحید کے ساتھ ضروری ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

لَوْ لَا مُحَمَّدٌ وَّ اُمَّتُہٗ لَمَا خَلَقْتُ الْجَنَّۃَ وَلَا النَّارَ وَلَا الشَّمْسَ وَلَا الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلَ وَلَا النَّھَارَ وَلَا مَلَکاً مُقَرَّباً وَّلَا نَبِیًّا مُّرْسَلًا وَّلَا اِیَّاکَ۔

اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کی امت نہ ہوتی تو میں جنت، دوزخ، سورج، چاند، رات، دن، فرشتے، انبیاء کسی کو پیدا نہ کرتا اور اے موسیٰ تجھے بھی پیدا نہ کرتا۔

حدیث قدسی ہے:

لَوْ لَاکَ لَمَا اَظْھَرْتُ الرُّبُوْبِیَّۃَ۔

(اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) اگر آپ نہ ہوتے تو میں اپنی ربوبیت کو بھی ظاہر نہ کرتا۔

## احسان عظیم

آپ غور فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل و کرم سے ہمیں اپنا پیارا محبوب عطا فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بے پناہ نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔ ہم اپنے جسم کو ہی دیکھیں۔ آنکھ، کان، بازو، پاؤں وغیرہ ایسی نعمتیں ہیں کہ ساری کائنات ان کی قیمت نہیں بن سکتی۔ اللہ تعالیٰ نے جو ہمیں یہ نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔ اس کی نعمتوں کا شمار نہیں ہوسکتا۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے:

وَ اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا

اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتیں شمار کرنا چاہو تو شمار نہیں کر سکتے۔

اور پھر کمال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نعمت پر یہ نہیں فرمایا کہ اے انسان! میں نے تجھے یہ نعمت دے کر تجھ پر بڑا احسان کیا ہے۔ یعنی نعمتیں تو دی ہیں مگر احسان نہیں جتلایا۔ اور جب کائنات میں اپنا پیارا حبیب صلی اللہ علیہ وسلم بھیجا تو ارشاد فرمایا:

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا ط

اللہ نے مومنین پر بڑا احسان کیا ہے کہ ان میں بڑی عظمت والا رسول بھیجا ہے۔

معلوم ہوا یہ وہ نعمت عظمیٰ ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے احسان جتلایا ہے۔ احسان اس نعمت پر ہوتا ہے جس پر دینے والے کو خود بھی ناز ہو۔

## تشریح آیت

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آمد کا اعلان اللہ تعالیٰ نے مختلف طریقوں سے فرمایا۔ جس آیت کو میں نے عنوان تقریر بنایا ہے اب اس کی مختصر تشریح سماعت فرمایئے۔

ارشاد ہوتا ہے:

لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ.

بیشک تمہارے پاس تم میں سے ایک رسول تشریف لائے۔

اگر وہ ہم میں سے تشریف نہ لاتے تو ہم کبھی فیض حاصل نہیں کر سکتے تھے۔ اَنْفُسِكُمْ کی دو قرأتیں ہیں، ایک ''ف'' پر پیش اور دوسری میں ''ف'' پر زبر۔ یعنی اَنْفَسِكُمْ۔ اس تقریر پر معنی یہ ہوں گے کہ بے شک تم میں سے نفیس ترین اور بہترین جماعت سے آئے۔ تمام دنیا میں عرب افضل، عرب میں قریش افضل اور قریش میں بنو ہاشم افضل۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بنو ہاشم میں پیدا ہوئے۔ وہ جس مہینے میں تشریف لائے وہ مہینہ تمام مہینوں سے افضل، جو کتاب لائے وہ تمام کتابوں سے افضل، جو دین لائے وہ تمام دینوں سے افضل، جس شہر میں آئے وہ تمام شہروں سے افضل اور جس زمانے میں آئے وہ تمام زمانوں سے افضل، ان کے صحابہ تمام کائنات سے افضل، ان کی امّت تمام امتوں سے افضل، ان کا قانون قانون الٰہی، ان کا کلام کلام الٰہی، انکا دیکھنا خدا کا دیکھنا، ان کا بولنا خدا کا بولنا، ان کا ہاتھ خدا کا ہاتھ، ان کا پھینکنا خدا کا پھینکنا، ان کی بیعت خدا کی بیعت، ان کا گھر خدا کا گھر۔

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آکے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

یہاں لفظ ''رسول'' کی تنوین تعظیم کے لیے ہے یعنی عظمت والا رسول۔ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ تمہارا مشقت میں پڑنا ان پر گراں گزرتا ہے۔ وہ تمہاری تکلیف نہیں دیکھ سکتے۔ یہ حقیقت ہے کہ تکالیف ہمیں ہوتی ہے اور بے چین حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہوتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

## تین مقام

حشر کو بھی جو مشکل مقام ہوگا ہمارے حضور علیہ السلام وہاں پر جلوہ افروز ہوں گے۔ ایک صحابی نے عرض کی: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فِدَاکَ اُمِّیْ وَ اَبِیْ (میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں) اگر ہم نے آپ کو حشر میں تلاش کرنا ہو تو کہاں تلاش کریں؟ حضور علیہ السلام نے فرمایا: تین مقام ہوں گے جہاں میں مل سکوں گا۔ جہاں میری امت کے اعمال تولے جارہے ہوں گے میں پاس کھڑا ہوں گا تاکہ اگر کسی امتی کا عمل کم ہو جائے تو پورا کردوں۔

صحابی نے عرض کیا: آقا! اگر ہم آپ کو وہاں نہ پائیں تو؟

حضور علیہ السلام نے فرمایا: حوض کوثر پر ہوں گا، امت پیاسی ہوگی میں آب کوثر کے جام پلاتا ہوں گا۔

اعلٰحضرت بریلوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

ٹھنڈا ٹھنڈا میٹھا میٹھا — پیتے ہم ہیں پلاتے یہ ہیں
رب ہے معطی یہ ہیں قاسم — رزق اس کا ہے کھلاتے یہ ہیں
اس کی بخشش، ان کا صدقہ — دیتا وہ ہے دلاتے یہ ہیں
اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَر — ساری کثرت پاتے یہ ہیں
قصر دنیٰ تک کس کی رسائی — جاتے یہ ہیں آتے یہ ہیں

صحابی نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر ہم وہاں بھی نہ پائیں تو؟ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پل صراط پر کھڑا ہوں گا، جبریل کے پر بچھے ہوں گے اور میں دعا کرتا ہوں گا: رَبِّ سَلِّمْ اُمَّتِیْ اے میرے رب! میری امت کو سلامتی سے گزاردے۔

آپ اندازہ فرمائیں جب دعا فرمانے والے سید الانبیاء ہوں تو غم کس چیز کا۔

رضا! پل سے اب وجد کرتے گزریئے — کہ ہے رب سلم صدائے محمد

حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ط

تمہاری بھلائی کے چاہنے والے مومنوں پر رحم کرنے والے مہربان ہیں۔

کوئی اپنی اولاد پر حریص ہوتا ہے، کوئی دولت دنیا کا حریص ہے، کوئی اپنے آرام کا حریص ہے، مگر ہمارے حضور علیہ السلام صرف ہمارے ہی حریص ہیں، انھیں جتنا پیار اپنی امت سے ہے اور کسی چیز سے نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیۂ کریمہ میں حضور علیہ السلام کی شان میں رُؤُفٌ رَّحِیْمٌ فرمایا ہے حالانکہ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ اللہ تعالیٰ کی صفتیں ہیں۔

Scanned by CamScanner

## صفات الٰہی

قرآن کریم میں ارشاد ہے: اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ۔ ثابت ہوا کہ رؤف اور رحیم اللہ تعالیٰ کی صفتیں ہیں، مگر یہی صفتیں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمائی ہیں۔ حضور علیہ السلام کی یہ صفات عطائی ہیں اللہ تعالیٰ بھی رُءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ہے اور اس کا حبیب صلی اللہ علیہ وسلم بھی رُءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ہے۔ قرآن کریم ایک آیت کریمہ اللہ تعالیٰ کی شان میں بیان فرماتا ہے: هُوَ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ۔

اس آیت کے متعلق حضرت علامہ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ اپنی کتاب مدارج النبوت کی ابتدا میں فرماتے ہیں کہ یہ آیت حمد خدا بھی ہے اور نعت مصطفیٰ بھی۔ یہ صفات الٰہی بھی ہیں اور صفات رسول بھی۔ علامہ اقبال نے اس کا ترجمہ یوں کیا ہے:

نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر
وہی قرآں وہی فرقاں وہی یٰس وہی طٰہٰ

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے
غبار راہ کو بخشا فروغ وادی سینا

## اوّل و آخر

حضور علیہ السلام اوّل بھی ہیں اور آخر بھی۔ سب سے پہلے پیدا کیے گئے اور سب سے آخر بھیجے گئے۔ خصائص الکبریٰ جلد اوّل صفحہ ۱۵۶ پر ایک حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ معراج کی رات حضور علیہ السلام کو کچھ احباب ملے۔ انہوں نے آپ پر سلام پڑھا۔ الفاظ یہ تھے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَوَّلُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اٰخِرُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَاشِرُ۔

جبریل نے عرض کیا: حضور! یہ سلام کرنے والے حضرات ابراہیم، موسیٰ، عیسیٰ علیہم السلام تھے۔ معلوم ہوا کہ انبیائے سابقین بھی آپ کو اوّل اور آخر کہہ کر پکارتے تھے۔

## حدیث شریف

یہ حدیث بہت مشہور ہے اس حدیث کو امام بخاری کے استاد سید عبدالرزاق نے اپنے مسند میں نقل فرمایا ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ فِدَاکَ اَبِیْ وَ اُمِّیْ مجھے فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ نے سب اشیاء سے پہلے کس کو پیدا کیا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا۔ یا جابر ان اللہ خلق قبل

Scanned by CamScanner

الاشیاء نور نبیک من نورہ اے جابر اللہ تعالیٰ نے سب چیزوں سے پہلے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا فرمایا۔

پھر وہ نور قدرت الٰہی سے جہاں اللہ کو منظور تھا سیر کرتا رہا۔ اس وقت نہ لوح تھی نہ قلم تھا، نہ جنت تھی نہ دوزخ، نہ فرشتے تھے نہ آسمان، نہ چاند تھا نہ سورج، نہ جن تھے نہ انسان، نہ مٹی تھی نہ پانی، نہ آگ تھی نہ ہوا۔ غرضیکہ کائنات کی کسی شے کا وجود نہ تھا۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے باقی مخلوق کو پیدا کرنا چاہا تو اس نور کے چار حصے کئے، ایک سے قلم، دوسرے سے لوح محفوظ، تیسرے سے عرش اور چوتھے سے باقی سب چیزیں پیدا فرمائیں۔ یہ حدیث کافی طویل ہے اس کو امام قسطلانی نے مواہب اللدنیہ میں، امام ابن حجر مکی نے افضل القریٰ میں امام بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے مدارج النبوۃ میں درج فرمایا ہے۔

## ایک شبہ

اس حدیث میں کسی کو کلام نہیں صرف بعض حضرات کو ''نور نبیک'' کی تشریح میں غلط فہمی ہوگئی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہاں لفظ ''نور'' لفظ ''نبیک'' کی طرف مضاف ہے اور مضاف ومضاف الیہ میں تغایر ہوتا ہے۔ جیسے زید کی ٹوپی۔ زید اور ہے، ٹوپی اور۔ تو معلوم ہوا کہ نبی اور ہے اور نور اور۔

**جواب:** اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں اضافت بیانیہ ہے۔ اور یہ کہنا کہ مضاف اور مضاف الیہ میں ہمیشہ تغایر ہوتا ہے صحیح نہیں۔ اگر یہ دعویٰ تسلیم کرلیا جائے تو نفسہ عینہ، ذاتہ، وجودہ کا کیا جواب ہوگا۔ امام اہلسنت اعلیٰحضرت قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں کہ اگر یہاں اضافت بیانیہ نہ لی جائے بلکہ نور سے وہی مشہور یعنی روشنی (کہ عرض وکیفیت ہے) مراد ہو تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تو مخلوق نہ ہوئے بلکہ ایک عرض وصفت پھر وجود موصوف سے پہلے صفت کا وجود کیسے ممکن ہے۔ لاجرم حضور خود ہی وہ نور ہیں کہ سب سے پہلے مخلوق ہیں۔

## مِنْ نُورِہٖ

یونہی مِنْ نُوْرِہٖ میں بھی اضافت بیانیہ ہے اس میں لفظ مِنْ سے دھوکہ کھانے والوں کو وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ پر غور کرنا چاہیئے۔

Scanned by CamScanner

## بشریت

اسی طرح لباس بشریت بھی نور کی نفی نہیں کرتا ورنہ فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا کا کیا جواب ہوگا؟ جبریل امین نور ہیں مگر لباس بشریت میں حضرت مریم کے پاس آئے۔

## عبدیت

یونہی عبدیت بھی نور کے منافی نہیں ہے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کے لیے بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ فرمایا ہے۔ معلوم ہوا کہ عبد اور بشر نور کے متضاد چیزیں نہیں کہ جمع نہ ہو سکیں۔

## عبادت نور

پھر یہ مخلوق اوّل نور کامل صلی اللہ علیہ وسلم ہزار ہا برس تک خاص مقام قرب میں عبادت الٰہی کرتا رہا۔ ستر ہزار سال تک قیام فرمایا، پھر ستر ہزار سال رکوع میں رہا، تب سجدہ کیا تو صبح کی نماز فرض ہوگئی۔ سجدہ میں گئے تو ظہر اور عصر کی نماز۔ پھر قیام اور سجدہ ہوا تو مغرب کی نماز اور چوتھی بار عشاء کی نماز فرض ہوگئی۔

حضرت شیخ فریدالدین عطار قدس سرہٗ منطق الطیر میں لکھتے ہیں:

قرن ہا اندر رکوع ایستادہ بود — عمر ہا اندر سجود افتادہ بود
از نماز نور آں دریائے راز — فرض شد بر جملہ امتہا نماز

## امت کے لیے استغفار

پھر اس نور نے دو نفل ادا کیے، ایک ہزار برس قیام، ہزار سال رکوع، ہزار سال قومہ، ہزار سال سجدہ، ہزار برس جلسہ، ہزار برس دوسرے سجدے میں رہے۔ اسی طرح دوسری رکعت بھی ادا کی۔ جب فارغ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

”اے میرے حبیب! تو نے میری عبادت کا حق ادا کر دیا ہے۔ میں نے تیری عبادت قبول کر لی ہے اب جو چاہے مانگ لے۔“

حضور علیہ السلام نے عرض کی کہ ”مجھے معلوم ہوتا ہے کہ تو مجھے ایک قوم کا رہنما بنا کر روانہ فرمائے گا۔ بتقاضائے بشریت ان سے غلطیاں سرزد ہوں گی۔ میں آج اپنی امت کے لیے مغفرت کی دعا کرتا ہوں“۔ اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمائی۔

Scanned by CamScanner

اس مضمون کو علامہ قسطلانی نے مواہب اللدنیہ میں، علامہ عبدالباقی نے زرقانی شرح مواہب اللدنیہ میں، ملا معین کاشفی رحمۃ اللہ علیہ نے معارج النبوۃ میں، علامہ یوسف نبہانی نے جواہرالبحار میں تفصیلاً بیان فرمایا ہے۔ یہ نور مقام خاص میں کئی ہزار برس تک چمکتا رہا۔

انسان العیون، روح البیان، سیرت حلبیہ، جواہرالبحار کے علاوہ کئی کتابوں میں ہے کہ:

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبریل! تیری عمر کتنی ہے؟ عرض کی: حضور! اس کے سوا میں کچھ نہیں جانتا کہ چوتھے حجاب میں ہر ستر ہزار برس بعد ایک ستارہ چمکتا تھا اس کو میں نے بہتر ہزار مرتبہ دیکھا ہے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا: مجھے اپنے رب کی عزت وجلال کی قسم! اَنَا ذٰلِکَ الْکَوْکَبُ وہ ستارہ میں ہی تھا۔

## خاک پاک

ایک دن جبریل امین کو حکم ہوا کہ زمین پر جا اور مزار مقدس کی جگہ سے ایک مثقال خاک پاک لے آ۔ جبریل نے آکر زمین کو حکم سنایا، زمین ذوق سے وجد میں آگئی اور مشل کافور کے خاک پاک ظاہر ہوئی۔ جبریل اس خاک کو لے کر اپنے مقام پر پہنچے تو حکم ہوا کہ ماء معین، کوثر وتسنیم میں ملائی جائے۔ اب وہ خاک کا ذرہ جب نور کی کان میں پہنچا اور ہزار برس رہا تو اس کی ماہیت بدل گئی۔ یہ امر مسلم ہے کہ جب کوئی چیز کان میں جاتی ہے تو اس کی ہیئت واحکام بھی بدل جاتے ہیں، تو وہ خاک کا ذرہ خاک کہاں رہا، نور ہوگیا۔ اس کے لیے بے شمار نظائر موجود ہیں مگر یہ مختصر مضمون متحمل نہیں۔ اب نیا دور شروع ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ خلیفۃ اللہ فی الارض کی پیدائش ہو۔ چنانچہ آدم علیہ السلام کا پتلا تیار کیا گیا۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

کُنْتُ نَبِیًّا وَّ اٰدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

''ابھی آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے میری نبوت چمک رہی تھی۔''

## نور آدم کے پاس

اب وہ نور مقدس حضرت آدم علیہ السلام کی پشت اطہر میں ودیعت فرمایا گیا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی پشت پر پرندے کی سی آواز سنی۔ عرض کی: یا اللہ! یہ آواز کیا ہے؟ جواب آیا کہ یہ میرے محبوب محمد مصطفیٰ کی تسبیح کی آواز ہے۔ میرا عہد پکڑو اور اسے پاک رحموں اور مقدس پشتوں میں امانت رکھنا۔ اب وہ نور چمکا، فرشتوں کو حکم ہوا سجدہ کیجئے۔ سب جھک گئے مگر ابلیس نے انکار

Scanned by CamScanner

کیا۔ اور انکار کی سات دلیلیں پیش کیں۔ حکم ہوا کہ نکل جا، تو میری بارگاہ سے دور کر دیا گیا ہے، تجھ پر قیامت تک میری لعنت برستی رہے گی ادھر سجدہ کرنے والوں کو مراتب رفیعہ عطا کیے گئے۔

امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں کہ آدم کو سجدہ اس لیے ہوا کہ:

كَانَ فِيْ جَبْهَتِهٖ نُوْرُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

ان کی پیشانی میں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور تھا۔

## انگوٹھوں کا چومنا

حضرت آدم علیہ السلام نے دیکھا کہ فرشتے ان کے پیچھے پیچھے پھرتے رہتے ہیں اور سبحان اللہ، سبحان اللہ پڑھتے ہیں۔ عرض کی: یا اللہ! یہ فرشتے میرے پیچھے کیوں پھرتے ہیں؟ ارشاد ہوا کہ یہ میرے حبیب کے نور کی زیارت کرتے ہیں۔ عرض کی: یا اللہ! یہ نور میری پیشانی میں ہونا چاہیے تاکہ فرشتے میرے آگے کھڑے ہوں۔ لہٰذا وہ نور پیشانی میں رکھ دیا گیا۔ وہ نور پیشانی آدم میں آفتاب کی طرح چمکتا رہا اور فرشتے صفیں باندھے اس کی زیارت کرتے رہے۔ حضرت آدم نے خواہش ظاہر کی کہ میں بھی دیکھوں۔ تو وہ نور ان کی انگلی میں ظاہر ہوا، انہوں نے چوم کر آنکھوں پر رکھا اور کہا:

قُرَّةُ عَيْنِيْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. (روح البیان)

اب آدم علیہ السلام بھی زیارت کرتے اور کہتے تم ظاہر میں میرے بیٹے اور حقیقت میں میرے باپ ہو۔

ظاہر میں میرے پھول حقیقت میں میری نخل یہ صدا ان کی یاد میں ابو البشر کی ہے

پھر وہ نور حضرت شیث علیہ السلام کی طرف منتقل ہوا۔ آپ آدم علیہ السلام کی تمام اولاد سے زیادہ حسین و جمیل تھے جب حد بلوغ کو پہنچے تو ان سے اس نور کی حفاظت کا عہد لیا گیا کہ اس مقدس نور کو نہایت پاکیزہ طریقہ سے ارحام طاہرات و اصلاب طیبات تک پہنچائیں۔ چنانچہ یہ عہد نامہ قرن بعد قرن ایک دوسرے تک وصول ہوتا رہا۔ اب وہ نور پاک جناب انوش، قینان، مہلائیل یارو سے ہوتا ہوا حضرت ادریس علیہ السلام کے پاس پہنچا۔ آپ تین سو پینسٹھ سال کی عمر میں زندہ آسمان پر اٹھالیے گئے۔ پھر وہ نور متوشلخ لامک سے منتقل ہو کر حضرت نوح علیہ السلام کے پاس آیا۔ اسی نور کے صدقے کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری۔

Scanned by CamScanner

اگر نام محمد را نیا وردے شفیع آدم نہ آدم یافتے توبہ نہ نوح از غرق نجینا

جناب متوشلخ کے پاس ۹۶۹ سال لامک کے پاس ۷۷۰ سال، حضرت نوح علیہ السلام کے پاس ایک ہزار سال۔اس کے بعد جناب سام، ارفخشد، حضرت ہود علیہ السلام، جناب شالخ، عابر، فالج، اشروع، ارعو، ناحور سے ہوتا ہوا جناب تارخ کے پاس تشریف لایا تارخ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد تھے۔نہایت عابد وزاہد نیک فال تھے کئی کئی مہینے پہاڑوں میں تنہا عبادت کرتے تھے، بھوکوں کو کھانا کھلاتے تھے۔آپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ولادت سے پہلے ہی فوت ہو گئے تھے۔آپ کی وفات کے بعد آپ کے دادا نے کفالت اپنے ذمہ لی۔ جب دادا بھی فوت ہو گئے تو آزر (جو حضرت ابراہیم کا چچا تھا) کی پرورش میں آ گئے۔یہ بت تراش تھا۔آزر آپ کا باپ نہیں بلکہ چچا تھا جس نے پرورش کی۔جب آپ جوان ہوئے تو اپنے چچا کو کہا:

لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ۔شیطان کی پیروی نہ کرو۔

آیت کی ابتداء یوں ہوتی ہے اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ جب اپنے ''اب'' آزر کو کہا۔

یہ لفظ ''اَبْ'' سے بعض احباب کو سخت غلط فہمی ہوئی ہے۔انھوں نے اب کا ترجمہ والد کیا ہے حالانکہ اب عام ہے۔باپ، چچا، دادا سب کے لیے بولا جاتا ہے۔حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنی اولاد کو فرمایا کہ میرے بعد کس کی عبادت کرو گے؟ تو سب نے بالاتفاق جواب دیا:

نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ.

ہم عبادت کریں گے آپ کے خدا اور آپ کے اب ابراہیم، اسمٰعیل اور اسحاق علیہم السلام کے کی جو ایک معبود ہے اور ہم اس کے فرماں بردار ہیں۔

اس آیت میں لفظ ''اٰباء'' اب کی جمع ہے۔یہاں لفظ اب اسحاق علیہ السلام پر بولا گیا ہے، اور وہ آپ کے باپ ہیں۔اسماعیل علیہ السلام کو بھی اب کہا گیا ہے حالانکہ وہ آپ کے چچا ہیں۔ ابراہیم علیہ السلام کو بھی اب کہا گیا ہے حالانکہ وہ دادا ہیں۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اب چچا دادا سب کے لیے بولا جا سکتا ہے۔باپ کے لیے عربی زبان میں حقیقۃً لفظ ''والد'' ہے۔''والد'' باپ کے بغیر کسی اور کے لیے نہیں بولا جاتا۔تورات وغیرہ کتب سابقہ میں بھی یہی تصریح ہے کہ ابراہیم کے والد کا نام تارخ تھا۔اس وضاحت کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ یہ حقیقت مسلمہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نور پاک آدم علیہ السلام سے

Scanned by CamScanner

لے کر حضرت عبداللہ تک پاک پشتوں، طیب پیشانیوں میں ہی منتقل ہوتا رہا۔ قرآن کریم میں ہے:

اَلَّذِیْ یَرٰاکَ حِیْنَ تَقُوْمُ وَ تَقَلُّبَکَ فِی السّٰجِدِیْنَ.

اللہ تعالیٰ تجھے دیکھتا ہے جب تو کھڑا ہوتا ہے اور پھرنا تیرا سجدے کرنے والوں میں۔

اس آیت کی تفسیر میں امام فخر الدین رازی قدس سرّہٗ فرماتے ہیں کہ اس کا معنی یہ ہے۔

اِنَّہٗ کَانَ یَنْقُلَ نُوْرُہٗ مِنْ سَاجِدٍ اِلٰی سَاجِدٍ.

''وہ نور منتقل ہوتا رہا ایک سجدہ کرنے والے سے دوسرے سجدہ کرنے والے کی طرف'' اس آیت پاک سے معلوم ہوا کہ حضور کا نور جس کے پاس رہا وہ اللہ تعالیٰ کو ہی سجدہ کرتے رہے ہیں۔ اب اگر آزر کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا باپ مانا جائے تو لازم آئے گا کہ نور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم آزر کے پاس رہا اور وہ بت پرست تھا اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرنے والا نہیں تھا۔ تو عندالتحقیق ثابت ہوا کہ آزر باپ نہیں چچا تھا۔ یہ مختصر تشریح ہے۔ اس کی تفصیل کے لیے علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے رسائل کا مطالعہ ضروری ہے۔

اب وہ نور حضرت خلیل اللہ علیہ السلام کے پاس مدتوں ظہور فرماتا رہا۔ پھر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے پاس پہنچا اور ایک سو تہتر برس تک آپ اس سے مستنیر ہوتے رہے۔ پھر جناب قیذار، حمل، ثابت، یسع، اود، اور عدنان، معد، نزار، مضر، الیاس، مدرکہ، خزیمہ، کنانہ، نضر، مالک، فہر، غالب، لوی، کعب، مرہ، کلاب، قصی، عبدالمناف، ہاشم، عبدالمطلب سے ہوتا ہوا حضرت عبداللہ کے پاس ظہور پذیر ہوا۔

## عجیب درخت اور کاہنہ عورت

حضرت عبدالمطلب فرماتے ہیں کہ میں حطیم کعبہ میں سو رہا تھا کہ میں نے دیکھا کہ ایک عظیم الشان درخت زمین سے ظاہر ہو رہا ہے۔ میرے دیکھتے دیکھتے وہ بڑھتا چلا گیا اس کی شاخوں نے آسمان کو چھو لیا ہے اور عرض میں مشرق و مغرب تک پھیل گیا۔ اس کے پتے آفتاب سے زیادہ چمک رہے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ عرب و عجم کے رہنے والے اس درخت کے سامنے جھک گئے ہیں اور اس کی روشنی آہستہ آہستہ بڑھتی جا رہی ہے۔ پھر میں نے دیکھا کہ قریش کے کچھ لوگ اس کی شاخوں سے لپٹ گئے ہیں اور کچھ اس کو کاٹنا چاہتے ہیں۔ لیکن جب وہ اس خیال سے اس کے قریب ہوتے ہیں تو ایک خوبصورت نوجوان ان کو روک دیتا ہے میں نے اس سے زیادہ خوب صورت نوجوان آج تک نہیں دیکھا اس نوجوان کے جسم سے ہر طرف خوشبو پھیلتی جا رہی ہے میں

Scanned by CamScanner

نے چاہا کہ عظیم الشان درخت سے لپٹ جاؤں مگر نہ پہنچ سکا۔
میں نے اس خوبصورت نوجوان سے پوچھا تو اس نے کہا: قسمت والے لپٹ گئے ہیں یہ لفظ سن کر بیدار ہو گیا اور ایک کاہنہ عورت کے پاس جا کر خواب بیان کیا۔ خواب سنتے ہی اس کا چہرہ بدل گیا اور گھبرا کر بولی: تیری پشت سے ایک شخص ہو گا جو مشرق و مغرب کا شہنشاہ ہو گا اور پوری دنیا اس کے آگے جھک جائے گی۔

## حضرت عبداللہ کے پاس

جس وقت وہ نور حضرت عبداللہ کے پاس منتقل ہو گیا تو کئی عجائبات ظہور پذیر ہوئے۔ آپ فرماتے ہیں بطحاء مکہ سے چل کر کوہ ثبیر پر چڑھ جاتا تو میری پشت سے ایک نور نکل کر دو حصے ہو جاتا، ایک حصہ مشرق میں اور دوسرا مغرب میں پھیلتا چلا جاتا اور بصورت بادل مجھ پر سایہ کر دیتا۔ پھر آسمان کا دروازہ کھل جاتا اور وہ نور آسمان پر چڑھ جاتا۔ تھوڑی دیر بعد لوٹ کر پھر میری پشت میں مل جاتا اور جب میں زمین پر بیٹھتا تو زمین سے آواز آتی: اے وہ ذات! جس کی پشت میں حضور علیہ السلام کا نور مقدس ہے آپ پر میرا اسلام ہو۔
اور جب میں کسی خشک درخت اور کسی خشک جگہ پر بیٹھتا تو وہ فوراً سرسبز ہو جاتے اور اپنی ہری بھری ٹہنیاں مجھ پر ڈال دیتے اور جب میں لات وعزٰی اور دوسرے بتوں کے پاس سے گزرتا تو بت چیخنا شروع کر دیتے اور کہتے کہ ہم سے دور ہو جا، تیرے اندر وہ چیز ہے جس کے ہاتھوں پر ہماری اور تمام دنیا کے بتوں کی ہلاکت ہو گی۔ آپ کے یہ عجائبات دور دور تک مشہور ہو گئے تو ستر یہودیوں نے آپس میں عہد و پیمان کیا کہ جب تک عبداللہ کو قتل نہ کریں ہم اپنی قوم کو منہ نہیں دکھائیں گے۔

## ستر یہودی

اس غرض سے وہ مکہ میں آئے اور موقع تلاش کرتے رہے۔ ایک دن حضرت عبداللہ شکار کی غرض سے شہر کے باہر جا رہے تھے کہ انہی ستر یہودیوں نے اپنی زہر آلود تلواروں کے ساتھ آپ پر حملہ کر دیا۔ ایک رنگا رنگ فوج گھوڑوں پر سوار اچانک آسمان سے اتری اور دیکھتے ہی دیکھتے اس نے یہودیوں کو ختم کر دیا۔ اس واقعہ کو عبد مناف کے بیٹے حضرت وہب دیکھ رہے تھے۔ یہ کرامت دیکھ کر انہوں نے مکمل ارادہ کر لیا کہ اپنی لڑکی آمنہ خاتون کو عبداللہ کے نکاح میں دیں گے۔ فوراً

Scanned by CamScanner

آئے اور اپنی بیوی برہ بنت عزّیٰ کو اس واقعہ عجیبہ کی خبر دے کر کہا کہ عبداللہ قریش میں سب سے زیادہ خوبصورت نوجوان ہے، میں اپنی بیٹی آمنہ کے لیے اس سے زیادہ اچھا کوئی رشتہ نہیں پاتا۔ پھر حضرت برہ کو عبدالمطلب کے پاس بھیجا اور کہا کہ آپ اپنے بیٹے کے لیے میری لڑکی آمنہ خاتون کو قبول کرلیں۔ حضرت عبدالمطلب نے اس کو پسند فرمایا اور حضرت آمنہ حضرت عبداللہ کے نکاح میں آگئیں۔

## اُمِ قتال

یوں وہ نور حضرت آمنہ کی طرف منتقل ہوگیا، سینکڑوں وہ عورتیں جو حضرت عبداللہ سے شادی کی خواہش رکھتی تھیں، مایوس ہوگئیں۔ ان میں سے ایک عورت ام قتال نے جو سب سے زیادہ خواہشمند تھی صبح سویرے حضرت عبداللہ کو دیکھ کر منہ پھیرلیا۔ آپ نے فرمایا کہ تو نے اعراض کیوں کیا؟ بولی:

جس نور کی میں طلب گار تھی وہ آج تیری پیشانی سے غائب ہے اب مجھے تیری کوئی ضرورت نہیں۔ یہ واقعہ سیرت ابن ہشام میں ہے۔ حضرت آمنہ فرماتی ہیں کہ جب حضور میرے پاس تشریف لائے تو مجھے اپنے جسم سے پیاری پیاری خوشبو آیا کرتی تھی۔

## جانوروں کی مبارکبادیاں

سیرت حلبیہ میں ہے جب وہ نور حضرت آمنہ کے پاس تشریف لایا تو قریش کے مویشیوں اور چوپایوں نے ایک دوسرے کو بشارت دی، قسم ہے کعبہ کے رب کی، کہ آج رات دنیا کا سردار اپنی والدہ کے پاس آگیا۔ اسی رات تمام دنیا کے بادشاہوں کے تخت الٹ دیئے گئے۔ سب بت سرنگوں ہوگئے۔ روئے زمین کے تمام بادشاہ گونگے ہوگئے۔ ایک اعلان ہورہا تھا کہ ابوالقاسم کا ظہور قریب ہوگیا ہے۔

## نبیوں کی مبارک بادیاں

آپ فرماتی ہیں کہ پہلا مہینہ گزرا تو میں نے بلند قد والا آدمی دیکھا جس نے بڑی تسلّی کے لہجے میں فرمایا کہ آمنہ! تجھے خوشخبری ہو تو نبیوں کے سردار کی حاملہ ہے۔ میں نے عرض کی: آپ کون ہیں؟ انہوں نے کہا میں آدم (علیہ السلام) ہوں۔ دوسرے مہینے حضرت شیث علیہ السلام کی زیارت

Scanned by CamScanner

ہوئی، انہوں نے بھی مبارکباد دی۔ تیسرے مہینے حضرت نوح علیہ السلام، چوتھے مہینے حضرت ادریس علیہ السلام، پانچویں مہینے حضرت ہود علیہ السلام، چھٹے مہینے حضرت ابراہیم علیہ السلام، ساتویں مہینے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام، آٹھویں مہینے حضرت موسیٰ علیہ السلام، نویں مہینے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بشارتیں دیں۔

حضرت آمنہ فرماتی ہیں کہ مجھے ان نو ماہ میں نہ کچھ بوجھ محسوس ہوا نہ کوئی ایسی چیز جو عورتوں کو پیش آتی ہے میں اس سے بالکل مبرا اور صاف رہی۔

## ابرہہ کا حملہ

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور سے صرف باون دن پہلے ابرہہ جو شاہ حبش نجاشی کی طرف سے یمن کا گورنر تھا، کعبہ شریف کی عظمت کو برداشت نہ کر سکا، ایک بڑا جنگی لشکر ہاتھیوں سمیت لے کر کعبہ شریف کو گرانے کی غرض سے حملہ آور ہوا جب کعبہ شریف سے تیس میل دور وادئ محسر میں پہنچا تو اس کے ہاتھی نے آگے جانے سے انکار کر دیا۔ آخر مجبوراً اسی جگہ لشکر کا پڑاؤ ڈال دیا۔ عرب والوں کے لیے ہاتھی ایک عجیب چیز تھی۔ انھوں نے اس سے قبل ہاتھی کبھی نہیں دیکھے تھے۔ اس بڑے لشکر کی سطوت وشوکت سے گھبرا کر اہل مکہ پہاڑوں میں جا چھپے صرف حضور علیہا السلام کے دادا حضرت عبدالمطلب اور ان کے خاندان کے چند افراد جن کے تعداد بمشکل بارہ افراد تک پہونچتی تھی باقی رہ گئے اور ابرہہ کے اس عظیم لشکر سے مقابلہ کے لیے تیار ہو گئے۔

## ابرہہ کے ساتھی اور اونٹ

اسی دوران ابرہہ کے کچھ لشکری اہل مکہ کے مویشیوں کے ساتھ حضرت عبدالمطلب کے چند اونٹ بھی لے گئے۔ حضرت عبدالمطلب اکیلے ہی گھوڑے پر سوار ہو کر ابرہہ کے پاس پہنچ گئے۔ ابرہہ نے جب اس پیکر شرافت کو اپنی طرف آتے دیکھا تو استقبال کے لیے خیمے سے باہر نکل آیا اور نہایت احترام سے پیش آیا۔ اس نے کہا: آپ کیسے تشریف لائے؟ آپ کا نام کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے اہل عرب عبدالمطلب کے نام سے پکارتے ہیں اور یہاں آنے کی وجہ یہ ہے کہ تیرے لشکری میرے اونٹ لے گئے ہیں وہ واپس دے دو۔ ابرہہ نے تکبر آمیز قہقہہ لگایا اور کہا: عبدالمطلب! اپنے کعبہ کی فکر کرو، اونٹ تو ایک حقیر چیز ہیں، میں تمھارا کعبہ گرانے آیا ہوں، میں

Scanned by CamScanner

نے تو سمجھا تھا کہ کعبہ کو بچانے کی کوشش کے لیے آئے ہو گے اور اسے نہ گرانے کی درخواست کرو گے، تمھیں تو اپنے اونٹوں کی فکر ہے۔

تعجب ہے کہ اک ناچیز شے کا ذکر کرتے ہو    نہیں کعبے کی فکر اونٹوں کی اپنے فکر کرتے ہو

ابرہہ کی یہ بات سن کر حضرت عبدالمطلب نے کیا نفیس جواب دیا۔ فرمایا:

صداقت ہے یہی میں اپنی شے کی فکر کرتا ہوں    کہ میرا مال ہیں اونٹ اس لیے میں فکر کرتا ہوں

کرے گا فکر اپنے گھر کی جو اس گھر کا مالک ہے    جو اس گھر کا مالک ہے وہ بحر و بر کا مالک ہے

اے ابرہہ! مجھے کعبہ کی فکر کیوں ہو؟ کعبہ جانے، کعبے والا جانے، مجھے میرے اونٹ واپس کر دے۔ ابرہہ آپ کا یہ صداقت انگیز جواب سن کر خاموش ہو گیا اونٹ واپس کر دیئے۔ آپ اونٹوں کو لے کر گھر واپس تشریف لائے اور حضور علیہ السلام کی والدہ حضرت آمنہ کو ساتھ لے کر کعبہ شریف میں حاضری دی اور دعا کی:

"اے کعبہ کے مالک! اے چودہ طبق کی کائنات کے خالق! تو سمیع و بصیر ہے، تو علیم و خبیر ہے، تو جانتا ہے کہ ایک دشمن تیرے مقدس گھر کو گرانے کی نیت سے آیا ہے، الٰہی! تو نے مجھے بشارت دی تھی کہ تیرے گھر میں ایک نور چمکے گا۔ الٰہی! اگر وہ نور آمنہ کے پیٹ میں ہے تو اسی کے واسطے سے ہم دعا کرتے ہیں، اے مالک! سوا تیرے ہم کسی سے نہیں ڈرتے۔ اے مالک! بچالے یورش دشمن سے اپنے گھر کی حرمت کو بچالے، آل اسمٰعیل کے سامان عزت کو۔"

صبح سورج کے طلوع کے ساتھ ہی ابرہہ کعبہ پر حملہ کی تیاری کرنے لگا۔ ادھر حضور علیہ السلام کے وسیلہ سے مانگی ہوئی دعا فوراً قبول ہو گئی۔ پروردگار عالم نے ابابیلوں کے لشکر کو تیار رہنے کا حکم دے دیا۔ لشکر ابرہہ کی کعبہ پر چڑھائی کا منظر حضرت عبدالمطلب اپنے خاندان سمیت ایک پہاڑ پر کھڑے ہو کر دیکھ رہے تھے۔ جونہی لشکر کے ہاتھی کعبہ کے قریب آئے تو سب کے سب عظمت کعبہ کے سامنے سجدے میں گر گئے۔ مہابت ہاتھیوں کو مارتے ہیں، اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں مگر۔

پڑے ہیں اس طرح ہاتھی کہ جنبش تک نہیں کرتے
خدا کا ڈر ہے دل میں آج شیطان سے نہیں ڈرتے

اور ابرہہ کا ہاتھی جس کا نام محمود تھا وہ تو بالکل اٹھنے کا نام ہی نہیں لیتا تھا۔ ابرہہ یہ صورت دیکھ کر بہت گھبرایا اور فوج پیدل کو حملہ کرنے کا حکم دیا۔ ابھی اس نے یہ حکم دیا ہی تھا کہ پروردگار عالم کا لشکر جدہ کی طرف سے نمودار ہوا۔ چھوٹے چھوٹے ہزاروں ابابیل منہ میں تین تین کنکریاں اور

Scanned by CamScanner

ایک ایک کنکری پنجوں میں لے کر ابرہہ کے لشکر پر آ گئے اور سنگریزوں کی بارش شروع کر دی۔ قدرت خداوندی کہ ہر کنکر پر اس شخص کا نام لکھا ہوا تھا جس سے وہ مارا جاتا تھا۔ جب کنکر جسم پر پڑتا تو جسم کو چیر کر پاؤں کی طرف سے نکل جاتا۔ دیکھتے ہی دیکھتے یہ عظیم الشان لشکر چند منٹوں میں تباہ و برباد کر دیا گیا۔ قرآن پاک نے اس واقعہ کو کتنے شاندار طریقہ پر بیان فرمایا ہے ارشاد ہوتا ہے:

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ○ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ○ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ○ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ○

''اے محبوب! کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے رب نے ہاتھی والوں کا کیا حال کیا؟ کیا انکا داؤ تباہی میں نہ ڈالا اور اور پر پرندوں کی ٹکڑیاں بھیجیں کہ انھیں پتھر کے کنکر سے مارتے تھے تو ان کو کرڈالا جیسے کوئی کھائی ہوئی کھیتی ہوتی ہے۔''

اسی لیے عرب والے اس سال کو عام الفیل اور سنۃ الفتح والا بہتاج بھی کہتے ہیں۔

## ظہور نور

جب نور کے ظہور کا وقت قریب آیا، رات جا رہی تھی اور صبح آ رہی تھی، پیر کا دن تھا، سیّدہ آمنہ فرماتی ہیں کہ میں نے ایک مختصر جماعت کو آسمان سے اترتے دیکھا جن کے پاس تین سفید جھنڈے تھے، اس جماعت نے ایک جھنڈا میرے گھر کے صحن میں گاڑ دیا، ایک کعبہ کی چھت پر اور ایک بیت المقدس پر کھڑا کر دیا۔

اس سہانی رات میں آسمان کے ستارے قریب آ رہے تھے۔ ان ستاروں کی روشنی نے تمام دنیا کو نور سے بھر دیا میں نے دیکھا کہ آسمان کے دروازے کھل رہے تھے، میں گھر میں اکیلی تھی، عبدالمطلب طواف کعبہ کو گئے ہوئے تھے، اچانک میں نے سفید پرندے کو دیکھا جو اپنا پر میرے دل پر مل رہا تھا۔ اس کے اثر سے میری بے چینی زائل ہو گئی بعد میں میں نے غور سے دیکھا کہ میرے سامنے شربت کا ایک پیالہ ہے جس کا رنگ بالکل سفید تھا میں اسے دودھ سمجھ کر پی گئی وہ شہد سے زیادہ شیریں تھا۔ پھر میرے پاس چند عورتیں آئیں، میں نے ان سے پوچھا: آپ کون ہیں؟ ان میں سے ایک بولی: میں مریم عیسیٰ (علیہ السلام) کی والدہ ہوں۔ دوسری بولی کہ میں آسیہ فرعون کی بیوی ہوں۔ تیسری نے کہا میں ہاجرہ ہوں باقی سب حوریں ہیں، ہم سب آپ کی خدمت کے لیے آئی ہیں۔ پھر ایک آواز آئی جس سے میں پریشان ہو گئی، دیکھا تو ایک سفید ریشم کی چادر آسمان اور زمین کے درمیان لٹک گئی۔ ایک پکارنے والے نے کہا کہ اس کو دنیا کی نگاہوں سے چھپالو۔

Scanned by CamScanner

آسمان سے عورتیں اتر رہی تھیں جن کے ہاتھوں میں سفید آفتابے تھے پھر بادل کا سفید ٹکڑا جس میں سبز رنگ کی چڑیاں جن کی چونچیں یاقوت کی مانند سرخ نظر آئیں۔ یہ دیکھ کر میرا بدن پسینہ پسینہ ہوگیا۔ جو قطرہ ٹپکتا تھا اس سے کستوری کی خوشبو آتی تھی۔ کیا دیکھتی ہوں کہ مشرق و مغرب، زمین و آسمان ایک دم روشن ہو گئے حتّٰی کہ شام کے محلات اور بصرٰہ کے اونٹوں کی گردنیں نظر آنے لگیں۔ اس نور کا منبع میرا وجود تھا۔ اطراف عالم میں اعلان ہوا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہو گئے۔

حضرات! یہ وقت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام کا ہے تمام حضرات مل کر کھڑے ہو کر سلام پڑھیے۔

## سلام بحضور سید الانام صلی اللہ علیہ وسلم

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام — شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام
جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند — اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام
جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا — اس جبین سعادت پہ لاکھوں سلام
دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان — کان لعل کرامت پہ لاکھوں سلام
جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آگیا — اس نگاہ عنایت پہ لاکھوں سلام
جس کے آگے کھینچی گردنیں جھک گئیں — اس خدا داد شوکت پہ لاکھوں سلام
جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں — اس تبسّم کی عادت پہ لاکھوں سلام
جس کے سجدے کو محراب کعبہ جھکی — ان بھووں کی لطافت پہ لاکھوں سلام
عرش تا فرش ہے جس کے زیرِ نگیں — اس کی قاہر ریاست پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

## اعلان الٰہی

پروردگار عالم نے فرمایا:

قَدْ جَآءَ كُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝ (پ٦)

”بے شک آیا تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور اور روشن کتاب۔

Scanned by CamScanner

تمام مفسرین کرام اس پر متفق ہیں کہ اس آیت میں لفظ ''نور'' سے مراد حضور علیہ السلام کی ذات ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ ''نور'' سے مراد بھی قرآن کریم ہے۔ یہ صحیح نہیں۔ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں فرمایا ہے کہ:

''نور اور کتاب دونوں سے قرآن مراد لینا ضعیف ہے کیونکہ عطف سے معطوف اور معطوف علیہ میں مغایرت کا ہونا ضروری ہے۔ حضور کا نام نور ہے۔'' (صلی اللہ علیہ وسلم)

## فضیلت شب ولادت کی تین وجوہ

علامہ امام قسطلانی قدس سرّہ العزیز مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شب ولادت شب قدر سے افضل ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس کی تین وجوہ ہیں:

**اول**: شب ولادت آپ کی ذات گرامی کے ظہور کی رات ہے اور شب قدر آپ کو عطا کی گئی اور اس مسئلہ میں کسی کو بھی نزاع نہیں ہے۔ اسی اعتبار سے شب ولادت شب قدر سے افضل ہے۔

**دوم**: شب قدر نزول ملائکہ کی وجہ سے مشرف ہے اور شب ولادت آپ کے ظہور کی وجہ سے مشرف اور وہ ذات جس کی وجہ سے شب ولادت کو فضیلت دی گئی ہے۔ یقیناً ان صفات سے افضل ہے جن کی وجہ سے شب قدر کو فضیلت دی گئی، لہٰذا شب ولادت شب قدر سے افضل ہوئی۔

**سوم**: لیلۃ القدر میں صرف امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر فضل واقع ہوا ہے اور شب ولادت میں تمام موجودات پر اللہ تعالیٰ کا فضل عظیم ہوا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ.

لہٰذا آپ کی وجہ سے تمام مخلوقات پر اللہ تعالیٰ کی نعمتیں عام ہوئی ہیں۔ لہٰذا شب ولادت کا نفع زیادہ ہے اور یہی افضل ہے۔

## دریتیم

ظہور سے پہلے ہی والد وصال فرما گئے، ابھی چھ سال کے بھی نہیں ہوئے تھے کہ پیکر شفقت و محبت والدہ کا بھی انتقال ہو گیا۔ اب دادا عبدالمطلب ہیں دادا کو اس مقدس پوتے سے بے حد پیار تھا۔ تھوڑی دیر کے لیے بھی آنکھوں سے جدا نہیں کرتے تھے۔ ابھی دو سال بھی نہ گزرنے پائے تھے کہ دادا بھی داغ مفارقت دے گئے اب شفیق چچا ابوطالب ہیں۔ عبدالمطلب کے انتقال کے بعد لوگوں نے سمجھا کہ ابوطالب کثیر العیال ہیں اپنی اولاد کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونا ہی مشکل

Scanned by CamScanner

ہے چہ جائیکہ یتیم عبداللہ کی نگرانی کر سکیں۔ مگر ابوطالب کے دل میں اللہ تعالیٰ نے وہ محبت پیدا کر دی کہ اتنی محبت اپنے صلبی بچوں سے بھی نہیں تھی۔

پیدا ہوئے تو باپ کا سایہ اٹھالیا　　بڑھنے لگے تو مادر وغم ہوگئے جدا
چلنے لگے تو دادا عدم کو رواں ہوا　　ایک ایک سایہ یونہی اٹھتا چلا گیا
سائے پسند آئے نہ پروردگار کو　　بے سایہ کر دیا اس سایہ دار کو

## حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنھا

عرب کے رواج کے مطابق قبیلہ بنی سعد کی دائیاں مکہ شریف پہنچ گئی تھیں۔ ان میں ایک حلیمہ بھی تھیں اس کی سواری کمزور تھی اس لیے وہ پیچھے رہ گئی تھی۔ جب وہ پہنچی تو امراء کے سب بچے تقسیم ہو چکے تھے اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے کہ میں مایوس ہی واپس چلی جاؤں گی۔ غیب سے آواز آئی: اے حلیمہ! غم نہ کر آج تیری گود میں کونین کی دولت آ رہی ہے۔ حلیمہ! آج تیری قسمت پر حوریں رشک کریں گی۔ آواز آ رہی تھی۔

واہ وا حلیمہ تیرے نے اج کرم کمایا جانا ایں　　اج یکتا تیری جھولی دے وچ گوہر پایا جانا ایں
ایہہ تیرے حق پچھانے گا نالے چارے گا تیریاں بکریاں نوں　　ایسے نوں اک دن عالم دا مختار بنایا جانا ایں

حلیمہ جب حضور علیہ السلام کو گود میں لے کر واپس جا رہی تھی تو وہ سواری جو چلنے کا نام نہیں لیتی تھی اب اس کی حالت یہ تھی کہ حلیمہ روکتی ہے تو وہ رکنے کا نام ہی نہیں لیتی تھی۔ حلیمہ کے گھر کی برکت کا کیا اندازہ ہو سکتا ہے۔ حلیمہ کی بکریاں جنہوں نے مدت سے دودھ دینے کا نام نہیں لیا تھا اب اتنا دودھ دیتی ہیں کہ ختم ہی نہیں ہوتا۔

## چاند کا رقص

بات ہو چکی تھی اندھیرے آہستہ آہستہ گہرے ہوتے چلے گئے۔ حلیمہ سعدیہ نے ایک عجیب منظر دیکھا۔ چاند نکل آیا تھا اور ستارے چھپتے نظر آ رہے تھے اس نے دیکھا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پنگھوڑے میں لیٹے ہوئے ہیں حلیمہ نے دیکھا کہ جس طرف حضور کا مبارک ہاتھ اٹھتا، چاند بھی ادھر ہی پھر جاتا تھا۔ امام اہلسنت اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

چاند جھک جاتا جدھر انگلی اٹھاتے مہد میں　　کیا ہی چلتا تھا اشاروں پر کھلونا نور کا

مٹی کو کھلونے بھی مٹی ہی کے ملتے ہیں اور نور کو اللہ تعالیٰ نے کھلونا بھی نور کا ہی عطا فرمایا۔

Scanned by CamScanner

## حضور کی تلاش

ایک دفعہ حلیمہ حضور علیہ السلام کو چھوڑ کر آب زمزم پینے گئی۔ واپس آئی تو حضور کو وہاں نہ پایا۔ تلاش کرتے کرتے عاجز آ گئی۔ کعبہ شریف میں گئی تو تمام بت حضور کا نام مبارک سنتے ہی سجدے میں گر گئے۔ حلیمہ حضور کو تلاش کر رہی تھی تو ایک آواز آئی۔

غم مخور یاوہ نہ گردد او زتو
بلکہ عالم یا وہ گردد اندر او

حلیمہ! غم مت کر کائنات اس میں گم ہو سکتی ہے مگر وہ گم نہیں ہو سکتا۔

پنجابی کے ایک شاعر نے حلیمہ کی شان میں ایک شعر لکھا ہے کہتا ہے۔

دیکھو دائی حلیمہ دے بھاگ جاگے نبی پاک نوں گود کھڈاوندی اے
جس دے پیراں دی خاک نوں نبی ترسن اوہدیاں لباں تے لب ٹکاوندی اے

## حجر اسود کا نصب کرنا

وقت گزرتا گیا۔ اہل مکہ حجر اسود کو نصب کرنے لگے تو یہ جھگڑا شدت اختیار کر گیا کہ کون نصب کرے۔ دیر تک جھگڑا ہوتا رہا۔ آخر یہ فیصلہ کیا گیا کہ صبح کے وقت جو سب سے پہلے کعبۃ اللہ میں آئے وہی نصب کرے۔ چنانچہ صبح ہوئی تو سب سے پہلے کعبۃ اللہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے۔ فیصلہ کے مطابق پتھر حضور نے ہی رکھنا تھا مگر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنا شاندار فیصلہ فرمایا۔ تمام اہل مکہ کے خاندان کے سربراہوں کو بلایا اور ایک چادر بچھائی اور اس پر پتھر کو رکھ دیا اور سب کو فرمایا کہ ایک ایک کونہ پکڑو۔ یونہی کیا گیا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پتھر اپنے ہاتھ سے نصب فرمایا۔ سید عالم کے اس فیصلہ سے تمام قبائل خوش ہو گئے اور آپ کی ذہانت کی بے پناہ داد دینے لگے اور یوں ایک بہت بڑا خون خرابہ رک گیا۔

## پتھروں کے سجدے

ابھی تاجدار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف بارہ برس کی تھی کہ ابو طالب کو پتہ چلا ایک قافلہ تجارت کے لیے ملک شام جا رہا ہے۔ ابو طالب بھی تیار ہو گئے۔ حضور علیہ السلام کے قلب اقدس میں بھی خیال آیا کہ چچا کے ساتھ ملک شام جائیں۔ آپ کا ارادہ دیکھ کر چچا شش و پنج میں

Scanned by CamScanner

مبتلا ہوگیا۔ سفر کی صعوبتیں، راہ کی دشواریاں ان کے سامنے تھیں۔ خیال آیا کہ تپتے ہوئے ریگستان کا سفر اور گرم ہوا کے سخت جھکڑ میرے اس پھول کو کمہلا نہ دیں لیکن اپنے پیارے بھتیجے کی دل شکنی بھی گوارہ نہ تھی اس لیے چچا ساتھ لے جانے پر راضی ہوگئے۔

کئی دن بعد جب یہ قافلہ ایک راہب کی خانقاہ پر اترا تو اس کی نظریں حضور علیہ السلام کے چہرے پر رک گئیں اور فوراً پکار اٹھا: هٰذَا سَيِّدُ الْمُرْسَلِيْنَ.

ابوطالب یہ سن کر خاموش رہا لیکن دوسرے ساتھیوں نے راہب سے پوچھا کہ آپ کو کیسے علم ہوا کہ سید المرسلین ہیں؟ راہب نے کہا: جب تم لوگ پہاڑ سے اتر رہے تھے تو میں نے دیکھا تھا کہ پتھر ان کو سجدے کر رہے تھے۔

## حدیث شریف

شفاء شریف میں قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حدیث نقل فرمائی ہے راوی ہیں مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم۔ آپ فرماتے ہیں کہ مجھے وہ پتھر ابھی تک یاد ہیں جن کے پاس سے میں حضور کے ساتھ گزرا کرتا تھا اور پتھر بلند آواز سے کہتے تھے:

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰه

اس راہب کی بات سن کر ابوطالب کے دل میں اور زیادہ محبت پیدا ہوئی۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم جوں جوں عالم شباب میں قدم رکھتے گئے آپ کے اخلاق ومحاسن صدق وصفا سے ابوطالب کی مسرتوں میں بھی اضافہ ہوتا چلا گیا حتیٰ کہ ابوطالب کوئی کام حضور علیہ السلام کے مشورے کے بغیر نہ کیا کرتے تھے۔

## اعلان نبوت

نیکی اور پاکبازی کا یہ عالم تھا کہ دنیا آپ کو صادق الوعد الامین کہہ کر پکارتی رہی۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ کا تمام مال راہ خدا میں تقسیم ہو چکا ہے اور خود پیوند لگی کملی پہنے غاروں اور پہاڑوں میں معروف عبادت الٰہی ہیں۔ فرش پر سوتے ہیں۔ ستوؤں اور کھجوروں پر گزر ہوتا ہے۔ چالیس برس پورے ہو چکے ہیں، غار حرا ہے ۲۲ فروری ۶۱۰ء کی عظیم ساعت میں جبریل امین پہلی بار سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں، عرض کرتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

اِقْرَأ۔ ''پڑھیے''

حضور نے فرمایا: مَا اَنَا بِقَارِی۔ (میں پڑھنے والا نہیں ہوں)

جبریل علیہ السلام نے حضور کو سینے سے لگایا، دوبارہ عرض کی: اِقْرَأ۔

حضور علیہ السلام نے نہیں پڑھا۔ تیسری بار جبریل نے عرض کی:

اِقْرَأ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ.

تو حضور علیہ السلام نے پوری پانچ آیتیں آگے تلاوت فرمادیں۔ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس وحی الٰہی سے متاثر ہو کر گھر تشریف لاتے ہیں تو پاکباز بیوی مسلمانان عالم کی مقدس ماں ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا واقعہ سن کر بشارت دیتی ہیں کہ آپ خدا کے برگزیدہ رسول ہیں۔

## ورقہ بن نوفل

پھر حضرت خدیجۃ الکبریٰ حضور کو اپنے چچا ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں ورقہ بہت بڑا عالم تھا اس نے یہ واقعہ سن کر کہا کہ یہ دنیا کے نجات دہندہ ہیں، کاش! میں اس وقت تک زندہ رہتا جب دنیا اسے مکہ سے نکال دے گی۔ اس طرح سب سے پہلے حضرت خدیجۃ الکبریٰ، حضرت ابوبکر، حضرت علی اور حضرت زید رضی اللہ عنہم نے رسالت کی تصدیق کی۔ عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والی ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ہیں۔ مردوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں اور بچوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔

## نزول قرآن

پروردگار عالم کا ارشاد ہے:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ.

''اگر ہم اس قرآن کو پہاڑوں پر نازل کرتے تو پہاڑ خوف الٰہی سے ریزہ ریزہ ہو جاتے۔

سبحان اللہ! یہ قلب مصطفیٰ ہی تھا جو بوجھ کوئی نہ اٹھا سکے وہ حضور اٹھاتے ہیں یونہی جس کا بوجھ کوئی نہ اٹھا سکے اس کا بوجھ بھی حضور ہی اٹھاتے ہیں۔ جس کا جہاں میں کوئی نہ ہو اس کے آپ ہیں۔ بیکسوں کے کس ہیں۔ بے بسوں کے بس ہیں۔ بے سہاروں کے سہارا ہیں اور بے آسروں کے آسرا آپ ہی ہیں۔

Scanned by CamScanner

## غلط خیال

بعض حضرات کہتے ہیں کہ نبوت چالیس سال بعد ملتی ہے۔ یہ بالکل غلط ہے نبی پر ایسا کوئی وقت نہیں گزرتا کہ اس کا وجو ہو اور نبوت نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ خلقت کے ساتھ نبی کو نبوت عطا فرما دیتا ہے۔ کسبی نہیں وہبی ہوتی ہے۔ یہ عبادت کا ثمرہ نہیں ہوتا۔ بلکہ اللہ جس پر چاہے فضل فرمادے۔

## دلیل قرآنی

اس کے لیے قرآن پاک کی دلیل موجود ہے نص قطعی ہے کہ حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام نے والد کی گود میں ابھی عمر تین دن کی بھی نہیں تھی کہ کہا:

اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰہِ اٰتٰنِیَ الْکِتٰبَ وَ جَعَلَنِیْ نَبِیًّا.

بے شک میں اللہ کا بندہ ہوں اس نے مجھے کتاب عطا کی ہے اور مجھے نبی بنایا ہے۔

آپ غور فرمائیں کہ وَجَعَلَنِیْ ماضی کا صیغہ ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے نبوت عطا فرمادی ہے۔ یہ نہیں فرمایا کہ جب چالیس سال پورے ہو جائیں گے تو مجھے نبوت عطا فرمائی جائے گی۔

## دوسری دلیل

عالم ارواح میں پروردگار عالم نے تمام روحوں کو جمع فرما کر فرمایا: اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟

تمام روحوں نے بیک زبان اقرار کیا اور کہا:

بَلٰی۔ یعنی کیوں نہیں تو ہمارا خالق و مالک ہے۔

اس اقرار کے بعد ایک اور وعدہ لیا گیا۔ اس اجلاس میں صرف انبیاء اور رسل علیہم السلام تھے ان سے جو اقرار لیا گیا وہ قرآن کریم کی زبانی سنیے۔ ارشاد باری ہے:

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ.

اور جب لیا اللہ تعالیٰ نے نبیوں سے پکا وعدہ۔

یہاں اللہ نے انبیاء کی روحوں کو بھی نبی کہا ہے۔ معلوم ہوا کہ خلقت روح کے ساتھ ہی نبوت ثابت ہو جاتی ہے۔

لَمَآ اٰتَیْتُکُمْ مِّنْ کِتٰبٍ وَّحِکْمَۃٍ. میں تمہیں کتاب اور حکمت دے دوں۔

Scanned by CamScanner

ثُمَّ جَآءَ کُمۡ رَسُوۡلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَکُمۡ.

پھر آجائے تمہارے پاس بڑی عظمت والا رسول تمہاری تصدیق کرتا ہوا۔ لَتُؤۡمِنُنَّ بِہٖ وَلَتَنۡصُرُنَّہٗ تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لے آنا اور اس کی امداد کرنا۔

یہاں اللہ تعالیٰ نے دو جگہ نون تا کید لا کر اس وعدہ کو مضبوط فرما دیا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قَالَ ءَ اَقۡرَرۡتُمۡ وَ اَخَذۡتُمۡ عَلٰی ذٰلِکُمۡ اِصۡرِیۡ کیا تم نے اقرار کرلیا ہے؟ قَالُوۡا ''سب بولے'' اَقۡرَرۡنَا ''ہم نے اقرار کیا۔''

معلوم ہوا کہ تمام انبیاً بھی ہمارے حضور علیہ السلام کے امتی ہیں۔ آپ نبی الانبیاء ہیں انبیاء اور رسل نے آپ کی سرداری کا اقرار کرلیا تو پروردگار عالم نے فرمایا: فَاشۡهَدُوۡا ''ایک دوسرے کے گواہ بن جاؤ'' وَاَنَا مَعَکُمۡ مِّنَ الشّٰهِدِیۡنَ اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہوں میں شامل ہوں۔''

سبحان اللہ! کیا شان ہے ہمارے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ عالم ارواح میں اللہ تعالیٰ نبیوں سے وعدہ لے رہا ہے اور خدا فرماتا ہے کہ میں بھی گواہ ہوں۔ بات یہاں ہی ختم نہیں ہو جاتی اپنی ربوبیت کا اقرار کرایا تو صرف یہی کہا اَلَسۡتُ بِرَبِّکُمۡ۔ روحوں نے کہا: بَلٰی۔ بات ختم ہوگئی مگر جب اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا وقت آتا ہے تو تاکیدیں ہیں کہ ختم ہونے میں آتی ہی نہیں جب تمام انبیاً ایک دوسرے کے گواہ ہوگئے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَمَنۡ تَوَلّٰی بَعۡدَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ۔ پس جو اقرار کے بعد پھر جائے وہی لوگ حکم سے ہٹنے والے ہیں۔

## پہلی محفل میلاد

یہ پہلی محفل تھی جو حضور علیہ السلام کے ذکر کے لیے قائم کی گئی تھی۔ منعقد کرنے والا خالق کائنات ہے۔ معلوم ہوا کہ حضور کی آمد کے سلسلے میں محفل قائم کرنا سنت الٰہیہ ہے اور جس جلسہ میں حضور علیہ السلام کی آمد کا ذکر ہو وہ جلسہ میلاد کہلاتا ہے۔ گویا اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے حضور علیہ السلام کا میلاد پڑھا۔ میلاد پڑھنا سنت الٰہی، میلاد سننا سنت انبیاء و رسل علیہم السلام ہے۔

## دلیل قرآنی

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَا اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ.

Scanned by CamScanner

اے محبوب! دوسرے انبیاء کو میں نے رحمتیں دے کر بھیجا ہے اور آپ کو سراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ یونہی باقی انبیاء معجزات لے کر آئے ہیں اور ہمارے حضور علیہ السلام کو معجزہ بنا کر بھیجا گیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے: قَدْ جَآءَ کُمْ بُرْهَانٌ مِنْ رَّبِّكُمْ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تمام عالم کے لیے رحمت ہیں۔

اللہ تعالیٰ تمام کائنات کا رب ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وہ رب العالمین ہے۔ اور حضور رَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ہیں اور جو قرآن لے کر تشریف لائے ہیں وہ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا اللہ تعالیٰ نور ہے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ یہ نور بمعنی منور اسم فاعل روشن کرنے والا ہے اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم بھی نور ہیں قَدْ جَآءَ کُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ اور جو کتاب لے کر آئے وہ بھی نور ہے وَ اَنْزَلْنَا اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا۔ اور جو اسلام لے کر آئے وہ بھی نور۔ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِئُوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ۔

میں عرض کر رہا تھا کہ حضور کے میلاد کی خوشی کے لیے قرآن کریم کا ارشاد ہے کہ اللہ نے تمہارے پاس بھیجے اور قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا اللہ کے فضل اور رحمت کے ساتھ خوشیاں مناؤ۔ فَلْيَفْرَحُوْا فرحت سے ہے یعنی خوشی منانا حکم الٰہی کے عین مطابق ہے۔

## امام قسطلانی کی تصریح

امام قسطلانی شارح صحیح بخاری اپنی کتاب مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں:

وَمَا زَالَ اَهْلُ الْاِسْلَامِ يَحْتَفِلُوْنَ بِشَهْرِ مَوْلِدِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ يَعْمَلُوْنَ الْوَلَائِمَ وَيَتَصَدَّقُوْنَ فِيْ لَيَالِيْهِ بِاَنْوَاعِ الصَّدَقٰتِ وَيُظْهِرُوْنَ السُّرُوْرَ وَيَزِيْدُوْنَ فِي الْمَبَرَّاتِ وَيَعْتَنُوْنَ بِقِرَاءَةِ مَوْلِدِهِ الْكَرِيْمِ وَيَظْهَرُ عَلَيْهِمْ بَرَكَاتُهٖ كُلُّ فَضْلٍ عَمِيْمٍ وَّ مِمَّا جُرِّبَ فِيْ خَوَاصِّهٖ اَنَّهٗ اَمَانٌ فِيْ ذٰلِكَ الْعَامِ وَبُشْرٰى عَاجِلَةٌ بِنَيْلِ الْبُغْيَةِ وَالْمَرَامِ فَرَحِمَ اللّٰهُ امْرَاً اتَّخَذَ لَيَالِيَ شَهْرِ مَوْلِدِهِ الْمُبَارَكِ اَعْيَادًا لِيَكُوْنَ اَشَدَّ عِلَّةٍ عَلٰى مَنْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّاَعْيَاءُ دَاءٍ۔

آپ کی ولادت پاک کے مہینے میں تمام اہل اسلام ہمیشہ محفل میلاد مناتے چلے آئے ہیں اور اسی خوشی میں کھانا پکا کر کھاتے رہے اور دعوت طعام کرتے آ رہے ہیں اور ان مبارک راتوں میں قسم قسم کے صدقات سے وہ صدقہ دیتے رہے ہیں اور اظہار سرور فرحت کرتے چلے آئے ہیں

Scanned by CamScanner

اور اس نیک کام میں حتی الوسع زیادہ کوشش کرتے آئے ہیں اور آپ کا میلاد پڑھنے کا خاص اہتمام کرتے رہے ہیں جن کی برکتوں سے ان پر اللہ تعالیٰ کا فضل عمیم ظاہر ہوتا رہا ہے اور ولادت باسعادت کے ایام میں محفل میلاد منانے کے خواص میں سے یہ امر مجرب ہے کہ اس سال میں امن وامان رہتا ہے۔ اور ہر مقصود اور مراد پانے میں جلدی آنے والی خوشخبری ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحمتیں فرمائے کہ جس نے ماہ ولادت کی راتوں کو عید بنالیا تا کہ یہ عید سخت مصیبت ہو جائے اس شخص پر کہ جس شخص کے دل میں مرض ہے اور بیماری کی کمزوری ہے۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کی خوشی میں محافل میلاد کا انعقاد ہمیشہ سے علمائے سلف کا طریقہ چلا آرہا ہے۔

## آمد سے پہلے اور بعد

ہادی دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اس جہان کا منظر ہی عجیب تھا۔ ہر طرف تاریکی کا دور دورہ تھا۔ شراب نوشی، قمار بازی، زنا، حرام کاری لوگوں کی عادت ثانیہ بن چکی تھی۔ ان کی عیاشیوں کا باب بڑا طویل ہے۔ معصوم بچیوں کو زندہ درگور کرنا ان کا کام تھا۔

ایک شخص نے حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں عرض کی کہ میں اپنی چھوٹی معصوم بچی کو کنویں پر لے گیا وہ میرے ساتھ پیاری پیاری باتیں کرتی جا رہی تھی جب کنویں پہنچے پر تو میں نے اس کنویں میں اسے دھکا دے دیا۔ اس نے گرتے ہوئے مجھے پکارا: یَـا اَبَـتَـاهُ اَدْرِكْنِـیْ ''اے بابا! مجھے پکڑلے'' اور میری طرف حسرت بھری نگاہوں سے دیکھا۔ یہ سن کر حضور علیہ السلام کی مبارک آنکھوں میں آنسو آگئے۔ پھر وہی عرب جو خصائل وعادات کے لحاظ سے ارذل الخلائق تھے دنیا کے افضل ترین انسان بن گئے۔

جس طرف چشم محمد کے اشارے ہو گئے
جتنے ذرّے سامنے آئے ستارے ہو گئے

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْن.

Scanned by CamScanner

# ماہ ربیع الثانی کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ء وَالصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ الْاَمِيْنِ وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَاَصْحَابِهِ الْهَادِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ o

اَمَّا بَعْدُ

فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ o بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

بے شک وہ جنھوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر ثابت قدم رہے ان پر ملائکہ نازل ہوتے ہیں۔

حضرات! پروردگار عالم جلّ جلالہٗ نے اس آیت کریمہ میں ان لوگوں کا ذکر کیا ہے جو ایمان لانے کے بعد اس استقلال سے ثابت قدم رہے کہ دنیا کی کوئی طاقت ان کے پائے ثبات کو لغزش نہ دے سکی۔

## تین بھائی

حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ''شرح الصدور'' میں ایک واقعہ لکھا ہے۔ دشمن کی فوج تعداد اور آلاتِ حرب کے لحاظ سے لشکر اسلام سے کہیں زیادہ تھی مگر:

كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ.

بہت سی قلیل جماعتیں کثیر جماعتوں پر اللہ کے حکم سے غالب ہو جاتی ہیں۔

اور پھر مسلمان کبھی وسائل پر بھروسہ نہیں کرتا۔ اس کا تکیہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر ہوا کرتا ہے۔

جنگ زوروں پر تھی۔ اگر چہ اس جنگ میں مجاہدین اسلام کو شاندار فتح نصیب ہوئی مگر عیسائی چند مسلمان سپاہیوں کو گرفتار کر کے لے گئے۔ ان گرفتار شدگان میں تین سگے بھائی تھے ان کی اٹھتی ہوئی جوانیاں، چہرے پر نور، گفتار میں بے مثالی عیاں تھی۔ انھیں عیسائی شہنشاہ ہرقل کے دربار میں پیش کیا گیا۔

ہرقل نے کہا: تم نے ابھی تک جوانی کی بہاریں بھی نہیں دیکھی ہیں تمہارے لیے بہتر یہی ہے کہ اسلام کو چھوڑ کر مسیحت میں شامل ہو جاؤ۔ مجاہدین نے کوئی جواب نہیں دیا۔ دوبارہ ہرقل نے

Scanned by CamScanner

کہا: کیا تمہیں اپنی جوانیوں پر ترس نہیں آتا۔ اگر تم نے اسلام سے انحراف نہ کیا تو تمہاری گردنیں اڑادی جائیں گی۔ میرے ایک اشارۂ ابرو کی دیر ہے تمہارے جسم خاک وخون میں تڑپتے نظر آئیں گے۔

مجاہدین بولے:

غلامان محمد جان دینے سے نہیں ڈرتے
یہ سر کٹ جائے یارہ جائے کچھ پرواہ نہیں کرتے

اے عیسائی بادشاہ! اگر ہماری جانیں اللہ کی راہ میں اسلام کے نام پر قربان ہو جائیں تو اس سے بڑھ کر اور کیا خوش بختی ہو سکتی ہے! ہم شہادت کا جذبہ لے کر ہی میدان جہاد میں آتے ہیں ہماری زندگیاں اسی مرتبہ کے حصول کے لیے آرزوئیں کرتے گزر جاتی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ہمارے آخری سانس کا بھی یہی جواب ہوگا کہ جان تو دے سکتے ہیں مگر مصطفیٰ کا دیا ہوا ایمان نہیں دے سکتے۔

آخر اس نے حکم دیا کہ یہ لوگ کسی صورت بھی ایمان سے ہٹنے کے لیے تیار نہیں ہیں انھیں کھولتے ہوئے تیل میں ڈال دیا جائے۔ یہ عمل باری باری ہونا چاہیئے تا کہ دوسرا پہلے کا حشر دیکھ لے۔

تیل کا ایک بہت بڑا کڑاہا گرم کیا گیا اور تینوں مجاہدوں کو اس کڑاہے کے قریب لایا گیا۔ پہلے ایک کو پکڑ کے جلتے ہوئے تیل میں ڈالا گیا، دوسرے نے پڑھا اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ.

اس مجاہد نے کہا: جلدی کیجیئے میں بھی اپنے بھائی کے پاس جلدی پہنچنا چاہتا ہوں۔ آخر اس کو بھی کھولتے ہوئے تیل میں ڈال دیا گیا۔ اب تیسرے کی باری تھی اس کی اٹھارہ سال کی ابھرتی ہوئی جوانی دیکھ کر ایک وزیر کو ترس آ گیا۔ اس نے کہا اس کا ایمان ہم جلد چھین لیں گے مجھے مختصر سے عرصہ کی مہلت دیجیئے۔

ہرقل بادشاہ نے کہا: یہ لوگ اسلام میں بڑے مضبوط ہوتے ہیں۔ ان کے خون کا آخری قطرہ بھی ان کے ایمان کی شہادت دیتا ہے، معلوم نہیں ان کے نبی نے ان کو کیسا نشہ پلا دیا ہے دنیا کی کوئی ترشی اس کو اتار نہیں سکتی۔ وزیر نے کہا یہ ٹھیک ہے مگر یہ عرب کے لوگ عورتوں کے بڑے شائق ہوتے ہیں میں کوشش کروں گا کہ اس کو اسلام سے منحرف کرنے کے لیے ہر حربہ استعمال کروں۔ بادشاہ نے اسے اس مجاہد کو ساتھ لے جانے کی اجازت دے دی۔ سورج غروب ہو چکا تھا، رات کی سیاہی آسمان کے کناروں پر پھیلتی چلی گئی، وزیر نے اس نوجوان کو ایک مکان میں بند کر

Scanned by CamScanner

دیا اور اپنی لڑکی کو بلا کر کہا: دنیائے عیسائیت میں تجھ سے بڑھ کر کوئی لڑکی حسین نہیں عقلمند اور ذہین بھی ہو۔ اگر تو اس عربی نوجوان کا ایمان چھیننے میں کامیاب ہوگئی تو ہم انعام واکرام سے مالا مال کر دیئے جائیں گے۔

وزیر کی لڑکی نے کہا: ابا! یہ بات تو میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ اس نوجوان کی میرے چہرے پر اٹھی ہوئی ایک نظر اس کے ایمان کو متزلزل کر دینے کے لیے کافی ہے۔ وزیر نے اپنی لڑکی کو تھپکی دی اور کہا جاؤ اور کامیاب واپس آؤ۔ لڑکی نے جا کر دروازہ کھولا، دیکھا تو جوان قرآن کریم کی تلاوت کر رہا ہے۔ لڑکی جا کر اس کے پاس بیٹھ گئی۔ نصف رات گزر گئی مگر اس نوجوان نے اس لڑکی کی طرف نگاہ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔ وہ تمام رات منتظر رہی کہ یہ نوجوان اسے ایک نگاہ غلط سے ہی دیکھ لے مگر جن نگاہوں میں حسن مصطفیٰ بس چکا ہو وہ نگاہیں بھلا کسی اور کی طرف کیسے اٹھ سکتی ہیں۔

اس لڑکی کے لیے یہ منظر بڑا ہی عجیب تھا، کہیں دنیا اس کے چہرے کی ایک جھلک کے لیے بے تاب ہے اور کہیں یہ نوجوان کہ تمام رات گزر گئی اور اس کو علم بھی نہیں کہ کوئی میرے پاس آیا بھی ہے یا نہیں۔ صبح ہوئی تو وہ لڑکی دروازہ بند کر کے چلی گئی۔

وزیر نے پوچھا: کہو کیا خبر لائی ہو؟ لڑکی نے کہا: آج رات اس کی کوئی عبادت کی رات تھی میں نے ہر چند کوشش کی مگر اس نے میری طرف نگاہ اٹھانے کی بھی زحمت گوارہ نہیں کی۔

دوسری رات پھر لڑکی اس نوجوان مسلمان کے کمرے میں پہنچتی ہے مگر دیکھا کہ وہ نوجوان نفل پڑھ رہا ہے۔ یہ رات نفل پڑھتے پڑھتے گزر گئی۔ یونہی مسلسل چالیس راتیں وہ لڑکی آتی رہی مگر وہ آنکھیں جن پر اللہ اور اس کے رسول کا قبضہ ہو ان کے غیر کی طرف اٹھنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

سبحان اللہ! کیا تقویٰ اور پرہیزگاری ہے۔ یہی لوگ ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ

''ان پر میری رحمتیں اور برکتیں ہیں''

ہر رات اس کی عبادت اور قرآن خوانی دیکھ کر لڑکی کی زندگی میں انقلاب آ گیا۔ اس نے سوچا آخر وہ کون ایسا حسین ہے جو اس کی نگاہوں میں بس گیا ہے کہ یہ کسی دوسرے کی طرف نظر اٹھانا بھی پسند نہیں کرتا۔ ہاں ان کی یہی شان ہے۔

نبیوں میں نبی ایسے کہ ختم الانبیاءؑ ٹھہرے

Scanned by CamScanner

حسینوں میں حسین ایسے کہ محبوب خدا ٹھہرے

آخر ایک رات لڑکی نے کہا: اے عربی نوجوان! میں حیران ہوں کہ آج چالیس راتیں گزر گئی ہیں مگر تو نے مجھے دیکھا تک نہیں ہے۔ مجھے بتا وہ کون سا نشہ ہے جس میں تو ہمیشہ مست رہتا ہے وہ کون ذات ہے جس میں ہمیشہ تو مستغرق رہتا ہے؟

مجاہد نے کہا کہ میرا محبوب۔

جگر دلبند مائی آمنہ دا اتے بابل پیاری فاطمہ دا
قدیمی شہنشاہ، عالی گھرانہ حسین و حسن دا غم خوار نانا
اکھاں وچ قدرتی سرمے دی دھاری ولاں نوں قتل کر دی جیوں کٹاری
مدینہ طیبہ وچ رہن والا خدا دے عرش تے جاون والا
زلیخا اس نوں جے دیکھ لیندی نہ پچھے یوسف شامی دے پیندی

یہ سن کر لڑکی نے کہا: خدارا مجھے بھی ایسے پاک دین میں داخل کرلو۔ اس مجاہد نے کہا: پڑھیے:
اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ.

کبھی ہمارا کردار اتنا مضبوط ہوتا تھا کہ اس کو دیکھ کر دنیا کی تقدیریں بدل جاتی تھیں۔ پھر اس لڑکی نے کہا: اے نوجوان! اب ہمارا یہاں رہنا کسی طرح بھی مناسب نہیں تم یہیں ٹھہرو میں ابھی اصطبل سے دو گھوڑے لاتی ہوں اور رات ہی رات میں یہاں سے نکل جاتے ہیں تھوڑی دیر میں وہ وزیر زادی دو گھوڑے لے کر آ گئی۔ دونوں تمام رات گھوڑے دوڑاتے رہے۔ صبح ہوئی تو نماز کے لیے رکے۔ مڑ کر پیچھے کو دیکھا تو دور ایک لشکر آ رہا تھا، گرد اڑتی نظر آئی لڑکی نے کہا کہ خبر ہو چکی ہے اب ہم گرفتار ہو جائیں گے۔ نوجوان نے کہا: گھبراؤ نہیں ایک ہزار کی فوج کے لیے تو میں اکیلا ہی کافی ہوں۔

سبحان اللہ! بکریوں کے ریوڑوں کے لیے ایک شیر ہی کافی ہوتا ہے۔ یہ دیکھتے رہے گرد قریب آتی گئی۔ جب بالکل قریب آئے تو دونوں یہ دیکھ کر حیران و ششدر رہ گئے کہ وہ بھائی جو کھولتے ہوئے تیل میں ڈال دیئے گئے تھے گھوڑوں پر سوار چلے آ رہے ہیں۔ انہوں نے آتے ہی السلام علیکم کہا اور بولے: حیران کیوں ہو گئے ہو؟ قرآن کریم کا یہ اعلان یاد نہیں:

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ ط بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ.

''وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنی جانیں قربان کر دیتے ہیں وہ مردہ نہیں زندہ ہوتے ہیں مگر تم

Scanned by CamScanner

ان کی زندگی کو سمجھ نہیں سکتے۔'' ہم اس لیے آئے ہیں کہ تم دونوں کا نکاح پڑھا دیں۔ ہرقل کے ظلم وستم انھیں مذہب چھوڑنے پر مجبور نہ کر سکے۔ تو نتیجہ یہ ہوا کہ انھیں ہمیشہ کی زندگی عطا فرمادی گئی۔ یہ استقامت علی الایمان کا نتیجہ ہے۔

## حجاج اور حضرت سعید بن جبیر

حجاج بن یوسف جس کے ظلم کی داستانیں زبان زد عام ہیں۔

۹۵ھ ماہ شعبان تھا، کرسی پر مغلوب الغضب بیٹھا ہوا خالد قیسری کے بھیجے ہوئے قیدیوں کو سخت سے سخت سزائیں سنا رہا تھا۔ ہرلحہ اس کا غصہ تیز ہوتا چلا گیا۔ جب کوئی قیدی پیش کیا جاتا ہے تو اس کی آتش انتقام بھڑک اٹھتی ہے:

لے جاؤ ایک لحہ دیر کیے بغیر اس کی گردن اڑادو۔

قیدی آتے رہے اور ظلم کی تلوار چلتی رہی۔

آج ان قیدیوں میں ایک خرقہ پوش فقیر بھی تھا۔ یہ سعید بن جبیر رضی اللہ عنہما تھے۔ خلیفہ عبدالملک کا یہ ظالم گورنر حجاج انھیں دیکھتے ہی آگ بگولہ ہوگیا:

او سعید! میں اس کا خون پی جاؤں گا۔ یہ دیکھے گا کہ سرکشی کی کیا سزا ہے میں اس کی کرامتوں اور زہد واتقاء کے چرچے بھسم کرکے رکھ دوں گا۔ میری انتقامی تلوار کسی سے پوشیدہ نہیں۔ یہ گورنر آج ایک ایسے فقیر سے الجھ گیا جس کی آہ سے اس کا سارا دربار خس وخاشاک ہوکر رہ جائے گا۔ آج کے بعد ظلم کی تلوار کسی پر نہ اٹھ سکے گی۔ حجاج نتیجہ سے بے پرواہ وادیٔ ظلم میں بڑھتا ہی چلا گیا۔ حکم دیا کہ اس باغی کو میرے سامنے لایا جائے۔ آج میں چاہتا ہوں کہ اس کے علم کا بھرم بھی نکال کر رکھ دوں حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہما پیش کیے گئے۔

حجاج: بتاؤ سعید! میرے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟

سعید: اِنَّکَ لَقَاسِطٌ عَادِلٌ.

درباری خوش ہوئے کہ بہت اچھا ہوا کہ حضرت سعید بھی مان گئے۔ گورنر کو قاسط وعادل کہہ دیا ہے۔ مگر حجاج یہ سن کر سخت غصہ میں آیا اور کہنے لگا:

تم جاہل ہو اس نے مجھے وہ قاسط اور عادل کہا ہے جس کا ذکر قرآن کریم میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَ اَمَّا الْقَاسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا.

Scanned by CamScanner

اور ظالم پس وہ جہنم کا ایندھن ہوئے۔
دوسری آیت یہ ہے:
ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ.
اور کافر لوگ اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں۔
سعید: ہاں میری مراد یہی تھی۔
حجاج: (درباریوں سے متوجہ ہو کر) میں نہ کہتا تھا اس کا مطلب اور ہے (سعید کو مخاطب کرتے ہوئے) تمھارا نام کیا ہے؟
سعید: سعید بن جبیر۔
حجاج: نہیں، تو شقی بن کسیر ہے۔ (بد بخت، حقیر)
سعید: میری والدہ میرے نام کو تجھ سے بہتر جانتی ہے۔
حجاج: تیری والدہ بھی شقی اور تو بھی شقی۔
سعید: غیب کی باتیں تو اللہ ہی جانتا ہے۔
حجاج: بخدا میں تیرے سارے عیش کو بھڑکتی ہوئی آگ سے بدل دوں گا۔
سعید: اگر میں یہ جانتا کہ نفع وضرر یا راحت وآرام تیرے قبضے میں ہے تو میں تجھے خدا سمجھتا اور تجھے سجدہ کرتا۔
حجاج: اچھا یہ بتاؤ کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں تمہارا کیا عقیدہ ہے؟
سعید: آپ نبی رحمت اور امام ہدایت ہیں۔
حجاج: اچھا یہ کہو کہ حضرت علی کے بارے میں تم کیا عقیدہ رکھتے ہو، وہ جنت میں ہیں یا دوزخ میں؟
سعید: اگر میں جنت ودوزخ کی سیر کرتا تو مجھے معلوم ہوتا کہ کون جنت میں ہے اور کون دوزخ میں۔
حجاج: اچھا یہ بتلاؤ کہ خلفاء کے بارے میں تمہارا کیا عقیدہ ہے؟
سعید: مجھے اللہ تعالیٰ نے ان کاموں پر مؤکل بنا کر نہیں بھیجا کہ میں ان کے احوال کی تفتیش کروں۔
حجاج: یہ کہو کہ خدا کے ہاں کون بہتر ہے؟
سعید: اس کا علم اس کو ہے جو ان کے ظاہر وباطن کو یکساں جانتا ہے۔
حجاج: میں چاہتا ہوں کہ تم میری کسی بات کی تصدیق تو کرو۔
سعید: اگر مجھے تمہاری محبت نہ ہوتی تو میں تمہاری تکذیب نہ کرتا۔ میں تمہیں عذاب الٰہی سے بچانا

Scanned by CamScanner

چاہتا ہوں۔

حجاج: تمہیں کیا ہوا کہ تم کسی بات پر ہنستے نہیں ہو؟

سعید: وہ شخص کیسے ہنس سکتا ہے جو مٹی سے پیدا کیا گیا ہو اور اسے یہ بھی پتہ ہو کہ آگ مٹی کو کھا سکتی ہے۔

حجاج: پھر ہم کیوں کر ہنستے ہیں؟

سعید: سب قلوب برابر نہیں ہوتے کوئی غافل ہوتا ہے کوئی بیدار۔

حجاج پر نہ معلوم اس وقت کون سا افسوں پڑھ دیا گیا تھا کہ حضرت سعید اس کی ہر بات کاٹتے تھے اور وہ نرم ہو جاتا تھا۔ اور اس بے باکانہ مکالمے پر بجائے گردن مارنے کے اپنے خدام کو حکم دیتا ہے کہ قیمتی موتی اور یاقوت وزبرجد حضرت سعید کے سامنے پیش کریں۔

سعید: یہ مال تو نے اس لیے جمع کیا ہے کہ احوال قیامت اور عذاب آخرت سے تیرے لیے ڈھال بن جائے۔ یاد رکھو کہ قیامت کا ایک زلزلہ ماں کو اپنے شیر خوار بچے سے غافل کر دے گا اور سمجھ لو کہ حلال طیب کے سوا دنیا کے کسی مال میں خیر نہیں۔ یہ سن کر بے پروائی سے حجاج راگ باجے میں مشغول ہو گیا۔ سعید باجے کی آواز سن کر رونے لگے۔

حجاج: اے سعید! یہ کیا حرکت ہے، اسباب تفریح کو رونے سے کیا نسبت؟

سعید: باجے کی آواز نے مجھے صور قیامت کی یاد تازہ کر دی اور اس کے ساتھ یہ بھی سوہان روح بن کر آیا ہے کہ تمہارے یہ سارے آلات لہو ولعب بھی تمہارے لیے وبال جان ہیں۔

حجاج: سعید! تم پر ہلاکت یہ کیا بیبا کی ہے۔

سعید: جس کو اللہ نے دوزخ سے چھڑایا ہو اور جنت میں داخل کیا ہو اس کی ہلاکت کیا۔

حجاج: (حجاج پھر غصہ میں بھڑک اٹھا اور کہنے لگا) سعید! معلوم ہوتا ہے کہ تم اپنی زندگی سے بیزار ہو چکے ہو اس لیے تم خود پسند کر لو کہ تمہیں کس طرح قتل کیا جائے؟

سعید: جس طرح تم اپنا قتل پسند کرتے ہو اسی طرح قتل مجھے کر دو کیونکہ قیامت میں خدا تعالیٰ اسی طرح قتل کرے گا جس طرح تم مجھے قتل کرو گے۔

حجاج: کیا تم چاہتے ہو کہ ہم تمہاری جان بخشی کر دیں۔

سعید: یہ تیرے اختیار میں نہیں۔ اگر جان بخشی ہوگی تو خدائے علیم وقدیر کی طرف سے ہوگی مگر تیری جان بخشی کی کوئی صورت نہیں اور نہ تیرا کوئی عذر مسموع ہوگا۔

حجاج: (سپاہیوں کی طرف متوجہ ہو کر) اس کو لے جا کر قتل کر دو۔

Scanned by CamScanner

سعید: (نہایت مسرت سے ہنستے ہوئے کھڑے ہوکر) بہت اچھا!

سپاہی: حضور! یہ گستاخ مجرم آپ کے حکم پر ہنستا ہے۔

حجاج: (حضرت سعید کو واپس بلا کر) تم کس بات پر ہنستے ہو؟

سعید: مجھے اس بات پر ہنسی آئی کہ تو اللہ تعالیٰ پر کتنی جرأت کرتا ہے اور وہ کتنی بردباری؟

حجاج: اچھا اس کو ہمارے سامنے قتل کردو۔

سعید: (نہایت اطمینان سے گویا سونے کے لیے بستر پر لیٹتے ہیں۔ روبقبلہ لیٹ کر) اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّ مَاۤ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ.

حجاج: (حضرت سعید کو روبقبلہ ہونے پر خوش ہوتے دیکھ کر) اسکا منہ قبلہ شریف سے پھیر دو۔

حضرت سعید ان باتوں سے کب متاثر ہونے والے تھے جس کروٹ لٹایا گیا لیٹ گئے۔

اور یہ ورد زبان ہے:

اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ. ''تم جس طرف منہ پھیرو اللہ اسی طرف ہے۔''

حجاج: (سعید کو اس پر مسرور دیکھ کر) اس کو اوندھا کردو۔

سعید جن کا رخ صرف ایک خدائے بے نیاز کی طرف ہے جو حدود جہت سے اعلیٰ و برتر ہے۔ اس پر بھی اسی خوشی کے ساتھ راضی ہیں اور یہ آیت ورد زبان ہے:

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِیْهَا نُعِیْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰی.

حجاج اس خدا کے سچے ولی کی کرامت دیکھ رہا ہے مگر شقاوت اپنے خیال سے پھرنے نہیں دیتی اور اسی حالت میں ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے۔

سعید: (اَشْهَدُ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ پڑھ کر) اے حجاج! لے میرا یہ آخری کلمہ محفوظ رکھ، یہاں تک کہ ہم قیامت میں خدا کے سامنے حاضر ہوں۔

آخر میں سعید شہید یہ دعا کرتے ہیں:

اَللّٰهُمَّ لَا تُسَلِّطْهُ عَلٰۤی اَحَدٍ بِقَتْلٍ بَعْدِیْ.

''اے اللہ! میرے بعد اسے کسی شخص کے قتل پر مسلط نہ فرما۔

حجاج: اس گستاخ کو زیادہ بولنے کی فرصت نہ دو۔

جلاد بے رحم بڑھا اور اس مقدس سر کو بدن سے جدا کردیا جس کا زمانہ محتاج تھا۔ سعید کے بدن سے خون کا فوارہ شدت سے جاری تھا۔ درباری طبیب آپس میں سرگوشیاں کر رہے تھے کہ یہ شخص

Scanned by CamScanner

موت سے کتنا بے خوف تھا۔ حجاج دربار ختم کر دیتا ہے خوابگاہ میں آنکھ نہ لگنے پائی کہ چیخ اٹھا۔

مَالِیْ وَلِسَعِیْدِ ابْنِ جُبَیْر     مَالِیْ وَلِسَعِیْدِ ابْنِ جُبَیْر

مَالِیْ وَلِسَعِیْدِ ابْنِ جُبَیْر

مجھے سعید بن جبیر سے کیا کام تھا     مجھے سعید بن جبیر سے کیا کام تھا

مجھے سعید بن جبیر سے کیا کام تھا

سعید کی دعا درجۂ قبول کو پہنچ چکی تھی۔ پھر وہ تلوار ظلم کبھی نہ اٹھ سکی۔ ظالم بھی ایک ماہ بعد ختم ہو جاتا ہے۔

آ ئین جواں مرداں حق گوئی و بے باکی     اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے جان دے دی مگر جادۂ حق سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے۔

## ایک صحابی

میدان احد میں ایک صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عمارہ بن زیاد رضی اللہ عنہ کو تیر لگا۔ آپ زمین پر گر گئے۔ تیر اتنا سخت تھا کہ اٹھتے مگر گر پڑتے۔ اس شدید تکلیف میں بھی اُحد اُحد کے نعرے لگا رہے تھے۔ خیال یہ تھا کہ کہیں کوئی کلمۂ شکایت زبان پر نہ آ جائے اور میرے ایمان میں خلل واقع ہو جائے۔ کوشش کرتے ہیں مگر اٹھا نہیں جاتا۔ اچانک نگاہ اٹھی تو دیکھا کہ تھوڑی دور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں۔ حضرت عمارہ رضی اللہ عنہ نے سوچا کہ کیا ہی قسمت ہو اگر میں حضور علیہ السلام تک پہنچ جاؤں، میرا سر ہو اور آقا کے پاک قدم۔ پھر انھوں نے اپنے جسم مبارک کو گھسیٹنا شروع کیا اور اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے۔ آخری لمحات تھے اور انہوں نے اپنا سر حضور کے قدموں میں رکھا تو روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ روح نے مڑ کر دیکھا کہ عاشق کا سر اپنے محبوب کے قدموں میں پڑا ہے روح نے کہا:

گر وقت اجل سر ترے قدموں پہ دھرا ہو     جتنی ہو قضا ایک ہی سجدے میں ادا ہو

## مولانا کافی علیہ الرحمۃ

ہندوستان پر ظلم وستم کے پہاڑ گرائے جا رہے تھے۔ انگریزوں نے جابجا سولیاں نصب کر رکھی تھیں۔ معمولی سے معمولی شبہ پر بھی سولی پر لٹکا دیا جاتا۔ حضرت مولانا کفایت علی کافی نے انگریزوں کے خلاف فتویٰ جہاد مرتب کیا آپ جنرل بخت خاں روہیلہ کی فوج میں کمانڈر تھے۔ دہلی آئے تو ایک کلال کی مخبری پر انگریزوں نے گرفتار کر لیا اور برسر عام سولی چڑھا دیئے گئے۔ اس

سے پہلے ان پر طرح طرح کے ظلم کیے گئے۔ جسم پر گرم استری پھیری گئی۔ زخم کر کے ان پر نمک مرچیں چھڑکی گئیں۔ آپ نے سولی پر چڑھنے سے پہلے یہ اشعار پڑھے۔

کوئی گل باقی رہے گا نہ چمن رہ جائیگا
پر رسول اللہ کا دین حسن رہ جائیگا
ہمصفیرو! باغ میں ہے کوئی دم کا چہچہا
بلبلیں اڑ جائیں گی سونا چمن رہ جائیگا
اطلس وکمخواب کی پوشاک پہ نازاں نہ ہو
اس تن بے جان پہ خالی کفن رہ جائیگا

## حضرت بلال رضی اللہ عنہ

بلال کے نام سے کون واقف نہیں۔ ان کا نام سنتے ہی ان پر مصائب اور ظلم کی داستانیں سامنے آجاتی ہیں۔ انھیں تپتی ہوئی ریت پر لٹا کر ان کے سینے پر بڑی چٹان رکھ دی جاتی۔ رات کو زنجیروں میں جکڑ کر کوڑے لگائے جاتے۔ پھر ان زخموں پر داغ دیئے جاتے تا کہ بیقرار ہو کر اسلام سے پھر جائیں یا تڑپ تڑپ کر مر جائیں۔ مارنے والوں کے ہاتھ تھک جاتے۔ امیہ بن خلف عذاب دے دے کر اکتا جاتا مگر بلال وہ چٹان تھے جنھیں کوئی آندھی اور طوفان راہ حق سے نہ ہٹا سکا۔

نیز اس ماہ ربیع الثانی کی سترہ تاریخ کو حضور قطب الاقطاب غوث الاغواث محی الدین ابو محمد سید عبدالقادر جیلانی حسنی حسینی رضی اللہ عنہ کی تاریخ وصال ہے۔ اطراف عالم میں اس ماہ کی گیارہ اور بعض مقامات پر سترہ کو حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عرس منایا جاتا ہے۔

## عرس

مشائخ عظام اور بزرگان دین کے عرسوں کا سلسلہ علماء سلف وخلف سے چلا آ رہا ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہر سال شہدائے احد کی قبروں پر تشریف لے جایا کرتے تھے۔

علامہ فخر الدین رازی قدس سرہٗ نے تفسیر کبیر میں اور علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے تفسیر درمنثور میں فرمایا ہے:

اِنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَاتِیْ قُبُوْرَ الشُّھَدَاءِ عَلٰی رَاْسِ کُلِّ حَوْلٍ فَیَقُوْلُ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ وَالْخُلَفَاءُ الْاَرْبَعَۃُ ھٰکَذَا کَانُوْا یَفْعَلُوْنَ۔

”حضور علیہ السلام ہر سال شہداء کی قبروں پر تشریف لیجایا کرتے تھے اور فرماتے تم پر سلامتی ہو تمہارے صبر کرنے کی وجہ سے پھر آخرت کا گھر کیا ہی اچھا ہے اور چاروں خلفاء بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ محدث دہلوی فرماتے ہیں:
''ازیں جااست حفظ اعراس مشائخ و مواظبت زیارت قبور والتزام فاتحہ خواندن وصدقہ دادن برائے ایشاں واعتنائے تمام کردن بہ تعظیم آثار واولاد ایشاں۔''
''اسی سبب سے مشائخ کے عرسوں کی حفاظت اور قبروں کی زیارت کرنا اور فاتحہ پڑھنا، صدقہ دینا، اہتمام کرنا اور ان کی نشانیوں اور اولاد کی عزت کرنا۔
حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
فقیر ایک سال میں دو مجلسیں کرتا ہے، ایک مجلس حضور علیہ السلام کے ذکر میں اور دوسری حضرت امام حسین کی شہادت کے ذکر میں جو عموماً محرم کی دسویں تاریخ کو اور کبھی اس سے زیادہ یا ایک دو دن پہلے بھی ہو جاتی ہے۔ اس مجلس میں درود شریف پڑھا جاتا ہے اس کے بعد فقیر آ کر بیٹھ جاتا ہے اور حسنین کے فضائل جو احادیث میں وارد ہوئے ہیں بیان کرتا ہے اور شہادت کی جو خبریں احادیث میں وارد ہیں ان کا ذکر کرتا ہے اور قاتلوں کی بدانجامی کے بعض حالات بھی بیان ہوتے ہیں۔ اور اس کے ضمن میں بعض اشعار بھی جو جنوں اور پریوں سے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور دوسرے صحابہ نے سنے ہیں بیان کئے جاتے ہیں اور وہ پریشان کن خوابیں جن کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے دیکھا تھا بیان کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد قرآن شریف اور پانچ آیتوں کا ختم پڑھ کر جو طعام حاضر ہو اس پر بھی فاتحہ پڑھا جاتا ہے اور اگر خوش الحان شخص سلام پڑھنے والا ہو تو سلام پڑھنے کا بھی اتفاق ہوتا ہے۔ (فتاویٰ عزیزیہ)

## گیارھویں شریف

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے معتقدین ہر ماہ کی گیارہ تاریخ کو آپ کا ختم دلاتے ہیں محفل وعظ ونعت ہوتی ہے اور کچھ کھانا پکا کر حاضرین میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ یہ ختم جو گیارھویں شریف کے نام سے مشہور ہے اصل میں حضور علیہ السلام کا ختم شریف ہے۔
علامہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب قرۃ الناظرہ میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فاتحہ دلائی۔ وہ نیاز اس قدر مقبول ہوئی کہ آپ نے ہر ماہ کی گیارہ تاریخ کو یہ فاتحہ مقرر کر دی۔ آہستہ آہستہ یہ عمل آپ کی طرف منسوب ہو گیا۔ گیارھویں غوث پاک کی یعنی وہ گیارھویں جو غوث پاک کیا کرتے تھے اب آپ کا عرس بھی گیارہ

Scanned by CamScanner

تاریخ کو ہی ہوتا ہے حالانکہ آپ کی تاریخ وصال سترہ ہے۔

## شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''ماثبت بالسنۃ'' میں فرماتے ہیں۔

قَدِ اشْتَهَرَ فِيْ دِيَارِ نَاهٰذَا الْيَوْمُ الْحَادِيْ عَشَرَ وَهُوَا لُمُتَعَارَفُ عِنْدَ مَشَائِخِنَا.

گیارھویں شریف ہمارے ملک میں مشہور ہے اور یہی ہمارے مشائخ کا معمول ہے۔

گیارھویں شریف ایصال ثواب کا ایک طریقہ ہے اور ایصالِ ثواب پر علماء سلف و خلف کا اجماع چلا آرہا ہے اس کے ثبوت کے لیے وہ قرآن وسنت سے کئی دلائل لاتے ہیں۔

## بعض لوگ

گیارھویں شریف کے ختم کو بدعت کہہ کر عوام کے دل میں بڑے اچھے طریقے سے نفرت پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان لوگوں کا مشغلہ ہی کچھ اس قسم کا ہے کہ ہر نیک کام کو بدعت اور شرک کی آڑ میں حرام و ناجائز کہہ دیا جائے حالانکہ وہ لوگ بدعت و شرک کی تعریف سے بھی واقف نہیں۔

## ایک واقعہ

حیدرآباد سندھ کے علاقہ ہالا میں ایک مولوی صاحب سے دوران مناظرہ میں نے یہی سوال کیا کہ بدعت کسے کہتے ہیں اور اس کی کتنی قسمیں ہیں! مولوی صاحب نے بدعت کی تعریف تو کر دی مگر غلط پھر اس کی قسمیں بتانے سے انکار کر دیا۔ وجہ یہ تھی کہ اگر بدعت کی قسمیں بیان کرتے تو ان کے لیے یقینی شکست کا سامنا تھا۔ بدعت کی انہوں نے یہ تعریف کی کہ جو چیز حضور علیہ السلام کے زمانہ میں نہ ہو بعد میں پیدا ہو وہ بدعت ہوتی ہے اور بدعت حرام ہوتی ہے۔ اس کے میں نے دو جواب دیئے، ایک الزامی تھا۔ میں نے کہا: مولوی صاحب! مجھے یہ بتا دیئے کہ آپ خود حضور علیہ السلام کے زمانہ میں تھے؟ کہنے لگے نہیں تو میں نے کہا پھر آپ بعد میں پیدا ہوئے ہیں اور بقول آپ کے جو چیز بعد میں پیدا ہو وہ بدعت ہوتی ہے تو گویا تمہارا وجود ہی بدعت ہوا اور بدعت حرام ہوتی ہے مولوی صاحب سخت گھبرائے کہنے لگے آپ مجھ پر زیادتی کرتے ہیں۔ میں نے کہا حضرت! زیادتی کا ہے کی، آپ کی تعریف آپ پر بیان کر دی۔

دوسرا جوب یہ دیا کہ مولوی صاحب! یہ کہنا کہ یہ چیز حضور کے زمانہ میں نہ تھی اور اب ہے بالکل غلط ہے۔ کیونکہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ ختم ہونے والا نہیں قیامت تک حضور ہی کا زمانہ ہے۔ اکثر یہ لوگ عوام کو نیکی سے روکنے کے لیے بدعت وشرک کے فتوے لگاتے رہتے ہیں حالانکہ لفظ بدعت میں فی نفسہ کوئی برائی نہیں ہے۔

## بدعت کی قسمیں

کوئی عمل جو حضور علیہ السلام کی ظاہری زندگی کے بعد پیش آئے اس کی دو صورتیں ہوگی۔ وہ عمل قرآن وسنت کے مطابق ہوگا یا خلاف۔ اگر مطابق ہوگا تو اسے بدعت حسنہ کہیں گے اور خلاف ہوگا تو بدعت سیئہ کہلائے گا۔ حضرت شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ شریف میں فرماتے ہیں کہ:

''آنچہ وافق اصول وقواعد سنت است وقیاس کردہ شدہ است آں را بدعت حسنہ گویند وآنچہ مخالف آں باشد باعث ضلالت گویند۔

جو بدعت اصول وقواعد سنت کے موافق ہو اور اس سے قیاس کی ہوئی ہو اس کو بدعت حسنہ کہتے ہیں اور اس کے خلاف کو گمراہی۔''

مشکوۃ شریف باب العلم میں ہے:

## حدیث شریف

مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهُ اَجْرُهَا وَ اَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يُّنْقَصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْءٌ وَّمَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعَلَيْهِ وِزْرُهَا مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يُّنْقَصَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ.

''جو کوئی اسلام میں اچھا طریقہ جاری کرے اس کو اس کا ثواب ملے گا اور ان کا بھی جو اس پر عمل کریں گے اور ان کے ثواب سے کچھ کم نہ ہوگا اور جو شخص اسلام میں برا طریقہ رائج کرے اس پر اس کا گناہ اور جو اس پر عمل کرے ان کا گناہ ہوگا اور ان کے گناہ میں کچھ کمی نہ ہوگی۔

اس حدیث مبارکہ میں بدعت کو حضور علیہ السلام نے لفظ سنت سے تعبیر فرمایا ہے یعنی سنت سیئہ اور سنت حسنہ۔

حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں نماز تراویح کو باقاعدہ

Scanned by CamScanner

رواج دیا، جماعت مقرر فرما کر کہا:

نِعْمَ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ.

یہ بدعت اچھی ہے۔

اب آپ غور فرمائیں کہ ختم گیارھویں شریف میں وہ کونسی چیز ہے جو قرآن وسنت کے خلاف ہے کس چیز کو برا کہا جائے، نعت خوانی ہوتی ہے، علماء کرام مسائل شرعیہ بیان فرماتے ہیں۔ بعدازاں ختم شریف پڑھ کر اس کا ثواب انبیاء اولیاء حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی ارواح طیبات کو پہنچادیا جاتا ہے اور طعام وشیرینی وغیرہ حاضرین میں تقسیم کردی جاتی ہے۔ یہ سب چیزیں الگ الگ بلاشک وشبہ جائز ہیں تو ان کا مجموعہ کیوں حرام ہوگیا؟

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ.

Scanned by CamScanner

# ماہ جمادی الاولیٰ کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ ۔ وَالصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ الْاَمِیْنِ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاہِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الْہَادِیْنَ الْمَہْدِیِّیْنَ o اَمَّا بَعْدُ

فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَہُمْ تَرٰہُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَ رِضْوَانًا سِیْمَاہُمْ فِیْ وُجُوْہِہِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۔ ذٰلِکَ مَثَلُہُمْ فِی التَّوْرٰاۃِ ج وَ مَثَلُہُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ج کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَہٗ فَاٰزَرَہٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِہِمُ الْکُفَّارَ ۔ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْہُمْ مَّغْفِرَۃً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا o (پ۲۶ع۱۲)

محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم، تو انھیں دیکھے گا رکوع کرتے، سجدے میں گرتے، اللہ کا فضل ورضا چاہتے، ان کی علامت ان کے چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے، یہ ان کی صفت توراۃ میں ہے اور ان کی صفت انجیل میں ہے، جیسے ایک کھیتی نے اپنا پٹھا نکالا پھر اسے طاقت دی پھر دبیز ہوئی، پھر اپنی ساق پر سیدھی کھڑی ہوئی، کسانوں کو بھلی لگتی ہے تا کہ ان سے کافروں کے دل جلیں، اللہ نے وعدہ کیا ہے ان سے جو ایمان اور اچھے کاموں والے ہیں بخشش اور بڑے ثواب کا۔

حضرات! اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے ان نفوس قدسیہ کا ذکر فرمایا ہے جنھوں نے اپنی جان مال، اولاد سب اسلام کے لیے وقف کر دیئے تھے، جن کا سونا، اوڑھنا، بیٹھنا، اٹھنا اسلام تھا ان پر اللہ کریم راضی اور وہ اللہ تعالیٰ پر راضی ہوئے، جنھوں نے اپنی بے مثال قربانیوں سے جنت خرید لی۔ جنھوں نے شجر اسلام کی آبیاری پانی سے نہیں خون سے کی جن پر اسلام قیامت تک ناز کریگا اور قرآن فخر کرتا رہے گا۔ آیت پاک کی ابتداء ان پاک اور مقدس الفاظ سے ہوتی ہے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔

''محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔''

لفظ ''محمد'' کا ترجمہ عربی زبان میں یہ ہے:

Scanned by CamScanner

اَلَّذِیْ یُحْمَدُ حَمْدًا بَعْدَ حَمْدٍ.

''وہ ذات جس کی ہمیشہ حمد کی جائے''۔

گویا اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہی وہ رکھا جس کا معنی ہی یہ ہیں کہ اس کی ہمیشہ حمد ہوتی رہے۔ کفار نے کہا ہم بھی کتنے کم عقل ہیں اس کو محمد کہہ کر تردید کرتے ہیں۔ جب محمد ہی کہہ دیا تو پھر تردید کیسی؟ لہٰذا اس نام کی بجائے ''مذمم'' کہا کرینگے۔ مذمم کے معنی ہیں برائی کیا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو علم ہوا تو آپ نے فرمایا: ان کا مذمم کوئی اور ہوگا مجھے تو اللہ تعالیٰ نے محمد بنا کر بھیجا ہے۔

تو گھٹائے سے کسی کے نہ گھٹا ہے نہ گھٹے گا — جب بڑھائے تجھے اللہ تعالیٰ تیرا
مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائیں گے اعدا تیرے — نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا
وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ کا ہے سایہ تجھ پر — ذکر اونچا ہے ترا بول ہے بالا تیرا

## انگوٹھے چومنا

لفظ محمد کتنا پیارا ہے ہم اہلسنت و جماعت جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک سنتے ہیں تو دونوں انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھ لیتے ہیں اور پڑھتے ہیں:

قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ.

''یارسول اللہ! میری آنکھوں کی ٹھنڈک آپ ہیں''۔

حضور کا نام پاک سن کر انگوٹھے چومنا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی سنت ہے۔ علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تفسیر روح البیان میں، ملا معین کاشفی نے معارج النبوۃ میں اور ملا علی قاری نے موضوعات کبیر میں فرمایا ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان کہی، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز تھے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین یوں حاضر تھے کَاَنَّ عَلٰی رُؤُسِہِمُ الطَّیْرُ گویا کہ سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں ذرّہ بھر بھی حرکت نہیں۔ ذرّہ بھر بھی حرکت حضور کی بارگاہ میں بے ادبی ہے۔ سبحان اللہ! صحابہ کرام کے احترام کا یہ عالم تھا کہ وہ پانی جس سے حضور وضو فرمایا کرتے تھے جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اقدس کے ساتھ لگ کر زمین کی طرف آتا تھا تو صحابہ کرام گرنے نہیں دیتے تھے بلکہ اٹھا کر چہروں پر مل لیا کرتے تھے۔

عرض کر رہا تھا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان کہی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جب اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہ سنا تو دونوں انگوٹھے چوم کر آنکھوں سے لگالیے۔

Scanned by CamScanner

اذان سے فراغت کے بعد حضور علیہ السلام نے فرمایا: کسی نے دیکھا ہے کہ آج میرے صدیق نے کیا کیا ہے؟ صحابی نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فداک ابی وامی (میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں) میں نے دیکھا ہے جب آپ کا نام پاک حضرت بلال نے اذان میں لیا تو حضرت صدیق اکبر نے دونوں انگوٹھے چوم کر آنکھوں سے لگا لیے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ فَعَلَ مِثْلَ مَافَعَلَ خَلِيْلِيْ اَنَا طَالِبُهٗ فِيْ صُفُوْفِ الْقِيٰمَةِ وَقَائِدُهٗ اِلَى الْجَنَّةِ.

''جو اس طرح کرے گا جس طرح میرے خلیل نے کیا میں اس کا طالب ہونگا قیامت کی صفوں میں اور جنت کی طرف اس کا قائد ہوں گا۔

## انجیل برنباس

عیسائیوں کے پاس عموماً چار انجیلیں ہیں جن کو توراۃ کی شمولیت کے ساتھ بائبل کہا جاتا ہے، لوقا، متی، یوحنا، مرقس، ان چار انجیلوں کے علاوہ ایک انجیل برنباس ہے۔ اس انجیل میں یہ واقعہ موجود ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہوئی تو انہوں نے عرض کیا: یااللہ! جن کے صدقے تونے میری توبہ قبول فرمائی ہے میں ان کی زیارت سے مشرف ہونا چاہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں ان کا نور تیرے ناخنوں میں ظاہر کروں گا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے ناخنوں پر نگاہ ڈالی پر تو سید انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے نور نے ظہور فرمایا۔ آدم علیہ السلام نے فرط محبت سے دونوں انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھ لیے۔ معلوم ہوا کہ تعظیم مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھنا حضرت آدم علیہ السلام کی بھی سنت ہے۔

## اعتراض اور جواب

حضرت آدم علیہ السلام کو نور نظر آیا تھا ہمیں نظر نہیں آتا، ہم کیوں چومیں؟ یہ اعتراض پشاور شہر میں تقریر کے دوران کیا گیا تھا جس کا جواب میں نے یہ دیا تھا کہ نظر آئے یا نہ آئے یہ کوئی شرط نہیں ہے۔ صفا و مروہ دونوں پہاڑوں کے درمیان حضرت ہاجرہ اسماعیل علیہ السلام کے لیے پانی تلاش کرنے دوڑیں، آج وہاں پانی کی بہتات ہے پھر حاجی وہاں کیوں دوڑتے ہیں، کبھی صفا پر اور کبھی مروہ پر۔ بات صرف یہ ہے کہ پانی کی ضرورت ہو نہ ہو حضرت ہاجرہ کی سنت جب تک ادا نہ کی جائے گی حج مکمل ہی نہ ہوگا۔ معلوم ہوا کہ اس طریقہ پر عمل کرنا ضروری ہے سبب کا موجود ہونا نہ ہونا شرط نہیں ہے۔ ہمیں اگر نور نظر نہیں آتا تو یہ ہماری نگاہوں کا قصور ہے۔ آدم علیہ السلام کی سنت

Scanned by CamScanner

تو ثابت ہوگئی اور وہ لوگ جن کی نگاہوں سے پردے اٹھ چکے ہیں وہ حضرات تو ظاہر و باہر زیارت کرتے ہیں بلکہ کرادیتے ہیں۔

## ایک فقیر

ایک مولوی صاحب قرآن کریم کا درس دے رہے تھے، محفل میں ایک فقیر بھی پھٹے پرانے کپڑے پہنے بیٹھا تھا۔ مولوی صاحب نے ایک حدیث بیان فرمائی اور کہا:

قَالَ رَسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

''حضور علیہ السلام نے یوں فرمایا ہے''

اس فقیر نے مولوی صاحب کو ٹوکا۔ مولوی صاحب نے کہا کہ میں نے سچ کہا ہے حضور نے اسی طرح فرمایا ہے۔ اس فقیر نے دوبارہ کہا کہ مولوی صاحب! غلط ہے حضور علیہ السلام نے یوں نہیں فرمایا۔ جب اپنے اپنے موقف پر اصرار بڑھ گیا تو فقیر یک دم کھڑا ہوگیا اور کہا:

مولوی صاحب! اُنْظُرْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَائِمٌ عَلٰى رَاْسِكَ.

''دیکھ تیرے سر پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ یہ میری حدیث نہیں ہے''۔

جونہی مولوی صاحب نے نگاہ اٹھائی تو حضور علیہ السلام کی زیارت نصیب ہوگئی۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ میں نے یوں نہیں کہا ہے یہ میری حدیث نہیں ہے۔ یہ ان لوگوں کا حال ہے جن کی نگاہوں سے پردے اٹھ چکے ہیں۔

## لطیفہ

میں عرض یہ کر رہا تھا کہ انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھنا سنّت ہے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی۔ ایک صاحب نے مجھ سے کہا کہ میں یہ حدیث نہیں مانتا۔ میں نے کہا نہ مانوں کا تو کوئی علاج ہی نہیں۔

حضرت ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

بَلْ اِذَاثَبَتَ رَفْعُهٗ اِلَى الصِّدِّيْقِ فَيَكْفِيْ لِلْعَمَلِ.

''جب اس کا مرفوع ہونا حضرت صدیق اکبر تک ثابت ہوگیا تو عمل کے لیے کافی ہے''۔

مگر وہ صاحب ماننے کے لیے تیار نہ تھے تو میں نے کہا اچھا! ایسا کیجئے کہ حضور علیہ السلام کا

Scanned by CamScanner

نام لیجئے۔ اس نے کہا: محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں نے کہا: اگر حدیث نہیں مانتا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہی ایسا رکھا ہے کہ ادا کرنے سے دو دفعہ ہونٹ نجود خود ایک دوسرے کو چوم لیتے ہیں۔

## محمد رسول اللہ

محمد اللہ کے رسول ہیں، آج بھی رسول ہیں، قیامت تک کے لیے واحد رسول ہیں۔ کائنات ارضی وسماوی میں کوئی شے ایسی نہیں جو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی قائل نہ ہو۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ کافر جن اور کافر انسانوں کے علاوہ کائنات کا ذرّہ ذرّہ جانتا ہے کہ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ میں اللہ کا رسول ہوں۔ حضور علیہ السلام کی رسالت عام ہے وہ زمانوں سے متعلق نہیں آپ کی رسالت کی حدیں زمانوں اور مکانوں سے وراء ہیں۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے آپ فرماتے ہیں:

اُرْسِلْتُ اِلَی الْخَلْقِ کَآفَّۃً.

''میں تمام مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔''

## نباتات کے رسول

علامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب شفاء شریف میں یہ حدیث بیان فرمائی ہے۔ راوی فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں ایک یہودی آیا اور آ کر عرض کیا اگر وہ درخت چل کر آپ کے پاس آجائے تو میں ایمان لے آؤں گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جا اور اسے جا کر کہہ دے کہ تجھے محمد مصطفیٰ بلاتے ہیں۔ اس یہودی نے درخت کے پاس جا کر اس کو مخاطب کر کے کہا: اِنَّ مُحَمَّدً ایَدْعُوْکَ تجھے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم بلاتے ہیں۔ جب درخت نے حضور علیہ السلام کا نام پاک سنا تو اس نے ہلنا شروع کر دیا۔ آگے پیچھے، دائیں، بائیں جھکا اور اس کی جڑیں اکھڑ گئیں پھر تَجَرُّ عُرُوْ قَھَا اپنی جڑوں کو کھینچتا ہوا حضور کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہو گیا۔

## جمادات کے رسول

یہ حدیث بھی شفاء شریف میں ہے، حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ

Scanned by CamScanner

میں حضور علیہ السلام کے ساتھ ایک سفر میں جا رہا تھا ایک مقام پر پہاڑوں کا سلسلہ آیا، ہم ابھی زیادہ دور نہیں گئے تھے کہ ایک آواز آئی۔ بڑی پیاری پیاری آواز تھی، الفاظ یہ تھے:

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ.

حضرت مولا علی فرماتے ہیں میں نے چاروں طرف دیکھا آواز تھی مگر آواز دینے والا نظر نہ آتا تھا دوبارہ وہی آواز آئی مگر مجھے کوئی نظر نہ آیا تو میں نے حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں عرض کیا کہ آقا! ان پہاڑوں میں آپ کا کون عاشق ہے جو اس محبت و ذوق سے درود پڑھ رہا ہے؟ حضور علیہ السلام نے فرمایا: تجھے وہ پہاڑ نظر آ رہا ہے؟ کہا: ہاں اس کے اوپر ایک چوٹی نظر آتی ہے۔ کہا ہاں اس کے اوپر ایک پتھر موجود ہے۔ کہا ہاں۔ تو فرمایا: وہ پتھر مجھ پر صلوٰۃ وسلام پڑھ رہا ہے۔

## حیوانات کے رسول

یہ حدیث بھی شفاء شریف میں موجود ہے کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم جنگل میں تشریف لے جا رہے تھے ایک آواز آئی: یارسول اللہ! میری امداد فرمائیے۔

حضور علیہ السلام نے دیکھا کہ ایک ہرنی جال میں پھنسی ہوئی ہے اور مجھے پکار رہی ہے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا بات ہے؟ ہرنی نے عرض کیا: آقا! میرے دو چھوٹے بچے ہیں مجھے رہا کر دیجئے میں بچوں کو دودھ پلا کر جلد واپس آ جاؤں گی۔ حضور نے فرمایا: اَوَ تَفْعَلِیْنَ (کیا تو ایسا ہی کرے گی؟)۔ ہرنی نے عرض کیا: آقا! آپ کے ساتھ وعدہ کر کے کون بے وفائی کرتا ہے؟ حضور نے اسے کھول دیا۔ یہودی آیا کہنے لگا: میرا شکار کیوں چھوڑا؟ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہرنی بچوں کو دودھ پلا کر واپس آ جائے گی۔ یہودی نے کہا: کیسی بات کرتے ہو، کمان سے نکلا ہوا تیر بھی واپس آ سکتا ہے؟ گیا ہوا شکار کیسے واپس آئے گا۔ آپ نے فرمایا: وہ اللہ کے رسول کے ساتھ وعدہ کر کے گئی ہے ضرور آئے گی۔ یہودی نے کہا: اگر واپس آ گئی تو میں ایمان لے آؤں گا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا: وہ دیکھو دو بچے ساتھ لیے آ رہی ہے۔ ہرنی نے آتے ہی اپنا سر حضور علیہ السلام کے مقدس قدموں پر رکھ دیا۔ ہرنی کا سر جھکا تو ساتھ ہی یہودی کا سر بھی جھک گیا۔ حضور علیہ السلام نے ایک ہاتھ یہودی اور دوسرا ہاتھ ہرنی کے سر پر رکھا۔

پھر بشارت اس کو اور اس کو ملی سرکار سے　　قید سے آزاد تو اور تو عذاب نار سے

ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر چیز کے رسول ہیں۔ جمادات، نباتات، حیوانات،

Scanned by CamScanner

انسانوں، فرشیوں اور عرشیوں کے بھی رسول ہیں بلکہ وہ تو رسولوں کے رسول ہیں۔

## پانچ صفات

اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کی پانچ صفات بیان فرمائی ہیں ارشاد ہوتا ہے: وہ لوگ جو حضور کی بارگاہ میں حاضر رہنے والے ہیں کافروں پر بڑے سخت ہیں۔ آپس میں بڑے رحیم ہیں۔ وہ ہمیشہ رکوع و سجود کرتے ہی نظر آتے ہیں ان کے چہرے سجدوں کے نشان سے منور ہیں۔ ان کی صفات توارت اور انجیل میں موجود ہیں۔

اس آیۃ کریمہ سے ان کے علاوہ بھی صفتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ مگر یہ پانچ بادی النظر میں سامنے ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگیوں پر غور کرنے سے یہ بات صاف طور سے سامنے آجاتی ہے کہ وہ کتنے رحیم تھے اور ان کی عبادتیں کس شان کی تھیں اور اسلام کے دشمنوں پر وہ کتنے سخت تھے۔

## تفسیر ابن عباس

یہاں ہم صرف اس آیۃ کریمہ کی وہ تفسیر بیان کرتے ہیں جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمائی ہے۔ آپ فرماتے ہیں وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ کے مظہر اتم حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔ وہ ہمیشہ حضور علیہ السلام کے ساتھ رہے۔ بچپن میں صدیق اکبر ساتھ ہیں، لڑکپن میں ساتھ، جوانی میں ساتھ، بڑھاپے میں ساتھ، صدیق سفر میں ساتھ، حضر میں ساتھ، احد میں ساتھ ہیں تو بدر میں ساتھ، نماز میں ساتھ، زندگی کے ہر موڑ پر ساتھ رہے۔ زندگی میں ساتھ رہے تو قبر میں بھی ساتھ جگہ عطا ہوگئی۔

علامہ اقبال فرماتے ہیں:

آں امن الناس بر مولائے ما — آں کلیم اول سینائے ما
ہمت او کشت ملت را چو ابر — ثانی اسلام و غار و بدر و قبر

## تین چیزیں

تین چیزیں انسان کو سب سے زیادہ پیاری ہوتی ہیں۔ مال، جان، اولاد حضرت صدیق اکبر

Scanned by CamScanner

رضی اللہ عنہ نے تینوں چیزیں اسلام کی راہ میں قربان کر دیں، کئی غلام آزاد کیے۔ اسلام لانے سے پہلے بہت مالدار تھے۔ اسلام لانے کے بعد تمام مال اللہ کی راہ میں خرچ کر دیا۔ ایک دفعہ تمام مال اٹھا کر حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں لے آئے۔ آقا نے فرمایا کہ صدیق! گھر کیا چھوڑ کر آئے ہو؟ عرض کی: اللہ اور اس کا رسول گھر چھوڑ آیا ہوں۔

پروانے کو چراغ اور بلبل کو پھول بس　　　صدیق کے لیے ہے خدا کا رسول بس

## تلوار اٹھائی

بدر کے میدان میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے بیٹے عبدالرحمٰن ابوجہل کے ساتھ تھے۔ لڑائی کے دوران عبدالرحمٰن کی تلوار کی زد میں صدیق اکبر آ گئے۔ بیٹے کی تلوار کے نیچے باپ آ گیا۔ محبت پدری کے پیش نظر تلوار اٹھالی۔ جب عبدالرحمٰن ایمان لائے تو ایک دن والد سے ذکر کیا کہ ابا جان! بدر کے میدان میں میری تلوار کے نیچے آپ آ گئے تھے اگر میں چاہتا تو تلوار سے گردن اڑا دیتا۔ مگر محبت پدری کے پیش نظر میں نے تلوار اٹھالی۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر میری تلوار کے نیچے تو آ جاتا تو میں تیری گردن اڑا دیتا۔ میں یہ کبھی نہ دیکھتا کہ تو میرا بیٹا ہے اس لیے کہ تو میرے آقا کے خلاف تھا۔

## غار

محرم اسرار نبوت ہیں، افضل الخلق بعد الانبیاء ہیں ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْهُمَا فِی الْغَارِ ہیں، ہجرت کی رات میں غار کے اندر ان کی ران پر سر رکھ کر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرماتے تھے، سانپ نے صدیق کی ایڑی پر منہ رکھا۔ یہ سانپ بھی چھ سو سال سے حضور علیہ السلام کے انتظار میں بیٹھا راہ دیکھ رہا تھا۔ جب نبوت کی بھینی بھینی خوشبو غار میں پھیل گئی تو اس نے سارے راستے دیکھے مگر بند تھے۔ آخر صدیق اکبر کی ایڑی پر منہ رکھ دیا۔ حضرت صدیق اکبر نے پاؤں کو ذرہ بھر بھی حرکت نہ دی۔ سانپ نے ہر چند کوشش کی کہ صدیق اکبر پاؤں ہٹالیں۔ مگر آپ نے پاؤں ہٹایا نہیں۔ سانپ نے زبان حال سے کہا:

آسے آسے عمر گزاری جھلّے خار ہزاراں
مالی باغ نہیں دیکھن دیندا آئیاں جدوں بہاراں

Scanned by CamScanner

آخر سانپ نے صدیق اکبر کی ایڑی پر ڈنک چلایا۔زہر سرایت کرتا چلا گیا۔صدیق اکبر کے چہرے پر ایک رنگ آتا ہے اور ایک جاتا ہے مگر:

مگر صدیق نے پاؤں کو جنبش تک نہ ہونے دی یہی ڈر تھا کہیں آنکھیں نہ کھل جائیں پیمبر کی

حضور علیہ السلام بیدار ہوئے اور صدیق اکبر کی ایڑی پر لعاب دہن لگایا،فوراً تکلیف دور ہوگئی۔حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جان کی پرواہ نہیں کی مگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بیدار کرنا مناسب نہیں سمجھا۔فرائض خلافت سنبھالنے کے ساتھ ہی جو آندھیاں اور طوفان شجر اسلام پر آئے وہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے تدبر اور معاملہ فہمی سے اس طرح چھٹ گئے کہ تاریخ ایسی مثالیں پیش کرنے سے قاصر ہے۔

## اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اس کے مظہر حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی وہ ذات ہے جس پر اسلام کو ناز ہے اور قرآن کو فخر ہے۔دو آدمیوں نے اپنے جھگڑے کا فیصلہ حضور علیہ السلام سے کرایا جس کے خلاف فیصلہ ہوا اس نے کہا مجھے یہ فیصلہ منظور نہیں ہے چلو عمر بن خطاب سے فیصلہ کرائیں گے۔دونوں مل کر آپ کے پاس آئے جس کے خلاف فیصلہ ہوا تھا اس نے کہا کہ مجھے آپ کے نبی کا فیصلہ پسند نہیں آیا اس لیے آپ کے پاس آیا ہوں۔آپ نے تلوار اٹھالی اور فرمایا جو رسول اللہ کا فیصلہ قبول نہ کرے اس کا فیصلہ میری تلوار کرے گی۔جب آپ ایمان لائے تو علی الاعلان کعبۃ اللہ میں حقانیت کا نعرہ لگایا،حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں عرض کیا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِدَاكَ اَبِىْ وَاُمِّىْ (یارسول اللہ!میرے ماں باپ آپ پر قربان) کیا ہم حق پر نہیں؟حضور علیہ السلام نے فرمایا:کیوں نہیں؟عرض کیا:پھر ہم چھپ کر نمازیں کیوں پڑھیں!حضور علیہ السلام نے فرمایا:شیطان،عمر (رضی اللہ عنہ) کے سایہ سے بھاگتا ہے۔

## رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

اس کے مظہر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں،باغی ننگی تلواریں لیے مکان کو گھیرے میں لے چکے تھے۔کئی دنوں سے پانی بند کر دیا گیا تھا۔مسجد نبوی کی توسیع کرنے والا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں نماز ادا نہیں کرسکتا۔طاقت موجود ہے،فوجیں کھڑی ہیں اور حکم کی منتظر ہیں کہ کب

حکم آئے۔ باغیوں کا ایک فرد بھی بچ کر نہیں جا سکتا۔ مگر لاکھ رحمت ہوں اس اللہ کے بندے پر، اعلان فرماتا ہے کہ:

''میں اپنا خون دے سکتا ہوں مگر مسلمان کے ہاتھوں کسی دوسرے مسلمان کا خون بہتا نہیں دیکھ سکتا۔''

رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ کا کتنا عظیم مظاہرہ ہے۔

## تَرٰهُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا

اس کے مظہر حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں۔ آپ نماز کے لیے وضو فرمایا کرتے تھے تو چہرہ کی رنگت تبدیل ہو جایا کرتی تھی۔ کسی نے عرض کیا: حضور! یہ کیا معاملہ ہے، جب آپ نماز ادا فرماتے ہیں تو چہرہ کی رنگت تبدیل ہو جاتی ہے؟ آپ نے فرمایا:

''ڈرتا ہوں کہ کہیں امانت ادا کرنے میں کوئی کمی واقع نہ ہو جائے۔''

## مصلّے پر خون

ایک جنگ میں آپ کی پنڈلی پر ایک تیر لگ گیا۔ ہر چند کوشش کی گئی کہ تیر نکال دیا جائے مگر درد بہت زیادہ تھا۔ پنڈلی پر ہاتھ لگایا نہیں جاتا تھا آخر کسی نے کہا: ایسا کیجئے جب آپ نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہوں تو بیشک آپ تمام پنڈلی چیر کر تیر نکال لیں، انھیں قطعاً معلوم نہیں ہوگا۔ چنانچہ یونہی کیا گیا۔ جب آپ نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے تو آپ کی پنڈلی سے تیر نکال لیا گیا مگر آپ بدستور نماز پڑھتے چلے گئے۔ نماز سے فراغت کے بعد فرمایا: مصلّے پر یہ خون کیسا ہے؟ عرض کیا گیا: حضور! آپ کی پنڈلی سے تیر نکالا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا: مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کی بارگاہ میں میں کھڑا تھا مجھے ذرّہ بھر بھی معلوم نہیں ہو سکا۔ حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا مرتبہ نہایت بلند ہے۔

## حدیث مبارکہ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یمن کا قاضی بنا کر بھیجا تو میں نے عرض کیا:

مَا اَدْرِیْ الْقَضَاۃَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْکَ.

Scanned by CamScanner

''یارسول اللہ! میں قضاۃ کرنا نہیں جانتا''۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

یہاں دیر کیا لگتی ہے۔ فرمایا: علی! ذرا قریب آؤ۔ آپ قریب ہوئے تو حضور علیہ السلام نے سینہ سے لگایا۔ مولا علی فرماتے ہیں۔ مجھے خدا کی قسم ہے اس کے بعد کوئی مسئلہ بھی ایسا نہیں جو میرے سامنے پیش ہوا ہو اور میں نے حل نہ کر دیا ہو۔ یہ حضور علیہ السلام کے سینے سے لگانے کی برکت تھی۔ کتنا عجیب مقام ہے کبھی آپ نے یہ نہیں سنا ہوگا کہ جج پہلے بنا دیا جائے اور قانون بعد میں پڑھایا جائے۔ یہ صرف ہادی دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ ہے جہاں قاضی پہلے بنایا جاتا ہے اور علم بعد میں پڑھایا جاتا ہے کیونکہ یہاں تعلیم کتابوں کی محتاج نہیں۔

فقط نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا

حاضرین کرام! یہ آیۃ کریمہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل و محامد میں ایک عظیم دفتر ہے۔ یہ صرف اس کی ایک تفسیر ہے جو پیش کی گئی ہے دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ صحابہ کرام کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْن.

Scanned by CamScanner

# ماہ جمادی الاخریٰ کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْمِ الْاَمِیْنِ وَعَلٰی اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ وَاَصْحَابِهِ الْهَادِیْنَ الْمَهْدِیِّیْنَ ط

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

وَالَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِیَامًا ۝ (پ۱۹، ع۴)

وہ لوگ جو راتیں گزار دیتے ہیں اپنے رب کے لیے سجدہ کرتے اور قیام کرتے۔

حضرات! اس آیۃ کریمہ میں ان لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے جن کی راتیں عبادت الٰہی میں گزرتی ہیں کبھی سجدے کرتے اور کبھی قیام کرتے ہیں۔ رکوع کی حالت ہے تو رات ختم ہوگئی ہے ان کے سجدوں کی طوالت راتوں کی وسعتوں پر حاوی ہے۔ راتیں ختم ہو جاتی ہے مگر ان کے سجدے ختم نہیں ہوتے۔

## خاتون جنت رضی اللہ عنہا

سردیوں کی لمبی لمبی راتیں ہوتی تھیں۔ تمام دنیا آرام سے سوتی مگر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نور نظر لخت جگر حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا شہزادوں کو سلا کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سر جھکا دیتیں۔ رات ختم ہو جاتی تھی مگر خاتون جنت کا ابھی پہلا سجدہ بھی ختم نہیں ہوتا تھا سجدے سے سر اٹھا کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرتی ہیں: یا اللہ! تو نے کیسی چھوٹی چھوٹی راتیں بنا دی، تیری رات ختم ہو جاتی ہے میرا سجدہ ختم نہیں ہوتا، ایک ایسی لمبی رات بنا کہ فاطمہ دل کھول کر عبادت کر لے۔

## حدیث شریف

حدیث قدسی ہے۔ حدیث قدسی اس حدیث کو کہتے ہیں جو کلام اللہ تعالیٰ کا ہو اور راوی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے:

یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ عَبْدِیْ بِالنَّوَافِلِ فَكُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ وَكُنْتُ بَصَرَهٗ

Scanned by CamScanner

اَلَّذِیْ یَبْصُرُبِهٖ وَ کُنْتَ یَدَهُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِهَا ط

''آدمی عبادت کے ذریعہ مجھ سے اتنا قریب ہوتا ہے کہ میں اس کے کان بن جاتا ہوں وہ میرے ساتھ سنتا ہے میں اس کی آنکھ بن جاتا ہوں وہ میرے ساتھ دیکھتا ہے میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں وہ میرے ساتھ پکڑتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں پہنچ کر عوام وخواص کا فرق ہو جاتا ہے۔ مقبولان بارگاہ الٰہی ہمیشہ یادالٰہی میں مصروف نظر آتے ہیں ذکر الٰہی ہی ایک وہ دوا ہے جس سے دلوں کو تسکین حاصل ہوتی ہے۔

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ.

''دلوں کو اطمینان اللہ کے ذکر سے ہی ہوتا ہے۔''

## سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا عبادت فرمانا

صحیح بخاری شریف میں ہے کہ ایک شخص نے حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ حضور علیہ السلام کی کوئی عجیب چیز بیان کریں۔ آپ نے فرمایا: حضور علیہ السلام کی ہر چیز ہی عجیب تھی ایک رات تشریف لائے ابھی تھوڑی دیر ہی میرے حجرے میں آرام کیا تو فرمایا: لواب اپنے رب کی عبادت کریں۔ فرما کر نماز کے لیے کھڑے ہو گئے اور رونا شروع کیا یہاں تک کہ آنسو سینہ مبارک تک بہتے گئے۔ پھر رکوع فرمایا۔ اس میں بھی اسی طرح روتے رہے حتیٰ کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے صبح کی اذان پڑھی حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ اتنا روئے حالانکہ آپ معصوم ہیں گناہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ آپ نے فرمایا: کیا میں شکر گزار نہ بنوں! پھر فرمایا: میں ایسا کیوں نہ کرتا حالانکہ آج ہی مجھ پر یہ آیت نازل ہوئی ہے

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط (الآیۃ)

## صحابہ کرام کی عبادت

حضرت صدیق اکبر اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم جب نماز پڑھنے کھڑے ہوتے تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ایک لکڑی گڑھی ہوئی ہے۔ حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما جب سجدہ کرتے تھے تو اس قدر لمبا سجدہ کرتے کہ تمام رات سجدہ میں گزر جاتی۔ جب آپ سے لڑائی ہو رہی تھی تو ایک گولہ مسجد کی دیوار پر لگا جس سے دیوار کا ایک ٹکڑا اڑا اور حضرت ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ

Scanned by CamScanner

عنہما کے حلق اور ڈاڑھی کے درمیان سے گزرتا ہوا آگے نکل گیا مگر آپ پر نہ کوئی پریشانی ہوئی اور نہ ہی رکوع وسجدہ کو مختصر کیا۔ ایک مرتبہ آپ نماز پڑھ رہے تھے اور بیٹا جس کا نام ہاشم تھا پاس سو رہا تھا چھت سے ایک سانپ گرا اور بچے سے لپٹ گیا۔ گھر والے سب دوڑتے ہوئے آئے اور سانپ کو مارا مگر ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اسی اطمینان سے نماز پڑھتے رہے۔ سلام پھیر کر فرمانے لگے۔ کچھ شور سنائی دیا تھا کیا بات تھی؟ بیوی نے کہا اللہ تم پر رحم کرے بچے کی جان گئی تھی اور تمھیں پتہ ہی نہیں چلا۔ آپ نے فرمایا: اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر غیر کی طرف توجہ کیوں کرتا!

## امام محمد غزالی، حامد غزالی رحمۃ اللہ علیہما

حضرت حامد غزالی رحمۃ اللہ علیہ امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے چھوٹے بھائی تھے اور آپ کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے تھے ایک دفعہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی والدہ سے شکایت کی کہ اللہ نے مجھے عظیم دولت سے نوازا ہے لوگوں کے دلوں میں میرا احترام پیدا کیا ہے مگر حامد میرے پیچھے نماز نہیں پڑھتے اس سے لوگوں کے دل میں شکوک وشبہات کی فضا پیدا ہوتی ہے۔ والدہ نے کہا میں حامد کو سمجھاؤں گی۔ چنانچہ والدہ نے حامد غزالی کو بلا کر فرمایا: بیٹا! اللہ تعالیٰ نے تمہارے بھائی کو بہت بڑے علم سے مشرف فرمایا ہے۔ علمائے زمانہ اس کے سامنے زانوئے ادب بچھاتے ہیں، بیٹا! تم اس کے پیچھے نماز ادا نہیں کرتے اس سے تمہارے بھائی کے متعلق لوگوں میں چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں لہٰذا آج کے بعد میں تمہیں حکم دیتی ہوں کہ اپنے بھائی کے پیچھے نماز ادا کیا کرو۔ حضرت حامد غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے عرض کیا: بہت اچھا آج ہی جاؤں گا۔ جب نماز کا وقت ہوا تو آج حامد غزالی پہلی صف میں موجود تھے۔ رکوع ہوا تو رکوع کیا، جب سجدے میں گئے تو نماز توڑی اور گھر آگئے۔ نمازیوں نے اس پر بڑی باتیں کیں۔ حضرت امام غزالی نے والدہ کی خدمت میں عرض کیا: اماں جان! اس سے تو بہتر یہ تھا کہ حامد نماز نہ پڑھتے، آج انہوں نے میرے پیچھے نماز شروع کی اور جب سجدہ میں گئے تو نماز توڑ کر آگئے۔ والدہ نے فوراً حامد کو بلا کر پوچھا: بیٹا! تو نے یہ کیا عمل کیا، نماز توڑ کر کیوں واپس آگیا؟ آپ نے عرض کیا جب تک یہ خدا کی نماز پڑھتے رہے میں ان کے پیچھے پڑھتا رہا، جب یہ سجدے میں گئے تو انہوں نے طلاق کے مسئلے پر غور شروع کر دیا، اماں جان! میں اللہ تعالیٰ کی نماز پڑھنے کھڑا ہوا تھا نہ کہ طلاق کی۔ انہوں نے طلاقیں سوچنا شروع کر دیں تو میں نماز چھوڑ کر گھر آگیا ہوں۔

والدہ بھی تو غزالی کی تھی، فرمایا: حامد! تو نے اس لیے نماز توڑی کہ محمد غزالی کا خیال غیر کی

Scanned by CamScanner

طرف چلا گیا، اور تم بھی تو اللہ تعالیٰ کی نماز پڑھ رہے تھے تو نے اپنا خیال اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہٹا کر غزالی کے دل کی طرف کیوں لگا دیا، جو جرم غزالی نے کیا اس کے تم خود بھی مرتکب ہوئے۔

## واقعۂ مجنوں

مجنوں ایک نمازی کے آگے سے گزر گیا۔ نمازی صاحب نے نماز توڑ کر مجنوں کے دو چار تھپڑ رسید کر دیئے، تو نے دیکھا نہیں میں نے نماز شروع کر رکھی ہے میرے آگے سے کیوں گزرے ہو؟ مجنوں نے کہا: مجھ سے غلطی ہوئی ہے میں نے تمہیں نہیں دیکھا۔ نمازی نے کہا: کیوں نہیں دیکھا؟ آخر مجنوں نے ایک بات کہی، اس نے کہا: اے نمازی! میں تو دنیا کی ایک عورت کے عشق میں اتنا محو ہو کر جا رہا تھا کہ تجھے نہ دیکھ سکا مگر آپ یہ بتائیں کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کھڑے ہو کر مجھے کس طرح دیکھ لیا؟

عشق لیلیٰ میں مری حالت تباہ وصل حق میں غیر پر تیری نگاہ
کیا اسی کو کہتے ہیں راز و نیاز جا نمازی دیکھ لی تیری نماز

مجنوں نے کہا:

اِنَّ الْعَبْدَ يُنَاجِیُ رَبَّهٗ فِی الصَّلٰوةِ.

''نمازی نماز میں اللہ تعالیٰ سے راز و نیاز کی باتیں کرتا ہے۔''

کیا یہی تیری نماز ہے!

## سورج لوٹ آیا

یہ روایت بہت مشہور ہے۔ سورج غروب ہوتا جا رہا تھا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی ران پر سر اقدس رکھ کر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما رہے تھے۔ حضرت مولا علی کبھی ڈوبتے ہوئے سورج کو دیکھتے تھے اور کبھی حضور علیہ السلام کے مقدس چہرہ کی طرف، کبھی خیال آتا ہے کہ بیدار کر کے نماز پڑھ لوں۔ پھر خیال آتا ہے کہ آقا کے آرام میں خلل آجائے گا۔ کیا کروں، اگر جگاتا ہوں تو حضور کے آرام میں خلل آتا ہے اور اگر نہ جگاؤں تو اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرض جاتا ہے اور نماز بھی عصر کی ہے، جس کے متعلق قرآن کریم کا ارشاد ہے۔

حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى.

وسطی (درمیانی) نماز سے مراد نماز عصر ہے۔ کبھی ڈوبتے ہوئے سورج کی طرف دیکھتے ہیں

Scanned by CamScanner

اور کبھی حضور پاک کے چہرے کی طرف۔

میاں محمد رحمۃ اللہ علیہ نے پنجابی زبان میں یوں نقشہ کھینچا ہے آپ فرماتے ہیں:

آ گئی جان شکنجے اندر جیوں ویلنے وچ گناں
روہ نوں کہو ہن روہ محمد ہن رہوے تاں ناں

جنت کی حوریں کہہ رہی تھیں:

زمیں پر عرش اعظم کے نشاں معلوم ہوتے ہیں
علی کی گود میں دونوں جہاں معلوم ہوتے ہیں

آخر دل سے سوال کیا تو دل نے کہا:

نمازیں گر قضا ہوں پھر ادا ہوں
نگاہوں کی قضائیں کب ادا ہوں

آنکھیں بند فرمائیں اور سورج غروب ہو گیا، کھولیں تو آنکھوں میں آنسو تھے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے، دیکھا کہ علی رو رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا:

مَا یُبْکِیْکَ یَا عَلِیُّ.

''اے علی! تجھے کس چیز نے رلایا ہے؟''

عرض کیا: ''حضور! عصر کی نماز قضا ہو گئی ہے، حضور نے تو ادا فرمالی تھی مگر میں نے ابھی نہیں پڑھی تھی۔''

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قلب اقدس میں ابھی خیال ہی کیا تھا کہ ڈوبا ہوا سورج واپس آ گیا۔ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

تیری مرضی پا گیا سورج پھرا الٹے قدم
تیری انگلی اٹھ گئی مہ کا کلیجہ چر گیا

آپ اندازہ فرمائیں کہ حضرت مولا علی کی ایک نماز کی ادائیگی کے لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سورج کو واپس پھرایا۔

## امام اعظم رضی اللہ عنہ

آپ کا وصال ہو گیا آپ کے پڑوس میں ایک یہودی کا مکان تھا۔ دوسری رات یہودی کے لڑکے نے اپنے والد سے پوچھا: ابا جان! ہمارے ساتھ والے مکان میں رات کو ایک درخت نظر آیا کرتا تھا جو آج مجھے نظر نہیں آتا۔ باپ نے کہا: بیٹا! وہ درخت نہیں تھا مسلمانوں کے امام ابوحنیفہ تھے جو تمام رات کھڑے ہو کر عبادت کیا کرتے تھے۔ آج ان کا وصال ہو گیا ہے۔

Scanned by CamScanner

## حضرت بشر حافی علیہ الرحمۃ

آپ راتوں کو اتنا طویل قیام فرماتے تھے کہ تھک کر گر جاتے، پاؤں پر ورم آجاتا اور پھٹ کر خون بہنا شروع ہو جاتا مگر آپ نہایت اطمینان سے عبادت الٰہی میں مصروف رہتے۔ آپ کی توبہ کا واقعہ بھی بڑا عجیب ہے۔ آپ توبہ کرنے سے پہلے شراب نکالنے کا کاروبار کرتے تھے۔ مختلف شہروں میں ان کے کئی کارخانے چلتے تھے جہاں کثرت سے شراب کشید کی جاتی تھی۔ شراب کی تجارت سے انھوں نے لاکھوں کا نفع حاصل کیا۔ شراب نوشی اور شراب خوری سے ان کے دل سے خوف خدا بالکل محو ہو چکا تھا۔ فارسی کا ایک مقولہ ہے:

''رحمت حق بہا نمی جوید بہانہ می جوید''۔

ایک دن شراب کے کارخانے جا رہے تھے، راستے میں کاغذ کا ایک ٹکڑا دیکھا اٹھایا اور پڑھا تو اس پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط لکھا ہوا تھا، دل میں خیال آیا کہ میں تو اس شان وشوکت سے رہوں کہ نوکر چاکر، محلات، کارخانے میرے تابع ہیں، اور یہ پاک نام قدموں کے نیچے ہو۔ اس کاغذ کو گھر لے گئے۔ عطر وخوشبو لگا کر بلند مقام پر رکھ کر کہا تیرا مقام وہ نہیں تھا یہ ہے۔ پروردگار عالم کو یہ بات پسند آگئی وہ تو رحیم وکریم ہے آدمی ایک بار کیے ہوئے وعدے پر پشیمان ہو کر آئندہ نہ کرنے کا عہد کر کے اس کی بارگاہ میں جھک جائے تو اس کے آنسوؤں کا ایک قطرہ تمام زندگی کے گناہوں کو دھو دینے کے لیے کافی ہے۔ بشر نے اللہ تعالیٰ کے نام پاک کو بلند مقام پر رکھا، پروردگار عالم نے فرمایا: بشر نے میرے نام کا احترام کیا ہے اب ہم اسے شراب نہیں پینے دیں گے۔

بشر شراب خانے گیا اور جوتا اتار کر ابھی بیٹھا ہی تھا کہ کسی نے دروازے پر دستک دی۔ بشر نے کہا: کون ہے؟ اسے کہو یہ وقت ملاقات کا نہیں، پھر کسی وقت آنا۔ آنے والے نے کہا بشر کو کہو کہ میں اللہ تعالیٰ کا قاصد ہوں اور اس کا سلام لے کر آیا ہوں۔ بشر نے جب یہ سنا تو دل کی دنیا بدل گئی۔ کہنے لگا میں نے تمام عمر نافرمانی کی اور صرف ایک کاغذ جس پر اس کا نام تھا اٹھایا اور بلند مقام پر رکھا تو اللہ تعالیٰ نے سلام بھیجا ہے اگر عمر اس کی یاد میں گزرتی تو اس کا فضل وکرم کتنا عظیم ہوتا۔ یہ سوچا اور ننگے پاؤں دروازے کی طرف دوڑے اللہ تعالیٰ کا وہ قاصد جو اسی علاقے کا ایک ولی کامل تھا اس نے بڑھ کر سینے سے لگا لیا۔ پھر بشر نے تمام شراب خانوں کو آگ لگا دی اور سچے دل سے توبہ کی۔ پروردگار عالم نے ولیوں کا شہنشاہ بنا دیا۔ پھر بشر نے ساری زندگی پاؤں میں جوتا نہیں پہنا، ننگے پاؤں رہتے تھے۔ حافی عربی زبان میں ننگے پاؤں والے کو کہتے ہیں۔ کسی نے پوچھا:

Scanned by CamScanner

آپ ننگے پاؤں کیوں رہتے ہیں جوتا کیوں نہیں پہنتے؟ آپ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کا سلام آیا تھا تو میں ننگے پاؤں بیٹھا تھا شاید اللہ تعالیٰ کو میری وہی حالت پسند ہو۔

ایک دفعہ پھر کسی نے پوچھا: آپ جوتا کیوں نہیں پہنتے؟ آپ نے فرمایا: یہ زمین اللہ تعالیٰ کا فرش ہے اور اللہ کے فرش پر جوتے پہن کر چلنا کس طرح مناسب ہے!

پروردگار عالم نے بھی اس علاقے کے جانوروں کو حکم دیا کہ راستہ میں پیشاب نہ کریں کہیں میرے بشر کا پاؤں پلید نہ ہو جائے۔

## آٹھ سال کا بچہ

رات ڈھل چکی تھی۔ اور یہی وہ وقت ہوتا ہے جب آسمان دنیا سے رحمت کی آواز آتی ہے:

هَلْ مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ اَغْفِرُ لَهٗ.

ہے کوئی توبہ کرنے والا، میں اس کی توبہ قبل کرلوں، ہے کوئی استغفار کرنے والا میں اس کے گناہ معاف کردوں۔

ڈاکٹر اقبال نے کیا اچھا ترجمہ کیا ہے:

ہم تو مائل بہ کرم ہیں کوئی سائل ہی نہیں ‏ ‏ ‏ راہ دکھلائیں کسے رہرو منزل ہی نہیں

میاں محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

پچھلی راتیں رحمت رب دی کرے بلند آوازہ ‏ ‏ ‏ بخشش منگن والیاں کا رن کھلا ہے دروازہ

ایک فارسی شاعر فرماتے ہیں:

ہر کہ وقت صبح دم در یاد حق بیدار نیست ‏ ‏ ‏ او محبت راچہ داند لائق دیدار نیست

جو صبح کے وقت اللہ کی یاد میں بیدار نہیں ہوتا وہ دیدار کے بھی لائق نہیں۔

اس کی حالت تو یہ ہے:

رخت را دزدے برد چوں پاسباں۔ بیدار نیست

ہاں تو میں عرض کر رہا تھا کہ رات ڈھل چکی تھی ایک صوفی نے سنا، دور سے ایک آواز آرہی تھی کوئی زار زار رو رہا تھا۔ صوفی نے قریب جا کر دیکھا تو ایک بچہ جس کی عمر بمشکل آٹھ سال ہوگی سر سجدے میں رکھے رو رہا ہے۔ صوفی نے اس کو پکڑ کر اٹھا دیا۔ اس بچے نے کہا: صوفی! تو نے بہت ظلم کیا ہے میرا وظیفہ ختم کر دیا میں آبادی سے دور جنگل میں اسی لیے آگیا تھا۔ صوفی نے کہا: میں نے تجھے اس لیے نہیں اٹھایا کہ تیرا وظیفہ ختم کردوں بلکہ میں تو پوچھنا چاہتا ہوں کہ:

Scanned by CamScanner

کتھوں ایڈے درد لیونیں دردانوالیا یارا دس دکان اسانوں وی اوہ بنیں دلال ہمارا

اس بچے نے کہا: اے صوفی! میں گھر بیٹھا دیکھ رہا تھا میری والدہ نے چولھے میں آگ جلائی اس نے بڑی بڑی لکڑیاں رکھیں مگر ان کو آگ نہ لگی۔ پھر میری والدہ نے ان کے ساتھ چھوٹی چھوٹی لکڑیاں رکھ دیں۔ پہلے چھوٹی لکڑیوں کو آگ لگی اور پھر اس کے ساتھ بڑی لکڑیاں بھی جلنے لگیں۔ صوفی! مجھے درد مل گیا میں نے سوچا کہ جب اللہ تعالیٰ ابولہب کو دوزخ میں بھیجے گا، ابولہب، ہامان، شداد، فرعون، اور نمرود کو پھینکے گا تو کہیں یہ نہ ہو کہ ان بڑے کافروں کو آگ نہ لگے اور اللہ تعالیٰ میرے جیسے چھوٹوں کو پکڑ کر ڈال دے۔

## شہنشاہ بغداد رضی اللہ عنہ

نصف رات گزر چکی ہے اور نصف باقی ہے شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کوئی شخص کعبۃ اللہ کی دیوار کو پکڑ کر زار زار رو رہا تھا اور بار بار کہتا تھا کہ:

یا اللہ! اگر میرے عمل تیری بارگاہ میں درجہ قبولیت تک نہیں پہنچے تو مجھے قیامت کے دن نابینا کر کے اٹھانا تا کہ تیرے نیک بندوں کے سامنے شرمسار نہ ہوں۔

آپ فرماتے ہیں پوچھا گیا: آپ کون ہیں، اتنے درد کے ساتھ کیوں رو رہے ہیں؟ یہ لفظ ’’کیوں‘‘ کہتے ہیں رونے والے نے کوئی جواب نہیں دیا۔ دوبارہ پوچھا کہ آپ کون ہیں رونے والے نے کہا:

اَنَا عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيُّ.

یہ غوث اعظم ہیں، ولیوں کے سردار ہیں، اولیاء کی گردنوں پر قدم ہے مگر راتیں یوں روتے گزر جاتی ہیں۔ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ قِيَامًا○

## چالیس تابعی

خواجہ عمر بن محمد شہاب سہروردی رحمۃ اللہ علیہ عوارف المعارف میں فرماتے ہیں کہ بزرگوں کی جماعت تمام رات عبادت کرتی تھی یہاں تک کہ تابعی حضرات کے بارے میں منقول ہے کہ وہ عشاء کے وضو سے فجر کی نماز پڑھتے تھے۔ ان میں حضرت سعید بن مسیب، نفیل بن عیاض، وہیب بن الورد، ابوسلیمان دارانی علی بن بکار، حبیب عجمی، کہمس بن منہال، ابوحازم، محمد بن منکدر اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہم اجمعین شامل تھے۔

Scanned by CamScanner

## سوال و جواب

کسی نے ایک ولی اللہ سے دریافت کیا کہ شب قدر کی کیا نشانی ہے؟ آپ نے فرمایا:

اے دوست چہ پرسی زشب قدر نشانی  ہر شب شب قدر است گر قدر بہ دانی

اگر تجھے قدر ہے تو ہر شب شب قدر ہے۔

## بچہ بول اٹھا

تہذیب السالکین میں ہے کہ حضرت جریج ایک ولی اللہ تھے اللہ تعالیٰ کے مقبول تھے۔ تمام رات اپنے عبادت خانے میں عبادت الٰہی میں مصروف رہتے۔ راتوں کی عبادتوں کا یہ اثر تھا کہ ان کے چہرے سے نور نکلتا نظر آتا تھا ایک دفعہ ان سے عجیب واقعہ پیش آیا۔ وہ رات کو نماز پڑھا کرتے تھے تو ان کی والدہ آئی اور آواز دی۔ حضرت جریج رحمۃ اللہ علیہ نے دل میں سوچا کہ کیا کروں، ماں بلا رہی ہیں اور حالت نماز میں ہوں، والدہ چلی گئیں، دوسرے دن بھی والدہ آئیں تو عبادت کر رہے تھے۔ والدہ نے آواز دی۔ یہ پھر حیران ہوئے۔ دل میں کہا: یا اللہ! ایک طرف تیری عبادت ہے اور دوسری طرف میری والدہ ہیں۔

آخر والدہ چلی گئی اور جاتے ہوئے ایک دعا مانگی کہ یا اللہ! موت سے پہلے جریج کو فاحشہ عورت کا منہ دکھا۔ ماں کے منہ سے نکلے ہوئے یہ الفاظ فوراً قبول ہوگئے۔ اسی شہر میں ایک فاحشہ عورت رہتی تھی جس کو یہودیوں نے کہا کہ اگر تو جریج کو گناہ میں مبتلا کردے تو تجھے دولت سے مالا مال کر دیا جائے گا۔ اس نے کہا یہ میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے، میں نے بڑے بڑے زاہدوں کے زہد اور متقیوں کے اتقاء کو بھسم کر کے رکھ دیا ہے، جریج کو گناہ میں مبتلا کرنا کوئی بڑی بات نہیں۔

چنانچہ وہ فاحشہ عورت بڑے دھڑلے اور اعتماد سے حضرت جریج کے پاس پہنچی۔ رات کا وقت تھا۔ آپ تمام رات نفل پڑھتے رہے۔ دو نفل ادا کیے، سلام پھیرا، دو پھر شروع کر دیئے اور یونہی وہ تمام رات نفل ادا فرماتے رہے ایک دفعہ بھی نگاہ اٹھا کر اس فاحشہ عورت کی طرف نہیں دیکھا۔ وہ عورت اپنی یہ بے عزتی برداشت نہ کر سکی۔ اس نے ایک چرواہے کو اپنے نفس پر قادر کیا، حاملہ ہوگئی، بچہ جنا اور مشہور کر دیا کہ یہ بچہ جریج کا ہے۔ لوگ حیران ہوگئے کہ وہ تو بہت بزرگ آدمی ہیں۔ مگر وہ فاحشہ تمام شہر میں پھرتی رہی اور یہی اعلان کرتی رہی۔ یہودی بہت خوش تھے۔ لوگوں نے جا کر حضرت جریج کا عبادت خانہ گرا دیا اور آپ کو پتھر مارنے لگے۔

Scanned by CamScanner

جریج نے کہا کیا بات ہے؟ مجھے کیوں پتھر مارتے ہو؟ لوگوں نے کہا تو نے فاحشہ سے برائی کی اور یہ تیرا بچہ ہے۔ آپ نے لڑکے کے پیٹ پر انگلی ماری اور فرمایا: بلند آواز سے کہو کس کے بیٹے ہو؟ تمہارا باپ کون ہے؟

بچہ فوراً بول اٹھا کہ میں فلاں چرواہے کا بیٹا ہوں۔

یہ حضرت جریج رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عبادت کا نتیجہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے بچے کو بولنے کی طاقت عطا فرمائی اور اپنے ولی کے تقویٰ اور پرہیزگاری کا ثبوت مہیا فرمادیا۔

وَاٰخِرُ دَعْوٰانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ.

Scanned by CamScanner

# ماہ رجب کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ الْاَمِیْنِ وَعَلٰی اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ وَاَصْحَابِهِ الْهَادِیْنَ الْمَهْدِیِّیْنَ

اَمَّا بَعْدُ

فَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَکَ وَ تَعَالٰی فِی الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ وَ الْفُرْقَانِ الْحَمِیْدِ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

سُبْحٰنَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ط (پ۱۵)

پاک ہے وہ ذات جو اپنے خاص بندے کو لے گیا رات میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک وہ مسجد جس کے اردگرد ہم نے برکت فرمادی ہے تاکہ ہم اسے دکھائیں اپنی نشانیاں، بیشک وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

حضرات! یہ مہینہ نہایت عظمت و برکت والا ہے اس کی ستائیسویں شب کو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج ہوئی۔ پہلے اس آیۂ کریمہ کی لفظی تشریح سماعت فرمایئے۔

## سُبْحٰنَ الَّذِیْ

پاک ہے وہ ذات اس عظیم واقعہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنی پاکی سے شروع کیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ اس عجز سے پاک ہے کہ اپنے محبوب کو رات کے تھوڑے سے حصے میں ان بلندیوں پر نہ لے جاسکے۔

## اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ

جو لے گیا اپنے خاص بندے کو۔ یہاں اللہ تعالیٰ نے اسریٰ فرمایا ہے کیونکہ اس لفظ سے تفریح اور مسرت وخوشی کا اظہار ہوتا ہے۔ عبدہ پر جو لفظ ''ب'' ہے یہ مصاحبت کے لیے ہے اس میں اشارہ ہے کہ سیر کرانے والا سیر کرنے والے کے ساتھ ساتھ تھا۔ یہ معیت بے کیف تھی جو ادراک میں نہیں آسکتی۔ ''عبد'' مضاف ہے ''ہ'' کی طرف اور ''ہ'' ضمیر متصل ہے گویا عبد اپنے

معبود کی طرف بتمامہ مائل تھا اور معبود اپنے عبد کی طرف بانعامہ واکرامہ" عبدہٗ" سے مراد عبد کامل ہے اور عبد کامل حضور علیہ السلام کی ذات پاک ہے۔ ڈاکٹر اقبال فرماتے ہیں:

عبدہٗ از فہم تو بالا تر ست زانکہ او ہم آدم و ہم جوہر ست

اللہ کا بندہ تیرے فہم سے بالاتر ہے اس لیے کہ وہ آدمی بھی ہے اور اس کا جوہر بھی۔

جوہر او نہ عرب نہ اعجم است آدم است وہم ز آدم اقدم است

اس کا جوہر نہ عرب سے وابستہ ہے نہ عجم سے۔ وہ آدم ہونے کے باوجود آدم سے بھی بہت قدیم ہے۔

عبد دیگر عبدہٗ چیزے دگر ما سراپا انتظار او منتظر

بندہ کچھ اور چیز ہے اور بندۂ حق کچھ اور ہم سراپا انتظار ہیں اور وہ منتظر۔

عبدہٗ با ابتداء بے انتہا ست عبدہٗ راصبح و شام ما کجا ست

بندۂ حق کی ابتدا ہے مگر انتہا نہیں ہے۔ بندہ حق ہم جیسا صبح وشام نہیں رکھتا۔

کس زسر عبدہٗ آگاہ نیست عبدہٗ جز سر الا اللہ نیست

کوئی شخص عبدہٗ کے صحیح راز سے آگاہ نہیں ہے۔ عبدہٗ کلمۂ توحید کے سوا کچھ نہیں ہے۔

لا الہ تیغ ودم او عبدہٗ فاش تر خواہی بگو ھو عبدہٗ

لا الہ تیغ ہے اور اس کی دھار عبدہٗ اور اگر اسے اور واضح کرنا چاہتا ہے تو کہہ ھو عبدہٗ۔

بعض لوگ عوام کے ذہنوں میں ایک غلط قسم کا شبہ پیدا کرتے رہتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ عبد اور نور ایک دوسرے کی ضد ہیں جو "لا یجتمعان" جمع نہیں ہو سکتیں۔ جو نور ہو عبد نہیں اور جو عبد ہو نور نہیں ہو سکتا۔ یہ شبہ درست نہیں اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام فرشتے نوری ہیں اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے:

بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ط "بلکہ وہ عزت والے عبد ہیں۔"

غور فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو (جو بلا شبہ نوری ہیں) عبد فرمایا ہے۔ معلوم ہوا کہ نور اور عبد ایک دوسرے کی ضد نہیں۔ عبد عبادت کرنے والے کو کہتے ہیں، اور عبادت میں نوری، ناری، خاکی، جمادات، حیوانات، نباتات سب شامل ہیں۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ.

"زمین وآسمان کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کی تسبیح یعنی عبادت کرتی ہے۔"

Scanned by CamScanner

## لَيْلًا

''رات کو۔ حالانکہ یہ سیر اپنی خاص نشانیاں دکھانے کے لیے تھی۔ اور دیکھنا اچھی طرح دن کو ہوتا ہے تو پھر رات کو سیر کیوں کرائی؟ اور پھر رات بھی ستائیس کی منتخب فرمائی، جس میں چاند نظر ہی نہیں آتا مطلب یہ کہ نہ سورج کی روشنی میں اور نہ رات کی چاندنی میں بلایا۔ اس سے یہ بتانا مقصود تھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام چاند اور سورج کی روشنی کے محتاج نہیں تمام کائنات آپ کی محتاج ہے۔ بلکہ تمام اجالے اور روشنیاں حضور کے نور کا پرتو ہیں۔ حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

کلیمے کہ چرخ فلک طور اوست ہمہ نور ہا پر تو نور اوست

بلکہ چاند اور سورج تو آپ ہی سے منور ہیں۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

يَا صَاحِبَ الْجَمَالِ وَيَا سَيِّدَ الْبَشَرُ مِنْ وَّجْهِكَ الْمُنِيْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرُ
لَا يُمْكِنُ الثَّنَاءُ كَمَا كَانَ حَقُّهُ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

## مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا

''مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک۔'' بعض احادیث میں آیا ہے کہ معراج کی ابتداء حطیم کعبہ سے ہوئی۔ اور بعض احادیث میں ہے کہ آپ اپنی چچازاد ہمشیرہ ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر آرام فرما تھے اور وہاں سے حطیم کعبہ میں آئے اور حطیم مسجد حرام کے اندر ہے۔ گویا کہ باقاعدہ معراج کی ابتداء مسجد حرام سے ہوئی ہے اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا ''مسجد اقصیٰ تک'' پھر مسجد اقصیٰ سے ملاء اعلیٰ تک کا سفر قرآن کریم کے ستائیسویں پارے سورہ النجم میں بیان فرمایا گیا ہے۔ اقصا معنی ہے ''دور'' چونکہ وہ مسجد مکہ سے کافی دور ہے اس لیے اس کو مسجد اقصیٰ کہا جاتا ہے۔

## اَلَّذِىْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ

وہ مسجد جس کے اردگرد ہم نے برکت فرمادی ہے۔ یہ مسجد تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا مرکز رہی ہے۔ اس کے آس پاس اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کی برکت فرمائی ہے۔ حسی برکت، باغات، سبزہ زار آبادیاں، چشمے، فصلیں، حد نگاہ تک لہلہاتے ہوئے کھیت ہی کھیت دکھائی دیتے ہیں اور روحانی برکتیں یوں کہ وہاں بے پناہ انبیاء کرام کے آثار و مزارات ہیں۔

Scanned by CamScanner

## لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا

تا کہ دکھائیں ہم اسے اپنی نشانیاں۔ یہ متعلق ہے اسری کے یعنی سیر کیوں کرائی۔ تا کہ ہم اسے اپنی نشانیاں دکھائیں گویا یہ سیر برائے رویت تھی۔ یہاں بعض حضرات کا یہ اعتراض ہے کہ مِنْ اٰيٰتِنَا میں لفظ من تبعیض کے لیے ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بعض نشانیاں دکھائیں تمام نہیں دکھائیں اس کا جواب یہ ہے کہ آیات مختلف تھیں بعض کا تعلق دیکھنے سے تھا اور بعض کا سننے سے اور بعض کا چلنے سے۔ تو جن آیات کا تعلق سننے سے تھا وہ کل آیات کا بعض تھیں۔ اس اعتراض کا دوسرا جواب ہے کہ لفظ من تبعیضیہ نہیں بلکہ تفسیر یہ ہے۔

## اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

بیشک وہی سننے والا دیکھنے والا ہے۔ اس جگہ انہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات مراد ہے ضمیر کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات بھی ہو سکتی ہے مگر اس ضمیر سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات مراد لینا زیادہ صحیح ہے۔ اس لیے کہ ضمیر کا اقرب کی طرف لوٹانا زیادہ انسب ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ہمارے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سمیع بھی ہیں بصیر بھی ہیں۔

## واقعۂ معراج

حضرت! یہاں تک تو اس آیت کریمہ کی لفظی تشریح تھی۔ اب معراج شریف کا پورا واقعہ سماعت فرمائیے۔

ہجرت سے تقریباً پانچ سال قبل رجب شریف کی ستائیسویں رات کو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی چچا زاد ہمشیرہ حضرت ام ہانی کے گھر میں آرام فرما رہے تھے کہ جبریل علیہ السلام پچاس ہزار فرشتوں کی جماعت اور جنتی براق لیے حاضر ہوتے ہیں۔ حضور اکرم محو استراحت ہیں۔ جبریل ہاتھ باندھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور سوچ رہے ہیں کہ اگر آواز دے کر جگایا تو یہ بے ادبی ہے۔

اور یہ:

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر　　　نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

پروردگار عالم نے فرمایا:

يَا جِبْرِيْلُ قَبِّلْ قَدَمَيْهِ.　　"اے جبریل! میرے محبوب کے دونوں پاؤں چوم لے۔"

Scanned by CamScanner

حضرت جبریل امین نے اپنی کافوری آنکھیں اور ہونٹ حضور علیہ السلام کے مبارک قدموں پر رکھ دیئے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے تو حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا:

اِنَّ اللّٰہَ اشْتَاقَ اِلٰی لِقَائِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط

''اللہ تعالیٰ آپ کی ملاقات کا مشتاق ہے۔''

آپ اندازہ فرمائیں کہ جس کے پاؤں کو بوسے دینے والا جبریل امین ہو جو تمام فرشتوں کا سردار ہے اور مشتاق ملاقات تمام کائنات کا خالق و مالک ہو اس کی شان کا اندازہ کون کرسکتا ہے۔

## براق پر سواری

حضور بیدار ہوئے تو حضرت جبریل نے سواری پیش کی۔ یہ براق جنت میں حضور کے عشق میں رو رہا تھا۔ جبریل نے ستر ہزار براق دیکھے ہر براق آرزو رکھتا تھا کہ حضور کی سواری کے لیے مجھے منتخب کیا جائے۔ جبریل سوچ رہے تھے کہ کون سا براق لے جاؤں، ہر براق ایک دوسرے سے حسین ہے۔ اسی اثناء میں جبریل کی نظر ایک براق پر پڑی جو سر جھکائے زار و قطار رو رہا ہے۔ جبریل نے کہا کیوں رو رہا ہے؟ آج تو اللہ کے محبوب کی آمد ہے۔ کائنات ارضی و سماوی کا ذرہ ذرہ جھوم رہا ہے۔ براق نے کہا:

غالب ہمیں نہ چھیڑ کہ پھر جوش اشک سے بیٹھے ہیں ہم تہیۂ طوفاں کیے ہوئے

اور:

بیٹھے ہیں ہم تصور جاناں کیے ہوئے

براق نے کہا میری منزل بھی وہی ہے جس کے باقی براق طالب ہیں۔ منزل ایک ہے اور راستے دو۔ کوئی ہنس کر محبوب کو منا لیتا ہے اور کوئی رو کر۔ میں اپنی منزل کو پانے کے لیے رو رہا ہوں شاید میرا رونا ہی قبول ہو جائے۔ براق کا رونا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پسند آ گیا۔

آواز آئی اے جبریلا ایہہ فرمان پیا آوَ ندا اے
میرے نبی لئی اوہو براق لے جا جہڑا انکرے نیر وہاوَ ندا اے

## غزنی اور مصری شہنشاہ

محمود غزنوی مدینہ پاک حاضر ہوئے۔ شاہی لباس اتار کر فقیرانہ لباس پہنا۔ کاندھے پر پانی کی مشک اٹھائے ہوئے مخلوق خدا کو پانی پلا رہے تھے کہ ایک شخص نے پہچان کر پوچھا کیا آپ غزنی

Scanned by CamScanner

کے شہنشاہ ہیں؟ محمود نے کہا: شہنشاہ ہوں مگر غزنی میں، اس دربار میں تو شہنشاہ بھی فقیر ہوتے ہیں اور بادشاہ بھی گدا ہوتے ہیں۔ جواب بڑا ہی پیارا تھا اسے بڑا ہی پسند آیا۔ تھوڑی دیر بعد اس نے دیکھا کہ مصر کا شہنشاہ شاہی تاج اور لباس پہنے رعب و دبدبہ سے آ رہا تھا اس شخص نے بڑھ کر کہا: آپ نے اتنی جسارت کی کہ مدینہ پاک کی حاضری اور شاہی لباس۔ جو جواب مصر کے شہنشاہ نے دیا وہ بھی سنہری حروف سے لکھنے کے قابل ہے۔ مصر کے شہنشاہ نے کہا: سوال کرنے والے! مجھے یہ بتا کہ یہ شاہی تاج اور شاہی لباس کس ہستی پاک کا عطا کیا ہوا ہے۔ اسی آقا نے یہ تاج اور لباس بخشا ہے۔ لباس پہن کر حاضر ہوا ہوں تا کہ دینے والا اسے اپنی آنکھوں سے دیکھ لے۔

حضرات! محمود اور شہنشاہ کی منزل ایک تھی مگر راستے دو۔ یونہی اس براق نے کہا: اے جبریل! منزل ایک ہے مگر راستے دو ہیں۔ کسی کا ہنسنا قبول ہوتا ہے اور کسی کا رونا جس وقت حضرت جبریل نے اس براق کو خوشخبری سنائی کہ تمہیں حضور علیہ السلام کی سواری کے لئے منتخب کر لیا گیا ہے، محبت رسول میں تمہارا رونا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پسند آ گیا ہے تو براق کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس میں حسن آ گیا جس کی مثال پیش نہیں کی جا سکتی۔

اس براق پر جب حضور علیہ السلام سوار ہوئے تو اس نے ذرا سی شوخی کی۔ جبریل نے غضب آلود نگاہوں سے دیکھ کر کہا: اے براق! تو شوخی کرتا ہے، جانتا نہیں کہ تجھ پر کون سوار ہے!

جبریل کی جھڑک سن کر براق پسینہ پسینہ ہو گیا، کہنے لگا: میں نے شوخی نہیں کی مجھے تو اپنی قسمت پر وجد آیا ہے، میں نے اپنے مقدر پر ناز کیا ہے، کہاں میں اور کہاں محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم۔

کتھے مہر علی کتھے تیری ثناء گستاخ آنکھیاں کتھے جا لڑیاں

## امت کی یاد

ریاض الازہار صفحہ ۲۰۹ میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے براق پر سوار ہونے سے پہلے ذرا توقف فرمایا تو جبریل نے عرض کی: آقا! اس توقف کا کیا سبب ہے؟ آپ نے فرمایا: میں سوچ رہا ہوں کہ آج میرے اوپر نوازشات کا خصوصی وقت ہے، ملائکہ میری خدمت کے لیے حاضر ہیں، جنتی براق میری سواری کے لیے موجود ہے، حشر کے دن میری امت کا کیا حال ہوگا، پلصراط جو پچاس ہزار سال کی راہ ہے، بال سے باریک اور تلوار سے تیز ہے اور ہر ایک کو اس سے گزرنا ہے۔

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ط كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ط

Scanned by CamScanner

میری امت اس سفر کو کیسے طے کرے گی۔ اسی وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت دی گئی: اے محبوب! آپ امت کی ہرگز فکر نہ کیجئے ہم آپ کی امت کو پل صراط سے یوں گزار دیں گے کہ انھیں معلوم نہ ہوگا۔

اعلحضرت علیہ الرحمۃ حضور کی بارگاہ میں عرض کرتے ہیں:

پل سے گزارو راہ گزر کو خبر نہ ہو　　جبریل پر بچھائیں تو پر کو خبر نہ ہو

اس واضح بشارت کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام براق پر سوار ہوئے جبریل نے رکاب تھامی، میکائیل نے لگام پکڑی، اسرافیل نے زین کو سنبھالا، پچاس ہزار فرشتوں کی صلوٰۃ وسلام کی صداؤں سے فضا گونج اٹھی۔ وہ بھی کیا سماں ہوگا۔ بلانے والا نور ہے سواری بھی نور ہے، سوار ہونے والا بھی نور، دولھا بھی نور، باراتی بھی نور

کھڑے ہیں صف بہ صف حور و ملائک　　انھیں دولھا بنایا جا رہا ہے
مہ و انجم بھی مدھم پڑ رہے ہیں　　نقاب رخ اٹھایا جا رہا ہے
مہ و انجم نچھاور ہو رہے ہیں　　کوئی نغمہ سا گایا جا رہا ہے

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں:

جو ہم بھی واں ہوتے خاک گلشن لپٹ کے قدموں سے لیتے اترن
مگر کریں کیا نصیب میں تو یہ نامرادی کی دن لکھے تھے

کتنی بڑی حسرت اور کتنی بڑی آرزو ہے، وہ الفاظ کہاں سے لائیں جو یہ نور بھرا سماں بیان کرسکیں۔

خدا ہی دے صبر جان پر غم دکھاؤں کیونکر تجھے وہ عالم
جب ان کو جھرمٹ میں لے کے قدسی جناں کا دولھا بنا رہے تھے
غبار بن کر نثار جائیں کہاں اب اس رہگزر کو پائیں
ہمارے دل حوریوں کی آنکھیں فرشتوں کے پر جہاں بچھے تھے

## براق کی رفتار

احادیث میں آتا ہے کہ براق کی رفتار کا یہ عالم تھا کہ وہ اپنی منتہائے نگاہ پر قدم رکھتا تھا۔ ہماری نگاہ کا یہ عالم ہے کہ جونہی اوپر اٹھائی آن کی آن میں سورج، چاند اور ستاروں تک جا پہنچی۔ یہ کرۂ ارض سے کروڑوں میل دور ہیں۔ ہم خاکی ہیں اور ہماری آنکھوں میں تھوڑا سا نور ہے اور جو

Scanned by CamScanner

مجسم نور ہے اس کی نگاہ کا کیا عالم ہوگا! گویا وہ اللہ تعالیٰ کا بھیجا ہوا میزائل تھا جو سارا سفر آن کی آن میں طے کر گیا۔

آج روس اور امریکہ کے بنائے ہوئے راکٹ اور میزائل ہزاروں میلوں کا سفر منٹوں میں طے کر رہے ہیں تو اللہ تعالیٰ کا بھیجا ہوا سیارہ یہ سفر اتنی جلدی طے کر جائے تو کیا بعید ہے!

## لطیفہ

بعض لوگوں کا عقیدہ ہے کہ انبیاء ہماری ہی طرح بشر تھے۔ چنانچہ مولوی اسمٰعیل دہلوی نے اپنی کتاب ''تقویۃ الایمان'' میں لکھا ہے کہ تمام انبیاء اولیاء ہماری ہی طرح بشر تھے۔ آیا انبیاء ہماری مثل بشر تھے یا نہیں؟ یہاں اس مسئلہ پر بحث موضوع سے غیر متعلق ہوگی۔ اس جگہ ایک لطیفہ عرض ہے۔

ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم براق پر سوار ہو کر تشریف لے گئے۔ براق ''برق'' سے لیا گیا ہے اور برق کا معنی ہے بجلی۔

قرآن کریم میں ہے:

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ.

قریب تھا کہ بجلی ان کی نگاہوں کو اچک لیتی۔

برق کا معنی بجلی، اور عربی زبان میں ہے کہ زِيَادَةٌ لِلَّفْظِ تَدُلُّ عَلٰى زِيَادَةِ الْمَعْنٰى ''الفاظ کا زیادہ ہونا معنی کی زیادتی پر دلالت کرتا ہے۔'' یونہی لفظ براق بجلی کے معنی کی زیادتی مراد ہے۔ وہ حضرات جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی مثل بشر کہتے ہیں ان کو چاہیے کہ وہ اپنے دعوے کی سچائی کے لیے بجلی کے ننگے تار کو صرف ایک بار ہی ہاتھ لگا دیں ان شاء اللہ مسئلہ حل ہی نہیں ختم ہو جائے گا۔

## روانگی جلوس

موسم بہار آ گیا، اطراف میں نور ہی نور پھیلتا چلا گیا۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری نہایت شان وشوکت سے ملائکہ کے جلوس میں مسجد حرام سے نکلی۔ کسی شاعر نے کیا خوب نقشہ کھینچا ہے۔ لکھتا ہے:

Scanned by CamScanner

باغ عالم میں باد بہاری چلی سرور انبیا کی سواری چلی
یہ سواری سوئے ذات باری چلی ابر رحمت اٹھا آج کی رات ہے
طور چوٹی کو اپنے جھکانے لگا چاندنی چاند ہرسو دکھانے لگا
عرش سے فرش تک جگمگانے لگا رشک صبح صفا آج کی رات ہے
برق سے تیز تر ہے براق آپ کا کیونکہ خالق کو ہے اشتیاق آپ کا
اب نہیں دیکھا جاتا فراق آپ کا جلد چلنا روا آج کی رات ہے
جذب حسن طلب آج کی رات ہے دائیں بائیں فرشتوں کی بارات ہے
سر پہ نورانی سہرے کی کیا بات ہے شاہ دولھا بنا آج کی رات ہے
عطر رحمت فرشتے چھڑکتے چلے جس کی خوشبو سے رستے مہکتے چلے
چاند تارے جلو میں چمکتے چلے کہکشاں زیر پا آج کی رات ہے

آسمانوں کے دریچے کھول دیئے گئے تا کہ ملاء اعلیٰ کی دنیا بھی حضور علیہ السلام کے جلوس کے دیدار سے مشرف ہو سکے۔ سیرت حلبیہ میں ہے کہ حضور علیہ السلام کی ولادت با سعادت سوموار کو ہوئی، بعثت اور معراج بھی سوموار کو ہوئی۔ سوموار کو ہی مدینے پہنچے اور وصال بھی سوموار کو ہوا۔

## مدینہ منورہ

زرقانی شرح مواہب لدنیہ جلد ۶ صفحہ ۲۹ میں ہے کہ ابتدائے سفر میں چند لمحوں بعد ایک وادی آئی جس میں کھجور کے بے شمار درخت تھے۔ جبریل نے عرض کیا: حضور! یہاں اتر کو دو رکعت نفل ادا کریں آپ کی ہجرت گاہ مدینہ طیبہ ہے۔

## وادیٔ ایمن

پھر ایک وادی سے گزر ہوا، جبریل نے عرض کیا: یہ وادی ایمن ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو شرف کلام بخشا۔

کلیم بر جبل طور اعتبار گرفت مسیح بر فلک چہارم قرار گرفت
غلام ہمت آنم کہ فوق کون و مکان براق عزم دو اند و دست یار گرفت

## سرخ ٹیلہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے میں معراج کی

رات ایک سرخ ٹیلے سے گزرا تو میں نے دیکھا کہ وہاں موسیٰ علیہ السلام کی قبر ہے اور وہ اپنی قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے ہیں۔ یہاں دو سوال پیدا ہوتے ہیں۔

پہلا سوال یہ ہے کہ کیا عالم برزخ میں بھی آدمی عبادت کے لیے مکلّف ہوتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ وہاں کی عبادت مکلّف کی حیثیت سے نہیں بلکہ صرف لذّت عبادت کے حصول کے لیے ہے۔ نیز علماء محققین نے فرمایا ہے کہ یہ عبادت انبیاء کا خاصہ ہے۔ امام عبدالوہاب شعرانی منح الملۃ صفحہ۲۱ پر تحریر فرماتے ہیں:

**وَقَدْ صَحَّتِ الْاَحَادِيْثُ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ فِيْ قَبْرِهٖ يُصَلِّيْ بِاَذَانٍ وَّ اِقَامَةٍ كَمَا اَخْبَرَ بِذٰلِكَ فِيْ حَقِّ مُوْسٰى وَغَيْرِهٖ مِنَ الْاَ نْبِيَاءِ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ.**

صحیح حدیثوں میں آیا ہے کہ حضور علیہ السلام اپنی قبر انور میں زندہ ہیں اور اذان و اقامت کے ساتھ نماز ادا فرماتے ہیں جس طرح آپ نے موسیٰ علیہ السلام کی خبر دی ہے معراج کی رات۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام جب اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے تو مسجد اقصیٰ میں انبیاء کرام میں کیسے شامل ہوئے اور اتنی جلدی چھٹے آسمان پر کیسے پہنچ گئے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام بیک وقت اپنی قبر میں بھی تھے اور مسجد اقصیٰ میں بھی اور چھٹے آسمان پر بھی۔ اور یہ مسئلہ مسلمہ ہے کہ انبیاء بیک وقت کئی مقامات پر موجود ہو سکتے ہیں اس کے لیے بے شمار دلائل موجود ہیں۔ مولوی اشرف علی تھانوی نے تو انوار الحسنین میں یہاں تک لکھا ہے کہ ایک ولی اللہ جو خضری المجذوب کے نام سے مشہور تھے بیک وقت تیس مختلف شہروں میں نماز جمعہ میں موجود تھے۔

## انبیاء کی امامت

دیکھتے ہی دیکھتے بیت المقدس آ گیا وہاں آدم علیہ السلام سے لے کر عیسیٰ علیہ السلام تک تمام انبیاء اور رسول صفیں باندھ کر کھڑے تھے اور انتظار کر رہے تھے، مصلّٰی خالی تھا۔ نبیوں کے سردار مصلّے پر جلوہ افروز ہوئے۔ جبریل نے مقام صخرہ پر اذان پڑھی۔ سبحان اللہ! جس نماز کا مؤذن فرشتوں کا سردار اور امام تمام رسولوں کا سردار ہو اور مقتدی حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام ہوں اس نماز کی شان کا کیا اندازہ ہو سکتا ہے۔

## نماز کیوں پڑھائی

مسجد اقصیٰ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انبیاء کی امامت کیوں فرمائی۔ اس کا جواب یہ

Scanned by CamScanner

ہے کہ حضور علیہ السلام سب مخلوق سے پہلے پیدا فرمائے گئے اور تمام انبیاء سے آخر تشریف لائے۔ خیال ہوسکتا تھا کہ آخر میں آنے والا شاید مرتبے میں بھی آخر ہو۔ مسجد اقصیٰ میں حضور تمام انبیاء کے آگے موجود تھے تا کہ کائنات دیکھ سکے کہ پیچھے آنے والا آگے اور آگے آنے والے پیچھے موجود ہیں تا کہ ثابت ہوسکے ھُوَ الْاَ وَّلُ وَالْاٰخِرُ.

ڈاکٹر اقبال فرماتے ہیں:

نگاہ عشق و مستی میں وہی اوّل وہی آخر　　وہی فرقاں وہی قرآں وہی یٰس وہی طٰہٰ
وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے　　غبار راہ کو بخشا فروغ وادیٔ سینا

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج النبوت جلد اول صفحہ ا میں فرماتے ہیں کہ آیۃ کریمہ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَ الظَّاھِرُ وَالْبَا طِنُ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ. حمد بھی ہے اور نعت بھی۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

نماز اقصیٰ میں تھا یہی سر عیاں ہو معنیٔ اوّل وآخر
کہ دست بستہ ہیں پیچھے حاضر جو سلطنت آگے کر گئے تھے
تبارک اللہ ہے شان تیری تجھی کو زیبا ہے بے نیازی
کہیں تو وہ جوش لن ترانی کہیں تقاضے وصال کے تھے

## حبیب اور کلیم

نزہتہ المجالس میں ہے کہ ایک دن حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا:

اَنَا کَلِیْمُکَ وَ مُحَمَّدٌ حَبِیْبُکَ فَمَا الْفَرْقُ بَیْنَ الْکَلِیْمِ وَالْحَبِیْبِ.

میں تیرا کلیم ہوں اور محمد مصطفیٰ تیرے حبیب ہیں۔ کلیم اور حبیب میں کیا فرق ہے؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اَلْکَلِیْمُ یَاْتِیْ عَلٰی طُوْرِ سَیْنَا ثُمَّ یُنَاجِیْ.

کلیم وہ ہے جو خود طور پر آئے اور عرض کرے: یا اللہ! میں تجھے دیکھنا چاہتا ہوں۔ تو میں کہہ دوں: لَنْ تَرَانِیْ ۔ تم نہیں دیکھ سکتے۔

Scanned by CamScanner

اور اَلْحَبِیْبُ یَنَامُ عَلٰی فِرَاشِہٖ اور حبیب وہ ہے جو اپنے بستر پر آرام فرما ہو اور میری طرف سے وصال کے تقاضے ہو رہے ہوں اور جبریل عرض کرے:

اِنَّ اللّٰہَ اشْتَاقَ اِلٰی لِقَائِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ.

کہیں تو وہ جوش لن ترانی کہیں تقاضے وصال کے تھے۔

دوسرا فرق یہ ہے:

اَلْکَلِیْمُ یَعْمَلُ بِرِضَاءِ مَوْلَاہُ.

کلیم وہ ہے جو اپنے مولا کی رضا پر عامل ہو یعنی جو اللہ تعالیٰ کا حکم ہو اس پر عمل کرنا کلیم کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

اور حبیب کی شان یہ ہوتی ہے کہ: یَعْمَلُ مَوْلَاہُ بِرِضَائِہٖ.

مولا اس کی رضا چاہتا ہے۔

یعنی جو حبیب کی رضا ہو اللہ تعالیٰ وہی کرتا ہے۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے:

وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی.

اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں:

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم خدا چاہتا ہے رضائے محمد

## اجتماع جسمانی

یہاں یہ امر پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ مسجد اقصیٰ میں جو نماز حضور علیہ السلام نے پڑھائی اور انبیاء کرام مقتدی تھے یہ روحانی نہیں جسمانی نماز تھی یعنی تمام انبیاء اپنے جسموں کے ساتھ موجود تھے۔ ملا علی قاری علیہ الرحمۃ اپنی کتاب ''مرقات'' جلد ۵ صفحہ ۴۳۰ میں فرماتے ہیں:

نماز کے افعال مختلفہ قیام، رکوع، سجود، قعدہ وغیرہم جسم کے ساتھ ہی ادا ہو سکتے ہیں صرف ارواح یہ ارکان ادا نہیں کر سکتے۔

اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ معراج جسمانی تھی۔ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ قول:

مَا فَقَدْتُ جَسَدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ.

میں نے حضور کے جسم مبارک کو گم نہیں پایا۔

Scanned by CamScanner

اس معراج کے متعلق نہیں ہے کیونکہ اس وقت آپ حضور علیہ السلام کے گھر حاضر نہیں ہوئی تھیں۔ یہ معراج مکہ میں ہوئی اور آپ کی رخصتی مدینہ طیبہ میں ہوئی ہے۔ یہ قول کسی اور معراج کے متعلق ہے جو روحانی تھی۔ حضور علیہ السلام کو چھبیس معراج روحانی بھی ہوئی ہیں ان میں سے کسی کا ذکر ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معراج جسمانی پر بے شمار دلائل ہیں۔

## عروج

مسجد اقصیٰ سے فراغت کے بعد بلندی کا سفر شروع ہوا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ثُمَّ عُرِجَ بِیْ۔ پھر مجھے اوپر لے جایا گیا۔

یہ سماں بھی بڑا عجیب تھا۔ اب ملائکہ کے ساتھ تمام انبیاء بھی صلوٰۃ وسلام میں مصروف تھے حضور علیہ السلام کا براق اس شان سے بلندی کی طرف محو پرواز ہوا۔

جذب حسن طلب ہر قدم ساتھ ہے دائیں بائیں فرشتوں کی بارات ہے
سر پہ نورانی سہرے کی کیا بات ہے شاہ دولھا بنا آج کی رات ہے
طور پہ رفعت لامکانی کہاں لن ترانی کہاں من رآنی کہاں
جس کا سایہ نہیں اس کا ثانی کہاں اس کا اک معجزہ آج کی رات ہے

## نبیوں سے ملاقات

آنکھ جھپکنے میں آسمان اوّل آگیا جبریل نے دروازہ کھٹکھٹایا دربان نے کہا: کون ہیں؟ کہا: جبریل۔ دربان نے کہا: مَنْ مَّعَکَ تمہارے ساتھ کون ہیں؟ جبریل نے کہا: محمد (علیہ السلام) دربان نے کہا: مرحبا! دروازے انہی کے لیے کھولے جائیں گے۔

آسمان اول پر حضرت آدم علیہ السلام نے آپ کو خوش آمدید کہا۔ دوسرے آسمان پر پہنچے تو وہاں آپ کو یحییٰ اور عیسیٰ علیہما السلام نے معراج کی مبارکباد دی۔ تیسرا آسمان آیا تو یوسف علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ چوتھے آسمان پر گئے تو حضرت ادریس علیہ السلام نے خوش آمدید کہا۔ پانچویں آسمان پر حضرت ہارون علیہ السلام، چھٹے پر حضرت موسیٰ علیہ السلام، ساتویں پر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے مبارکبادیاں وصول کرتے ہوئے سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچ گئے۔

Scanned by CamScanner

## سدرہ پر جبریل کی عرض

یہاں پر پہنچ کر حضرت جبریل امین علیہ السلام نے عرض کی:

اگر یک سر موئے برتر پرم فروغ تجلی بسوزد پرم

اگر میں ایک بال بھی آگے بڑھ جاؤں تو اللہ تعالیٰ کے انوار تجلیات میرے پروں کو جلا کر رکھ دیں گے یہ میرا مقام انتہا ہے۔

## ایک یاد

معارج النبوۃ میں ملا معین کاشفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں پھینکا جارہا تھا تو جبریل علیہ السلام نے حاضر ہو کر عرض کیا: میں خادم کی حیثیت سے حاضر ہوا ہوں کوئی حکم ہو تو فرمائیے۔ آپ نے فرمایا: اَمَّـــا اِلَیْکَ فَلا۔ تیرے ساتھ کوئی حاجت نہیں۔

جبریل امین نے عرض کیا تو پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیجئے مجھے آگ میں ڈالا جارہا ہے خلیل اللہ نے فرمایا:

جانتا ہے وہ مرا رب جلیل آگ میں پڑتا ہے اب اسکا خلیل

پھر جبریل نے کہا کوئی اور پیغام دیجئے تاکہ میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچادوں، میں وہاں جاسکتا ہوں جہاں نہ کوئی نبی، نہ رسول اور نہ فرشتہ جاسکتا ہے میں اللہ تعالیٰ کی حضوری میں بڑا ہی قریب ہوں۔

جبریل اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس گفتگو کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بصورت نور حضرت خلیل اللہ کی پیشانی میں مشاہدہ فرما رہے تھے۔ آج جب جبریل نے عرض کیا اس سے آگے نہیں جاسکتا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا تو نے میرے دادا حضرت خلیل اللہ علیہ السلام کو کہا تھا کہ میں وہاں پر جاسکتا ہوں جہاں کوئی بھی نہیں جاسکتا۔ دیکھ آج میں وہاں جارہا ہوں جہاں تو بھی نہیں جاسکتا۔ کوئی پیغام دیجئے تاکہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ تک پہنچادوں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اِنَّا اَرْسَلْنٰکَ شَاهِدًا۔ اے محبوب! ہم نے آپ کو مشاہدہ فرمانے والا بنا کر بھیجا۔

یہ حقیقت دلائل و براہین سے ثابت ہے کہ تخلیق کائنات سے لے کر تا قیام قیامت ایک ایک ذرّہ حضور علیہ السلام کے پیش نظر ہے اور آپ مشاہدہ فرمانے والے ہیں۔

Scanned by CamScanner

حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا: حضور! مجھے اس کی منظوری دلا دیجئے کہ جب آپ کی امت پل صراط سے گزرنے والی ہوتو میں اپنے پروں کو بچھادوں اور آپ کی امت ان کے اوپر سے گزر جائے۔

پل صراط کا منظر بھی عجیب ہوگا، جبریل کے پر بچھے ہوں گے، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم دعا فرما رہے ہوں گے:

رَبِّ سَلِّمْ اُمَّتِیْ رَبِّ سَلِّمْ اُمَّتِیْ. یا اللہ! میری امت کو سلامتی سے گزار دے۔

رضا پل سے اب وجد کرتے گزریئے کہ ہے رب سلم صدائے محمد

## اونٹوں کی قطاریں

مقام سدرہ کے قریب حضور علیہ السلام نے اونٹوں کی قطاریں دیکھیں جو دور تک گزرتی نظر آئیں۔ آپ نے جبریل سے کو کہا یہ اونٹ کیسے ہیں، ہر ایک کی پشت پر صندوق رکھے ہیں۔ حضرت جبریل نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری پیدائش سے پہلے سے یہ قطاریں گزر رہی ہیں مجھے ان کا کوئی علم نہیں۔ ان کے اسرار کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ حضور نے فرمایا: بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر اس کا قفل کھولو۔ جبریل نے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر صندوق اتارا، پھر قفل کھولا تو دیکھا کہ وہ صندوق انڈوں سے پرتھا، ہر انڈے کو قفل لگا ہوا تھا، پھر جبریل نے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر قفل کھولا تو انڈا اخشخاش کے دانوں سے بھرا ہوا تھا، ہر دانے پر قفل لگا ہوا تھا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر قفل کھولا تو اندر ایک جہان آباد تھا، ایک بہت بڑا شہر ،ایک عظیم الشان اجتماع ایک مقرر تقریر کر رہا تھا کہ زمین پر پانی ہے اس پانی پر مٹی کا ایک تودہ ہے۔ اس تودے پر نبی آخر الزماں نے اعلان نبوت فرمادیا ہے جب تک ہم ان پر ایمان نہیں لائیں گے ہماری نجات نہیں ہوسکتی۔ جبریل نے فوراً اٹھ کر کہا کہ میں جبریل ہوں اور یہ میرے ساتھ نبی آخر الزماں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اسی وقت ان تمام نے کلمہ پڑھا اور اسلام میں داخل ہوگئے۔ پھر جبریل نے اسی طرح قفل بند کردیئے اور قطاریں چلتی رہیں۔ (رہبر حق ص ۴)

اس واقعہ کو حضرت اچھے میاں رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد حضرت شاہ حمزہ مارہروی علیہ الرحمۃ نے اپنی مثنوی میں یوں رقم کیا ہے:

Scanned by CamScanner

در شب معراج دیدہ مصطفیٰ صد ہزاراں اشتراں بے انتہا
مے روند ایشاں قطار اندر قطار لا نہایت روز وشب بے انتظار
ہست دو صندوق ہر بار شتر یک ازیں سو دیگر آں سو سربسر
کرد از جبریل استفسار شاہ چیست ایں راز نہاں بر گور راہ
جبرئیلے گفت اے شاہ جہاں من نمی دانم چہ اسرارست آں
آں زماں کہ کرد پیدا حق مرا ہم چنیں می بینم ایں حالت درا
روز شب ایں اشتراں صندوق بار بے نہایت می روند اندر قطار
نیست مارا از وجد شاں خبر راز حق راہ کے بدانم زیں گزر

یہاں لاتعداد روایات ہیں جو اختصار کے پیش نظر بیان نہیں ہوسکتیں۔

## سدرہ سے آگے

حضرت جبریل امین علیہ السلام براق سمیت رہ گئے۔ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں:

تھکے تھے روح الامیں کے بازو چھٹا وہ دامن کہاں وہ پہلو
رکاب چھوٹی امید ٹوٹی نگاہ حسرت کے ولولے تھے

معارج النبوت ص ۱۵۲ میں ہے:

پس آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرمود کہ من تنہا رواں وحجابہا قطع می کردم تا ہفتاد ہزار حجاب بگزشتم کہ ہر حجابے پانصد سالہ راہ بود وما بین ہر دو حجابے پانصد سالہ راہ بود در واتیے آنست تا آنجا کہ براق مرکب بود چوں ایجار سید براق بماند وآنگہ رفرف سبز ظاہر شد کہ ضیائے او برضیائے آفتاب غالب آمدہ۔

پھر حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ میں اکیلا روانہ ہوا اور بہت سارے حجاب ملے یہاں تک کہ ستر ہزار حجابوں سے گزرا ہر ایک حجاب کی موٹائی پانچسو برس کی راہ تھی اور دونوں حجابوں کا فاصلہ پانچ سو برس کا تھا۔ ایک روایت ہے کہ حضور علیہ السلام کی سواری براق یہاں پہنچ کر رک گیا۔ اس وقت سبز رنگ کا رفرف ظاہر ہوا جس کی روشنی سورج کی روشنی کو ماند کر رہی ہے۔

آپ اس رفرف پر سوار ہوئے اور چلتے رہے یہاں تک کہ عرش کے پایہ تک پہنچ گئے پھر:

جھکا تھا مجرے کو عرش اعلیٰ گری تھی سجدے میں بزم بالا
یہ آنکھیں قدموں سے مل رہا تھا وہ گرد قربان ہو رہے تھے

Scanned by CamScanner

## عرش نے دامن تھاما

مواہب اللدنیہ صفحہ ۳۴ میں ہے کہ جب حضور علیہ السلام عرش کے قریب پہنچے تو تَـمَسَّکَ الْـعَرْشُ بِـاَذْيَا لِـهٖ عرش نے آپ کے دامن کو تھام لیا۔ آپ عرش پر متمکن ہوئے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وہی لا مکاں کے مکیں ہوئے سر عرش تخت نشیں ہوئے
وہ نبی ہے جس کے ہیں یہ مکاں وہ خدا ہے جس کا مکاں نہیں

## سلسلۂ حجابات

آگے حجابات ہی حجابات تھے تمام پردے اٹھا دیئے گئے۔
آخر ایک مقام آیا جہاں ؎

سراغ این و متیٰ کہاں تھا نشان کیف و الیٰ کہاں تھا
نہ کوئی راہی نہ کوئی ساتھی نہ سنگ منزل نہ مرحلے تھے

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى. (سورۂ نجم)

اٹھے جو قصر دنیٰ کے پردے کوئی خبر دے تو کیا خبر دے
وہاں تو جا ہی نہیں دوئی کی نہ کہہ کہ وہی نہ تھے ارے تھے
خرد سے کہہ دو کہ سر جھکا لے گماں سے گزرے گزرنے والے
پڑے ہیں یاں خود جہت کو لالے کسے بتائے کدھر گئے تھے

## اُدْنُ مِنِّیْ

سفر شروع رہا ایک محبت بھری صدا آ رہی تھی۔ "اُدْنُ مِنِّیْ" قریب آیئے۔

بڑھ اے محمد قریں ہو احمد قریب آ سرور مجد
نثار جاؤں یہ کیا ندا تھی یہ کیا سماں تھا یہ کیا مزے تھے

## مقامات

مقام دنیٰ سے گزرے تو مقام فتدلّٰی پر پہنچے، وہاں سے گزرے تو قاب قوسین پر فائز ہوئے

Scanned by CamScanner

پھراو اَدْنٰی پر۔ اَدْنٰی اسم تفضیل ہے یعنی قربت میں بہت زیادتی۔
مشکوٰۃ شریف صفحہ ۶۸ میں ہے حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں:
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ رَبِّيْ فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ فَوَضَعَ كَفَّهٗ بَيْنَ كَتِفَيَّ فَوَجَدْتُّ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَيَّ فَعَلِمْتُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ (ملخصا)
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنے رب کو حسین صورت میں دیکھا پھر اس نے میرے دونوں کاندھوں کے درمیان اپنا ید قدرت رکھا اس سے میں نے اپنے سینے میں ٹھنڈک پائی اور زمین وآسمان کی ہر چیز کو جان لیا۔
اس حدیث پاک سے دو باتیں بالکل واضح طور پر ثابت ہوگئیں۔
ا۔ معراج کی رات حضور علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی زیارت کی۔ اس بات پر تقریباً علماء امت کا اجماع ہے کہ حضور علیہ السلام معراج کی رات ظاہری آنکھوں سے دیدار الٰہی سے مشرف ہوئے۔
مواہب لدنیہ جلد دوم صفحہ ۳۷ میں ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو شرف خلت، موسیٰ علیہ السلام کو شرف تکلم اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو شرف دیدار سے مشرف فرمایا۔
علامہ اسمٰعیل حقی علیہ الرحمۃ تفسیر روح البیان جلد اول صفحہ ۴۵ میں فرماتے ہیں:
وَمِنَ الْمُحَالِ اَنْ يَّدْعُوا الْكَرِيْمُ كَرِيْمًا اِلٰى دَارِهٖ وَيُضِيْفَ حَبِيْبٌ حَبِيْبًا فِيْ قَصْرِهٖ ثُمَّ يَتَسَتَّرُ عَنْهُ وَلَا يُرِيْهِ وَجْهَهٗ۔
یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ کریم کریم کو اپنے گھر بلائے اور دوست دوست کی ضیافت کرے مگر خود اس سے چھپ جائے اور چہرہ تک نہ دکھائے۔
شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج النبوت جلد اول صفحہ ۱۷۳ میں فرماتے ہیں عجب است کہ دراں مقام ببرند و در خلوت خاص آرند و باعلیٰ مطلب واقصیٰ مسألت کہ دیدار است مشرف نہ گردانند۔

موسیٰ ز ہوش رفت بیک جلوۂ صفات  تو عین ذات می نگری در تبسمی

ڈاکٹر اقبال رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

گر چہ عین ذات رابے پردہ دید  رب زدنــــــی از زبان او چکید

۲۔ یہ کہ کائنات ارضی وسماوی کی کوئی چیز حضور علیہ السلام سے پوشیدہ نہیں اس کے لیے قرآن کریم اور حدیث شریف کے بے شمار دلائل ہیں۔

Scanned by CamScanner

## امت کی یاد

قرب خاص میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا:

شاہ نے کی عرض امت گنہگار ہے، بخش دے میرے مولا تو غفار ہے
تجھ کو آساں، نہیں دشوار ہے فکر روز جزا آج کی رات ہے
پھر یہ حق نے کہا ماہ پارے نبی تو میرا چاند ہے اور تارے نبی
ایسا گھبرانہ اے میرے پیارے نبی ایسی جلدی ہی کیا آج کی رات ہے
لطف جب ہے کہ دیکھیں گے سارے نبی ہوگی تیری شفاعت پہ رحمت مری
بخش دوں گا قیامت میں امت تری تجھ سے وعدہ میرا آج کی رات ہے

لینے والے نے کیا لیا اور دینے والے نے کیا دیا، کوئی نہیں جان سکتا۔ اس سے بڑی اور کیا نعمت ہوسکتی ہے کہ خود اپنے دیدار سے مشرف فرمایا۔

## امت کے لیے معراج

اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو امت کے لیے معراج عطا فرمائی اور وہ معراج ہے نماز۔ اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْن ''نماز مومن کے لیے معراج ہے''۔ پچاس نمازیں اور چھ ماہ کے روزے عطا کیے گئے۔ حضور علیہ السلام آئے تو راستے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کھڑے تھے۔ انھوں نے عرض کیا کہ آپ کی امت اتنی نمازیں نہیں پڑھ سکے گی واپس جایئے اور کم کرایئے۔ حضور علیہ السلام پھر بارگاہ الٰہی میں پہنچے تو پانچ معاف ہوگئیں۔ واپس آئے تو پھر موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ابھی بہت زیادہ ہیں پھر جایئے۔ جاتے رہے اور آتے رہے، پانچ پانچ کم ہوتی رہیں، آخر پانچ رہ گئیں اور ایک ماہ کے روزے۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرے محبوب یہ خیال نہ کرنا کہ نمازیں کم کی ہیں تو ثواب بھی کم کردیا ہے۔ جو پانچ پڑھے گا ثواب پچاس کا پائے گا۔ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ''جو ایک نیکی کرے اس کے بدلے دس ہوں گی۔

## ایک سوال

جب اللہ تعالیٰ کو علم تھا کہ آخر میں نمازیں پانچ ہی رہ جائیں گی تو پہلے پچاس کیوں عطا فرمائیں؟ اس کے جواب کے لیے صرف اتنا سمجھ لینا ہی کافی ہے کہ پروردگار عالم یہ چاہتا تھا کہ

Scanned by CamScanner

میرے حبیب کو بار بار معراج ہو اور موسیٰ علیہ السلام کا کام بھی ہوتا رہے۔ موسیٰ وہ آنکھیں دیکھتے ہی رہیں جو محبوب حقیقی کو دیکھ کر آ رہی ہوں۔ ایک پنجابی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

جھاں اکھیاں نے دلبر ڈٹھا اوہ اکھیاں تک لئیاں　　توں ملیوں تے ساجن ملیا ہن آساں لگ پٹیاں

## تین طرح کے علوم

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے شب معراج حضور علیہ السلام کو تین طرح کے علوم عطا فرمائے ایک وہ علم تھا جس کے متعلق یہ ارشاد تھا کہ یہ آپ کے لیے خاص ہے آپ کے علاوہ کوئی اس کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ دوسرا علم ایسا عطا ہوا جس کے متعلق اختیار دیا گیا۔ جسے مستحق سمجھیں جتنا چاہیں عطا کر دیں۔ تیسرا علم وہ ہے جس کو کائنات کے لیے عام فرمایا۔ اس حصے کا یہ عالم ہے کہ زندگی کا کوئی شعبہ حضور نے تشنۂ تکمیل نہیں چھوڑا۔ اس کا تعلق اقتصادیات سے ہو یا معاشیات سے، عبادات ہوں یا معتقدات، ہر بات کے لیے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے واضح اشارات موجود ہیں۔

## تین تین تحفے

تین باتیں حضور علیہ السلام نے عرض کیں اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ۔ تین اللہ نے فرمائیں اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ۔ حضور علیہ السلام نے اس سلام، رحمت اور برکت میں اپنی امت کو شامل کرتے ہوئے فرمایا: اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ۔

## واپسی

علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر روح المعانی ج ۱۵ ص ۱۲ میں اور علامہ اسماعیل حقی تفسیر روح البیان ج ۲ ص ۴۰۴ میں فرماتے ہیں: جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم معراج سے واپس آئے تو زنجیر ابھی ہل رہی تھی، بستر گرم تھا اور وضو کا پانی بہہ رہا تھا۔

ہر مراد دلی حق سے ملتی رہی　واپس آئے کلی دل کی کھلتی رہی
بستر گرم زنجیر ہلتی رہی　یہ عجب معجزہ آج کی رات ہے

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں:

خدا کی قدرت کہ چاند حق کے کروڑوں منزل میں جلوہ کر کے

Scanned by CamScanner

ابھی نہ تاروں کی چھاؤں بدلی کہ نور کے تڑکے آ لئے تھے

اللہ تعالیٰ نے حضور کے معراج سے واپس ہونے کی قسم اٹھائی ہے:

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۝ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰى ۝ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝ ذُوْمِرَّةٍ فَاسْتَوٰى ۝ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۝ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝

اس چمکتے پیارے محمد کی قسم جب یہ معراج سے اترے تمہارے صاحب نہ بہکے نہ بے راہ چلے اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کہتے وہ تو نہیں مگر وحی جوان کی طرف کی جاتی ہے۔ انھیں سکھایا سخت قوتوں والے طاقتور نے پھر اس جلوہ نے قصد فرمایا اور وہ آسمان بریں کے سب سے بلند کنارے پر تھا۔ پھر وہ قریب ہوا پھر خوب اتر آیا تو اس جلوے اور اس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم۔ اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی۔ دل نے جھوٹ نہ کہا جو دیکھا تو کیا تم ان سے ان کے دیکھے ہوئے پر جھگڑتے ہو اور انہوں نے تو وہ جلوہ دوبارہ دیکھا سدرۃ المنتہیٰ کے پاس۔ اس کے پاس جنت الماویٰ ہے جو سدرہ پر چھا رہا تھا آنکھ نہ کسی طرف پھری نہ حد سے بڑھی بیشک اپنے رب کی بہت بڑی نشانیاں دیکھیں۔

## تصدیق

اس واقعہ کا ذکر سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے ام ہانی سے کیا۔ انہوں نے عرض کیا کہ اس کا ذکر عام نہ کیا جائے لوگ انکار کریں گے مگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میں حق بات کرنے سے کبھی باز نہیں رہ سکتا چاہے کوئی تصدیق کرے یا نہ کرے۔ ابوجہل نے یہ واقعہ سنا تو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا اور کہا کیا تو نے یہ سنا ہے محمد کیا کہتے ہیں؟ کیا یہ بات تسلیم کی جاسکتی ہے اتنی جلدی بیت المقدس اور آسمانوں کا سفر طے کرلیا جائے۔ صدیق اکبر نے فرمایا تسلیم تو نہیں کی جاسکتی مگر: لَئِنْ قَالَ لَصَدَقَ اگر میرے آقا نے فرمایا ہے تو ضرور سچ فرمایا ہے ان کی زبان پر جھوٹ نہیں آسکتا۔

عقل قرباں کن بہ پیش مصطفیٰ

# قافلے

ابوجہل نے حضور علیہ السلام کو کہا کہ کیا آپ یہ بات پوری قوم کے سامنے بھی کہنے کے لیے تیار ہیں؟ آپ نے فرمایا: بے شک ابوجہل نے کفار کو بلایا جب تمام قبائل جمع ہو گئے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سارا واقعہ سنایا۔ انہوں نے تالیاں بجائیں اور تمسخر اڑایا۔ ایک کافر نے کہا ہمیں معلوم ہے کہ آپ آج تک بیت المقدس نہیں گئے۔ بتائیے اس کے ستون اور دروازے کتنے ہیں؟ فوراً جبریل نے بیت المقدس حضور کے سامنے کر دیا اور حضور نے ستون، دروازے سب بتا دیئے۔ کفار نے کہا ہو سکتا ہے کسی سے سن کر یاد کر لیے ہوں کوئی ایسی بات بتاؤ جو نئی ہو۔ ایک کافر نے کہا ہمارے تجارتی قافلے آنے والے ہیں۔ کیا آپ نے انہیں راستے میں کہیں دیکھا ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں: تین قافلے دیکھے ہیں۔ ان قافلوں کا ذکر سیرت حلبیہ ج اصفحہ ۶۲۱، خصائص کبری ج اصفحہ ۱۸۰ کے علاوہ بہت سی کتابوں میں آیا ہے۔

پہلا قافلہ مقام روحا میں دیکھا ہے یہ قافلہ بدھ کے روز سورج غروب ہونے تک یہاں پہنچ جائے گا۔ میں نے دیکھا کہ ان کا ایک اونٹ گم ہو گیا تھا اور وہ تلاش کر رہے تھے وہ سخت پریشان تھے میں نے انھیں آواز دی کہ فلاں جگہ اونٹ موجود ہے۔ وہ حیران ہوئے کہ یہاں محمد کی آواز کیسے؟

دوسرا قافلہ مقام ذی مرہ پر ایک قافلہ تھا یہ قافلہ بدھ کے روز دوپہر تک یہاں پہنچ جائے گا۔ ان سے دو آدمی اونٹ پر سوار تھے جب ان کے پاس میرا براق تیزی سے گزرا تو اونٹ ڈر گیا اور دونوں سواروں کو نیچے گرا دیا۔

تیسرا قافلہ مقام تنعیم پر دیکھا۔ اس قافلے کے آگے آگے دھاری دار اونٹ چل رہا تھا۔ ایک شتر سوار کو سردی لگ رہی تھی اور وہ اپنے غلام سے کمبل مانگ رہا تھا۔ یہ قافلہ قریب آ گیا ہے۔ صبح سورج طلوع ہوتے ہی یہاں پہنچ جائے گا۔

چنانچہ جس طرح سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعینہ اسی طرح ہوا اور قافلوں کی آمد کے پروگرام میں ذرہ برابر بھی فرق نہ آیا۔ پھر کفار نے قافلے والوں سے وہ نشانات دریافت کئے جو حضور علیہ السلام نے فرمائے تھے اور انہوں نے اس کی تصدیق کی۔

بہت سے کفار نے اسلام قبول کیا۔

وَ اٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

Scanned by CamScanner

# ماہ شعبان کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْن o وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ الْاَمِيْنِ وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَاَصْحَابِهِ الْهَادِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَo

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ o وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِo اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ o فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍo

(سورۃ دخان)

واضح کتاب کی قسم بے شک ہم نے اس کو اتارا مبارک رات میں بلاشبہ مقصود ڈرانا تھا۔ اس رات میں جدا کیا جاتا ہے کلمہ حکمت والا۔

حضرات! سورۂ دخان کی اس آیۂ کریمہ میں جو تلاوت گئی ہے لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ سے بعض علماء نے شعبان کی پندرھویں رات مراد لی ہے اگر چہ یہ صحیح نہیں کیونکہ قرآن کریم کا نزول جس مبارک رات میں ہوا وہ لیلۃ القدر ہے جو یقیناً رمضان المبارک میں ہے۔ بہر حال یہ رات بھی بڑی ہی بابرکت ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے حضرت علی المرتضیٰ روایت کرتے ہیں کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے:

اِذْ كَانَتْ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَقُوْمُوْا لَيْلَهَا وَ صُوْمُوْا يَوْمَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَنْزِلُ فِيْهَا لِغُرُوْبِ الشَّمْسِ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا وَيَقُوْلُ اللّٰهُ اَلَا مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ فَاَغْفِرَلَهٗ اَلَا مِنْ مُّسْتَرْزِقٍ فَاَرْزُقَهٗ اَلَا مِنْ مُّبْتَلٍ فَاُعَافِيَهٗ اَلَا مَنْ كَذَا اَلَا مَنْ كَذَا حَتّٰى يَطْلَعَ الْفَجْرُ.

جب شعبان کی پندرھویں رات ہو تو اس رات کو قیام کرو اور دن کو روزہ رکھو کیونکہ اس رات میں اللہ تعالیٰ کی تجلی آفتاب کے غروب ہونے کے وقت سے ہی آسمان دنیا پر ظاہر ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا کوئی بخشش مانگنے والا ہے کہ اسے بخش دوں کیا کوئی رزق مانگنے والا ہے کہ اسے عطا کروں۔ کیا کوئی مصیبت زدہ ہے کہ اسے چھوڑ دوں کیا کوئی فلاں فلاں حاجت والا ہے میں اس کی حاجت پوری کر دوں حتی کہ صبح ہو جاتی ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ رات بڑی ہی رحمت اور مغفرت

Scanned by CamScanner

والی ہے۔اس رات گنہگاروں کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔اللہ تعالیٰ آسمان دنیا سے فرماتا ہے:

ہم تو مائل بہ کرم ہیں کوئی سائل ہی نہیں راہ دکھلائیں کسے رہرو منزل ہی نہیں

میاں محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ پنجابی کے ایک صوفی شاعر ہوئے ہیں آپ اسی حدیث کا ترجمہ فرماتے ہیں:

پچھلی راتیں رحمت رب دی کرے بلند آوازہ بخشش منگن والیاں کارن کھلا ہے دروازہ

جولوگ ایسی مبارک راتوں کو یادالہٰی میں گزارتے ہیں ان کے لیے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

**اُولٰئِکَ عَلَیْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رَحْمَةٌ ط**

ان پراللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں۔

اس مبارک رات کے لیے ایک اور حدیث سنیے۔ترمذی شریف میں حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں:

**فَقَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً فَإِذَا هُوَ بِالْبَقِيعِ فَقَالَ اَكُنْتِ تَخَافِيْنَ اَنْ يُّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْكِ وَ رَسُوْلُهٗ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنَّكَ اَتَيْتَ بَعْضَ نِسَائِكَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَنْزِلُ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَغْفِرُ لِاَكْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ بَنِيْ كَلْبٍ ط**

میں نے ایک رات حضور علیہ السلام کو نہ دیکھا پھر وہ قبرستان مدینہ میں مجھے ملے تب آپ نے فرمایا (اے عائشہ!) کیا تمھیں اس بات کا ڈر تھا کہ اللہ اوراس کا رسول تم پر ظلم کرینگے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے خیال کیا تھا کہ شاید آپ ازواج مطہرات میں سے کسی کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔تب آپ نے فرمایا: تحقیق اللہ تعالیٰ شعبان کی پندرھویں رات کوآسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے پس قبیلہ بنی کلب کی بکریوں کے بالوں سے بھی زیادہ گنہگاروں کو بخشتا ہے۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ رات کو قبروں پر جانا حضور علیہ السلام کی سنت ہے بیہقی میں ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا: اے عائشہ! تمہیں معلوم ہے اس رات میں کیا ہوتا ہے؟

**فِيْهَا اَنْ يَّكْتُبَ كُلُّ مَوْلُوْدٍ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ وَفِيْهَا اَنْ يُّكْتَبَ كُلُّ هَالِكٍ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ وَفِيْهَا تُرْفَعُ اَعْمَالُهُمْ وَفِيْهَا تُنْزَلُ اَرْزَاقُهُمْ.**

جو بچہ اس سال میں پیدا ہوتا ہے وہ اس رات میں لکھا جاتا ہے اور اس سال میں جو آدمی

Scanned by CamScanner

ہلاک ہونے والا ہوتا ہے اس کا نام بھی لکھا جاتا ہے اور اس رات میں ان کے اعمال اٹھائے جاتے ہیں اور اسی رات ان کے رزق اترتے ہیں۔

حضرات! آپ اندازہ فرمائیں ایسی رات جس میں مرنے اور پیدا ہونے والوں کی فہرستیں اور عمل اٹھائے جاتے ہوں اور رزق اترتا ہو اس رات کی اہمیت سے کون انکار کر سکتا ہے۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم اس رات زیادہ سے زیادہ عبادت کریں تاکہ اس حالت میں جبکہ عمل اٹھائے جارہے ہوں ہم یاد الٰہی میں مشغول ہوں۔ پھر اسی رات اللہ تعالیٰ لاکھوں انسانوں کے گناہ معاف کر دیتا ہے۔ اسی لیے اس رات کا نام شب برات ہے کیونکہ اس رات اللہ تعالیٰ گناہگاروں کو گناہوں سے بری فرما دیتا ہے۔

## غلط رسمیں

اس رات تو انسان کو چاہیے کہ عبادت الٰہی کے ذریعے آگ سے نجات حاصل کرے۔ مگر آج کل مسلمانوں نے اس کے برعکس معاملہ اور طریقہ اختیار کر رکھا ہے۔ آگ سے بچنے کی بجائے گھر گھر آگ جلائی جاتی ہے اور آتش بازی خدا جانے مسلمانوں میں اس رات کیسے رواج پا گئی جو سراسر اسلام کے خلاف ہے۔ آتشبازی سے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کے علاوہ جو ظاہری نقصان ہوتا ہے اس کا اندازہ اخبارات کی اطلاعات کے ذریعہ بآسانی لگایا جا سکتا ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ اجتماعی طور پر اس غلط اور خلاف شرع نقصان دہ رسم کو ختم کرنے کی کوشش کریں۔ ہر برائی کوشش اور محنت سے ختم ہو سکتی ہے۔ مومن وہ ہے کہ وہ ہمہ وقت اسلام کا مبلغ رہے قرآن کریم کا ارشاد ہے:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ط

تم بہترین امت ہو لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو۔ اس آیۂ کریمہ سے ثابت ہوا کہ مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے اس عمل کو کبھی نہ ترک کریں اور ہمیشہ تبلیغ دین کا فریضہ انجام دیتے رہیں۔ آج ہم نے اس مقدس فریضہ سے منہ موڑ لیا ہے۔ تبلیغی کاموں میں حصہ لینا بالکل ترک کر دیا ہے۔ ہماری تنزلی اور غلامی کا سبب یہی ہے کہ ہم نے اسلام کے اصولوں پر عمل ترک کر دیا ہے۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں:

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر — ہم خوار ہوئے تارک قرآں ہو کر
گر تو میخواہی مسلماں زیستن — نیست ممکن جز بہ قرآں زیستن

Scanned by CamScanner

## اسوۂ حسنہ

مسلمان کی کامیابی کا راز صرف اور صرف رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ پر عمل کرنے میں مضمر ہے۔ پروردگار عالم کا ارشاد ہے

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ط

رسول کریم کی ذات میں ہی تمہارے لیے بہترین اسوہ ہے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگیوں پر نظر ڈالنے سے یہ حقیقت واضح طور پر سامنے آجاتی ہے کہ ان کی زندگیوں کا ہر عمل سید الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلنا تھا۔

## اداء اور اقتدا

مسند امام احمد صفحہ ۴۱۶ میں ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے پانی منگوایا اور وضو کیا اور ناک میں پانی ڈالا اور تین تین بار چہرہ اور بازو تک ہاتھوں کو دھویا پھر سر کا مسح کیا اور پاؤں کے موزوں پر مسح کیا۔ معاً آپ نے تبسم فرمایا۔ پھر احباب سے کہا معلوم ہے میں نے کیوں تبسم کیا ہے؟ امیر المؤمنین نے فرمایا: اسی جگہ حضور علیہ السلام نے یونہی پانی منگوایا تھا اور وضو فرمایا تھا۔ پھر تبسم فرمایا اور صحابہ سے کہا جانتے ہو میں نے کیوں تبسم کیا؟ صحابہ نے عرض کیا: اَللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ اللہ جانے اور اس کا رسول۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی وضو کرتا ہے ہاتھ دھونے سے ہاتھوں اور منہ دھونے سے منہ اور مسح سے سر کے اور پاؤں دھونے سے پاؤں کے گناہ گر جاتے ہیں۔ اس روایت کو کسی نے بہت اچھا نظم کیا ہے:

وضو کر کے خندہ ہوئے شاہ عثماں — کہا کیوں تبسم بھلا کر رہا ہوں
جواب سوال مخالف دیا پھر — کسی کی ادا کو ادا کر رہا ہوں

مشکوٰۃ شریف صفحہ ۲۱۴ میں ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے ایک سواری آئی آپ اس پر سوار ہونے لگے جب اپنا پاؤں رکاب میں رکھا تو بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھا۔ جب زین پر بیٹھے تو کہا سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝ پھر الحمد للہ کہا اور اللہ اکبر تین بار پڑھا اور پھر یہ دعا فرما کر تبسم فرمایا:

سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ط

عرض کیا گیا کہ امیر المومنین! اس تبسم کا کیا مطلب ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے

Scanned by CamScanner

فرمایا کہ میں نے حضور علیہ السلام کو یونہی دیکھا ہے آپ نے بھی تبسم فرمایا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے کس لیے تبسم فرمایا؟ حضور علیہ السلام نے فرمایا بندہ کہتا ہے یا اللہ! میرے گناہ معاف فرمادے۔ تو اللہ راضی ہوتا ہے کہ میرا بندہ جانتا ہے کہ گناہ بخشنے والا میں ہی ہوں۔ حضرت مولا علی کا تبسم صرف اقتداء تھی اور ایک ولولہ کہ جو کام حضور کریں ہمیں اسے کرنا چاہیے۔

مجھے شادمانی اسی بات کی ہے کہ تقلید شاہ ہدیٰ کر رہا ہوں
ید اللہ پہ جو تھا کیا عہد و پیماں وہی عہد طاعت وفا کر رہا ہوں

## رحمت الٰہی

اللہ تعالیٰ کی رحمت کے دھارے چلتے ہیں۔ اس کی رحمت بے پایاں ہے اس کی نعمتوں کا شمار نہیں۔ حدیث قدسی ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ عَلٰی غَضَبِیْ.

میری رحمت میرے غضب پر غالب آ گئی ہے۔

مگر اس رحمت کے حصول کا ذریعہ اقتدائے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

مشکوٰۃ شریف صفحہ ۴۹۱ میں ہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص سب سے پیچھے بہشت میں داخل ہوگا اس کی حالت یہ ہوگی کہ کبھی چلتا ہوگا اور کبھی گر پڑتا ہوگا۔ جب دوزخ سے گرنے لگے گا تو پھر جہنم کی طرف دیکھ کر کہے گا پاک ہے وہ ذات جس نے مجھے تجھ سے نجات بخشی ہے۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے وہ انعام دیا ہے جو کسی کو نہیں ملا۔ فوراً ایک درخت ظاہر ہوگا۔ بندہ کہے گا: یا اللہ! مجھے اس درخت کے نیچے کر دے تا کہ اس درخت کے سائے سے فائدہ حاصل کروں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا اگر تیری یہ آرزو پوری کر دی جائے تو تو کچھ اور طلب کرے گا۔ بندہ کہے گا یا اللہ! بالکل نہیں اور کچھ نہیں مانگوں گا۔ اللہ تعالیٰ اس درخت کے نیچے کر دے گا۔ جب وہاں پہنچے گا تو ایک اور درخت نظر آئے گا جو پہلے سے زیادہ خوب صورت ہوگا۔ بندہ عرض کرے گا۔ یا اللہ! مجھے اس درخت کے سائے میں پہنچا دے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تو نے میرے ساتھ وعدہ نہیں کیا تھا کہ اب کچھ طلب نہیں کروں گا۔ وہ عرض کرے گا: یا اللہ! اب پکا وعدہ کرتا ہوں کہ اب کچھ نہیں مانگوں گا۔ پھر وہ اس درخت کے نیچے پہنچا دیا جائے گا۔ جب وہاں پہنچے گا تو جنت کے قریب ایک ایسا درخت نظر آئے گا جو پہلے دونوں درختوں سے کہیں زیادہ خوب صورت ہوگا۔ اسے دیکھ کر بندہ کہے گا: یا اللہ! اگر اس کے قریب پہنچا دے تو پھر کبھی کچھ

Scanned by CamScanner

عرض نہیں کروں گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے وہاں پہنچا دے گا۔ جب وہاں پہنچے گا تو جنتیوں کی آواز سنے گا تو فوراً عرض کرے گا: یا اللہ! اگر تو مجھے جنت میں داخل کردے تو تیرا کیا جائے گا۔ پھر کبھی کچھ نہیں مانگوں گا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ تو سوال کرنے سے رکتا ہی نہیں، تجھ سے میں چھٹکارا کیسے حاصل کروں، بتا تجھے جنت میں ساری دنیا سے دو حصے زیادہ جگہ عطا کردوں پھر تو راضی ہوجائے گا؟ وہ بندہ عرض کرے گا یا اللہ! تو رب العالمین ہو کر مجھ سے مذاق کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی بات پر راضی ہوجائیگا اور فرمائے گا کہ میں مذاق نہیں کرتا میں جو چاہوں اس پر قادر ہوں۔

حضرات ابن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب حضور اس مقام پر پہنچے تو تبسم فرمایا اور وہی سنت آج میں ادا کر رہا ہوں۔

حضور نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی اقتداء ہی مسلمان کے لیے نجات کا سبب ہے۔

قرآن کریم کا ارشاد ہے:

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ.

اے محبوب! اعلان فرمادیجئے کہ اگر تم اللہ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری اتباع کرو اللہ تعالیٰ خود تم سے محبت فرمائے گا اور تمہاری خطاؤں کو معاف فرمائے گا اللہ غفور رحیم ہے۔ اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کا سبب صرف حضور علیہ السلام کی اقتداء واتباع ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس زندگی اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

وَ اٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ.

Scanned by CamScanner

# ماہ رمضان المبارک کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ الْاَمِيْنِ وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَ اَصْحَابِهِ الْهَادِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ○

اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِىْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ط فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ط يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَاهَدٰكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ○

رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اترا، لوگوں کے لیے ہدایت اور رہنمائی اور فیصلے کی روشن باتیں، تو تم میں سے جو کوئی اس مہینہ کو پائے ضرور اس کے روزے رکھے اور جو بیمار یا سفر میں ہو تو اتنے روزے اور دنوں میں اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا اور اس لیے کہ تم گنتی پوری کرو اور اللہ تعالیٰ کی بڑائی بولو اس پر کہ اس نے تمھیں ہدایت کی اور کہیں تم شکر گزار رہو۔

حضرات! یہ بابرکت اور باعظمت مہینہ رمضان المبارک اپنے جلو میں رحمتیں اور مغفرتیں لیے تشریف لاتا ہے۔ اس تیس دن کے مہمان کی رضا سے رضائے الٰہی نصیب ہوتی ہے۔

## فلسفۂ روزہ

انسان کو ہر وقت رزق دینے والا خالق یہ امتحان لینا چاہتا ہے کہ سارا سال میری نعمتیں کھانے والے آیا صرف تیس دن ان کو میرے لیے چھوڑ بھی سکتے ہیں یا نہیں چونکہ اس کا تعلق براہ راست اللہ تعالیٰ کی ذات سے ہوتا ہے اس لیے امتحان دینے والا یا لینے والا ہی جانتا ہے کہ وہ امتحان میں کامیاب ہوا ہے یا نہیں۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ حدیث قدسی ہے:

اَلصَّوْمُ لِیْ وَ اَنَا اَجْزِیْ بِهٖ.

روزہ صرف میرے لیے ہوتا ہے اور اس کی جزاء میں خود ہی براہ راست عطا کرتا ہوں۔

اور بعض حضرات نے اسے انا اجزی بہ بھی پڑھا ہے پھر یہ معنیٰ ہوں گے کہ روزہ کی جزا میں خود ہی ہوں۔ یعنی روزہ دار یہ امتحان دے کر مجھے ہی پا لیتا ہے۔

Scanned by CamScanner

## روزہ کاانعام

قرآن کریم میں مختلف مقامات میں اعلان ہوا ہے کہ جواچھے اعمال کریگا اسے جنت ملے گی تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خَالِدِیۡنَ فِیۡهَا اس میں نہریں جاری ہیں جس میں ہمیشہ رہیں گے۔ گویا کہ اعمال صالحہ کے نتیجہ میں جنت حاصل ہوتی ہے۔ نماز، حج، زکوۃ، غرباء کی امداد، بیماروں کی عیادت، مساکین کی خبر گیری وغیرہ تمام اعمال خیر سے جنت ملتی ہے۔ مگر روزہ وہ عبادت ہے جس سے جنت والا ملتا ہے خود مالک حقیقی ہی مل جاتا ہے۔

## محمودوایاز

ایک دفعہ محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ نے جواہرات اپنے جرنیلوں کے سامنے پھینکتے ہوئے فرمایا کہ چن لیجئے اور خود آگے بڑھ گیا۔ تھوڑی دور جا کر واپس دیکھا تو ایاز گھوڑے پر سوار پیچھے آرہا ہے۔ پوچھا ایاز! یہ کیا؟ کیا تجھے موتی اور جواہرات نہیں چاہئیں۔ ایاز نے عرض کیا: جوموتیوں کے طالب تھے موتی چن رہے ہیں مجھے موتی نہیں بلکہ موتیوں والا چاہیئے، مجھے جو درکار ہے اس کے ساتھ ہوں۔

اس سلسلہ میں ایک حدیث بھی ملاحظہ فرمائیے۔

## حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ

ربیعہ حضور علیہ السلام کے صحابی تھے۔ مشکوۃ شریف میں ہے کہ ایک مرتبہ آپ نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کووضو کرایا تو رحمۃ للعلمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

سَلۡ رَبِیۡعَةَ ! اے ربیعہ! مانگ کیا چاہتا ہے؟

سبحان اللہ! حضرت ربیعہ نے کیا ہی خوب مانگا عرض کیا:

اَسۡئَلُکَ مرافقتک فی الجنۃ۔ جنت میں بھی آپ ہی کے پاس حاضر رہوں۔

گویا کہ عرض کیا آپ سے آپ ہی کو مانگتا ہوں۔ کسی شاعر نے اس کو خوب ادا کیا ہے وہ کہتا ہے کہ ربیعہ نے عرض کیا:

تجھ سے تجھی کو مانگ کر مانگ لی ساری کائنات　　تیرے کرم سے بے نیاز کون شے ملی نہیں
مجھ سا کوئی گدا نہیں، تجھ سا کوئی سخی نہیں　　جھولی ہی میری تنگ ہے تیرے یہاں کمی نہیں

Scanned by CamScanner

پھر آپ غور فرمائیں کہ جس کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرمائیں: مانگ کیا مانگتا ہے۔ اس کی قسمت کا کون اندازہ کرسکتا ہے۔

## روزہ کے فرض ہونے کی وجہ

اسلام میں اکثر اعمال کسی نہ کسی واقعہ کی یاد تازہ کرنے کے لیے مقرر کیے گئے ہیں۔ مثلاً صفا اور مروہ کے درمیان حاجیوں کا دوڑنا، حضرت ہاجرہ کے ان دو پہاڑوں کے درمیان دوڑنے کی یاد کو تازہ کرتا ہے۔ آپ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے لیے پانی تلاش کرنے ان دونوں پہاڑوں پر دوڑتی ہیں۔ وہی طریقہ اللہ تعالیٰ نے قیامت تک حاجیوں کے لیے لازم قرار دے دیا۔ اسی طرح ان دنوں میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ دن غار حرا میں گزارے تھے۔ ان دنوں میں آپ دن کو کھانے سے پرہیز کرتے تھے اور رات کو ذکر الٰہی میں مشغول رہتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان دنوں کو یاد تازہ کرنے کے لیے روزے فرض کیے تاکہ اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت قائم رہے۔

## پہلی امتوں کے روزے

روزہ ہر امت کے لیے فرض تھا مگر اس کی صورت ہمارے روزوں سے مختلف تھی کتابوں میں آتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام ہر ماہ کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ کو روزہ رکھتے تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام ہمیشہ روزہ دار رہتے تھے اور حضرت داؤد علیہ السلام ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن روزہ رکھتے تھے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک دن روزہ رکھتے اور دو دن افطار کرتے۔

## ایمان پر پختگی

سخت گرمی ہے پیاس سے حلق سوکھ رہا ہے، ہونٹ خشک ہیں مگر وہ پانی موجود ہوتے ہوئے بھی اس کی طرف دیکھتا تک نہیں۔ کھانا موجود ہے بھوک کی شدت سے حالت دگرگوں ہے مگر وہ کھانے کی طرف ہاتھ تک نہیں بڑھاتا۔ آپ اندازہ فرمائیں اس شخص کا خدا پر کتنا پختہ ایمان ہے، کتنا زبردست یقین ہے وہ جانتا ہے کہ اس کی حرکت ساری دنیا سے چھپ سکتی ہے مگر اللہ تعالیٰ سے پوشیدہ نہیں رہ سکتی۔ اس کا اللہ تعالیٰ پر یہ یقین روزے کا عملی نتیجہ ہے کیونکہ دوسری عبادتیں کسی نہ کسی ظاہری حرکت سے ادا کی جاتی ہیں مگر روزے کا تعلق باطن سے ہے۔ اس کا حال اللہ اور اس کے

Scanned by CamScanner

بندے کے سوا کوئی نہیں جانتا چھپ کر کھا اور پی لے لوگ یہی سمجھتے رہیں گے کہ روزے سے ہے۔

## لیلۃ القدر

رمضان المبارک میں ایک ایسی عظمت والی رات ہے جس کی تعریف میں اللہ تعالیٰ نے پوری سورت نازل فرمائی اسی رات میں قرآن کریم لوح محفوظ سے بیت المعمور پر اتارا گیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ٥ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ٥ لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ٥ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ٥ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ٥ (پ۳۰)

بے شک ہم نے اسے لیلۃ القدر میں اتارا اور تم نے کیا جانا؟ کیا ہے لیلۃ القدر؟ لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے اس میں فرشتے اور جبریل اترتے ہیں اپنے رب کے حکم سے ہر کام کے لیے وہ سلامتی ہے صبح چمکنے تک۔

## تطبیق

قرآن کریم کی اس سورت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ہم نے قرآن کریم کو ایک رات میں اتارا ہے اور دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے:

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ.

کہ ہم نے اسے رمضان کے مہینے میں اتارا ہے۔

واقعات اور تاریخ یہ بتاتی ہے کہ جبریل علیہ السلام تئیس سال کی مدت میں لاتے رہے اس میں تطبیق یوں ہوسکتی ہے کہ لیلۃ القدر کو جو رمضان المبارک میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو لوح محفوظ سے بیت المعمور ( آسمان دنیا پر ایک جگہ ہے) میں اتارا اور وہاں سے پھر حضرت جبریل علیہ السلام حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تئیس سال تک لاتے رہے۔

## دو صیغے

اس سلسلے میں قرآن کریم میں دو صیغے آتے ہیں ایک باب تفعیل سے اور دوسرا باب افعال سے۔ باب تفعیل جیسے نَزَّلَ یُنَزِّلُ تَنْزِیْلاً اور باب افعال جیسے اَنْزَلَ یُنْزِلُ اِنْزَالاً۔ تو جس جگہ

Scanned by CamScanner

باب تفعیل ہو وہاں مراد ہوتی ہے تھوڑا تھوڑا کر کے اتارنا اور جہاں باب افعال ہو وہاں مطلب ہے دفعۃً واحدۃً یعنی یکبارگی۔ انزال سے مراد لوح محفوظ سے بیت المعمور پر اترنا اور بیت المعمور سے آسمان دنیا پر نازل کرنا باب تفعیل کا ترجمہ ہوگا۔

## کثرت تلاوت

چونکہ قرآن کریم اسی ماہ میں اتارا گیا اسی لیے زیادہ مناسب یہی ہے کہ اس بابرکت مہینہ میں قرآن کریم کی تلاوت کثرت سے کی جائے۔ تلاوت کلام الٰہی سے قلب کو سکون حاصل ہوتا ہے، روح کو تسلی نصیب ہوتی ہے قرآن کریم کا ارشاد ہے:

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبَ. دلوں کو اطمینان اللہ تعالیٰ کے ذکر سے ہوتا ہے۔

دنیا کی دولت وثروت، مکانات، بلڈنگیں غرضیکہ دنیا کی ہر چیز سے پریشانی اور بے اطمینانی بڑھتی ہی چلی جاتی ہے صرف ایک اللہ تعالیٰ کا ہی ذکر ہے جس سے دل مطمئن ہوتے ہیں اور پھر قرآن کریم ایک ایسی کتاب ہے کہ جس کو جتنی مرتبہ پڑھتے جایئے لذت اور شوق تلاوت زیادہ ہی ہوتا چلا جائے گا۔ دنیا کی کسی کتاب کو آپ دو چار مرتبہ پڑھ جایئے پھر اسے ہاتھ لگانے کو بھی جی نہیں چاہتا۔ قرآن پاک ہی کا اعجاز ہے کہ ایک ہی آیت کو بار بار سننے اور پڑھنے پر بھی جی نہیں اکتاتا۔

رمضان المبارک میں عموماً مسلمان نماز تراویح میں ختم قرآن کریم کرتے ہیں بلکہ میں نے کئی حفاظ ایسے بھی دیکھے ہیں جو صرف ایک رکعت میں ہی ختم کر لیتے ہیں۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ہر روز دو قرآن کریم ختم فرمایا کرتے تھے۔

## ثواب تلاوت

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اس کتاب کا ایک حرف تلاوت کرنے پر دس نیکیاں ملتی ہیں اور دس گناہ معاف کیے جاتے ہیں۔ فرمایا:

الٓمّٓ لَیْسَ بِحَرْفٍ بَلْ اَلِفٌ حَرْفٌ وَّلَامٌ حَرْفٌ وَّ مِیْمٌ حَرْفٌ.

''الف، لام، میم ایک حرف نہیں بلکہ علیحدہ علیحدہ تین حرف ہیں الٓمّٓ پڑھنے والے کو تیس نیکیاں ملتی ہیں اور اتنے ہی گناہوں پر قلم پھیر دیا جاتا ہے۔ جس جگہ تلاوت کی جائے وہاں پروردگار عالم کی رحمت کی بارشیں نازل ہوتی ہیں۔

Scanned by CamScanner

## تلاوت اور شاہ حبش

اسلام میں پہلی ہجرت حبشہ کی طرف ہوئی جن حضرات نے یہ ہجرت فرمائی اس کی قیادت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کر رہے تھے۔ اس قافلے میں حضرت جعفر بن ابی طالب بھی شامل تھے۔ یہ قافلہ حبشہ جا کر آباد ہو گیا۔ ادھر کفار مکہ نے ان مسلمانوں کو وہاں بھی چین سے نہ بیٹھنے دیا۔ ایک وفد شاہ نجاشی کے دربار میں بھیجا کہ چند مسلمان تمہارے ملک میں آگئے ہیں جو ملک میں فساد اور بدامنی پیدا کریں گے۔ بہتر ہے کہ آپ ان کو اپنے ملک سے نکال دیں۔ اس وفد کی باتیں سن کر شاہ حبشہ نے مسلمانوں کو اپنے دربار میں بلایا اور حقیقت حال دریافت کی۔ حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے شاہ نجاشی کے دربار میں جو تقریر فرمائی اسے آپ بھی سماعت فرمائیے اس تقریر کو سیرت ابن ہشام سے لیا گیا ہے۔ حضرت جعفر نے کہا:

اے بادشاہ! ہم جہالت میں مبتلا تھے، بتوں کو پوجتے تھے، نجاست میں آلودہ تھے، مردار کھاتے تھے، بیہودہ باتیں کرتے تھے، ہم میں انسانیت اور سچی مہمان داری کا نشان تک نہ تھا۔ ایسی حالت میں خدا نے ہم میں سے ایک بزرگ کو مبعوث کیا جس کے حسب ونسب، سچائی، دیانتداری، تقوی، پاکیزگی سے ہم خوب واقف تھے۔ اس نے ہم کو توحید کی دعوت دی اور سمجھایا کہ اس اکیلے خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائیں۔ اس نے ہمیں پتھروں کی پوجا سے روکا۔ اس نے فرمایا کہ ہم سچ بولا کریں۔ وعدہ پورا کریں۔ گناہوں سے دور رہیں۔ برائیوں سے دور رہیں اس نے حکم دیا کہ ہم نماز پڑھا کریں، صدقہ دیا کریں اور روزہ رکھا کریں۔ ہماری قوم ہم پر ان باتوں کی وجہ سے بگڑ بیٹھی ہے، ان سے جہاں تک ہو سکا ہمیں ستایا تا کہ خدا کی عبادت چھوڑ دیں اور لکڑی اور پتھر کی مورتیوں کی پوجا شروع کر دیں۔ ہم نے ان کے ہاتھوں بہت تکلیفیں اور ظلم اٹھائے ہیں اور جب مجبور ہو گئے تو آپ کے ملک میں پناہ لینے آگئے۔

شاہ نجاشی نے یہ تقریر سن کر کہا کہ مجھے وہ کتاب سنایئے جو تمہارے رسول پر اتری ہے حضرت جعفر طیار نے بھرے دربار میں سورۂ مریم سنانا شروع کر دی۔ ابھی چند ہی آیات پڑھی ہوں گی کہ بادشاہ رونے لگا۔ شدت گریہ سے اس کی داڑھی آنسوؤں سے تر ہو گئی۔ کہنے لگا یہ تو وہی رسول ہیں جن کی خبر یسوع مسیح نے دی تھی۔ اللہ کا شکر ہے کہ مجھے یہ زمانہ نصیب ہوا۔ حضرت میں آپ کے رسول برحق پر ایمان لاتا ہوں۔

قرآن پاک کے ساتویں پارے کی پہلی آیت پر غور فرمائیں۔ ارشاد ہوتا ہے:

Scanned by CamScanner

وَإِذَا سَمِعُوا مَآ أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ ط

اور جب سنتے ہیں جو ہم نے اپنے رسول پر اتارا تو دیکھے گا ان کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اس لیے کہ انھوں نے حق کو پہچان لیا ہے۔

## قرآن اور عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

اس سلسلے میں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کا واقعہ بھی بڑا عجیب ہے جب مسلمان حبشہ کی طرف ہجرت کر گئے تو عمر فاروق نے سوچا کہ کیوں نہ محمد کو قتل کر ڈالوں، ہر روز کا شور شرابہ ختم ہو جائے۔ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری (نعوذ باللہ من ذلک) اس برے اور غلط ارادے کو لے کر تلوار کو زہر میں بجھائے جا رہا تھا کہ راستے میں نعیم بن عبداللہ ملے پوچھا۔

عمر! کہاں جا رہے ہو تمہاری آنکھوں میں خون اترا ہوا ہے؟

عمر نے کہا: محمد کا قصہ پاک کرنے جا رہا ہوں۔

نعیم نے کہا: پہلے اپنے گھر کی خبر لو۔ تمہاری بہن اور بہنوئی تو اس پر ایمان لے آئے ہیں۔

عمر سخت غصے میں اپنی بہن کے گھر گئے اس وقت حضرت خباب بن الارت ہاتھ میں قرآن کریم کے اجزاء لیے انھیں پڑھا رہے تھے۔ عمر کو آتا دیکھ کر حضرت خباب چھپ گئے اور بہن نے اجزاء بھی چھپا دیئے۔ عمر نے آتے ہی کہا یہ کیا ہو رہا تھا؟ بہن نے کہا کچھ نہیں۔ عمر نے کہا مجھے معلوم ہو چکا ہے کہ تم دونوں محمد کا دین قبول کر چکے ہو۔ یہ کہہ کر بہنوئی اور بہن کو بے تحاشہ مارنا شروع کر دیا۔ ادھر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس ہاتھ بارگاہ خداوندی میں اٹھے اور آپ دعا فرما رہے تھے: یا اللہ! دونوں عمروں میں سے ایک کو مسلمان کر دے۔

تمہارے منہ سے جو نکلی وہ بات ہو کے رہی

دعا قبول ہو چکی تھی عمر نے بہن کو روتی دیکھ کر کہا اچھا لاؤ تو میں بھی وہ کلام دیکھوں جو تمہارے نبی پر اترا ہے۔ بہن نے کہا ہمیں خطرہ ہے کہ تو اس کی بے ادبی کرے گا۔ کہا مجھے اپنے بتوں کی قسم ہے پڑھ کر واپس کر دوں گا۔ بہن نے کہا اس کو پاک ہاتھ ہی چھو سکتے ہیں۔ یہ باتیں سن کر حضرت خباب بھی سامنے آئے اور کہا: الحمد للہ! اللہ تعالیٰ نے عمر کے سینے میں اسلام کی محبت ڈال دی ہے۔ عمر نے غسل کیا پھر اجزائے قرآن کریم پڑھے تو بے اختیار آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ پکار اٹھے:

Scanned by CamScanner

بہن! چل مجھے بارگاہ محمدی میں لے چل۔

عمر حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ ایک صحابی نے دوڑ کر حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں عرض کیا: یارسول اللہ! عمر تلوار لیے آ رہا ہے۔ حضرت حمزہ بن عبد المطلب نے کہا: آنے دو، اگر کسی برے ارادے سے آیا ہے تو اسی کی تلوار سے اس کی گردن اڑا دی جائے گی۔ عمر حاضر ہوئے حضور علیہ السلام نے فرمایا: عمر! کیسے آئے ہو؟ عرض کیا خدا اور اس کے سچے رسول پر ایمان لانے۔ صحابہ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور عمر ایمان لے آئے۔

نگاہ نبی میں وہ تاثیر دیکھی بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

پھر عمر کو وہی توحیدی نشہ پلایا گیا جسے دنیا کی کوئی ترشی نہ اتار سکی۔ کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ شراب۔

طیبہ سے منگائی جاتی ہے، سینوں میں چھپائی جاتی ہے
توحید کی مے پیالوں سے نہیں، نظروں سے پلائی جاتی ہے
جس طرف چشم محمد کے اشارے ہو گئے
جتنے ذرّے سامنے آئے ستارے ہو گئے

## بدر اور رمضان

یہ اسی توحیدی نشہ کا نتیجہ تھا کہ شدّت کی گرمی ہے، رمضان المبارک کی سترہ تاریخ، طویل دن اور منہ میں روزہ، تعداد میں کم، دشمن تین گنا زیادہ، مگر ہر طرف سے آوازیں آ رہی ہیں کہ:

غلامانِ محمد جان دینے سے نہیں ڈرتے یہ سر کٹ جائے یا رہ جائے کچھ پرواہ نہیں کرتے

سامان حرب کی یہ حالت تھی کہ اگر زرہ ہے تو خود نہیں، خود ہے تو زرہ نہیں شکستہ تلواریں ہیں

تھے ان کے پاس دو گھوڑے چھ زرہیں آٹھ شمشیریں
پلٹنے آئے تھے یہ لوگ دنیا بھر کی تقدیریں
نہ تیغ و تیر پر تکیہ نہ خنجر پر نہ بھالے پر
بھروسہ تھا تو اک سادی سی کالی کملی والے پر

مگر:۔

یہ لشکر ساری دنیا سے انوکھا تھا نرالا تھا

کہ اس لشکر کا افسر ایک کالی کملی والا تھا

## صحابہ کا جذبہ

غزوۂ بدر کے لیے جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار اور مہاجرین صحابہ کو جمع فرما کر دریافت کیا کہ کون ہے جو اپنی جان کو اللہ کی راہ میں قربان کرے۔ سب سے پہلے مہاجرین کی طرف سے حضرت صدیق اکبر اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے عرض کی:

ابوبکر و عمر نے عرض کی اے ہادیٔ دوراں
ہمارے مال و جاں، اولاد سب کچھ آپ پر قرباں

اور انصار کی ترجمانی کرتے ہوئے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

اٹھے مقداد اٹھ کر عرض کی اے سرور عالم
نہیں ہیں قوم موسیٰ کی طرح کہہ دینے والے ہم
نبی کا حکم ہو تو پھاند جائیں ہم سمندر میں
جہاں کو محو کر دیں نعرۂ اللہ اکبر میں
قریش مکہ تو کیا چیز ہیں دیووں سے لڑ جائیں
سنان نیزہ بن کر سینۂ باطل میں گڑ جائیں

## قوم موسیٰ کا جواب

یہ جواب ان صحابہ کا تھا جن کے پیٹ پر تین تین دن تک پتھر بندھے رہتے تھے۔ آیئے اب ذرا اس قوم کا جواب بھی سنیئے جن کے کھانے کے لیے من وسلویٰ، پہننے کے لیے قدرتی لباس، پینے کے لیے چشموں کے ٹھنڈے اور میٹھے پانی اور سائے کے لیے بادلوں کا انتظام تھا۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے:

۱. فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنًا ؕ قَدۡ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشۡرَبَهُمۡ.
پس بہہ نکلے اس سے بارہ چشمے ہر آدمی نے اپنا گھاٹ پہچان لیا۔
۲. فَاَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكُمُ الۡمَنَّ وَالسَّلۡوٰى.
پس اتارے ہم نے تم پر قسم قسم کے کھانے۔
۳. وَظَلَّلۡنَا عَلَيۡكُمُ الۡغَمَامَ.

Scanned by CamScanner

اور سایہ کر دیا ہم نے تم پر بادلوں کا۔

اس ناز و نعم میں پروان چڑھنے والی قوم نے قوم عمالقہ سے جنگ کے اعلان کے وقت موسیٰ علیہ السّلام سے کہا تھا:

اِذْهَبْ اَنْتَ وَ رَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ.

تو اپنے رب کو اپنے ساتھ لے جا اور دونوں اکٹھے جنگ کرو ہم تو یہاں بیٹھے ہیں۔

اس واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا تھا کہ نہیں ہیں قوم موسیٰ کی طرح کہہ دینے والے ہم۔

## بدر میں امداد الٰہی

ارشاد الٰہی ہوتا ہے:

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ۝ (پ۴، ع۴)

اور یہ بات محقق ہے کہ حق تعالیٰ نے تم کو بدر میں منصور فرمایا حالانکہ تم بے سروسامان تھے سو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو تاکہ تم شکرگزار ہو جب کہ آپ مسلمانوں سے یوں فرما رہے تھے کہ کیا تم کو یہ امر کافی نہ ہوگا کہ تمہارا رب تمہاری امداد کرے تین ہزار فرشتوں کے ساتھ جو اتارے جائیں گے ہاں کیوں نہیں اگر مستقل رہو گے اور وہ لوگ تم پر ایک دم آ پہنچیں گے تو تمہارا رب تمہاری امداد فرمائے گا پانچ ہزار فرشتوں سے جو ایک وضع کے بنائے ہوں گے اور اللہ نے یہ امداد محض اس لیے کی کہ تمہارے لیے بشارت ہو اور تاکہ تمہارے دلوں کو قرار ہو جائے اور نصرت صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے جو غالب حکمت والا ہے۔

## جبریل کا گھوڑا

اس جنگ میں ایک آواز آ رہی تھی اقدم هیزوم! اقدم هیزوم ۔ ہیزوم آگے بڑھو، ہیزوم آگے بڑھو۔ صحابہ کہتے ہیں ہم حیران تھے کہ آواز کیسی ہے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ ہیزوم جبریل کے گھوڑے کا نام ہے وہ اپنے گھوڑے کو کہہ رہے ہیں کہ آگے بڑھو۔ صحابہ فرماتے ہیں کئی بار ہم کسی کافر کو قتل کرنا چاہتے تو پہلے ہی قتل ہو جاتا۔ ہم سمجھ لیتے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی امداد ہے۔

اس کفر و اسلام کی پہلی ٹکر میں جس میں مسلمان بے سروسامان تھے، تعداد میں بھی کم اور

Scanned by CamScanner

آلات حرب بھی ناکافی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اس قلیل جماعت کو اپنے سے تین گنا زیادہ لشکر پر شاندار فتح عطا فرمائی۔

پروردگار عالم اعلان فرماتا ہے:

كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِينَ ۝

اللہ کے حکم سے کئی قلیل لشکر کثیر لشکروں پر غالب آجاتے ہیں۔ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

## فلسفۂ جہاد

عام طور پر کسی کی زبان سے نکلا ہوا لفظ جہاد جب کانوں کے پردہ سے ٹکراتا ہے تو تبادر ذہنی یہ ہوتا ہے کہ معرکۂ کارزار میں پہونچکر اللہ و رسول کے باغیوں سے جنگ کرنا اور اعلاء کلمۃ اللہ کا فریضہ ادا کرتے ہوئے۔ یا تو غازی ہو کر واپس لوٹنا یا پھر راہ حق میں شہید ہو کر حیات جاودانی حاصل کرنا حالانکہ اسلام میں جہاد کا مفہوم اس سے کہیں زیادہ وسیع تر ہے اور وہ یہ کہ ایک انسان کو جادۂ مستقیم سے ہٹانے والے جتنے بھی اسباب و عِلَل ہیں ان کے خلاف نبرد آزما ہر انسان کی عملی زندگی کا اولین فریضہ ہے۔ مثلاً نفس امارہ کی سرکوبی، غلط حرص و ہوس کی پامالی، لغو خواہشات پر کنٹرول، بغض و عناد کے خلاف جائز اور مناسب اقدام، ظلم و جور کی طاغوتی قوتوں کو کچلنا، تشدد و بربریت کے خلاف آواز بلند کرنا، فرعونی طاقتوں کو دبانے کے لئے ابتلاء و آزمائش کے لئے اپنے آپ کو آمادہ کرنا بالخصوص اپنے عزائم کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے راستہ کی جانب موڑ دینا، اور اس راہ میں بلا خوف لومتہ لائم بے لوث جدو جہد کرنا وغیرہ وغیرہ پر بھی جہاد کا اطلاق ہوگا۔

روزہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ روزہ بندہ اور خدا کے درمیان ایک ایسے تعلق کا نام ہے جو عبادات میں ایک امتیازی مقام کا حامل ہے اور تزکیہ نفس کے ذریعہ مذکورہ بالا اکثر و بیشتر جہادوں کا ذریعہ بننے کا اس کو جو شرف حاصل ہے وہ کسی دوسری عبادت کو حاصل نہیں ہے اور خصوصیت کے ساتھ عمل کا وہ اخلاص جو ہر عمل اور ہر عبادت کی روح ہے وہ بھی اسی کی شان امتیازی ہے مثلاً نماز با جماعت ہے تو وہ دوسروں کے ساتھ ہوتی ہے۔ حج ہوتا ہے تو وہ عامۃ المسلمین کے جم غفیر میں ہوتا ہے۔ زکوٰۃ دی جاتی ہے تو اس میں کم از کم لینے والے کو دینے والے کا علم ضرور ہوتا ہے حتی کہ معرکۂ کارزار والا جہاد ہے تو وہ بھی دو گروہوں کے درمیان ہوتا ہے اس میں ریا اور دکھاوے کا امکان بھی ہوتا ہے مگر روزہ ہی ایک ایسی عبادت ہے جو صرف اور صرف بندہ اور خدا کے درمیان ہے۔ یہ کوئی

Scanned by CamScanner

ایسا عمل نہیں ہے جو کسی کو دکھا کر کیا جائے لہٰذا اس میں ریا اور دکھاوے کو کوئی دخل ہی نہیں ہو سکتا۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ جب میدان قیامت میں ۔ یا کاروں کی ایک قطار کھڑی ہوگی ان میں ایک مجاہد سامنے آئے گا اور اپنی نیکی بیان کرتے ہوئے جہاد کا نام لیگا تو فرشتوں سے کہا جائے گا کہ اس کو جہنم میں لیجاؤ کیونکہ اس نے جہاد اس لئے کیا تھا کہ اس کو بہادر کہا جائے لہٰذا دنیا میں کہہ دیا گیا اب آخرت میں اس کا صلہ ملنے کا سوال ہی کیا پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح قاری قرآن کے بارے میں کہا جائے گا اور اسی طرح زکوٰۃ و خیرات و صدقات دینے والے کیلئے بھی کہا جائے گا مگر ریا اور دکھاوے کی بنیاد پر کی جانے والی عبادتوں کی عبادت گزاروں کی فہرست میں حدیث پاک کے اندر روزہ دار کا ذکر نہیں ہے اسی سے روزہ کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے کہ یہ عبادت ہر قسم کے دکھاوے سے بالاتر ہو کر محض خالصاً لوجہ اللہ ہونے کی آئینہ دار ہے۔ فقہی اصطلاح میں جو روزہ کی تعریف کی گئی ہے یعنی ( کھانے، پینے اور جماع سے رک جانا ) اس کی یہی وجہ ہے کہ روح کیلئے عرفان خداوندی اور تقرب الی اللہ سے روکنے والی دو قسم کی لذتیں ہیں لذات جسمانی اور خواہشات نفسانی روزہ کی حقیقت میں اس دیوار کو توڑ دیا گیا اور پھر حدیث پاک میں تو یہاں تک فرما دیا گیا کہ حالت روزہ میں تم کو فکری اور ذہنی پابندیوں کے ساتھ ساتھ اعضاء جوارح کو بھی شرعی احکام کی زنجیروں میں جکڑ دیا گیا ہے یعنی تمہارے ہاتھ پیر آنکھ اور کان کا بھی روزہ ہے غرضکہ جسمائی علائق کی حد بندیوں سے بے نیاز ہو کر اب روحانی عروج و ارتقا کیلئے تمام راہیں ہموار ہو چکی ہیں اور زندگی کا حقیقی مقصد بھی یہی ہے جو روزہ سے بدرجۂ حاصل ہو جاتا ہے۔

محمد کی محبت دین حق کی شرط اوّل ہے ۔۔۔ اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے

## دو بچّے

میدان بدر میں اگر چہ مسلمان تعداد میں تیسرا حصہ تھے مگر اللہ تعالیٰ نے کامیابی عطا فرمائی۔ میدان بدر میں جہاں اور بڑے بڑے سرداران کفار قتل ہوئے وہاں ابو جہل بھی مارا گیا۔ اس کو دو ننھے بچوں نے قتل کیا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے قریب دو چھوٹے بچے دیکھے وہ دوڑتے ہوئے میرے قریب آئے اور پوچھا: چچا جان! ابو جہل کہاں ہے؟ میں نے کہا: بچو! کیوں پوچھتے ہو؟ وہ بولے:

قسم کھائی ہے مرجائیں گے یا ماریں گے ناری کو ۔۔۔ سنا ہے گالیاں دیتا ہے وہ محبوب باری کو

Scanned by CamScanner

وہ ہمارے آقا و مولیٰ ہمارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا ہے اس لیے ہم نے تہیہ کرلیا ہے اور قسمیں کھالی ہیں کہ اس کو قتل کر کے ہی دم لیں گے یا اپنی جانیں اللہ کی راہ میں قربان کردیں گے۔

حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں میں نے کہا بچو! تم اس تک نہیں پہنچ سکتے اس لیے کہ:

حفاظت کر رہا ہے گرد اس کے فوج کا دستہ

بچے بولے:

یہ دستہ کب تلک روکے گا عزرائیل کا رستہ

آپ نے فرمایا کہ میں نے اشارہ کیا کہ بچو! وہ دیکھو سیاہ گھوڑے پر بیٹھا ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں میں نے انگلی کا اشارہ کیا۔ میری نگاہ وہاں پہنچی، دیکھا تو دونوں بچے وہاں موجود تھے انہوں نے جاتے ہی اپنی ننھی ننھی تلواروں سے ابوجہل کے گھوڑے کی ٹانگیں کاٹ دیں۔ ابوجہل گر پڑا!۔ سب سے پہلی تلواریں جو اس کے سر پر صاعقہ بن کر چمکیں ان دونوں بچوں کی تھیں۔ تھوڑی دیر بعد ایک لڑکا لڑتے لڑتے شہید ہوگیا۔ دوسرے کے بازو پر ایک کافر نے تلوار ماردی۔ اس کا بازو کٹ کر لٹک گیا۔ اس نے تلوار دوسرے ہاتھ میں لی اور چلاتا رہا۔

اللہ اللہ! کیا جذبہ تھا، لٹکتا ہوا بازو رکاوٹ بن رہا تھا، پاؤں کے نیچے رکھا اور توڑ کر دور پھینک دیا اس کو دور پھینکتے ہوئے سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم دیکھ رہے تھے گھوڑا دوڑا کر تشریف لائے اور ٹوٹا ہوا بازو اٹھایا اور لعاب دہن مبارک لگا کر پھر کندھے کے ساتھ جوڑ دیا۔ توڑنے والا ہے تو جوڑنے والا بھی موجود ہے۔ تھوڑی دیر بعد اس نے بھی جان جان آفریں کے سپرد کردی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ.

## رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم

جو کافر گرفتار ہوئے وہ حضور کی بارگاہ میں پیش کیے گئے۔ حضور نے صحابہ سے مشورہ فرمایا کسی کی رائے یہ تھی کہ انہیں قتل کردیا جائے اور ایک آواز آئی جو جس کا رشتہ دار ہو وہی قتل کرے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل والی تجویز کو قبول نہیں فرمایا۔ رحمۃ للعٰلمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تجویز زیادہ اچھی ہے کہ فدیہ لے کر انھیں رہا کردیا جائے۔ چنانچہ کافر فدیہ دے کر رہا ہوتے رہے۔ ان گرفتار شدگان میں حضور علیہ السلام کے چچا عباس بھی تھے۔

Scanned by CamScanner

## حضرت عباس کا ایمان لانا

آپ نے آتی دفعہ اپنی بیوی کو اندر بلا کر کہا کہ یہ اشرفیوں کی ایک تھیلی ہے اسے سنبھال کر رکھنا، کسی کو خبر نہ ہو، یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرنا، اگر میں سلامت واپس آ گیا تو فبہا ورنہ اتنی اشرفیاں فلاں کو اور اتنی فلاں کو دے دینا۔ جب عباس بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو حضور نے فرمایا فدیہ دو اور رہا ہو جاؤ۔

عباس نے کہا کہ میں غریب آدمی ہوں میرے پاس کوئی رقم نہیں۔ دوبارہ حضور نے فرمایا کہ فدیہ دو اور رہائی حاصل کرو۔ عباس بولے میں نے کہہ دیا ہے کہ میرے پاس کوئی پیسہ نہیں ہے۔ تیسری مرتبہ آپ نے فرمایا: اچھا ایسا کرو ہم تمہیں رہا کر دیتے ہیں اور مکہ جا کر بھیج دینا۔ عباس نے کہا: وہاں بھی میرے پاس کوئی رقم نہیں ہے۔ جب تین بار یونہی کہا تو سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آتی دفعہ جو اشرفیاں اپنی بیوی کو دے کر آئے تھے وہ بھی نہیں ہیں!

یہ سن کر حضرت عباس پر رعشہ ہوا طاری　　کہ پیغمبر تو رکھتا ہے دلوں کی بھی خبر داری

عباس نے کہا: یہ راز تو میری بیوی اور میرے سوا کوئی نہیں جانتا، جو غیب کی باتیں جانے اور مدینے میں بیٹھ کر مکے کے حالات کا علم رکھتا ہو وہ جھوٹا نہیں ہو سکتا، میں بھی پڑھتا ہوں: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

عباس حضور علیہ السلام کا علم غیب دیکھ کر ایمان لائے۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ کوئی علم غیب دیکھ کر ایمان لاتا ہے اور کچھ وہ ہیں جو ایمان کا دعویٰ کر کے بھی حضور کے علم غیب کا انکار کر دیتے ہیں۔

یہاں ضمناً میں اتنا عرض کر دوں کہ ہمارے حضور پرنور شافع یوم النشور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے علم غیب عطا فرمایا ہے یعنی حضور کا علم عطائی ہے، اللہ کا علم ذاتی ہے۔ اگر حضور کے علم کو ذاتی مانا جائے تو شرک ہے۔ جب یہ عقیدہ ہو کہ مخلوق کا علم عطائی اور اللہ کا علم ذاتی ہے تو شرک کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ حضور کو اللہ تعالیٰ نے علم غیب عطا فرمایا ہے اس کے لیے قرآن وحدیث کے بے پناہ دلائل موجود ہیں۔ اس جگہ چونکہ یہ مضمون نہیں ہے اس لیے اس کی تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا صرف ایک آیت سماعت فرمائیے:

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ ط

عالم الغیب اپنے علم غیب پر کسی کو مسلط نہیں فرماتا مگر جس رسول پر راضی ہو جائے

اس آیۂ کریمہ سے واضح ہوتا ہے کہ جس رسول سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے اس کو علم غیب عطا

Scanned by CamScanner

فرماتا ہے مگر ہمارے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات ہی الگ ہے یہاں تو خالق خود چاہتا ہے کہ یہ مجھ پر راضی ہوں۔ گویا اللہ تعالیٰ حضور کی رضا چاہتا ہے وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى.

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم　　خدا چاہتا ہے رضائے محمد
زہے عزت و اعتلائے محمد　　کہ ہے عرش حق زیر پائے محمد

## روزہ کی قسمیں

عوام کا روزہ، خواص کا روزہ، اخص الخواص کا روزہ۔ عوام کا روزہ یہ ہے کہ صبح پو پھٹنے سے لے کر سورج کے غروب ہونے تک کھانے پینے اور بیوی کی قربت سے پرہیز کرے۔ خواص کا روزہ یہ ہے کہ تمام دن یادالٰہی میں اس کی زبان مشغول رہے اور اخص الخواص کا روزہ یہ ہے کہ روزے کی حالت میں دل میں بھی غیر خدا کا خیال نہ آئے۔

## دوخوشیاں

حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ روزہ دار کو دو خوشیاں حاصل ہوتی ہیں، ایک اپنے رب سے ملاقات کے وقت اور دوسری خوشی افطار کے وقت۔

## رحمت، مغفرت، نجات

بیہقی میں ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں یہ رمضان کا مہینہ وہ عظمت والا مہینہ ہے جس کی ابتداء میں رحمت، درمیان میں مغفرت اور آخر میں دوزخ سے نجات ہے۔

## تنبیہہ

بخاری، مسلم، ترمذی اور ابن ماجہ میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بغیر کسی عذر شرعی کے رمضان کا ایک روزہ بھی ترک کرے گا تو ساری عمر کا روزہ رکھنا اس کا معاوضہ نہیں بن سکتا۔ روزہ رکھتے وقت یہ الفاظ کہے:

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ.

اور افطاری کے وقت یہ دعا پڑھے:

Scanned by CamScanner

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَ عَلَیْکَ تَوَ کَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ فَاغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ.

## تراویح

بیہقی اور طبرانی نے حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک میں بیس رکعت پڑھتے تھے۔ سائب بن یزید سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں لوگ بیس تراویح کے ساتھ قیام کرتے تھے۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے فتاوی میں لکھتے ہیں کہ تراویح کی بیس رکعت پر صحابہ کرام کا اجماع ثابت ہے۔ بیس رکعت تراویح حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کی سنت ہے۔

تراویح میں ایک مرتبہ قرآن پاک کا ختم سنت ہے۔ دو بار فضیلت اور سہ بار افضل۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے کہ رمضان المبارک کا احترام ہم زیادہ سے زیادہ کریں اور تلاوت کلام الٰہی بھی کثرت سے کریں۔ آمین

وَ اٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ.

Scanned by CamScanner

# ماہ شوال کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ و الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْاَمِیْنِ وَعَلٰی اٰلِه وَاَصْحَابِه اَجْمَعِیْنَ ط

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ ط

تمہارے لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں بہترین زندگی ہے۔

حضرات! یہ ماہ شوال ہے۔ یہ مہینہ ایک طرح رمضان المبارک کے مہینے کے نتیجے کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس ماہ مبارک کے چاند کی خوشی سال کے تمام چاندوں سے زیادہ ہوتی ہے۔ عید کا چاند، اسکا معنیٰ یہ ہے کہ ایسا چاند جس کے بار بار دیکھنے کی خواہش ہو۔ عید عود سے مشتق ہے۔ مطلب یہ کہ عود کرنے والا دن، بار بار آنے والا دن، مسرت وشادمانی کا دن۔

حقیقی خوشی مسلسل ایک ماہ امتحان میں بیٹھنے کے بعد جب نتیجہ کامیابی کی صورت میں نکلتا ہے تو وہ دن فطرتاً خوشی ومسرت کا دن ہوتا ہے۔ اور یہ امتحان ایسا ہے کہ اس میں ہر بیٹھنے والا کامیاب و کامران ہوتا ہے۔ پروردگار عالم جل جلالہٗ کا ارشاد ہے:

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰی. جس نے بھی تزکیہ کی کوشش کی کامیاب ہوا۔

اور وہ کامیابی جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو اسی میں حقیقی خوشی ہوتی ہے کیونکہ یہ ایسی کامیابی ہے جس کو کبھی فنا نہیں۔

## دوسری قوموں کی عیدیں

تقریباً ہر قوم کا کوئی نہ کوئی دن خوشی کا ہوتا ہے اس دن وہ قومیں اپنی مذہبی اور اخلاقی قیود سے آزاد ہو جاتی ہیں۔ ان کے نزدیک جشن پابندیوں سے رہائی کا نام ہے۔ مگر اسلام کا نظریہ اس کے بالکل برعکس ہے۔ مسلمانوں کے لیے جب کوئی خوشی کا دن آتا ہے تو ان میں اخلاقی قدریں اور اجاگر ہو جاتی ہیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ طیبہ تشریف لائے تو دیکھا کہ مدینہ والوں نے سال میں دو دن ایسے مقرر کر رکھے ہیں جن کو وہ کھیل کود، لہو ولعب میں گزار دیتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ اسلام بے راہ روی اور لہو ولعب کی اجازت نہیں دیتا۔ اسلام

Scanned by CamScanner

قلب میں روحانیت اور طبیعت میں شرافت و نیکی پیدا کرنا چاہتا ہے تو حضور علیہ السلام نے ان جاہلیت کے تہواروں کے بدلے دو دن خوشی کے مقرر فرمائے۔ایک عید الفطر اور دوسرا عید قربان، مسلمانوں کے لیے ان دنوں میں لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا زیادہ سے زیادہ کریں اور بلند آواز سے اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ط پڑھیں۔اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے:

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَاهَدٰكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ.

اور پورا کرو تم گنتی اور اس پر کہ اللہ نے تمہیں ہدایت بخشی اس کی بڑائی بیان کرو تا کہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔

اور ایک دوسری آیت کریمہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

لَئِنْ شَكَرْ تُمْ لَاَ زِيْدَنَّكُمْ وَ لَئِنْ كَفَرْ تُمْ اِنَّ عَذَابِىْ لَشَدِيْدٌ ٥

اگر تم میرا شکر کرو گے تو میں نعمتیں اور زیادہ فرما دوں گا اور اگر ناشکری کرو گے تو میرا عذاب بڑا سخت ہے۔

مسلمان کا شیوہ ہے کہ غم اور خوشی دونوں میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے، وہ جس حال میں رکھے اسی میں راضی رہے۔غم اور خوشی دونوں اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں کبھی حرف شکایت زبان پر نہ لائے۔

## ایک واقعہ

بادشاہ کے وزراء اکثر اس راستے سے گزرا کرتے تھے جس راستے میں ایک فقیر یاد الٰہی میں مصروف رہتا تھا۔ پھٹے پرانے کپڑے، پاؤں کو جوتا نصیب نہیں، بکھرے ہوئے بال، گدڑی بچھائے بیٹھا ہے۔

علامہ اقبال فرماتے ہیں:

خاکساران جہاں را بحقارت منگر توچہ دانی کہ دریں گرد سوارے باشد

ان پھٹے پرانے کپڑے والوں کو حقارت کی نگاہ سے مت دیکھ، تجھے کیا خبر کہ اسی گرد میں کوئی سوار ہو۔

نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ ان کو یدِ بیضا لیے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

یہ فقیر ہر روز وزیروں کو زرق برق لباس میں ملبوس گزرتے دیکھتا رہتا تھا۔ایک دن حرف شکایت زبان پر لایا ''یا اللہ! عبادت میں زیادہ کرتا ہوں اور مجھے کپڑے تک نصیب نہیں اور ایک یہ وزراء ہیں کہ بالکل دنیادار ہیں اور تیری یاد سے غافل مگر تو نے انھیں ہر قسم کی آسائش دے رکھی ہے۔وقت گزرتا

Scanned by CamScanner

گیا کچھ مدّت بعد اس سلطنت پر کسی دوسرے شہنشاہ نے حملہ کیا۔ وزراء گرفتار ہوئے۔ مخالف بادشاہ ان سے حکومت کے راز دریافت کرنا چاہتا تھا۔ انھوں نے ہر قسم کی سزا برداشت کی مگر راز ظاہر نہیں کیے اللہ تعالیٰ نے اس فقیر کو فرمایا، جا اور جا کر ان وزراء کا حال دیکھ اور پھر۔

تو بھی ان سے بندہ بننا سیکھ لے ۔۔۔ تا کہ اپنے رب کو پھر طعنہ نہ دے
تیرے بندہ بننے میں ہی ہے کلام ۔۔۔ ورنہ بندہ پروری ہے مرا کام

## معذور اور مسجد کوفہ

شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ ایک بار زمانہ طالب علمی میں مسلسل سفر کرتے ہوئے میرے پاؤں کا جوتا ٹوٹ گیا۔ نوکیلے پتھروں نے پاؤں زخمی کر دیئے۔ دوران سفر میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت کی یااللہ! تیرے راستے میں علم دین حاصل کرنے جارہا ہوں مگر مجھے جوتا تک نصیب نہیں آپ فرماتے ہیں اسی حالت میں ننگے پاؤں کوفہ کی جامع مسجد میں پہنچا۔ نماز جمعہ کے بعد میں نے دیکھا، دروازے پر ایک آدمی بیٹھا مانگ رہا تھا اس کے دونوں پاؤں ہی نہیں تھے۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں میں فوراً مسجد میں گیا اور سجدہ میں گر گیا اور روکر اللہ کی بارگاہ میں عرض کیا۔ یااللہ! تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ تونے مجھے پاؤں تو عطا فرمائے ہیں وہ لوگ بھی ہیں جنھیں پاؤں بھی نصیب نہیں۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ آدمی کو چاہیے کہ اپنے سے کم مرتبہ والے کو دیکھے اعلیٰ کو نہ دیکھے ورنہ اس کے دل میں احساس کمتری پیدا ہو جائے گا۔

حضرات! انسان کے لیے ضروری ہے کہ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے یہ نہیں کہ مصیبت آئے تو زبان یاد الٰہی میں مصروف ہو جائے اور جب آرام نصیب ہو تو پھر پروردگار عالم کو ہی بھول جائے جیسے اللہ سے کوئی وعدہ ہی نہیں کیا تھا۔

## فضولیات سے پرہیز

اس حقیقی خوشی و مسرت کے دن مسلمانوں کے لیے لازم ہے کہ زیادہ سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔ نہایت افسوس کا مقام ہے کہ آج مسلمانوں میں خوشی کے دن بے شمار فضول باتیں داخل ہو چکی ہیں۔ یہ دن تسبیح و تہلیل میں گزارنے کے بجائے لہو ولعب میں گزار دیا جاتا ہے۔ تماشے، سینما، تھیٹر اس دن زوروں پر ہوتے ہیں۔ یہ اسلام کی عید نہیں جہالت کی عید ہے۔ مسلمان

Scanned by CamScanner

کی عید تو یہ ہے کہ فضا اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتہلیل سے گونج اٹھے مگر اس کے برعکس آج یہ حالات ہیں کہ دنیا کی کوئی بیماری نہیں جو مسلمانوں میں رائج نہ ہوگئی۔ بٹیر بازی، کبوتر بازی، پتنگ بازی، کم تولنا، دھوکہ بازی، ٹھگ بازی، چوری، جھوٹ، زنا، قتل اس قدر عام ہو چکے ہیں کہ ان کی اصلاح کی تمام راہیں مسدود ہوتی نظر آتی ہیں اور پھر اس سے بڑھ کہ یہ بات ہے کہ اگر کوئی مبلغ ان کے خلاف آواز اٹھاتا ہے تو اسے یہ کہہ کر خاموش کرانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ ان کا اپنا فعل ہے، اچھا ہے یا برا۔ آپ کو اس سے کوئی واسطہ نہیں۔

## لطیفہ

ایک مسٹر صاحب گوجرانوالہ گھوڑا خریدنے جا رہے تھے، مسجد کے پاس سے گزرے۔ مسجد کے امام صاحب سے واقفیت تھی۔ سلام کیا۔ امام صاحب نے فرمایا: کہاں کا ارادہ ہے؟ بولے: گوجرانوالہ منڈی لگ رہی ہے وہاں گھوڑا خریدنے جا رہا ہوں کل واپس آ جاؤں گا۔ امام صاحب نے فرمایا: یوں کہیے: انشاء اللہ العزیز۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ جو کام آئندہ کرنا چاہو پہلے انشاء اللہ ضرور کہو۔ مسٹر نے کہا کہ تم مولوی لوگوں کو ان انشاء اللہ اور **لا حول ولا قوة** کے بغیر اور کچھ یاد ہی نہیں ہوتا۔ سات سو روپیہ میرا اپنا کمایا ہوا ہے، روپیہ میرا، گھوڑا لینے جا رہا ہوں۔ انشاء اللہ کا کیا دخل! مولوی صاحب نے کہا مسٹر صاحب! وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ ہم پر تو سنانا فرض ہے۔ مسٹر صاحب ریلوے اسٹیشن پر پہنچے گاڑی پر سوار ہونے لگے تو کسی جیب تراش نے ان کی جیب پر ہاتھ صاف کر لیا۔ مسٹر صاحب بے خبر منڈی پہنچے اور کئی گھوڑے دیکھے مگر مسٹر صاحب ہیں کہ انھیں کوئی پسند ہی نہیں آتا۔ آخر ایک گھوڑا اچھا لگا اس کے مالک سے پوچھا اس کی قیمت کیا ہے؟ اس نے کہا: ایک ہزار روپے۔ مسٹر نے کہا: ایک ہزار بہت زیادہ ہے چھ سو دوں گا۔ دو سو روپے گھوڑے والے نے کم کر دیئے۔ ایک سو اس نے زیادہ کیے اور سات سو پر سودا ہو گیا۔ جونہی مسٹر صاحب نے سات سو روپے نکالنے کے لیے ہاتھ جیب میں ڈالا ہاتھ نیچے ہی چلا گیا بہت شرمندہ ہوا۔ واپس آیا تو دوبارہ مولوی صاحب سے ملاقات ہوئی۔ مولوی صاحب نے کہا: سنایئے مسٹر صاحب۔ مسٹر صاحب نے کہا مولوی صاحب! بات یہ ہے کہ جب میں آپ کے پاس سے انشاء اللہ ریلوے اسٹیشن پر پہنچا، انشاء اللہ بڑے گھوڑے دیکھے، کوئی انشاء اللہ پسند ہی نہ آیا، آخر ایک پسند آیا انشاء اللہ گھوڑے کے مالک سے کہا انشاء اللہ کیا لینا ہے، اس نے کہا انشاء اللہ ایک ہزار، میں نے کہا انشاء اللہ چھ سو۔ اس نے کہا انشاء اللہ نو سو۔ میں نے انشاء اللہ سات سو کہا اور سودا ہو گیا۔ انشاء اللہ العزیز: مولوی صاحب جب

Scanned by CamScanner

میں نے ہاتھ جیب میں ڈالا تو انشاء اللہ ہاتھ نیچے ہی چلا گیا۔ مولوی صاحب نے کہا اب وقت گزر جانے پر انشاء اللہ کے ورد کا کیا فائدہ!

وقت پر کافی ہے قطرہ آب خوش ہنگام کا ۔۔۔ جل گیا جب کھیت بر سا مینہ تو پھر کس کام کا

میاں محمد صاحب علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

جاں کھیتی دا ککھ نہ رہیا نہ سکا نہ ہریا ۔۔۔ کس کم دھپ سکاون والی کس کم بدل ورہیا

مسلمان کی شان یہ ہے کہ ہر وقت اسلام کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کرے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم کو ہمیشہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## حضرت حذیفہ اور حضور کا حکم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی کا مطالعہ فرمایئے تو یہ بات کتنی واضح نظر آئے گی کہ ان کی زندگی کا ہر لمحہ اسلامی احکام کا عملی نمونہ تھا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غزوۂ خندق میں ہمارے ایک طرف کفار کا لشکر تھا جو ہم پر حملہ کے لیے تیار تھا اور دوسری طرف اندرونی دشمن بنو قریظہ کے یہودی اس امر کے منتظر تھے کہ مدینہ منورہ کو خالی دیکھ کر ہم فوراً حملہ کر دیں، ہم لوگ دفاع کے انتظام میں مصروف تھے۔ منافق اپنے گھر کے تنہا اور خالی ہونے کا بہانہ کر کے حضور علیہ السلام سے اجازت لے لے کر واپس جا رہے تھے۔ اسی دوران ایک زبردست آندھی آئی جس کی شدت کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ اندھیرا اس قدر زیادہ تھا کہ ہاتھ کو ہاتھ دکھائی نہیں دیتا تھا۔ بادلوں کی کڑک، شور اور بجلی کی چمک اس شدت کو اور زیادہ کر رہی تھی ہم تقریباً تین سو صحابہ ایک جگہ موجود تھے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایک کا حال دریافت فرما رہے تھے۔ جب حضور علیہ السلام میرے پاس تشریف لائے تو میری حالت یہ تھی کہ میرے پاس نہ تو دشمن سے بچاؤ کے لیے، کوئی ہتھیار اور نہ سردی سے بچنے کے لیے کوئی کپڑا صرف ایک چادر تھی جو اوڑھنے میں گھٹنوں تک آتی وہی میں اوڑھے ہوئے زمین کے ساتھ چمٹا بیٹھا تھا حضور نے فرمایا: کون ہے؟ میں نے عرض کیا، حذیفہ اور میں سردی کے مارے اٹھ بھی نہ سکا۔ حضور نے فرمایا: حذیفہ جلدی دوڑ کر جاؤ اور دشمن کے لشکر کی خبر لاؤ کہ وہ لوگ کیا کر رہے ہیں۔ حذیفہ فرماتے ہیں میں اس وقت گھبراہٹ اور سردی کی وجہ سے سخت خستہ حال تھا مگر حضور علیہ السلام کے حکم کو سنتے ہی فوراً کھڑا ہو گیا اور دشمن کے لشکر کی طرف چل دیا۔

Scanned by CamScanner

جب میں جانے لگا تو حضور نے دعا فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ وَعَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ وَمِنْ فَوْقِهِ وَمِنْ تَحْتِهِ.

یا اللہ! اس کی حفاظت کر سامنے سے، پیچھے سے، دائیں اور بائیں سے، اوپر اور نیچے سے۔

حضرت حذیفہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کے اس ارشاد سے میرے قلب میں ایک انقلاب آ گیا، مجھ سے خوف اور سردی بالکل دور ہو چکی تھی اور ہر قدم پر یہ معلوم ہوتا تھا جیسے میں گرمی میں چل رہا ہوں۔ حضور نے چلتے وقت یہ بھی ارشاد فرمایا تھا کہ کوئی چھیڑ چھاڑ نہ کرنا، خاموشی سے دیکھ کر واپس آ جانا۔ جب میں دشمن کے لشکر کے پاس پہنچا تو دیکھا کہ ان کے خیموں پر پتھر برس رہے ہیں۔ خیموں کی رسیاں ٹوٹ رہی ہیں۔ گھوڑے اور دوسرے جانور ہلاک ہو رہے ہیں ابوسفیان جو اس وقت ساری فوجوں کا سردار تھا اپنے خیمے میں آگ سینک رہا تھا۔ میں بھی خیمے میں داخل ہو گیا۔ دل میں خیال آیا موقع اچھا ہے ابوسفیان سے نپٹ لوں۔ ترکش سے تیر نکالا تو حضور علیہ السلام کا حکم یاد آ گیا کہ خموشی سے واپس آ جانا کوئی چھیڑ چھاڑ نہ کرنا میں نے تیر پھر ترکش میں ڈال لیا۔ ان کو شبہ ہو گیا کہنے لگے ہم میں کوئی جاسوس ہے۔ ہر شخص اپنے ساتھ والے کا ہاتھ پکڑ لے۔ میں نے بھی جلدی سے ایک آدمی کا ہاتھ پکڑ کر پوچھا تو کون ہے؟ وہ کہنے لگا: سبحان اللہ! تو مجھ کو بھی نہیں جانتا میں فلاں ہوں۔ اس کے بعد چپکے سے واپس آ گیا۔ جب آدھا راستہ طے کر لیا تو چند سوار عمامہ پہنے ہوئے ملے۔ انہوں نے کہا: حذیفہ! اپنے آقا سے کہہ دینا آپ بے فکر رہیں اللہ تعالیٰ نے دشمنوں کا انتظام کر لیا ہے وہ دیکھو واپس بھاگے جا رہے ہیں۔ میں حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نماز پڑھ رہے تھے؟ فراغت پر وہاں کا منظر جو میں نے دیکھا تھا بیان کر دیا۔ جاسوس کا قصہ سن کر حضور کے دندان مبارک چمکنے لگے۔

جس کی تسکین سے روتے ہوئے ہنس پڑیں　　اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

حذیفہ فرماتے ہیں پھر حضور نے مجھے اپنے پاؤں کے نزدیک لٹا لیا اور چادر کا ایک پلّہ مجھے عطا فرما دیا۔ میں نے حضور علیہ السلام کے مبارک قدموں کو اپنے سینے سے لگا لیا۔ سبحان اللہ! صحابہ کرام کی بھی کیا زندگی تھی، ان کے لیے کوئی مصیبت و مشکل بھی حضور علیہ السلام کے حکم پر عمل کرنے سے مانع نہ ہو سکتی تھی وہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر ہر وقت عمل پیرا ہونے کی کوشش میں مصروف رہتے تھے۔ وہ بلندیٔ کردار صحابہ کی زندگیوں میں نظر آتی ہے یہ اسی کا نتیجہ تھا کہ جو کام حضور کو کرتے دیکھا اسی پر فوری طور پر عمل شروع کر دیا۔ آپ ذرا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائل

Scanned by CamScanner

کریمانہ پر ایک نظر ڈالیں صحابہ اسی کے پیکر تھے۔

## خصائل نبوی

۱۔ حضور علیہ السلام مویشیوں کو چارہ خود ڈال لیا کرتے تھے۔
۲۔ اونٹ باندھتے گھر میں صفائی کرتے۔ ۳۔ بکری کا دودھ دوہ لیا کرتے۔
۴۔ خادم کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے۔ ۵۔ خادم کو اس کے کام میں مدد دیتے۔
۶۔ بازار سے خود سودا لے آتے۔ ۷۔ ہر چھوٹے بڑے کو سلام پہلے فرماتے۔
۸۔ غلام وآقا، حبشی وترکی میں ذرا فرق نہ فرماتے۔
۹۔ ہر شخص کی دعوت قبول کر لیتے۔ ۱۰۔ ہر ایک پر رحم فرماتے۔
۱۱۔ زبان پر کوئی گندی بات نہ لاتے۔ ۱۲۔ کسی پر لعنت نہ فرماتے۔
۱۳۔ ہر شخص کی قدر ومنزلت سے آگاہ رہتے۔ ۱۴۔ اطاعت گزار کو خوشخبری فرمایا کرتے۔
۱۵۔ گنہ گاروں کو ڈر سنایا کرتے۔ ۱۶۔ بے سہاروں کو پناہ دیتے۔
۱۷۔ بلند آواز سے کلام فرماتے۔ ۱۸۔ معافی مانگنے والے کو معاف فرمادیتے۔
۱۹۔ کسی کا دل نہ دکھاتے۔ ۲۰۔ لباس سادہ پہنتے۔
۲۱۔ کھانا بھی سادہ تناول فرماتے۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائل کریمہ کی یہ ایک مختصر سی جھلک تھی جس پر صحابہ کرام عمل کرنے میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے میں کوشاں رہتے۔

آیئے! آج عید کے دن ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ عہد کریں کہ ہم ہمیشہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔ پروردگار عالم ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

عید الفطر کی خوشی تب ہی حقیقی خوشی ہو سکتی ہے جب تمام مسلمان مل کر عید منائیں اس وقت کئی ممالک میں مسلمانوں پر ظلم وستم کے پہاڑ گرائے جا رہے ہیں۔ کئی جگہ تو مسلمان مسلسل سالوں سے ظلم کی چکی میں پستے جا رہے ہیں۔ آزاد ہو کر ہمارے ساتھ عید کی خوشیوں میں شامل نہیں ہوتے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے انھیں جلد آزادی کی نعمت سے مالا مال فرمائے۔ آمین

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْن.

Scanned by CamScanner

# ماہ ذوالقعدہ کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ الْاَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الْھَادِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ ٥

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اِنْ کَانَ اٰبَآؤُکُمْ وَ اَبْنَآؤُکُمْ وَ اِخْوَانُکُمْ وَ اَزْوَاجُکُمْ وَ عَشِیْرَتُکُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْھَا وَ تِجَارَۃٌ تَخْشَوْنَ کَسَادَھَا وَمَسَاکِنُ تَرْضَوْنَھَا اَحَبَّ اِلَیْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَجِھَادٍ فِیْ سَبِیْلِہٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰہُ بِاَمْرِہٖ وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ ٥ (سورہ توبہ)

فرما دیجئے اگر تم کو تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور بیویاں اور قبیلے اور تمہارا کمایا ہوا مال اور جس تجارت میں تمہیں نقصان کا خطرہ ہو اور پسندیدہ گھر زیادہ پیارے ہیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد سے تو اللہ کے عذاب کا انتظار کرو۔ اللہ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

حضرات! یہ آیۃ کریمہ جس کو میں نے عنوان تقریر بنایا ہے، ایک طویل مضمون کی حامل ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کہ اگر تمہیں یہ آٹھ چیزیں اللہ اور اس کے رسول اور اللہ کی راہ میں جہاد سے زیادہ عزیز ہیں تو اللہ کے عذاب کا انتظار کرو۔ معلوم ہوا کہ اللہ کا رسول اور جہاد ہمیں ہر چیز سے مقدم اور عزیز سمجھنا چاہیے۔ جن حضرات نے واقعی ایسا کیا اور یہ تمام چیزیں اللہ کی راہ میں قربان کر دیں وہ ہر میدان میں کامیاب و کامران رہے۔ فتح و نصرت نے بڑھ کر ان کے قدموں کو بوسے دیئے۔ آیئے اس سلسلہ میں ہم سب سے پہلے صحابہ کرام کی زندگیوں کا مطالعہ کریں۔

## حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

آپ اعلان نبوت سے پہلے بہت مالدار تھے اپنا تمام مال اللہ کی راہ میں قربان کر دیا، کئی غلام آزاد کیے، جنگوں میں بے پناہ مال دیا۔ حضور علیہ السلام کے موذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بھی آپ ہی نے خرید کر آزاد کیا تھا مولانا جلال الدین رومی فرماتے ہیں کہ آپ حضرت بلال کو خرید کر حضور اکرم کی بارگاہ میں لے آئے اور حاضر ہو کر عرض کی:

Scanned by CamScanner

گفت ما دو بندگان کوئے تو
گردش آزاد ہم بر روئے تو

یارسول اللہ صلی اللہ علیک فداک ابی وامی! ہم آپ کی بارگاہ میں دوغلام آئے ہیں بلال بھی غلام ہے اور صدیق بھی میں نے اسے حضور کے نام پر آزاد کر دیا۔ یونہی ایک مرتبہ آپ نے تمام گھر کا مال حضور علیہ السلام کی بارگاہ عالیہ میں پیش کر دیا۔ حضور نے فرمایا: صدیق! گھر میں کیا چھوڑ آئے ہو۔ تو عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول۔

پروانے کو چراغ اور بلبل کو پھول بس
صدیق کے لیے ہے خدا کا رسول بس

ایک طرف صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا مال ہے اور ایک طرف اللہ اور اس کا رسول اور اللہ کی راہ میں جہاد کی ضرورت، صدیق اکبر نے مال کی پرواہ تک نہیں کی۔

## جنّتی آدمی

حضور علیہ السّلام نے ایک دن صحابہ سے فرمایا: کیا کسی کو جنتی انسان دیکھنا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا: ضرور دیکھیں گے۔ تو آپ نے فرمایا: جن کو جنت کا انسان دیکھنا ہو فَلْيَنْظُرْ اِلٰی اَبِیْ بَکْرِ نِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔ پس وہ صدیق اکبر کو دیکھ لے۔

آپ اندازہ لگائیں کہ جس کے لیے حضور علیہ السلام دنیا میں ہی جنت کی بشارت عطا فرما دیں اس کی شان کا اندازہ کیا ہو سکتا ہے۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں:

آں امن الناس بر مولائے ما — آں کلیم اوّل سینائے ما
ہمّت او کشت ملّت راچوں ابر — ثانی اسلام و غار و بدر و قبر

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ حضور علیہ السلام کے ساتھ گزارا ہے۔ سفر و حضر، احد و بدر جس جگہ بھی دیکھئے صدیق اکبر ہم رکاب ہیں۔ اس خدمت کا ثمرہ یہ ہوا کہ قیامت تک روضۂ انور میں بھی ساتھ ہی جگہ عطا فرما دی گئی۔ کسی پنجابی شاعر نے کیا اچھا کہا ہے۔

لج پال پریتاں نوں توڑ دے نہیں — جہدی بانہہ پھڑ دے پھر چھوڑ دے نہیں

حضرت صدیق اکبر کی قسمت کا بھی اندازہ کون کر سکتا ہے، وہاں لیٹے ہیں جہاں ستر ہزار فرشتے دن کو اور ستر ہزار رات کو حاضری دے کر صلوٰۃ و سلام پڑھتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

## حضرت ابوطلحہ انصاری

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں آپ مدینہ منورہ میں سب سے زیادہ باغات کے مالک تھے آپ کے ایک باغ کا نام تھا "بئر رحاء" وہ باغ ابوطلحہ کو بہت ہی پیارا تھا اس میں پانی بھی زیادہ تھا، مسجد نبوی کے بالکل قریب تھا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کبھی اس میں تشریف لیجایا کرتے اور وہاں پانی نوش فرمایا کرتے تھے جب قرآن کریم کی یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ.

تم اس وقت تک نیکی کے کامل درجہ کو نہیں پہنچ سکتے جب تک اللہ کی راہ میں وہ خرچ نہ کرو جو تم کو عزیز ہے۔

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ حضور کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں مجھے سب سے زیادہ محبوب میرا یہی باغ ہے اسے آپ اللہ کی راہ میں جیسے مناسب سمجھیں خرچ فرمادیں۔ آپ نے فرمایا: بہت ہی اچھا مال ہے اللہ تعالیٰ تم پر راضی ہے ایسا کرو اسے اپنے عزیز و اقارب میں تقسیم کردو۔ ابوطلحہ نے اللہ کی رضا پر باغ تقسیم کردیا۔

## حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

آپ کا لقب ذوالنورین ہے۔ آپ کے نکاح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دو صاجزادیاں یکے بعد دیگرے آئیں۔ یہ مقام آپ کے علاوہ کسی کو حاصل نہیں ہوا۔ اعلیٰ حضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

نور کی سرکار سے پایا دو شالا نور کا
ہو مبارک تجھ کو ذوالنورین جوڑا نور کا

آپ بہت مالدار تھے۔ بے پناہ مال اسلام کی راہ میں قربان کیا۔ ایک مرتبہ حضور نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے فرمایا کہ عثمان نے جنت خرید لی ہے۔

## حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما

آپ حضرت جعفر طیار کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی سخاوت کی وجہ سے آپ کا لقب قطب السخاء مشہور تھا۔ یوں تو حضور علیہ السلام کا سارا گھرانہ ہی سخی تھا مگر ان کا اللہ کی راہ میں خرچ کرنا

Scanned by CamScanner

بہت ہی مشہور تھا۔ ہر روز کئی کئی مہمان آتے آپ ان کی مہمان نوازی میں ہمیشہ مشغول رہتے۔ جو کچھ جمع ہوتا خرچ فرما دیتے۔

ایک مرتبہ ایک تاجر بہت سی شکر لے کر آیا، بازار میں فروخت نہ ہوئی اسے بڑا ہی افسوس ہوا۔ آپ کو معلوم ہوا آپ نے اپنے خادم کو بھیج کر تمام شکر خرید لی اور اسی وقت شہر میں تقسیم فرما دی۔

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ آپ کے ذمہ میرے والد صاحب کا قرض ہے جو تقریباً دس لاکھ درہم ہوتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: بہت اچھا، جب چاہو لے لینا۔ اس کے بعد فوراً مجھے معلوم ہو گیا کہ معاملہ برعکس ہے قرضہ تو ہمارے ذمہ ہے۔ دوبارہ حاضر ہوئے اور عرض کیا: حضور! مجھ سے غلطی ہوئی، قرض تو آپ کا ہمارے ذمہ ہے۔ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ابن زبیر! میں نے معاف کر دیا ہے۔ ابن زبیر نے عرض کی: میں معاف کرانا نہیں چاہتا۔ کہا: بہت اچھا، جب سہولت ہو دے دینا۔ میں نے کہا: اس کے بدلے زمین لے لو۔ بولے: بہت اچھا۔ میں نے زمین کا ایک ٹکڑا دے دیا۔ آپ نے خادم سے کہا اس پر مصلّٰی بچھا دو۔ مصلّٰی بچھا دیا گیا۔ آپ نے وہاں نفل ادا فرمائے اور دیر تک گریہ وزاری کرتے رہے۔ بعدہٗ خادم کو حکم دیا کہ اسے کھودو۔ کھودا تو فوراً پانی کا ایک چشمہ نکلا۔ پھر آپ نے یہ زمین اللہ کی راہ میں دے دی۔

## کربلا کی قربانیاں

دنیا کی تاریخ ان قربانیوں کی مثال پیش نہیں کر سکتی۔ علی اکبر کا لاشہ سامنے تڑپ رہا ہے۔ علی اصغر کے حلق میں تیر لگ چکا ہے۔ کنبے کا ایک ایک فرد راہ حق پر قربان ہو چکا ہے مگر زہراء کا نور نظر ہے کہ جبین پر ذرّہ بھر شکن نہیں، زبان پر حرف شکایت نہیں۔ راضی بہ رضائے الٰہی ہیں۔ آپ اندازہ فرمائیں حضرت زینب رضی اللہ عنہا ایک عورت ہیں، عورت فطرۃً مصائب سے گھبرا جاتی ہے مگر کروڑ کروڑ رحمت ہو فاطمۃ الزہراء کی اس لخت جگر پر عون و محمد دو شہزادے اللہ کی راہ میں پیش کر چکی ہے۔ بھتیجے، بھائی بھی قربان ہو رہے ہیں۔ معصوم بھتیجی حضرت سکینہ کو گود میں اٹھائے ہوئے ہیں اور سکینہ پیاس سے تڑپ رہی ہے۔ حلق خشک ہو چکا ہے اب تو رونے کی آواز بھی نہیں نکلتی۔ یہ حالت زینب سے دیکھی نہ جا سکی۔ بھائی عباس سے کہا:

Scanned by CamScanner

غازی عباس بھیا دریا پہ دوڑ جانا　　مشکیزہ یہ اٹھا کر پانی تو جلد لانا
پیاسی میری سکینہ دنیا سے جا رہی ہے　　پیاسوں کی خیمہ گاہ سے آواز آ رہی ہے
غازی کدھر گئے ہو آواز آ رہی ہے

ایک شاعر امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی ہمشیرہ حضرت زینب کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے

دکھ بھری تیری داستاں زینب　　ہر قدم تازہ امتحاں زینب
جھیل کر اتنی سختیاں زینب　　بن گئیں دین کی پاسباں زینب
یاد آتا تو ہوگا رہ رہ کے　　وہ ترا اکبر جواں زینب
نشر ہو گیا ہے کار حسین　　تم گئی ہو جہاں جہاں زینب

## ایک انصاری عورت

احد کے میدان میں کئی مسلمان شہید ہوئے۔ جب یہ خبر مدینہ طیبہ پہنچی تو بہت سی عورتیں پریشان ہو کر باہر نکلیں۔ ان میں ایک انصاری عورت تھی۔ اس جنگ میں اس عورت کا والد، خاوند اور بیٹا بھی شہید ہو چکے تھے مگر وہ ان سے کسی کا پتہ دریافت نہیں کر رہی تھی اسے صرف ایک ہی بے قراری تھی "کوئی بتا دو کہ حضور علیہ السلام کیسے ہیں؟" بس یہی پوچھتی پھرتی تھی کسی نے کہا تیرے والد شہید ہو گئے ہیں۔ اس نے کہا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ پھر حضور ہی کا پتہ دریافت کرتی ہے اور آواز آئی تیرا خاوند اور بیٹا بھی شہید ہو گئے۔ اس نے اِنَّا لِلّٰہِ پڑھ کر پھر بھی حضور ہی کا پتہ دریافت کیا۔ اس کے قلب میں کائنات کی ہر چیز سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت زیادہ تھی۔ کسی نے بتایا الحمد للہ! حضور علیہ السلام بالکل صحیح سلامت ہیں۔ وہ عورت فوراً حضور کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور زیارت سے مشرف ہوئی تب اسے سکون ملا اور عرض کیا: یا رسول اللہ!

كُلُّ مُصِيْبَةٍ بَعْدَكَ جَلَلٌ

## حضرت عمارہ بن زیاد رضی اللہ عنہ

اسی احد کے میدان میں ایک صحابی حضرت عمارہ بن زیاد رضی اللہ عنہ کے تیر لگا اور جسم میں پھنس کر رہ گیا۔ ہر چند کوشش کی مگر تیر نہ نکلا۔ زخم گہرا تھا، خون کافی بہہ چکا تھا۔ کمزوری زیادہ ہوتی جا رہی تھی۔ تھوڑی دیر بعد اس نے دیکھا کہ چند قدموں کے فاصلے پر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ صحابی کے دل میں خیال آیا کاش ایسا ہو جائے کہ میرا سر ہو اور حضور کے مبارک

Scanned by CamScanner

قدم، آخراس نے اٹھنے کی کوشش کی مگر گر گیا۔ پھر جسم کو زمین پر کھینچ کر اپنا سر حضور علیہ السلام کے مبارک قدموں پر رکھا اور روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ کیا ہی عجیب منظر تھا نزع کا وقت ہے۔ عاشق کا سر اپنے محبوب کے قدموں میں پڑا ہوا ہے۔

گر وقت اجل سر تیری چوکھٹ پہ دھرا ہو جتنی ہو قضا ایک ہی سجدے میں ادا ہو

## واقعہ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ

احادیث کی کتابوں میں آتا ہے کہ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر حضرت کعب بن مالک سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب نہ ہوسکے تھے۔ آپ اپنی داستان خود بیان فرماتے ہیں:

کہاں سے لائیگا قاصد دہن میرا زباں میری یہی بہتر ہے خود مجھ سے وہ سن لے داستاں میری

آپ فرماتے ہیں کہ جب حضور علیہ السلام نے جہاد تبوک کا اعلان فرمایا۔ اس وقت میرے پاس کافی مال کے علاوہ بہترین قسم کی سواریاں بھی موجود تھیں۔ صحابہ نے تیاری کی تو میرے دل میں خیال آیا کہ میرے پاس سامان تیار ہے لہٰذا فوراً ساتھ مل جاؤں گا۔ حتیٰ کہ وہ دن آ گیا۔ جب کوچ ہوا میری سستی اور کچھ اپنی تیز رفتاری پر میرے ذہن میں یہ بات آئی کہ میں صبح بھی لشکر کے ساتھ مل سکتا ہوں۔ یونہی رات گزر گئی۔ صبح سورج طلوع ہوا تو میں نے ارادہ کیا مگر پھر خیال آیا! کہ معمولی بات ہے ایک دو دن کے بعد چلوں گا تو قریب ہی لشکر کے ساتھ مل جاؤں گا۔ یہی کچھ ہوتا رہا اور میری قسمت کہ میں اس غزوہ میں شامل نہ ہوسکا حتیٰ کہ اطلاع ملی کہ لشکر تبوک پہنچ گیا ہے میں بہت شرمندہ تھا کہ حضور علیہ السلام کو کیا منہ دکھاؤں گا! مدینہ میں ضعیفوں، بچوں اور عورتوں کے بغیر کوئی جوان آدمی نظر نہ آتا تھا۔ چند دنوں کے بعد خبر آئی کہ حضور علیہ السلام واپس تشریف لے آئے ہیں۔ میں نے تہیہ کیا کہ آپ کی بارگاہ میں جھوٹ نہیں بولوں گا اور سب بات سچی سچی عرض کروں گا۔ تبوک پہنچ کر حضور علیہ السلام نے دریافت کیا کہ کعب نے کیا کیا۔ صحابہ نے عرض کیا کہ اس کو کثرت مال نے روک لیا ہے۔ اس پر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ غلط ہے۔

وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا عَلِمْنَا اِلَّا خَيْرًا.

خدا کی قسم ہے کعب میں بہتری کے سوا کچھ نہیں جانتے۔

یقیناً کوئی عذر ہوگا جس کی وجہ سے وہ رہ گئے۔ حضرت کعب فرماتے ہیں کہ ایک دن میرے گھر والوں نے میرے لیے شاندار بستر بچھایا مگر میں نے اس پر سونے سے انکار کر دیا اور کہا کہ

Scanned by CamScanner

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم گرمی اور لو میں ہیں اور میں ایسے نرم بستر پر کیسے آرام کر سکتا ہوں۔ آپ فرماتے ہیں کہ میرے دن بڑی مشکل سے کٹتے تھے۔ آخر وہ دن آگیا کہ جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے آئے حضور کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ کعب! تجھے کیا ہوگیا تھا؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! نہ میں بیمار تھا اور نہ کوئی عذر، صرف سستی کی وجہ سے اس سعادت سے محروم رہا۔ حضور علیہ السلام سے کچھ دوسرے لوگوں نے جو پیچھے رہ گئے تھے، حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں کئی قسم کے عذر اور بہانے پیش کر دیتے تو آپ راضی ہو جاتے مگر میں نے تہیہ کر لیا تھا کہ جو سچی بات تھی حضور کی خدمت میں عرض کر دی ہے اسے ہرگز نہ بدلوں گا۔ پھر میں نے ایک صحابی سے پوچھا کہ کیا میری مثل معاملہ کسی اور سے بھی ہوا ہے! تو اس نے کہا: ہاں دو بدری صحابی بھی اس سلسلے میں تمہارے ساتھ شامل ہیں تو میں نے سوچا جو ہوگا دیکھا جائے گا۔ میں نے حضور کی بارگاہ میں سچی بات عرض کی ہے اور نجات ہمیشہ سچی بات میں ہی ہوتی ہے۔ میرے دوسرے دونوں ساتھی تو گھر میں بیٹھ کر روتے رہتے تھے وہ ذرا ضعیف تھے اور میں جوان تھا، بازار میں جاتا اور کاروبار کرتا اور مسجد نبوی میں نماز باجماعت پڑھتا۔ چند دن بعد حضور علیہ السلام نے تمام صحابہ کرام کو حکم دیا کہ کوئی ہم تینوں سے بات نہ کرے۔ چنانچہ ہماری عجیب حالت تھی، جہاں جاتے کوئی بات کرنے کو تیار نہ ہوتا، کسی کو سلام کہتے ہیں تو وہ جواب میں کہتا ہے اَللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ۔ میں مسجد میں حاضر ہوتا اور حضور جلوہ فرما ہوتے تو السلام علیکم عرض کرتا اور دیکھتا کہ حضور علیہ السلام کے لب مبارک جواب میں حرکت فرماتے ہیں یا نہیں۔ جب میں نماز میں کھڑا ہوتا تو حضور میری طرف دیکھتے۔ جب میں متوجہ ہوتا تو اعراض فرما لیتے۔ وقت گزرتا گیا مگر سارے مدینے میں کوئی ہم سے بات کرنے کے لیے تیار نہیں تھا۔ ایک دن بازار جا رہا تھا تو مجھے ایک آدمی ملا اس نے کہا کیا تم کعب بن مالک ہو؟ میں نے کہا ہاں کیا بات ہے؟ اس نے کہا میں غسان کے بادشاہ کا ایک خط تمہاری طرف لایا ہوں۔ میں نے خط پڑھا تو اس میں لکھا تھا ہمیں معلوم ہوا ہے کہ تمہارا نبی تم پر ناراض ہو گیا ہے اور تمہیں سارے شہر میں ذلیل کیا جا رہا ہے تم اس قابل نہیں تم عزت والے ہو۔ بہتر ہے کہ ہمارے پاس آجاؤ ہم تمہاری ہر طرح عزت کریں گے۔ یہ خط دیکھ کر میرے تن بدن میں آگ لگ گئی ظلم کی انتہا ہے کہ کفر مجھ سے یہ امید رکھتا ہے کہ میں اپنے آقا کا دامن چھوڑ دوں۔

دنیا کی ہر چیز اس کے قدموں پر نثار کرنے کو تیار ہوں۔ میرا مال، جان، اولاد ہر چیز حضور کے

Scanned by CamScanner

قدموں پر قربان ہے۔ حضرت کعب فرماتے ہیں کہ میں نے اس قاصد کے سامنے اس خط کو پھاڑ کر آگ میں پھینک دیا۔ تھوڑی دیر بعد حضور علیہ السلام کی طرف سے مجھے حکم ملا کہ تم اپنی بیوی سے بھی علیحدہ ہو جاؤ۔ میں نے حکم لانے والے سے پوچھا کیا حضور کا یہ حکم ہے کہ طلاق دے دوں۔ اس نے کہا نہیں صرف علیحدگی۔ میں نے اپنی بیوی کو اس کے گھر بھیج دیا۔ اسی حالت میں مجھے پچاس راتیں گزر گئیں۔

ایک دن صبح کے وقت میں ایک پہاڑی پر کھڑا تھا، ایک شخص گھوڑا دوڑاتا ہوا آیا اور کہا: کعب! تمھیں بشارت ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری دعا قبول کر لی اور تم اس امتحان میں کامیاب ہو گئے۔ میں نے اسی دن سجدۂ شکر ادا کیا اور دوڑتا ہوا حضور کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ حضرت طلحہ نے اٹھ کر مجھ سے مصافحہ کیا اور صحابہ نے مبارکبادیاں دیں۔ میں نے دیکھا کہ حضور علیہ السلام کا چہرہ مبارک خوشی سے ایسا چمک رہا ہے جیسے چاند کا ٹکڑا۔ حضور علیہ السلام نے اپنی زبان مبارک سے فرمایا: کعب تجھے مبارک ہو آج کا دن تیری تمام زندگی کے دنوں سے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جی میں آتا ہے کہ اس خوشی میں اپنا سارا مال خدا کی راہ میں خرچ کر دوں۔ حضور نے ایسا کرنے سے منع کیا اور فرمایا کہ کچھ مال خیرات کر دو اور باقی اپنے پاس رکھو۔

## دو آدمی

قرآن کریم سورۂ کہف میں اللہ تعالیٰ نے دو آدمیوں کا ذکر فرمایا ہے، ایک غریب آدمی تھا اپنی ہر چیز سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتا تھا، اور دوسرا وہ جس کے پاس بہت سا مال تھا، باغات تھے اور انھیں اپنی کوشش کا نتیجہ سمجھتا تھا۔ ارشاد الٰہی ہوتا ہے وہ امیر شخص اپنے ہرے بھرے پھلوں سے لدے ہوئے باغوں میں داخل ہوا تو بولا:

مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۝ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۝

میرا خیال ہے کہ یہ باغات کبھی ختم نہیں ہو سکتے اور قیامت بھی قائم نہیں ہوگی اور اگر میں اللہ کے سامنے پیش ہوا تو وہ اس سے بہتر عطا فرمادے گا۔

اس کے ساتھی نے کہا:

وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

Scanned by CamScanner

یعنی جب تو اپنے باغ میں داخل ہو تو تجھے چاہیے کہ ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ پڑھا کرے، کہیں ایسا نہ ہو کہ تیری شیخی کے سبب اللہ تجھ سے یہ سارا مال چھین لے۔

اس نے کہا: کیسی بات کرتا ہے یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔۔میں امیر ہوں اور امیر ہی رہوں گا۔ باغات اور مال میری اپنی کوششوں کا نتیجہ ہیں اور یہ میرے ہی رہیں گے۔کوئی انھیں ختم نہیں کر سکتا اور تو غریب ہے اور غریب ہی رہے گا۔

غریب بولا: اللہ بے پرواہ ہے چاہے تو صبح تک تیرے باغات ختم ہو جائیں اور اس سے بہتر مجھے عطا فرما دے۔ چنانچہ وہی ہوا۔قرآن کریم فرماتا ہے رات گزری:

**فاصبح یقلب کفیه علٰی مآ انفق فیها وهی خاویة علٰی عرو شها ویقول یلیتنی لم اشرک بربی احدا.**

صبح ہوئی تو کف افسوس مل رہا تھا اور تمام باغات لٹا دیئے گئے تھے اور کہتا تھا ہائے افسوس! میں نے کیوں شرک کیا۔اور کہا کہ میری اپنی کوششیں ہیں۔دوسری طرف وہ غریب جو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور تکیہ رکھنے والا تھا صبح ہوئی تو امیر تھا، بے پناہ دولت نہ جانے کہاں سے آ گئی مگر اس نے اسی وقت سجدۂ شکر ادا کیا اور کہا یا اللہ! یہ سب کچھ تیرا ہی عطا کردہ ہے اور اسے تیرے ہی راہ میں خرچ کروں گا۔تمام مال جتنا آیا تھا اللہ کی راہ میں خرچ کر دیا۔دوسری صبح اس سے زیادہ ملا وہ خرچ کیا تو تیسری صبح اس سے بھی زیادہ عطا کر دیا گیا۔

وَاٰخِرُ دَاعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ.

Scanned by CamScanner

# ماہ ذوالحج کی تقریر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ الْاَمِیْنِ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الْھَادِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ o

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَہُ السَّعْیَ قَالَ یٰبُنَیَّ اِنِّیْ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْ اَذْبَحُکَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰیط قَالَ یٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَاتُؤْمَرُ سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَo

پھر جب وہ اس کے ساتھ چلنے کے قابل ہوگیا، کہا اے میرے بیٹے! میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کرتا ہوں اب تو دیکھ تیری کیا رائے ہے۔ کہا اے میرے باپ! کیجئے جس بات کا آپ کو حکم ہوتا ہے خدا نے چاہا تو قریب ہے کہ آپ مجھے صابر پائیں گے۔

حضرات! یہ مہینہ نہایت ہی عظمت اور مرتبے والا ہے۔ اس کا چاند نظر آتے ہی ہر قلب میں اس عظیم الشان قربانی کی یاد تازہ ہو جاتی ہے جس کی مثال تاریخ انسانی پیش کرنے سے قاصر ہے۔

یہ مہینہ اصل میں اس جلیل القدر پیغمبر کی یادگار ہے جن کی زندگی قربانی کی عدیم المثال تصویر تھی۔ یہ جدّ الانبیاء خلیل اللہ حضرت ابراہیم علیٰ نبیّنا وعلیہ الصّلوٰۃ والسّلام ہیں۔ آپ اندازہ فرمائیں وہ کون سا امتحان ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ سے نہیں لیا۔ مگر کروڑوں کروڑ سلام ہو آپ کی ذات والا صفات پر کہ کسی میدان میں بھی پائے ثبات کو لغزش نہیں آئی۔

## دو چیزیں

دنیا میں دو چیزیں سب سے عزیز ہوتی ہیں، جان اور اولاد۔ نمرود کی جلائی ہوئی آگ کے شعلے آسمان سے باتیں کر رہے تھے خلیل اللہ علیہ السلام کو گوپیے میں ڈال کر پھرایا جا رہا ہے یا منجنیق کے ذریعے پھینکنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ کفر خوش ہے کہ آج کے بعد ہمارے معبودوں کو برا بھلا کہنے والا کوئی نہیں ہوگا، مخالف ہمیشہ کے لیے ختم ہوا چاہتا ہے۔ ادھر حضرت جبریل حاضر ہوتے ہیں۔ اللہ کے پیارے خلیل! کوئی حکم! کوئی حاجت؟ آپ نے فرمایا: اَمَّا اِلَیْکَ فَلَا تیرے ساتھ کوئی حاجت نہیں۔ پھر جبریل نے عرض کی: اچھا تو اللہ کی بارگاہ میں عرض کیجئے کہ مجھے آگ

Scanned by CamScanner

میں ڈالا جارہا ہے۔آپ نے فرمایا:

جانتا ہے وہ میرا رب جلیل آگ میں پڑتا ہے اب اس کا خلیل

فرمایا: اسے کیوں کہوں، کیاوہ سمیع وبصیر نہیں ہے؟ یہاں ایک بات عقل محض نے بھی کہی۔ عقل نے کہا: ابراہیم جان بڑی عزیز ہوتی ہے۔

عقل بولی کہ بڑی شے جان ہے عشق بولا یار پر قربان ہے

ڈاکٹر اقبال فرماتے ہیں:

بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی

عقل ابھی تماشا ہی دیکھ رہی تھی کہ عشق نے چھلانگ لگادی۔ اللہ تعالیٰ نے آگ کو حکم دیا:

يَا نَارُ كُونِىْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ ۝

اے آگ! میرے ابراہیم پر ٹھنڈی ہوجا اور سلامتی والی ہوجا۔

## اولاد

جان کے بعد پھر اولاد کا مقام آتا ہے۔ بے آب وگیاہ پہاڑوں کا سلسلہ دور دور تک چلا گیا ہے سبزہ کا نام ونشان تک نہیں اللہ کا خلیل اپنے لخت جگر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو جو ابھی والدہ کی گود میں ہیں ان کی والدہ حضرت ہاجرہ سمیت اس وادی میں چھوڑے جارہے ہیں۔ حضرت ہاجرہ نے عرض کیا: حضور! یہ کس جرم کی سزا ہے؟ آپ ہمیں اس وادی میں تنہا کس وجہ سے پھینکے جارہے ہیں؟ آپ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ ہاجرہ بولی: کیا یہ اللہ کا حکم ہے؟ تو آپ نے فرمایا: ''ہاں'' ہاجرہ بولی. پھر ہمیں کوئی غم نہیں، اللہ ہمیں ضائع نہیں فرمائے گا۔ کچھ دور جا کر خلیل علیہ السلام نے دونوں ہاتھ اللہ کی بارگاہ میں اٹھادیئے اور عرض کیا:

رَبَّنَآ اِنِّىْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِىْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِىْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ لا رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِىْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ.

اے میرے رب! میں نے اپنی اولاد ایک وادی میں بسائی ہے جس میں کھیتی نہیں ہوتی، تیرے حرمت والے گھر کے پاس، اے ہمارے رب! اس لیے کہ وہ نماز قائم رکھیں تو لوگوں کے دل ان کی طرف مائل کردے اور پھل کھانے کو دے تا کہ وہ احسان مانیں۔

Scanned by CamScanner

حضرت خلیل اللہ علیہ السلام نے یہ تین دعائیں کیں:

۱۔انھیں نمازی رکھ۔

۲۔لوگوں کے دل ان کی طرف پھیر دے۔

۳۔انھیں پھلوں کا رزق عطا فرما۔

آپ اندازہ فرمائیں کہ آج تقریباً پانچ ہزار سال گزر چکے ہیں مگر ان دعاؤں کا اثر، اللہ اللہ، جو فروٹ دنیا کے کسی کونے میں نہیں ملتا مکہ شریف میں موجود ہے اور قلوب ہیں کہ کھچے چلے جارہے ہیں۔

## دعا

دعا بھی بہت بڑی عبادت ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ۔دعا عبادت کا مغز ہے۔

اللہ تعالیٰ ہر انسان کی پکار سنتا ہے۔پروردگار عالم ارشاد فرماتا ہے:

اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ط

ہر پکارنے والے کی پکار کا میں جواب دیتا ہوں۔

بلکہ حدیث قدسی ہے کہ میرا بندہ مجھے ایک مرتبہ "یا اللہ" کہے تو میں ستر مرتبہ کہتا ہوں:

لَبَّيْكَ يَا عَبْدِیْ لَبَّيْكَ يَا عَبْدِیْ.

اے میرے بندے! میں موجود ہوں، میں تیری پکار سن رہا ہوں، مانگ کیا مانگتا ہے۔

جب آدمی اللہ تعالیٰ کو پکارتا ہے تو اللہ تعالیٰ ملائکہ کو فرماتا ہے دیکھو یہ مجھے بلا رہا ہے یہ سمجھتا ہے کہ میرے بغیر اس کا کوئی نہیں، میں ہی اس کی مشکلات کو دور کرنے والا ہوں۔میں ہی اس کی ہر آرزو پوری کرسکتا ہوں۔اگر میں اس کی حاجت پوری نہ کروں تو یہ سمجھے گا کہ میرا خدا کوئی نہیں،تو اس کی عرض پوری ہوجاتی ہے۔البتہ اس کا نتیجہ کبھی اللہ تعالیٰ جلدی ظاہر فرمادیتا ہے اور کبھی ذرا دیر میں۔یہ تو عام لوگوں کی دعا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کے مقبول ہوتے ہیں،ان کی دعا تو اللہ تعالیٰ کبھی ردّ نہیں فرماتا بلکہ انکی دعاؤں سے تقدیریں بدل جاتی ہیں۔

## واقعہ مُلّا طاہر لاہوری

قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر مظہری میں لکھا ہے کہ حضرت مجدّد الف ثانی علیہ الرحمۃ کے دو صاحبزادے مُلّا طاہر لاہوری کے پاس علم حاصل کرتے تھے۔ایک مرتبہ آپ نے

Scanned by CamScanner

اپنے لڑکوں کو فرمایا: تمہارا استاد شقی (بدبخت) ہے۔ اس کی پیشانی پر لکھا ہے کہ یہ شقی ہے۔ صاحبزادوں نے عرض کیا: حضور! آپ مقبول بارگاہ الٰہی ہیں، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کیجئے تا کہ ہمارے استاد کی شقاوت سعادت میں بدل جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور مُلّا طاہر لاہوری کی پیشانی پر شقی کے بجائے سعید ہو گیا۔ شقاوتیں سعادتوں میں بدل گئیں۔

مدینے کے گدا دیکھے ہیں دنیا کے امام اکثر　　بدل دیتے ہیں تقدیریں محمد کے غلام اکثر

اس طرح کے ہزاروں نہیں لاکھوں واقعات ہیں۔ جب اولیاء اللہ کی دعاؤں کا یہ عالم ہے تو انبیاء کی دعاؤں کی کیا شان ہوگی۔ آپ حضرت خلیل اللہ ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا ہی نتیجہ دیکھیں اور پھر سیّد الانبیاء کی دعا کا۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا　　بڑھی شان سے جو دعائے محمد

## توشہ ختم ہو گیا

مختصر سا کھانا اور پانی کب تک رہ جاتا، ختم ہو گیا۔ حضرت ہاجرہ نے بچّے کو پیار سے دیکھا تو جی بھر آیا۔ بچّے کی پیاس دیکھی نہ گئی قریب ایک پہاڑی پر گئیں تا کہ کہیں پانی مل جائے، مگر بے سود، پانی نظر نہیں آیا۔ پھر واپس بچّے کے پاس آئیں تو بچّے کو پیاس کی شدت ہے۔ پھر دوسری پہاڑی پر چڑھیں، مگر وہاں بھی مقصد حاصل نہ ہوا۔ یہ دونوں پہاڑیاں جنہیں صفا اور مروہ کہا جاتا ہے ان کے درمیان حضرت ہاجرہ سات مرتبہ دوڑیں۔ آخری مرتبہ جب بچّے کے پاس آئیں تو عجیب منظر دیکھا، جہاں اس کی ایڑیاں تھیں وہاں پر پانی کا ایک صاف وشفاف چشمہ جاری ہے۔ اس پانی کے اچانک ظاہر ہونے سے حضرت ہاجرہ کی خوشی کی انتہا نہ رہی فوراً اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لائیں۔ پھر خیال آیا کہ اب اس بڑھتے ہوئے پانی کو روکنا چاہئے چنانچہ حضرت ہاجرہ نے اس کے ارد گرد رکاوٹ بنائی۔ پانی کو روکتے ہوئے حضرت ہاجرہ کہہ رہی تھے زَمْ، زَمْ. ٹھہرا اے پانی! ٹھہر۔ یہی آب زم، زم ہے جسے آج دنیا کے کروڑوں لوگ بطور تبرک پیتے اور لے جاتے ہیں۔ پانی نکالنے کے لیے ٹیوب ویل لگا ہوا ہے۔ پانی پینے والوں کا اتنا ہجوم ہے کہ باری نہیں آتی مگر اس متبرک چشمہ سے مبارک پانی کبھی ختم نہیں ہوا۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر حضرت ہاجرہ اس پانی کو زم زم نہ کہتی تو یہ پانی ساری کائنات کی ہر ضرورت کو پورا کرنے کے لئے کافی ہوتا۔ یہی صفا اور مروہ ہے جہاں حاجیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہی طریقہ اختیار کریں جو حضرت ہاجرہ نے کیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ہاجرہ کی سنت کو ہمیشہ کے لیے باقی رکھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان پہاڑیوں

Scanned by CamScanner

کوشعائراللہ قراردے دیا۔ارشاد ہوتا ہے:

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ۝

شَعَآئِرِ اللہ یعنی اللہ کی نشانیاں،ان کی تعظیم کاحکم اللہ تعالیٰ دوسری آیۃ کریمہ میں فرماتا ہے ارشاد ہوتا ہے:

وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ۚ

جن کے دلوں میں اللہ کا خوف ہے اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کرتے ہیں۔

آج حاجیوں کا وہاں اس طرح دوڑنا ہاجرہ کی یاد ہے۔

## قافلہ

آب زم،زم بہنے لگا تو دور دور سے جنگل کے پرندے اس پر منڈلانے لگے ادھر سے ایک قافلے کا گزر ہوا۔ یہ لوگ قبیلہ بنی جرہم سے تعلق رکھتے تھے۔ پرندوں کو دیکھ کر سمجھے کہ یہاں یقیناً کوئی چشمہ پھوٹ نکلا ہے۔ جب قریب آئے تو دیکھا کہ ایک عورت ہے اور اس کی گود میں ایک بچہ ہے۔وہ جنگل،بچہ،عورت اور چشمہ دیکھ کر ششدر رہ گئے تو غیب سے آواز آئی:

ندا آئی کہ اے جرہم کے بچو باد یہ گردو ادب کی ہے جگہ بوڑھو، جوانو،عورتو،مردو

یہ عورت اور اس کی گود میں بچہ جو لیٹا ہے یہ پیغمبر کی بیوی ہے وہ پیغمبر کا بیٹا ہے

وہ قافلہ حضرت ہاجرہ سے اجازت لے کر وہیں مقیم ہوگیا۔

## قربانی

جب حضرت اسمٰعیل علیہ السلام حد بلوغت کے قریب پہنچ گئے تو اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے آپ کی قربانی طلب کرلی۔ تین دن مسلسل خواب آتے رہے۔ تیسری صبح آپ نے حضرت ہاجرہ سے کہا کہ میں اور بیٹا اسمٰعیل ایک دعوت پر جارہے ہیں۔لہٰذا آپ اسے تیار کریں۔ حضرت ہاجرہ نے اسمٰعیل علیہ السلام کو بہت اچھا لباس پہنایا اور تیار کردیا۔آپ نے چھری اور رسّی لی اور جنگل کی طرف چل دیئے۔

کعبہ شریف سے کچھ دور پہنچے تو شیطان نے آپ کو اس قربانی سے روکنا چاہا۔سب سے پہلے حضرت ہاجرہ کے پاس گیا اور کہا کہ آپ کو علم ہے کہ ابراہیم اسمٰعیل کو کہاں لے گئے ہیں؟ حضرت

Scanned by CamScanner

ہاجرہ نے کہا: ہاں ایک دعوت میں گئے ہیں۔ شیطان نے کہا: نہیں، ابراہیم اسمٰعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کے لیے لے گئے ہیں۔ حضرت ہاجرہ نے کہا: یہ کیسے ہوسکتا ہے کیا باپ بھی اپنے بیٹے کو ذبح کرسکتا ہے شیطان نے کہا: ابراہیم کا خیال ہے کہ انھیں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ میری راہ میں اپنے بیٹے اسمٰعیل کو ذبح کردو۔ حضرت ہاجرہ نے کہا: اگر پروردگار کا یہ حکم ہے تو میں کون ہوں جو اس قربانی کی راہ میں رکاوٹ بنوں۔ اللہ کے حکم پر تو ایک سو اسمٰعیل ہوں تو ایک ایک کر کے قربان کرتی چلی جاؤں۔

جب شیطان یہاں سے مایوس ہوگیا تو پھر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو ورغلانا چاہا۔ قریب جا کر کہنے لگا: تجھے تیرے والد ذبح کرنے کے لیے لے جارہے ہیں، حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے فرمایا: کیوں؟ شیطان نے کہا: وہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں ایسا کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسمٰعیل علیہ السلام نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ میری جان کی قربانی قبول فرمالے تو میں یہی کہوں گا:

جان دی دی ہوئی اسی کی تھی حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

اس سے بڑھ کر اور کیا سعادت ہوسکتی ہے۔ شیطان نے ہر ممکن کوشش کی کہ کسی طرح ابراہیم علیہ السلام اس قربانی سے رک جائیں۔ مگر اللہ کے خلیل کے عزم کے سامنے بے بس ہوگیا۔ ایک پہاڑ کے قریب لے جا کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسمٰعیل علیہ السلام سے کہا:

یٰبُنَیَّ اِنِّیْۤ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْۤ اَذْبَحُکَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی.

اے میرے بیٹے! میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کررہا ہوں، بتا تیری کیا مرضی ہے؟

سعادت مند بیٹے نے جواب دیا:

یٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ.

اے ابا جان! آپ کو جو حکم ملا ہے بلا خوف وخطر پورا فرمایئے، مجھے آپ ان شاء اللہ صبر کرنے والا پائیں گے۔

آپ اس عاجز کو صابر پاؤ گے سرخرو پیش خدا تم جاؤ گے

ڈاکٹر اقبال فرماتے ہیں:

یہ فیضان نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی سکھائے کس نے اسمٰعیل کو آداب فرزندی

اب پھر ابلیس نے کوشش شروع کی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کہنے لگا: آپ کیا غضب کررہے ہیں۔ ایک خواب کو حقیقت سمجھ لیا ہے اور بیٹے کو ذبح کرنے پر تیار ہوگئے۔ آپ نے فرمایا:

Scanned by CamScanner

اے ملعون! مجھ پر تیرا داؤ نہیں چل سکتا۔ میرا خواب شیطانی نہیں، رحمانی ہے۔ نبی کا خواب وحی الٰہی ہوتا ہے، میں اللہ کے حکم سے ہرگز منہ نہیں موڑوں گا۔ شیطان نے ہر طرف سے مایوس ہو کر سر پیٹ لیا! اب کیا ہوگا۔

جب باپ اور بیٹا دونوں رضائے الٰہی پر راضی ہو گئے تو باپ نے بیٹے کو زمین پر جبین کے بل لٹا دیا۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے:

فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ.

جب دونوں تیار ہو گئے تو باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا دیا۔

چھری چلانے سے پہلے بیٹے نے کہا: ابا جان! میری تین باتیں قبول فرمائیں۔

پہلی یہ کہ میرے ہاتھ پاؤں رسی سے باندھ دیں تا کہ تڑپنے سے خون کا کوئی چھینٹا آپ کے لباس پر نہ پڑ جائے۔ دوسری یہ کہ اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ لیجئے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہاتھ میری محبت کی وجہ سے رک جائے۔ اور تیسری بات یہ کہ میرا خون آلود کرتہ میری والدہ کے پاس پہنچا دیجئے وہ اسے دیکھ کر اپنے دل کو تسلی دے لیا کریں گی۔

باپ نے بیٹے کے گلے پر چھری رکھ دی۔ تسلیم و رضا کا یہ منظر آج تک چشم فلک نے نہیں دیکھا ہوگا۔ تیز چھری اسمٰعیل علیہ السلام کے گلے پر پہنچ کر کند ہو گئی۔ دو مرتبہ ایسا ہی ہوا۔ ابراہیم علیہ السلام نے اسے ایک پتھر پر دے مارا۔ پتھر کو چھری نے دو ٹکڑے کر دیا۔ ابراہیم علیہ السلام نے چھری سے کہا تو نے پتھر جیسی سخت چیز کو دو ٹکڑے کر دیا ہے مگر اسمٰعیل کا گلا ریشم سے بھی نرم تھا۔ چھری نے کہا:

اَلْخَلِيْلُ يَاْمُرُنِيْ بِالْقَطْعِ وَالْجَلِيْلُ يَنْهَانِيْ.

خلیل کہتا ہے کاٹ مگر جلیل کہتا ہے خبردار جو اسمٰعیل کا بال بھی بیکا کیا۔

جب خلیل خود جلیل کا حکم مان کر لٹائے بیٹھا ہے تو میں کیسے انکار کر سکتی ہوں۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: میں قربان کرنے کے لیے اور میرا بیٹا قربان ہونے کے لیے تیار ہے تو تو کیوں رکاوٹ بنتی ہے۔ ابراہیم علیہ السلام نے پھر چھری اٹھائی۔ چھری کے اسمٰعیل علیہ السلام کے گلے پر پہنچنے سے پہلے پہلے جنت سے حضرت جبریل ایک مینڈھا لے آئے اس کو نیچے رکھ دیا اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو اٹھا لیا۔ مینڈھا ذبح ہو گیا تو آواز آئی:

وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيَا اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○ اِنَّ

Scanned by CamScanner

هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُo وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍo وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَo

اور ہم نے پکارا اے ابراہیم! تو نے خواب سچا کر دکھایا ہم نیکوں کو یونہی جزا دیتے ہیں۔ بے شک یہ صاف آزائش ہے ہم نے اس کا فدیہ ذبح عظیم کے ساتھ کر دیا اور اسے بعد والوں میں باقی رکھا۔

ابراہیم علیہ السلام کی قربانی اللہ تعالیٰ نے قبول فرمالی اور اسے یادگار کے طور پر قیامت تک باقی رکھا۔ اب ہر سال اس یاد کو تازہ کیا جاتا ہے۔

## جبریل علیہ السلام

حضرت جبریل سدرہ سے جنت گئے اور وہاں سے مینڈھا لیا اور ابھی چھری نے دوفٹ کا فاصلہ بھی طے نہ کیا تھا کہ جبریل زمین پر پہنچ گئے۔ معلوم ہوا کہ جبریل کی رفتار پرواز بہت تیز ہے۔ علامہ عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فتح الباری شرح صحیح بخاری میں اور علاّمہ عینی نے عینی شرح بخاری میں فرمایا ہے کہ ایک مرتبہ حضور علیہ السلام نے حضرت جبریل علیہ السلام سے دریافت فرمایا کہ تو نے کبھی اپنی پوری قوت بھی صرف کی ہے، جبریل نے عرض کیا: چار مرتبہ میں نے پوری قوت صرف کی ہے:

**پہلی بار**: جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو منجنیق میں رکھ کر آگ میں پھینکا جا رہا تھا، آگ کے شعلے آسمان سے باتیں کر رہے تھے۔ پھر اللہ کے خلیل آگ کی طرف جا رہے تھے، میں مقام سدرہ پر بیٹھا تھا، اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ جبریل! جلدی پرواز کر میرا خلیل آگ میں جا رہا ہے آگ کو پر مار کر گلزار بنا دے۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! میں نے سدرہ سے پرواز کی اور خلیل اللہ علیہ السلام کے آگ میں پہنچنے سے پہلے پہنچ گیا اور آگ کو گلزار بنا دیا۔

**دوسری بار**: میں سدرہ پر تھا، چھری حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے گلے کی طرف آ رہی تھی اس نے صرف دوفٹ کا فاصلہ طے کرنا تھا۔ اس کے دوفٹ کے فاصلے کو طے کرنے سے پہلے میں جنت سے مینڈھا لے کر پہنچ گیا۔

**تیسری بار**: حضرت یوسف علیہ السلام کو کنویں میں ڈالا جا رہا تھا۔ والد کا پہنایا ہوا لباس اتار دیا گیا، کھانا پھینک دیا گیا، بازو میں رسّی باندھ کر کنویں میں لٹکا دیا گیا۔ آہستہ آہستہ پانی کی سطح قریب آ رہی تھی، ایک بھائی نے تلوار مار کر رسّی کاٹ دی، نصف راستہ طے ہو چکا تھا اور نصف باقی تھا۔ رسّی کاٹ دی گئی اور میں سدرہ پر بیٹھا تھا۔ حکم ہوا: جبریل! جلدی جنّت میں جا اور

Scanned by CamScanner

یوسف علیہ السلام کے پانی پر پہنچنے سے پہلے پہلے تخت لے جا کر پانی پر بچھادے۔ میں نے اپنی قوت صرف کردی۔ سدرہ سے جنت گیا اور وہاں سے تخت اٹھا کر زمین کی طرف آیا اور ابھی یوسف علیہ السلام پانی پر نہیں پہنچے تھے کہ میں پہلے پہنچ گیا۔

**چوتھی بار**: غزوۂ احد میں آپ کا دانت مبارک شہید ہوگیا۔ خون پاک کا قطرہ زمین کی طرف جا رہا تھا۔ پروردگار عالم نے فرمایا: اے جبریل! اگر میرے محبوب کے خون پاک کا قطرہ زمین پر گر گیا تو زمین جل کر راکھ ہو جائے گی، جا اور اٹھا کر میرے پاس لے آ جبریل نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کے مقدس خون کے زمین پر گرنے سے پہلے پہلے میں سدرہ سے پہنچ گیا۔

معلوم ہوا کہ حضرت جبریل علیہ السلام بہت بڑی قوت و طاقت کے مالک ہیں۔

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

سدرہ سے تا زمیں جسے نرم سی اک اڑان ہے

## ایک نکتہ

آپ اندازہ فرمائیں کہ اتنی بڑی طاقت والا فرشتہ جس کی پرواز کا یہ عالم ہو کہ سدرہ سے زمین پر پہنچنے میں ایک سیکنڈ سے بھی کم وقت لگے۔ یہ فرشتہ معراج کی رات حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاؤں چوم رہا تھا۔ اور حضور کی بارگاہ میں بحیثیت خادم موجود تھا۔ جب پاؤں چومنے والا اتنی جلدی آسکتا ہے تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج سے واپس آجانا اتنی جلدی کہ زنجیر بھی ہلتی رہے، پانی بھی چلتا رہے اور بستر بھی گرم رہے، کون سی بڑی بات ہے۔

## عظیم یادگار

آج عالم کے گوشے گوشے میں ہر سال ماہ ذوالحج کی دس تاریخ کو اس عظیم الشان قربانی کی یاد تازہ کی جاتی ہے۔

علامہ اقبال فرماتے ہیں:

غریب و سادہ و رنگین ہے داستان حرم
نہایت اس کی حسین ابتدا ہے اسمٰعیل

ارشاد الٰہی ہے: وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ.

اور ہم نے اسے بعد میں آنے والوں کے لیے قائم رکھا۔

Scanned by CamScanner

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود دو مینڈھے ذبح فرما کر اس یادگار کو دوام بخش دیا۔ اب اس عمل میں سنت ابراہیم اور سنت محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم دونوں کی ادائیگی ہے۔

## خطبۂ وداع

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۰ھ میں مکہ مکرمہ کا قصد فرمایا۔ ذوالحج کی نویں تاریخ کو طلوع آفتاب کے بعد وادی میں اترے پھر اونٹنی پر کھڑے ہو کر ارشاد فرمایا۔ ایک لاکھ اور پچیس ہزار کا عظیم الشان اجتماع ہمہ تن گوش تھا۔ اس خطبے کے بعض حصے پیش خدمت ہیں:

لوگو! تمھیں عنقریب خدا کے سامنے حاضر ہونا ہے وہ تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں سوال کرے گا۔ لوگو! میں خیال کرتا ہوں کہ میں اور تم پھر کبھی اس مجلس میں اکٹھے نہ ہوں گے۔ مسلمانوں کی جان، مال اور آبرو ایک دوسرے پر اسی طرح حرام ہے جس طرح آج کے دن اس شہر کی، اس مہینہ کی تم حرمت کرتے ہو۔

خبردار! میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگو۔ جاہلیت کی ہر بات کو میں اپنے پاؤں تلے روندتا ہوں۔ جاہلیت کے قتل و خونریزی کے تمام جھگڑے ملیامیٹ کرتا ہوں۔ پہلا خون میرے خاندان کا ہے یعنی ابن ربیعہ ابن حارث کا خون جو بنی سعد میں دودھ پیتا تھا اور ہزیل نے اسے مار ڈالا تھا میں چھوڑتا ہوں، جاہلیت کے زمانے کا سود ملیامیٹ کر دیا گیا۔ پہلا سود اپنے خاندان کا جو میں مٹاتا ہوں وہ عباس بن عبدالمطلب کا ہے وہ سارے کا سارا چھوڑ دیا گیا۔ سال بھر میں ایک مہینے کے روزے رکھو، اپنے مال کی زکوٰۃ نہایت خوش دلی کے ساتھ دیا کرو، خانۂ خدا کا حج بجالاؤ۔ اور جو تم میں صاحب امر ہوں ان کی اطاعت کرو جس کی جزا یہ ہے کہ تمھیں اللہ تعالیٰ کی جنت نصیب ہوگی۔

لوگو! قیامت کے دن تم سے اللہ تعالیٰ میری بابت پوچھے گا، بتاؤ تم کیا جواب دو گے؟ سب نے بیک آواز کہا ہم شہادت دیتے ہیں کہ آپ نے رسالت کا حق ادا کر دیا۔ کھوٹے اور کھرے کی پہچان کرادی۔ اس وقت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا یا اللہ یہ تیرے بندے گواہی دیتے ہیں کہ میں نے تیرے احکامات کو پہنچا دیا ہے۔

پھر آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ سب باتیں ان لوگوں کو پہنچا دو جو یہاں موجود نہیں ہیں ابھی آپ خطبے سے فارغ ہوئے ہی تھے کہ جبریل امین علیہ السلام یہ آیت لے کے حاضر ہوئے:

Scanned by CamScanner

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ط

آج میں نے تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت کو پورا کر دیا اور تمہارے لیے دین اسلام کو پسند فرمایا۔

واپسی کے وقت یہ دعا فرمائی:

اَللّٰھُمَّ لاَ تَجْعَلْهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنْ بَیْتِکَ الْحَرَامِ وَاِنْ جَعَلْتَ فَعَوِّضْ مِنْهُ الْجَنَّةَ اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا لِلرَّحْمَةِ قَاصِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝

اے اللہ! میرے اس حج کو آخری زیارت گاہ نہ بنا اپنے گھر کی جو حرمت والا ہے اور اگر تو اس کو آخری زیارت گاہ بنائے تو اس کا بدلہ جنت عطا فرما، ہم لوٹنے والے، توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے، اپنے رب کی حمد کرنے والے، اس کی رحمت کا قصد کرنے والے ہیں۔ سچ کر دکھایا اللہ نے اپنا وعدہ، امداد دی اللہ نے اپنے محبوب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور شکست دی کفار کے لشکر کو۔

یہ خطبہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر دیا۔ اس حج کے موقع پر ایک جم غفیر مدینہ طیبہ سے حضور علیہ السلام کے ساتھ مکہ مکرمہ آیا تھا۔ آپ نے وادیٔ طوٰی میں قیام فرمایا۔ آپ مکہ مکرمہ میں ذوالحج کی پانچ تاریخ کو تشریف لائے۔

جب سب سے پہلی نظر کعبہ شریف پر پڑی تو یہ فرمایا:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَ اَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ زِدْ بَیْتَکَ ھٰذَا تَعْظِیْماً وَّ تَشْرِیْفاً وَّ تَکْرِیْماً وَّ بِرًّا ط

## سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا طواف

مسجد حرام میں داخل ہوتے ہی آپ نے طواف فرمایا۔ جب حجر اسود اور رکن یمانی کے قریب پہنچے تو یہ دعا فرمائی:

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

پہلے تین چکروں میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جلدی جلدی اور چھوٹے چھوٹے قدم سے چلتے تھے یعنی رمل فرمایا اور چادر مبارک کو دائیں بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال

Scanned by CamScanner

لیا۔صرف تین چکروں میں ایسا کیا۔باقی چار چکر عام چلنے کی صورت میں فرمائے۔جب حجراسود کے سامنے تشریف لاتے تو اس کو چوم لیتے۔

آج یہی طریقہ رائج ہے اگر اس کے خلاف کرے تو طواف نہیں ہوگا کیونکہ اس نے حضور علیہ السلام کے خلاف کیا۔اسی طواف قدوم میں تین چکروں میں اسی طرح چلا جائے گا اگرچہ اس وقت جس سبب سے چلا گیا تھا وہ آج نہیں پایا جاتا مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کا طریقہ اسی طرح قائم فرمادیا۔صفاومروہ کے درمیان سعی کا بھی یہی عالم ہے۔آج مکہ مکرمہ میں پانی کی بہتات ہے مگر حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کا یہ طریقہ اللہ تعالیٰ نے اسی طرح قائم رکھا ہے اگر اس طرح سعی نہ کی جائے تو سعی نہ ہوگی۔

## مقام ابراہیم علیہ السلام

طواف سے فارغ ہوکر سرور دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم مقام ابراہیم علیہ السلام کے پاس تشریف لائے۔

زبان مبارک پر یہ آیت تھی:

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِيْمَ مُصَلًّى.

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اور ابراہیم علیہ السلام کی جگہ نماز پڑھو۔

آپ نے وہاں دورکعت نماز ادا فرمائی۔پہلی رکعت میں قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور دوسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تلاوت فرمائی۔اس کے بعد پھر حجراسود کو بوسہ دیا۔

مقام ابراہیم ایک پتھر ہے جس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کھڑے ہوکر کعبۃ اللہ کی تعمیر فرمائی تھی۔

ارشاد الٰہی ہوتا ہے:

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَ اِسْمٰعِيْلُ ط

جب ابراہیم واسماعیل کعبہ کی دیواریں بلند کررہے تھے۔

جس پتھر پر کھڑے ہوکر ابراہیم علیہ السلام پتھر لگارہے تھے جوں جوں دیوار بلند ہوتی گئی وہ پتھر بھی بلند ہوتا گیا اور چاروں طرف پھرتا رہا۔وہ پتھر کعبہ شریف کے سامنے رکھا ہوا ہے۔طواف

Scanned by CamScanner

کے بعد اس جگہ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نفل ادا فرمائے۔

## سعی

اس سے فارغ ہو کر سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا و مروہ کے درمیان سعی فرمائی۔ یعنی حضرت ہاجرہ کے عمل کو قیامت تک کے لیے تابندگی بخش دی گئی۔ جب صفا و مروہ کی دونوں پہاڑیوں کی چوٹی پر پہنچے تو یہ فرمایا:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ.

یہ عمل آپ نے آتے ہی ادا فرمائے۔ گویا کعبۃ اللہ میں داخل ہوتے ہی ان کا ادا کرنا ضروری ہے طواف اور سعی۔

## منیٰ کو روانگی

ذوالحجہ کی آٹھ تاریخ کو سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم صبح طلوع آفتاب کے بعد منیٰ کی طرف روانہ ہوئے اور وہاں پانچ نمازیں ادا فرمائیں، ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر۔

## عرفات

ذوالحجہ کی نو تاریخ کو طلوع آفتاب کے بعد آپ منیٰ سے عرفات پہنچے۔ مکہ شریف سے منیٰ ۵ اور عرفات ۱۲ کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے راستے میں منیٰ سے دو میل آگے یعنی مکہ سے ۷ میل کے فاصلے پر مزدلفہ ہے، عرفات میں قیام حج ہے یعنی عرفات میں قیام حج کا رکن اعظم ہے اگر یہاں قیام نہ ہوگا تو حج ادا نہیں ہوگا۔ اس عظیم میدان میں حضور علیہ السلام نے مسجد نمرہ کے پاس قیام فرمایا۔ یہیں سرور عالم نے وہ تاریخی اور عظیم الشان خطبہ دیا جو پچھلے اوراق میں درج ہو چکا ہے۔ یہ خطبہ دیتے وقت آپ قصوٰی نامی ایک اونٹنی پر سوار تھے۔

خطبہ دینے کے بعد حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اذان پڑھو۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان پڑھی تو حضور نے نماز ظہر اور عصر دونوں ملا کر پڑھائیں۔ پھر آپ نے نہایت تضرع اور انکساری سے دعا فرمائی۔ یہ دعا اتنی طویل تھی کہ سورج غروب ہو گیا۔

Scanned by CamScanner

## مزدلفہ کو روانگی

غروب آفتاب کے بعد آپ پھر اونٹنی پر سوار ہوئے اور واپس مزدلفہ تشریف لائے اور مغرب اور عشاء ملا کر پڑھیں۔ صبح کی نماز اوّل وقت میں ادا فرمائی اور مشعر الحرام کے پاس آ کر دعا فرمائی حتیٰ کہ سورج نکلنے کے قریب ہو گیا۔ حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمایا کہ کنکریاں چن لو انہوں نے سات کنکریاں حضور کی خدمت میں پیش کیں۔

## منیٰ کو واپسی

واپس منیٰ میں پہنچے تو نشیب میں جمرۃ العقبیٰ کو کنکر مارنے کے لیے قیام فرمایا اور ایک ایک کر کے کنکریاں پھینکیں۔ ہر کنکری مارتے وقت تکبیر پڑھتے۔ حضرت اسامہ بن زید اور حضرت بلال سے جو قریب حاضر تھے فرمایا: سیکھ لو شاید آئندہ سال میں حج نہ کر سکوں۔ یہاں حضور علیہ السلام نے پھر ایک مرتبہ خطبہ دیا، جس میں قربانی کے فضائل اور طریقہ بیان فرمایا، ارشاد فرمایا:

لوگو! میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کو قتل کرنے لگ جاؤ۔ جان لو کہ جو شخص گناہ کرتا ہے اس کی جواب دہی اس کے ذمّے ہے۔ جو لوگ حاضر ہیں وہ ان لوگوں کو احکام بتائیں جو حاضر نہیں ہیں۔

## قربانی

پھر آپ پہاڑ کے دامن میں تشریف لائے اور قربانی فرمائی۔ تریسٹھ اونٹ حاضر تھے۔ حضرت علی سے فرمایا کہ کھال اور گوشت مساکین میں تقسیم کر دو۔ پھر حجامت بنوائی۔

## صحابہ کا عشق

اس وقت یہ عالم تھا کہ صحابہ کا بہت بڑا اجتماع تھا اور ہر ایک کی خواہش تھی کہ حضور علیہ السلام کے مبارک بالوں کا تبرک مجھے حاصل ہو۔ ایک ایک بال بہ مشکل صحابہ کے حصّے میں آیا۔ یہ صحابہ کی محبت تھی حدیث پاک میں آتا ہے جب کبھی بھی حضور علیہ السلام وضو فرمایا کرتے تو صحابہ اس پانی کو زمین پر گرنے نہ دیتے جو آپ کے جسم پاک کے ساتھ مس کر کے نیچے آ رہا ہوتا۔ حضرت محمد بن عبداللہ جنھیں حجامت بنانے کی سعادت حاصل ہوئی تھی پھولے نہیں سماتے تھے اور ہر ایک سے مبارک باد وصول کر رہے تھے۔

Scanned by CamScanner

## کعبہ میں واپسی

یہاں سے فارغ ہوکر آپ واپس کعبۃ اللہ آئے اور طواف فرمایا۔اس کے بعد چاہ زم،زم پر تشریف لائے اور پانی نوش فرمایا کھڑے ہوکر قبلہ کی طرف توجہ فرما کر۔حضرت عباس کی اولاد پانی کھینچتی تھی۔آپ نے فرمایا اگر یہ خیال نہ ہوتا کہ لوگوں میں ہجوم ہو جائے گا تو میں خود ڈول کھینچتا۔

## منیٰ کو دوبارہ

پھر اسی وقت منیٰ کو تشریف لے گئے اور رات کو منیٰ میں قیام فرمایا۔صبح اٹھ کر زوال سے پہلے جمرۂ اولیٰ، جمرۂ وسطیٰ اور پھر جمرۂ عقبیٰ کو کنکریاں ماریں۔یونہی تین دن تک عمل فرمایا۔

## مکہ کو واپسی

پھر مکہ شریف کو واپس آئے اور طواف وداع فرمایا اور اس طواف میں رمل نہیں فرمایا یعنی تین پہلے چکروں میں جلدی جلدی اور چھوٹے چھوٹے قدم نہیں اٹھائے۔پھر صبح کی نماز کعبۃ اللہ میں ادا فرما کر واپس مدینہ منورہ کا ارادہ فرمایا۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حج فرمانے کا واقعہ مفصل طور پر اس لیے بیان کیا گیا ہے کہ حج کا طریقہ مسلمانوں پر واضح ہو جائے اور وہ اسی طریقہ پر عمل کریں جسے خود سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنایا۔

وَ اٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى حَبِيْبِهٖ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ٥

تمت بالخیر

— اسیر حضور تاج الشریعہ —

قاری محمد شان الدین رضوی

دھرنا گاؤں

Scanned by CamScanner